


لوحِ محفوظ کی تحریر یہ دیکھو دیکھو!
حرف یا سرمۂ تسخیر یہ دیکھو دیکھو!
حمائل شریف مترجم محشی
بموضح القرآن
قلبِ مضطر کو جو جس شے سے تسلی دیکھو!
صورتِ وحیِ منزل کی تجلی دیکھو!



یہ سورۃ فاتحہ مکہ میں نازل ہوئی اس کی سات آیتیں ہیں

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

سب تعریف واسطے اللہ کے جو پروردگار ہے عالموں کا بخشش کرنے والا

مہربان خداوند دن جزا کا

تجھ کو عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ہم


دکھا ہم کو راہ سیدھی راہ

ان لوگوں کی کہ نعمت کی ہے تو نے اوپر ان کے سوائے ان کے

جو غصہ کیا گیا ہے اوپر ان کے اور نہ راہ گمراہوں کی ف۱

موضح القرآن

ف۱ جن پر تو نے فضل کیا ان سے چار فرقے مراد ہیں نبیین اور صدیقین اور شہداء اور صالحین اور جن پر غصہ ہوا ان سے یہود اور گمراہوں سے نصاریٰ مراد ہیں یہ سورۃ اللہ صاحب نے بندوں کی زبان سے فرمائی کہ اس طرح کہا کریں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ



شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

ف یہ کتاب نہیں شک بیچ اسکے

راہ دکھاتی ہے واسطے پرہیزگاروں کے وہ جو ایمان لاتے ہیں


ساتھ غیب کے اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور اسچیز سے

کہ دی ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں اور جو لوگ کہ

پہلے تجھ سے اور ساتھ آخرت کے وہ یقین رکھتے ہیں

موضح القرآن

ف یہ پہلی سورۃ ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی مگر ایک آیت ۲۸۱ باتفاق حجۃ الوداع کے دن منیٰ میں اتری۔ اس سورۃ کی پہلی آیتوں کے نازل ہونے کا سبب مالک بن ضیف یہودی ہے جو مومنوں کے دل میں شک ڈالتا اور کہتا یہ کتاب وہ کتاب نہیں ہے جس کی خبر اگلی کتابوں میں دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس شک کو رفع کرکے مومنوں کی مدح اور کافروں کی مذمت میں آیتیں بھیجیں۔ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ



سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ○ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ○ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ○

موضح القرآن

ف۱ یہ آیت نازل ہوئی انکے حق میں جنکی بابت کفر پر اللہ تعالیٰ نے اپنے علم قدیم سے جانی تھی جیسا کہ عتبہ اور شیبہ و ابی جہل و ولید بن مغیرہ ۱۲ منہ رح

ف۲ اس آیت کے نزول کا سبب یہ تھا کہ امیرالمومنین علی رض نے ابن ابی منافق اور اسکے یاروں سے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور نفاق نہ کرو انہوں نے جواب دیا کہ اے ابوالحسن نفاق کی نسبت ہماری طرف کرتے ہو باوجود اسکے کہ ہم ایماندار ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس کلام کے رد کرنیکے واسطے یہ آیت بھیجی ۱۲ منہ رح

ف۳ ایک آزار یہ تھا کہ جس دین کو دل نہ چاہتا تھا ناچار قبول کرنا پڑا اور دوسرا آزار اللہ نے زیادہ دیا کہ حکم کیا جہاد کا جن کے خیرخواہ تھے ان سے لڑنا پڑا ۱۲ منہ رح

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ

واسطے ان کے ایمان لاؤ جیسا ایمان لاتے ہیں لوگ کہتے ہیں کیا ایمان لاویں ہم جیسا ایمان لائے

كَمَا آمَنَ السُّفَهَاءُ ۗ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ

بیوقوف خبردار ہو تحقیق وہی ہیں بے وقوف ولیکن نہیں جانتے

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ

اور جب ملتے ہیں ان لوگوں سے کہ ایمان لائے کہتے ہیں ایمان لائے ہم اور جب اکیلے ہوتے ہیں طرف

شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ

سرداروں اپنے کے کہتے ہیں تحقیق ہم ساتھ تمہارے ہیں سوائے اس کے نہیں ہم ٹھٹھا کرتے ہیں

اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ

اللہ ٹھٹھا کرتا ہے ان سے اور کھینچتا ہے ان کو بیچ سرکشی ان کی کے بہکتے ہیں

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ

یہی لوگ ہیں جنہوں نے مول لی گمراہی بدلے ہدایت کے پس نہ فائدہ دیا

وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي

سوداگری ان کی نے اور نہ ہوئے راہ پانے والے مثال ان کی جیسے مثال اس شخص

اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ

جلاوے آگ پس جب روشن کیا جو کچھ گرد اس کے تھا لے گیا اللہ

بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ۝ صُمٌّ

روشنی ان کی اور چھوڑ دیا ان کو بیچ اندھیروں کے نہیں دیکھتے بہرے ہیں

بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝ أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ

گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں پھر آنے والے یا مانند مینہ کے آسمان سے

السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ

بیچ اس کے اندھیرے ہیں اور گرج ہے اور بجلی کرتے ہیں انگلیاں اپنی بیچ

فِي آذَانِهِم مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ

کانوں اپنے کے کڑک سے ڈر موت کے سے اور اللہ گھیرنے والا ہے

موضح القرآن

ف۱ یعنی اللہ تعالیٰ نے نبی سے دین اسلام روشن کیا اور خلق نے اس سے راہ پائی اور منافق اس وقت اندھے ہوگئے آنکھ کی روشنی نہ ہو تو مشعل کیا کام آئے کا ایسے بڑا اندھا ہو تو کسی کو پکارے یا کسی کی بات سنے بہرا بھی ہو اور گونگا بھی ہو تو کیونکر راہ پر آئے منافقوں کو نہ عقل کی آنکھ ہے کہ آپ سے پہچانیں نہ مرشد کی طرف رجوع ہے کہ وہ ہاتھ پکڑے نہ حق کی بات کو کان رکھتے ہیں ایسے شخص سے توقع نہیں کہ پھر آوے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

منزل ۱



ع ۲

منزل ۱

موضح القرآن

ف یعنی دین اسلام میں آخر سب نعمت ہے اور اول کچھ محنت ہے جیسے مینہ۔ آخر اسی سے آبادی ہے اور اول کڑک ہے اور بجلی ہے جو لوگ منافق ہیں وہ اول کی سختی سے ڈر جاتے ہیں انکے سامنے آفت آتی ہے اور جیسے بجلی کبھی اجالا ہے اور کبھی اندھیرا ہے اسی طرح منافق کے دل میں کبھی اقرار ہے کبھی انکار

فائدہ

اللہ صاحب نے اول سورت سے یہاں تک تین قسم کے لوگوں کا احوال فرمایا۔ اول مومن دوسرے کافر جن کے دل پر مہر ہے یعنی قسمت میں ایمان نہیں تیسرے منافق جو دیکھنے میں مسلمان ہیں اور دل ان کا ایک طرف نہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ

ایمان لائے اور کام کئے اچھے یہ کہ واسطے اُن کے بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے اُن کے

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِزْقًا قَالُوا

نہریں جب دیئے جاویں گے اُس سے میووں سے روزی کہیں گے

هَٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ

وہ چیز ہے جو دیئے گئے ہم پہلے اس سے اور لائی جاوے گی ملتا جلتا ایک دوسرے کے ساتھ اور

فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ وَهُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ

واسطے ان کے بیبیاں ہیں ستھری اور وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں ف۱ تحقیق اللہ

لَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا

نہیں شرماتا یہ کہ بیان کرے مثال کوئی سی مچھر کی پھر جو اوپر اس کے ہے

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ

پس جو لوگ کہ ایمان لائے پس جانتے ہیں یہ کہ وہ سچ ہے پروردگار اُن کے کی طرف سے

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا

اور جو لوگ کہ کافر ہیں پس کہتے ہیں کیا چاہا اللہ نے ساتھ اس کے مثال کا

مَثَلًا يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا

گمراہ کرتا ہے ساتھ اس کے بہتوں کو اور راہ دکھاتا ہے ساتھ اس کے بہتوں کو اور نہیں گمراہ کرتا ہے

الْفَاسِقِينَ ۝ الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ

فاسقوں کو ف۲ جو لوگ کہ توڑتے ہیں قول اللہ کا پیچھے

مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ

مضبوطی اس کی کے اور کاٹتے ہیں جو حکم کیا اللہ نے ساتھ اس کے یہ کہ ملایا جاوے

وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

اور بگاڑ کرتے ہیں بیچ زمین کے یہ لوگ وہی ہیں ٹوٹا پانے والے

كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ۖ ثُمَّ

کیونکر کفر کرتے ہو ساتھ اللہ کے اور تھے تم مردے پس جلایا تم کو پھر

موضح القرآن

ف۱ یعنی جنت کے ہر میوے کا مزہ جدا ہو اگرچہ صورت ملتی ہو صورت دیکھ کر جانیں گے کہ وہی قسم ہے جو کھا چکے ہیں اور چکھیں گے تو مزہ جدا پاویں گے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

منزل

وقف لازم

ف۲ قرآن شریف میں کہیں مثال فرمائی ہے مکڑی کی کہیں مکھی کی۔ اس پر کافر عیب پکڑتے کہ اللہ کی شان نہیں ان چیزوں کا ذکر کرنا۔ یہ کلام اس کا ہوتا تو ایسے ذکر نہ ہوتے۔ پر یہ دو آیتیں فرمائیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ

[illegible]

مردہ کیسے کا تم کو پھر جلادے گا تم کو پھر طرف اسی کے پھیرے جاؤ گے وہی ہے جس نے

[illegible]

پیدا کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ زمین کے ہے سارا پھر قصد کیا طرف

[illegible]

آسمان کے پس درست کیا ان کو سات آسمان اور سب چیز کو جاننے والا ہے

[illegible]

اور جب کہا پروردگار تیرے نے واسطے فرشتوں کے تحقیق میں بنانے والا ہوں بیچ زمین کے نائب

[illegible]

کہا انہوں نے کیا بناتا ہے بیچ اس کے اس شخص کو کہ فساد کرے بیچ اس کے اور ڈالے گا لہو

[illegible]

اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں ساتھ تعریف تیری کے اور پاکی بیان کرتے ہیں واسطے تیرے کہا تحقیق میں

[illegible]

جو تم نہیں جانتے اور سکھائے آدم کو نام سارے پھر سامنے کیا ان کو

[illegible]

اوپر فرشتوں کے پس کہا بتاؤ مجھ کو نام ان کے اگر ہو تم

[illegible]

سچے کہا انہوں نے پاک ہے تو نہیں علم ہم کو مگر جو سکھایا تو نے ہم کو

[illegible]

تحقیق تو ہے جاننے والا حکمت والا کہا اے آدم تو بتا دے ان کو نام ان کے

[illegible]

پس جب بتا دیے ان کو نام ان کے کہا کیا نہ کہا تھا میں نے تم کو تحقیق میں جانتا ہوں

[illegible]

چھپی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی اور جانتا ہوں جو ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم

ع ۴

منزل ۱

[illegible]

جہان کے اور جب کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا

[illegible]

مگر شیطان نے نہ مانا اور تکبر کیا اور تھا کافروں سے اور کہا ہم نے

[illegible]

اے آدم رہ تو اور جورو تیری بہشت میں اور کھاؤ تم اس میں سے فراغت

[illegible]

جہاں چاہو اور مت نزدیک جاؤ اس درخت کے پس ہو جاؤ گے

[illegible]

ظالموں سے پس ڈگایا ان کو شیطان نے اس سے پس نکال دیا ان دونوں کو جیسے

[illegible]

کہ تھے بیچ اسکے اور کہا ہم نے اترو بعضے تمہارے واسطے بعض کے دشمن ہیں اور واسطے

[illegible]

بیچ زمین کے ٹھکانا ہے اور فائدہ ہے ایک وقت تک پس سیکھے آدم نے

[illegible]

پروردگار اپنے سے کچھ باتیں پس پھر آیا اوپر اس کے تحقیق وہی ہے پھر آنے والا مہربان ف۱

[illegible]

کہا ہم نے اترو اس سے سب پس جو کہ آوے گی تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت

[illegible]

پس جو کوئی پیروی کرے ہدایت میری کی پس نہیں ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ غم کھاویں گے

[illegible]

اور جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو یہ لوگ رہنے والے آگ کے ہیں

[illegible]

وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہیں گے اے بیٹو یعقوب کے یاد کرو نعمت میری

منزل ا

موضح القرآن
ف۱ یعنی آدم
کے دل میں اللہ
نے کئی لفظ
ڈال دیئے جو اسکا
پکارا تو بخشا گیا
وہ لفظ سورۃ
اعراف میں ہیں
۱۲ منہ رحم

[illegible]

ع انعام کو جو میں نے اوپر تمہارے اور پورا کرو عہد میرا اور پورا کرونگا عہد تمہارا اور

[illegible]

اور مجھ سے پس ڈرو ف۱ اور ایمان لاؤ ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہے میں نے سچا کرنیوالی

[illegible]

واسطے اس چیز کے جو ساتھ تمہارے ہے اور مت ہو پہلے کافر ساتھ اسکے اور مت مول لو بدلے آیتوں میری کے

[illegible]

مول تھوڑا اور مجھ سے پس ڈرو ف۲ اور مت ملاؤ سچ کو ساتھ جھوٹ کے

[illegible]

اور مت چھپاؤ حق کو اور تم جانتے ہو اور قائم کرو نماز کو اور

[illegible]

دو زکوٰۃ اور رکوع کرو ساتھ رکوع کرنے والوں کے کیا حکم کرتے ہو لوگوں کو

[illegible]

ساتھ نیکی کے اور بھول جاتے ہو جانوں اپنی کو اور تم پڑھتے ہو کتاب کیا پس نہیں

[illegible]

سمجھتے اور مدد چاہو ساتھ صبر کے اور نماز کے اور تحقیق وہ

[illegible]

البتہ بڑی ہے مگر اوپر عاجزی کرنے والوں کے وہ لوگ کہ جانتے ہیں یہ کہ وہ

[illegible]


ملنے والے ہیں پروردگار اپنے سے اور یہ کہ وہ طرف اسکی پھر جانیوالے ہیں ف۳ اے بنی اسرائیل

[illegible]

یاد کرو نعمت میری وہ جو انعام کی میں نے اوپر تمہارے اور یہ کہ میں نے بزرگی دی تم کو

[illegible]

اوپر عالموں کے اور ڈرو اس دن سے کہ نہ کفایت کریگا کوئی جی کسی جی سے



موضح القرآن

ف۱ بنی اسرائیل کہتے ہیں اولاد حضرت یعقوب کو انہیں میں حضرت موسیٰ پیدا ہوئے اور توریت اتری اور فرعون سے خلاص کر ملک شام میں بسایا ان سے اللہ تعالیٰ نے اقرار کیا تھا کہ حکم توریت پر قائم رہو اور جو نبی میں بھیجوں اُسکے مددگار رہو تو ملک شام تم کو دیتا رہوں پھر وہ گمراہ ہوئے یعنی بدنیت ہوئے رشوت لیتے اور مسئلے غلط بتاتے اور خوشامد کے واسطے حق بات چھپاتے اور اپنی ریاست چاہتے پیغمبر کی اطاعت نہ کرتے اور پیغمبر کی صفت جو توریت میں لکھی تھی بدل ڈالی اللہ تعالیٰ ان کو یاد دلاتا ہے اپنے احسان الربع اور ان کی نافرمانی ۱۲ منہ رحمۃ اللہ تعالیٰ ف۲ توریت میں نشان بتایا تھا کہ جو کوئی نبی اٹھے اگر توریت کو سچا کہے تو جانو وہ سچا ہے نہیں تو وہ جھوٹا ہے ۱۲ اور آیتوں سے منظور اصول یہ کہ دنیا کی محبت سے دین مت چھوڑو ۱۲ منہ رحم ف۳ قوت پکڑو محنت سہارنے سے اور نماز سے یعنی اسکی عادت کرو تو سب کام دین کے آسان ہو جاتے ہیں ۱۲ منہ رحمہ

وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ

اور نہ قبول کی جاوے اس سے سفارش اور نہ لیا جاوے اس سے بدلا

وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝ وَإِذْ نَجَّيْنَاكُم مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ

اور نہ وہ مدد دیے جاویں گے ف۱ اور جب چھڑایا ہم نے تم کو قوم فرعون کے

يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ

پہنچاتے تھے تم کو برا عذاب ذبح کرتے تھے بیٹوں تمہارے کو اور

وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَٰلِكُم بَلَاءٌ مِّن رَّبِّكُمْ

زندہ رکھتے تھے بیٹیوں تمہاری کو اور بیچ اس کے آزمایش تھی پروردگار تمہارے سے

عَظِيمٌ ۝ وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا

بڑی اور جب پھاڑا ہم نے ساتھ تمہارے دریا کو پس چھوڑا دیا ہم نے تم کو اور ڈبا دیا ہم نے

آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ۝ وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَىٰ

لوگوں فرعون کے کو اور تم دیکھتے تھے اور جب وعدہ دیا ہم نے موسیٰ کو

أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ

چالیس رات کا پھر کر لیا تم نے گائے کا بچہ پیچھے اس کے اور تم

ظَالِمُونَ ۝ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ لَعَلَّكُمْ

ظالم تھے ف۲ پھر معاف کیا ہم نے تم سے پیچھے اس کے تو کہ تم

تَشْكُرُونَ ۝ وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ

شکر کرو اور جب دی ہم نے موسیٰ کو کتاب اور معجزہ

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ

تو کہ تم راہ پاؤ ف۳ اور جس وقت کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے اے قوم میری

إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُم بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَىٰ

تحقیق تم نے ظلم کیا جانوں اپنی کو بکڑنے تمہارے کو بچھڑے کو پس توبہ کرو طرف

بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِندَ بَارِئِكُمْ

پیدا کرنے والے اپنے کے پس مارو جانوں اپنی کو یہ بہتر ہے تم کو نزدیک پیدا کرنے والے تمہارے کے


موضح القرآن

ف۱ بنی اسرائیل کہتے تھے کہ ہم کیسے ہی گناہ کریں پکڑے نہ جاویں گے ہمارے باپ دادے پیغمبر ہم کو چھڑا لیں گے ۱۲ موضح

منزل

ف۲ ان کا قصہ سورۂ اعراف میں اور سورۂ طٰہٰ میں بیان کیا گیا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۳ یعنی وہ حکم جن سے معاملے فیصل ہوں اور رعیت معلوم ہو ۱۲ منہ رحمہ



پس پھر آیا اوپر تمہارے تحقیق وہ ہے پھر آنے والا مہربان اور جب کہا تم نے

اے موسیٰ ہرگز نہ ایمان لاویں گے ہم واسطے تیرے یہاں تک کہ دیکھیں ہم اللہ کو ظاہر پس پکڑا

بجلی نے اور تم دیکھتے تھے پھر جلایا ہم نے تم کو

موت کے تو کہ تم شکر کرو اور سایہ کیا ہم نے اوپر تمہارے بادل کو

اور اتارا ہم نے اوپر تمہارے من اور سلوٰے کھاؤ پاکیزہ

اس چیز سے کہ دیا ہم نے تم کو اور نہ ظلم کیا انہوں نے ولیکن تھے وہ جانوں اپنی کو ظلم کرتے ف۱

اور جب کہا ہم نے داخل ہو اس گاؤں میں پس کھاؤ اس سے جہاں

چاہو تم بافراغت اور داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے اور کہو بخشش مانگتے ہیں ہم

بخشیں گے واسطے تمہارے خطائیں تمہاری اور البتہ زیادہ دیں گے ہم نیکی کرنے والوں کو ف۲ پس بدل ڈالا

جنہوں نے ظلم کیا تھا بات کو سوا اسکے جو کہی گئی تھی واسطے انکے پس اتارا ہم نے اوپر ان لوگوں کے

کہ ظلم کرتے تھے عذاب آسمان سے بسبب اسکے کہ تھے فسق کرتے ف۳ اور جب

پانی مانگا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے پس کہا ہم نے مار تو ساتھ عصا اپنے کے پتھر کو

موضح القرآن

ف۱ جب فرعون ہلاک ہو چکا اور بنی اسرائیل خلاص ہو کر چلے جنگل میں ان کے خیمے پھٹ گئے تو سارے دن ابر رہتا دھوپ کا بچاؤ اور اناج نہ پہنچا تو من اور سلوٰے اترتا کھانے کو۔ من ایک چیز تھی میٹھی دھنیے کے سے دانے رات کو برستے لشکر کے گرد ڈھیر ہوتے صبح کر ہر آدمی اپنے قوت کے برابر چن لاتا اور سلوٰے ایک جانور کا نام ہے شام کو لشکر کے گرد ہزاروں جانور جمع ہوتے اندھیرا ہوئے پکڑ لاتے کباب کر کھاتے مدتوں تک یہی کھایا کئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

منزل ۱

ف۲ اس جنگل میں پہنچنے نے اپنی تقصیر سے سورۂ مائدہ میں اسکا بیان ہے پھر ایک کھانے سے تنگ آگئے تب ایک شہر میں پہنچے یا اور حکم کیا کہ دروازے میں سجدہ کر کر جاؤ اور حطۃ کہو یعنی گناہ اترے ۱۲ منہ

ع ۶ ۳

ف۳ یعنی ٹھٹھے سے حطۃ کے بدلے کہنے لگے حنطۃ یعنی گیہوں اور سجدے کے بدلے گئے سُرین پر گھسٹتے پھر شہر میں جا کر پھر طاعون پڑا یعنی وبا پھوٹ پڑی سو دوپہر میں قریب ستر ہزار آدمی کے مرا ۱۲ منہ

[illegible]

پس پھوٹ نکلے اس میں سے بارہ چشمے تحقیق جانا ہر آدمی نے

[illegible]

گھاٹ اپنا کھاؤ اور پیو رزق اللہ کے سے اور مت پھرو

[illegible]

زمین کے فساد کرتے ہوئے ف۱ اور جب کہا تم نے اے موسیٰ ہرگز نہ صبر کریں گے ہم

[illegible]

اوپر کھانے ایک کے پس مانگ تو واسطے ہمارے پروردگار اپنے سے نکالے ہمارے واسطے اس چیز سے کہ اگاتی ہے

[illegible]

زمین ساگ اس کے سے اور ککڑی اس کی سے اور گیہوں اس کے سے اور مسور اس کے سے اور پیاز اس کے

أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ

کہا کیا بدلتے ہو وہ چیز جو ناقص ہے بدلے اس چیز کے کہ وہ بہتر ہے

[illegible]

اترو کسی شہر میں پس تحقیق واسطے تمہارے ہے جو کچھ مانگا تم نے اور ماری گئی اوپر ان کے

[illegible]

ذلت اور محتاجی اور پھر آئے ساتھ غصہ کے اللہ سے یہ

بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ

اس واسطے ہے کہ تھے وہ کفر کرتے ساتھ نشانیوں اللہ کے اور مار ڈالتے تھے پیغمبروں کو

[illegible]

ناحق یہ اس واسطے کہ نافرمانی کی انہوں نے اور تھے حد سے نکل جاتے تحقیق

[illegible]

جو لوگ کہ ایمان لائے اور وہ لوگ کہ یہودی ہوئے اور نصاریٰ اور بے دین

[illegible]

جو کوئی ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور کام کرے نیک پس واسطے ان کے ہے ثواب ان کا

منزل ۱

ع ۷

موضح القرآن

ف۱ اسی جنگل میں پانی نہ ملا تو ایک پتھر سے بارہ چشمے نکلے بارہ قوم تھی کسی میں لوگ زیادہ کسی میں کم ہر قوم کے موافق ایک چشمہ تھا اس سے پہچان لیا جب لشکر کوچ کرتا تو وہ پتھر ساتھ اٹھا لیتے۔ جب مقام ہوتا تو رکھ لیتے ۱۲ منہ رحمہ

تو ان کو ہے ان کا ثواب اپنے رب کے پاس اور نہ ڈر ہے ان کو اور نہ وہ غم کھاویں

اور جب لیا ہم نے عہد تمہارا اور اٹھایا ہم نے اوپر تمہارے کوہ طور کو پکڑو

جو کچھ دیا ہم نے تم کو زور سے اور یاد کرو جو کچھ بیچ اس کے ہے تاکہ تم بچو

پھر پھر گئے تم پیچھے اس کے پس اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور

رحمت اس کی البتہ ہو جاتے تم زیان پانے والے اور البتہ تحقیق جانتے ہو تم ان

جو حد سے نکل گئے تم میں سے بیچ ہفتہ کے پس کہا ہم نے ان کو ہو جاؤ تم بندر

ذلیل پس کیا ہم نے اس قصہ کو بندش واسطے ان کے جو آگے تھے اور جو

اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے اور جب کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے کہ

اللہ حکم کرتا ہے تم کو یہ کہ ذبح کرو تم ایک بیل کہا انہوں نے کیا کرتا ہے تو ہم کو ٹھٹھا

کہا پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ اللہ کے یہ کہ ہوں میں جاہلوں سے کہا انہوں نے دعا کر واسطے

رب اپنے سے بیان کرے واسطے ہمارے کیا ہے وہ کہا تحقیق وہ کہتا ہے تحقیق وہ بیل ہے نہ

بوڑھا اور نہ بچھیا جوان ہے درمیان اس کے پس کرو جو کچھ حکم کئے جاتے ہو


موضح القرآن

ف۱ یعنی کسی فرقے پر موقوف نہیں یقین لانا شرط ہے اور عمل نیک اپنے اپنے وقت میں جس نے یہ کیا ثواب پایا یہ اس واسطے فرمایا کہ بنی اسرائیل اسی پر مغرور تھے کہ ہم پیغمبروں کی اولاد ہیں ہم ہر طرح خدا کے ہاں بہتر ہیں یہودی کہتے ہیں حضرت موسیٰ کی امت کو نصاریٰ کہتے ہیں حضرت عیسیٰ کی امت کو صابئین بھی ایک فرقہ ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مانتے رہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ

منزل

ف۲ جب توریت اتری تو کہنے لگے کہ ہم سے اتنے حکم نہ ہوں گے تب پہاڑ اوپر آیا کہ گر پڑے تب ڈر کر قبول کیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۳ یہ قصہ سورۂ اعراف میں ہے ۱۲ رحمہ اللہ تعالیٰ۔




منزل ۱ ع ۸

موضح القرآن

ف۱ یعنی بہت نہ ادھیڑ ہے
منہ رحمہ اللہ

ف۲ بنی اسرائیل میں ایک شخص مارا گیا اُسکا قاتل معلوم نہ تھا اُسکے وارث ہر کسی کو دعوے کرتے اللہ تعالیٰ نے اس طرح اُس مردے کو جلایا اُس نے بتایا کہ انہی وارثوں نے ہی مارا تھا
منہ رحمہ اللہ



اور تحقیق ان میں سے البتہ وہ ہے جو گر پڑتا ہے خوف اللہ سے اور نہیں اللہ بے خبر

اس چیز سے کہ کرتے ہو تم کیا پس طمع رکھتے ہو تم یہ کہ ایمان لاویں واسطے تمہارے اور تحقیق تھا

ایک فرقہ ان میں سے سنتا کلام اللہ کا پھر بدل ڈالتے تھے اسکو

پیچھے اس سے کہ سمجھ لیا تھا اس کو اور وہ جانتے تھے اور جب ملتے تھے ان لوگوں کو

کہ ایمان لائے کہتے ہیں ایمان لائے ہم اور جب اکیلے ہوتے ہیں بعضے انکے طرف بعضے کے کہتے ہیں

کیا کہہ دیتے ہو تم ان سے جو کھولا اللہ نے اوپر تمہارے تو کہ جھگڑیں تم سے ساتھ اس کے نزدیک

رب تمہارے کے کیا پس نہیں سمجھتے ہو کیا نہیں جانتے یہ کہ اللہ جانتا ہے

جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں اور بعضے ان میں سے ان پڑھ ہیں نہیں جانتے

کتاب کو مگر آرزوئیں اور نہیں وہ مگر گمان کرتے ہیں پس ویل ہے واسطے ان لوگوں

لکھتے ہیں کتاب ساتھ ہاتھوں اپنے کے پھر کہتے ہیں یہ نزدیک

اللہ کے ہے تو کہ لیویں بدلے اس کے مول تھوڑا پس ویل ہے واسطے انکے اس چیز سے کہ لکھا

ہاتھوں ان کے نے اور ویل ہے واسطے ان کے اس چیز سے کہ کماتے ہیں اور کہتے ہیں ہرگز نہ چھوئے گی ہم کو

منزل

النصف

من موضح القرآن

ف۱ وہ جو ان میں منافق تھے خوشامد کیواسطے اپنی کتاب میں کے پیغمبر آخر الزمان کی باتیں مسلمانوں میں بیان کرتے اور وہ جو مخالف تھے ان کو اسپر الزام دیتے کہ اپنے علم میں سے ان کے ہاتھ میں سند کیوں دیتے ہو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ یہ وہ لوگ ہیں جو عوام کو ان کی خوشی کے موافق باتیں جوڑ کر لکھ دیتے ہیں اور نسبت کرتے ہیں طرف خدا کے یا رسول کے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

آگ مگر دن گنے ہوئے کہہ کیا لیا ہے تم نے نزدیک اللہ کے قول

پس ہرگز نہ خلاف کرے گا اللہ عہد اپنے کو یا کہتے ہو اوپر اللہ کے جو نہیں جانتے ہو تم

ہاں جو کوئی کمائے برائی اور گھیرے اس کو خطا اس کی پس یہ لوگ

رہنے والے ہیں آگ کے وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں ف اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

اچھے یہ لوگ ہیں رہنے والے بہشت کے۔ وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں

اور جب لیا ہم نے قول بنی اسرائیل کا نہ عبادت کرو تم مگر اللہ کی

اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا اور قرابت والے سے اور یتیموں سے اور فقیروں سے

اور کہو واسطے لوگوں کے بھلائی اور قائم رکھو نماز کو اور دو زکوٰۃ

پھر پھر گئے تم مگر تھوڑے تم میں سے اور تم منہ پھیرنے والے ہو اور جب لیا ہم نے

عہد تمہارا نہ ڈالو تم لہو اپنے آپس کے اور نہ نکال دو کسی آپس اپنے کو

گھروں اپنے سے پھر اقرار کیا تم نے اور تم شاہد ہو پھر تم وہ لوگ ہو

کہ مار ڈالتے ہو آپس اپنے کو اور نکال دیتے ہو ایک فرقہ کو آپ میں سے

ع ۹ ۱۱

منزل ۱

موضح القرآن

ف گھیر لیا گناہ نے یعنی گناہ کرتا ہے اور شرمندہ نہیں ہوتا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

کے وطن اُن کے سے مدد گاری کرتے ہو تم اوپر اُن کے ساتھ گناہ اور زیادتی کے

اور اگر آتے ہیں تمہارے پاس بندھوان ہو کر بدلا دے کر چھڑاتے ہو ان کو اور وہ بات حرام ہے

نکالنا اُن کو کیا پس ایمان لاتے ہو ساتھ بعضی کتاب کے اور کفر کرتے ہو ساتھ

بعضی کے پس کیا سزا اس شخص کی کہ کرے یہ کام تم میں سے مگر رسوائی

بیچ زندگانی دنیا کے اور دن قیامت کے پھیرے جاویں گے طرف سخت

عذاب کے اور نہیں اللہ بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو تم ف۱ یہ لوگ وہ ہیں

کہ مول لیا زندگانی دنیا کو بدلے آخرت کے پس نہ ہلکا کیا جاوے گا اُن سے

عذاب اور نہ وہ مدد دیئے جاویں گے اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسیٰ کو کتاب

اور پیچھاڑی لائے ہم پیچھے اس کے پیغمبر اور دیئے ہم نے عیسیٰ بیٹے مریم کے کو

معجزے ظاہر اور قوت دی ہم نے اس کو ساتھ روح پاک کے ف۲ کیا پس جب آیا تمہارے پاس پیغمبر

ساتھ اس چیز کے کہ نہیں چاہتے جی تمہارے تکبر کیا تم نے پس ایک فرقے کو جھٹلایا تم نے اور ایک

مار ڈالتے ہو ۸۷ اور کہا انہوں نے دل ہمارے غلاف میں ہیں بلکہ لعنت کی ان کو اللہ نے سبب ان کے

منزل ۱

ع ۱۰

موضح القرآن ف۱ یعنی اپنی قوم غیر کے ہاتھ سے چھڑانے کو موجود ہوتے ہو اور آپ اُن کے ستانے میں قصور نہیں کرتے اگر خدا کے حکم پر چلتے ہو تو دونوں جگہ چلو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ روح القدس کہتے ہیں جبرئیل کو ہر وقت ان کے ساتھ رہتے تھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

پس تھوڑے سے ایمان لاتے ہیں ف۱ اور جب آئی ان کے پاس کتاب نزدیک اللہ کے سے

سچ کرنے والا واسطے اس چیز کے کہ ساتھ ان کے ہے اور تھے پہلے اس سے فتح مانگتے

اوپر ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے پس جب آیا ان کے پاس جو کچھ پہچانا تھا کافر ہوئے ساتھ اس کے

پس لعنت ہے اللہ کی اوپر کافروں کے ف۲ برا ہے جو کچھ بیچا ہے واسطے اس کے جانوں اپنی کو

یہ کہ کفر کریں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری اللہ نے ضد کرتے سے اس پر کہ اتارے خدا فضل اپنے سے

اوپر جس کے چاہے بندوں اپنے سے پس پھر آئے ساتھ غصے کے اوپر غصے کے

اور واسطے کافروں کے عذاب ہے رسوا کرنے والا اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے ایمان لاؤ ساتھ اس چیز کے

اللہ نے کہتے ہیں ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے اوپر ہمارے اور کفر کرتے ہیں ساتھ اس چیز کے سوا

اور وہ حق ہے سچ کرنے والا اس کو جو ساتھ ان کے ہے کہہ پس کیوں مار ڈالتے تھے پیغمبروں

اللہ کے پہلے اس سے اگر ہو تم ایمان والے اور البتہ تحقیق آیا تمہارے پاس موسیٰ

ساتھ دلیلوں کے پھر پکڑا تم نے بچھڑے کو معبود پیچھے اس کے اور تم ظلم کرنے والے ہو

اور جب لیا ہم نے عہد تمہارا اور اٹھایا ہم نے اوپر تمہارے پہاڑ کو پکڑو جو کچھ

منزل ۱

موضح القرآن

ف۱ یہود اپنی تعریف میں کہتے تھے کہ ہمارے دل پر غلاف ہے یعنی سوائے اپنے دین کے اور کسی کی بات ہم کو اثر نہیں کرتی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ حق بات اثر نہ کرے یہ نشان ہے لعنت کا ۱۲ منہ رح

ف۲ جب غلبہ کافروں کا دیکھتے تو دعا مانگتے کہ نبی آخر الزمان شتاب پیدا ہو جب پیدا ہوئے تو آپ ہی منکر ہوئے ۱۲ منہ سلمہ

ودیا ہم نے تم کو زور سے اور سنو کہا انہوں نے سنا ہم نے اور نہ مانا ہم نے اور رچ گئی

دلوں ان کے کے محبت بچھڑے کی بسبب کفر ان کے کہہ دے برا ہے جو سکھاتا ہے تم کو ایمان تمہارا

اگر ہو تم ایمان والے ف۱ کہہ اگر ہے واسطے تمہارے گھر آخرت کا

نزدیک اللہ کے خالص سوائے لوگوں کے پس آرزو کرو تم موت کی

اگر ہو تم سچے ف۲ اور ہرگز نہ آرزو کریں گے اس کی کبھی بسبب اس چیز کے کہ بھیجا

ہاتھوں ان کے نے اور اللہ جانتا ہے ظالموں کو اور البتہ پاوے گا تو ان کو بہت حریص لوگوں سے

اوپر زندگی کے اور ان لوگوں سے کہ شریک لاتے ہیں آرزو کرتا ہے ہر ایک ان کا کاش کے عمر دیا جاتا

ہزار برس کی اور نہیں وہ چھڑانے والا اس کو عذاب سے یہ کہ عمر دیا جاوے

اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ کرتے ہیں کہہ جو کوئی ہو دشمن واسطے جبرئیل کے

پس تحقیق اس نے اتارا ہے اس کو اوپر دل تیرے کے ساتھ حکم اللہ کے سچا کرنے والا واسطے اس چیز کے کہ

آگے اس کے ہے اور ہدایت اور خوشخبری واسطے ایمان والوں کے جو کوئی ہووے دشمن

واسطے اللہ کے اور فرشتوں اس کے کے اور پیغمبروں اس کے کے اور جبرئیل اور میکائیل کے پس تحقیق اللہ

منزل ١

موضح القرآن

ف۱ یعنی ظاہر میں کہا کہ ہم نے مانا اور پیچھے کہا کہ نہ مانا ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ یہود کہتے تھے کہ جنت میں ہمارے سوا کوئی نہ جاوے گا اور ہم کو عذاب نہ ہوگا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر یقیناً بہشتی ہو تو مرنے سے کیوں ڈرتے ہو ۱۲ منہ رحمہ

دشمن ہے واسطے کافروں کے ف اور البتہ تحقیق اتاری ہم نے طرف تیری نشانیاں ظاہر اور نہیں

کفر کرتے ساتھ اس کے مگر بدکار کیا جب باندھا انہوں نے عہد پھینک دیا ہے اس کو

ایک فرقہ ان میں سے بلکہ اکثر ان کے نہیں ایمان لاتے اور جب آیا ان کے پاس پیغمبر

نزدیک اللہ کے سے سچا کرنے والا واسطے اس کے جو ساتھ ان کے ہے پھینک دی ایک جماعت نے ان میں سے جو

دیے گئے ہیں کتاب کتاب اللہ کی کو پیچھے پیٹھوں اپنی کے گویا کہ وہ نہیں

جانتے اور پیروی کرتے ہیں اس چیز کی کہ پڑھتے تھے شیطان بیچ وقت

سلیمان کے اور نہیں کفر کیا تھا سلیمان نے اور لیکن شیطانوں نے کفر کیا تھا

سکھاتے تھے لوگوں کو جادو اور پیروی کی تھی اس چیز کی کہ اتاری گئی اوپر دو فرشتوں کے بیچ بابل کے

ہاروت اور ماروت اور نہیں سکھاتے تھے وہ دونوں کسی کو یہاں تک کہ کہتے تھے

سوا اس کے نہیں کہ ہم آزمائش ہیں پس مت کافر ہو پس سیکھتے ہیں ان دونوں سے وہ چیز کہ جدائی ڈالتے ہیں

ساتھ اس کے درمیان مرد کے اور جورو اس کی کے اور نہیں وہ ضرر پہنچانے والے ساتھ اس کے کسی کو مگر

ساتھ حکم اللہ کے اور سیکھتے ہیں چیز کہ ضرر دیتی ہے ان کو اور نہ نفع دیتی ہے ان کو اور البتہ تحقیق

منزل ۱

موضح القرآن

ف یہود نے کہا کہ یہ
کلام لاتا ہے جبرئیل
اور وہ ہمارا دشمن ہے
کئی بار ہمارے دشمنوں
کو ہم پر غالب کر گیا
کوئی اور فرشتہ لاتا
تو ہم مانتے اس پر
اللہ تعالیٰ نے فرمایا
کہ فرشتے جو کرتے ہیں
بے حکم نہیں کرتے
جو ان کا دشمن ہو
اللہ بیشک سب کا دشمن
ہے ۱۲ منہ رح

جانتے ہیں جو کوئی ہوا لیوے اس کو نہیں واسطے اس کے بیچ آخرت کے کچھ حصہ اور

البتہ بُرا ہے جو کچھ بیچا ہے اس کے جانوں اپنی کو اگر ہوتے جانتے اور اگر تحقیق وہ

ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے البتہ ایک ثواب تھا نزدیک اللہ کے سے بہتر اگر ہوتے جانتے ف

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت کہو راعنا اور کہو تم انظرنا یعنی انتظار کرو ہمارا اور سنو

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

اور واسطے کافروں کے عذاب ہے درد دینے والا نہیں دوست رکھتے وہ لوگ جو کافر ہیں صاحب

الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ

کتاب سے اور نہ مشرکوں سے یہ کہ اتاری جاوے اوپر تمہارے کچھ بھلائی پروردگار

رَّبِّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

تمہارے سے اور اللہ خاص کرتا ہے ساتھ رحمت اپنی کے جس کو چاہتا ہے اور اللہ صاحب فضل

الْعَظِيْمِ ۝ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ

بڑے کا ہے جو موقوف کرتے ہیں ہم آیتوں یا بھلا دیتے ہیں ہم ان کو لاتے ہیں ہم بہتر ان سے

اَوْ مِثْلِهَا ۭ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

یا مانند ان کے کیا نہ جانا تو نے یہ کہ اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف کیا نہیں جانا تو

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

یہ کہ اللہ واسطے اسی کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور نہیں واسطے تمہارے سوائے اللہ

کے کوئی دوست اور نہ مددگار کیا ارادہ کرتے ہو تم یہ کہ سوال کرو

پیغمبر اپنے سے جیسا کہ سوال کیا گیا تھا موسے پہلے اس سے اور جو کوئی بدل ڈالے

موضح القرآن ف یعنی یہود نے اپنے دین اور کتاب کا علم چھوڑ دیا اور لگے تلاش میں لگے سحر کے اور سحر لوگوں میں دو طرف سے آیا ہے ایک حضرت سلیمان کے عہد میں آدمی اور شیطان ملے رہتے تھے تو آدمیوں نے شیطانوں سے سیکھا وہ یہود اس کو نسبت کرتے حضرت سلیمان کی طرف کہ ہم کو انہیں سے پہنچا ہے اور ان کو حکم تھا جن انس پر اسی کے زور سے تھا سو اللہ تعالیٰ نے بیان کر دیا کہ یہ کام کفر کا ہے سلیمان کا کام نہیں اس کے عہد میں شیطانوں نے سکھایا ہے اور دو فرشتہ ہاروت اور ماروت ہیں کی طرف سے وہ شہر بابل میں دو فرشتے تھے بصورت آدمی رہتے تھے ان کو علم سحر معلوم تھا جو کوئی طالب اس کا جاتا اول کہہ دیتے کہ اس میں ایمان جاتا رہیگا پھر اگر وہ چاہتا تو سکھا دیتے اللہ تعالیٰ کو آزمائش منظور تھی سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ایسے علموں سے آخرت کا کچھ فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہے اور دنیا میں بھی ضرر پاتے ہیں اور بغیر حکم خدا کے کچھ کر نہیں سکتے اور علم دین اور علم کتاب سیکھتے تو اللہ کے ہاں ثواب پاتے ۱۲ منہ ف ۲ یہود پیغمبر کی مجلس میں بیٹھتے اور حضرت کلام فرماتے بعضی بات جو نہ سنی ہوتی چاہتے کہ پھر تحقیق کریں تو کہتے راعنا یعنی ہماری طرف بھی متوجہ ہوں اُسے مسلمان بھی سیکھ گئے تھے یہ لفظ کہتے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا کہ یہ لفظ نہ کہو اگر کہنا ہو تو انظرنا کہو اس کے بھی معنی یہی ہیں اور آگے سے سنتے رہو کہ پوچھنا ہی نہ پڑے یہود کو اس لفظ کے کہنے میں غرض تھی اس کو زبان دبا کر کہتے بقیہ صفحہ ۲۳

[illegible]

کفر کو بدلے ایمان کے پس تحقیق گمراہ ہوا راہ سیدھی سے ف چاہتے ہیں

[illegible]

اہل کتاب میں سے کاش کہ پھیر دیں تم کو پیچھے ایمان تمہارے کے کافر

حسدا من عند انفسهم من بعد ما تبين لهم الحق

حسد سے پاس جی اپنے کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہوا واسطے ان کے حق

فاعفوا واصفحوا حتى يأتي الله بأمره ان الله على

پس معاف کرو اور درگزر و بیان تک کہ لاوے حکم اپنا تحقیق اللہ اوپر

كل شيء قدير ○ واقيموا الصلوة واتوا الزكوة وما

ہر چیز کے قادر ہے ف اور قائم رکھو نماز کو اور دو زکوٰۃ اور جو کچھ

تقدموا لانفسكم من خير تجدوه عند الله ان الله

آگے بھیجو گے واسطے جانوں اپنی کے بھلائی سے پاؤ گے اس کو نزدیک اللہ کے تحقیق اللہ

بما تعملون بصير ○ وقالوا لن يدخل الجنة الا من

ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے اور کہا انہوں نے ہرگز نہ داخل ہوگا بہشت میں مگر جو کوئی

كان هودا او نصرى تلك امانيهم قل هاتوا برهانكم

ہووے کا یہودی اور عیسائی یہ ہیں آرزوئیں ان کی کہہ لاؤ دلیل اپنی

ان كنتم صدقين ○ بلى من اسلم وجهه لله وهو

اگر ہو تم سچے بلکہ جو شخص کہ سونپ دے منہ اپنا واسطے اللہ کے اور وہ

محسن فله اجره عند ربه ولا خوف عليهم ولا هم

نیکی کرنے والا ہے پس واسطے اس کے ثواب اس کا ہے نزدیک پروردگار اس کے سے اور نہیں ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ

[illegible]

غمگین ہوں گے اور کہا یہود نے نہیں نصاریٰ اوپر کسی چیز کے

[illegible]

اور کہا نصاریٰ نے نہیں یہود اوپر کسی چیز کے اور وہ پڑھتے ہیں

٢٢ موضح القرآن بقیہ منہ
تو راعنا ہو جاتا یعنی ہمارا
چرواہا اور ان کی زبان
میں راعنا احمق کو کہتے
تھے ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ


ف٢ یہ بھی یہود کا طعن تھا
کہ تمہاری کتاب میں بعضی
آیت منسوخ ہوتی ہے اگر اللہ
کی طرف سے تھی تو پھر کیا عیب
دیکھا تو موقوف کی اللہ تعالیٰ
نے فرمایا کہ عیب نہ پہلی
میں تھا نہ پچھلی میں پر حاکم
ہر وقت جو چاہے سو حکم
کرے ١٢ منہ رحمہ

الناسخ
مسلمہ صفحہ ۱۱۸

ل منزل ١
ف١ یعنی یہود کے
بہکانے سے تم اپنے نبی
پاس شبہے نہ لاؤ جیسے اپنے
نبی پاس لاتے تھے شبہے
نکالنے کو گویا یقین چھوڑ کر
انکار پکڑنا ہے ١٢ منہ رحمہ

ف٣ آخر حکم پہنچا یہود کو مدینے
کے گرد یک سے نکال دیا ١٢
منہ رحمہ

ع ١٣



کتاب اسی طرح کہا اُن لوگوں نے جو نہیں جانتے مانند بات ان کی کے

پس اللہ حکم کرے گا درمیان اُن کے دن قیامت کے بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اُس کے اختلاف کرتے ف۱

ومن اظلم ممن منع مسجد الله ان

اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ منع کرتا ہے مسجدوں اللہ کی کو یہ کہ ذکر کیا جاوے بیچ اُن کے نام اُس کا

وسعى في خرابها اولئك ما كان لهم

اور سعی کرتا ہے بیچ ویران کرنے اُن کے۔ یہ لوگ نہیں لائق تھا واسطے اُن کے یہ کہ داخل ہوں اُس میں

الا خائفين لهم في الدنيا خزي ولهم في الاخرة

مگر ڈرتے ہوئے واسطے ان کے بیچ دنیا کے رسوائی اور واسطے ان کے بیچ آخرت کے

عذاب عظيم ۝ ولله المشرق والمغرب فاينما تولوا

عذاب ہے بڑا ف۲ اور واسطے اللہ کے ہے مشرق اور مغرب پس جدھر کو منہ کرو تم

فثم وجه الله ان الله واسع عليم ۝ وقالوا اتخذ الله

پس وہیں ہے منہ اللہ کا تحقیق اللہ سمائی والا جاننے والا ہے ف۳ اور کہا انہوں نے کہ پکڑی ہے اللہ نے

ولدا سبحنه بل له ما في السموت والارض كل له

اولاد پاکی ہے اس کو۔ بلکہ واسطے اس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے ہر ایک واسطے

قانتون ۝ بديع السموت والارض واذا قضى امرا

فرمانبردار ہیں پیدا کرنے والا آسمانوں کا اور زمین کا اور جب مقرر کرتا ہے کچھ کام

فانما يقول له كن فيكون ۝ وقال الذين لا يعلمون

پس سوائے اس کے نہیں کہ کہتا ہے واسطے اُس کے ہو پس ہو جاتا ہے اور کہا اُن لوگوں نے جو نہیں جانتے

کیوں نہیں کلام کرتا ہم سے اللہ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس نشانی اسی طرح کہا تھا اُن لوگوں نے

جو پہلے اُن سے تھے مانند بات ان کی کے یکساں ہوئے دل اُن کے تحقیق بیان کیں ہم نے

ربع

موضح القرآن ف۱ جن پاس علم نہیں وہ عرب کے لوگ ہیں کہ آگے حضرت ابراہیم کا دین رکھتے تھے پھر آخر بہت کرت پوجنے لگے ایسے شخص کو مشرک کہتے وہ اپنی ہی راہ حق جانتے تھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ف۲ نصاریٰ آپ کو منصف جانتے تھے اور یہود کو ظالم کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ سے دشمنی کی اور ہم نے ان کو مانا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب نصاریٰ نے غلبہ پایا تو مسجد بیت المقدس ہنس کو ویران کیا اور یہود کی مسجدیں اُجاڑیں یہود کی ضد سے یہ کیا انصاف ہے کہ آدمیوں کی ضد سے اللہ کی مسجدیں ویران کریں اور فرماتا ہے کہ یہ بھی لائق نہیں کہ اس ملک میں حاکم رہیں آخر اللہ تعالیٰ نے وہ ملک تمام مسلمانوں کے ہاتھ لگایا ۱۲ منہ رح

ف۳ یہ بھی یہود اور نصاریٰ کا جھگڑا تھا کہ ہر کوئی اپنے قبلہ کو بہتر بتاتا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ مخصوص ایک طرف نہیں اس کے حکم سے جس طرف منہ کرو وہ متوجہ ہے ۱۲ منہ رح

[illegible]

نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں ف۱ تحقیق بھیجا ہم نے تجھ کو ساتھ حق کے خوشخبری دینے والا

[illegible]

اور ڈرانے والا اور نہیں پوچھا جاویگا تو رہنے والوں دوزخ کے سے ف۲ اور ہرگز نہ راضی ہوں

[illegible]

تجھ سے یہود اور نصاریٰ یہاں تک کہ پیروی کرے تو دین اُن کے کی کہہ تحقیق

[illegible]

ہدایت اللہ کی وہی ہے ہدایت اور اگر پیروی کرے گا تو خواہشوں اُن کی کی پیچھے اُس

الَّذِي جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝

چیز کے کہ آئی تیرے پاس علم سے نہیں واسطے تیرے اللہ سے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلَاوَتِهِ أُولَٰئِكَ

جو لوگ کہ دی ہے ہم نے اُن کو کتاب پڑھتے ہیں اُس کو حق پڑھنے اس کے کا یہ لوگ

يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمَنْ يَكْفُرْ بِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

ایمان لاتے ہیں ساتھ اس کے اور جو کوئی کفر کرے ساتھ اس کے پس یہ لوگ وہ ہیں زیاں پانے والے ف۳

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ

اے بیٹو یعقوب کے یاد کرو نعمت میری جو انعام کی میں نے اوپر تمہارے اور

أَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا لَا تَجْزِي نَفْسٌ

یہ کہ بزرگی دی میں نے تم کو اوپر عالموں کے اور ڈرو اُس دن سے کہ نہ کفایت کریگا کوئی جی

عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا تَنْفَعُهَا

کسی جی سے کچھ اور نہ قبول کیا جاوے گا اُس سے بدلا اور نہ فائدہ دے گی اس کو سفارش

[illegible]

اور نہ وہ مدد دیئے جاوینگے اور جس وقت آزمایا ابراہیم کو رب اُس کے نے ساتھ کئی باتوں کے

[illegible]

پس پورا کیا ان کو کہا تحقیق میں کرنے والا ہوں تجھ کو واسطے لوگوں کے امام کہا اور اولاد میری سے

وقف لازم

منزل ۱ ع ۱۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی اگلی اُمت جو یہود تھے وہ بھی اپنے نبی سے ہی کہتے تھے جواب کے لوگ کہنے لگے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی تجھ پر الزام نہیں کہ اُن کو مسلمان کیوں نہ کیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ف۳ یعنی یہود میں کم لوگ باانصاف بھی تھے کہ اپنی کتاب کو پڑھتے تھے سمجھ کر وہ اس قرآن پر ایمان لائے ایک اُن کے عالم تھے عبداللہ بن سلام اُن کے ساتھ کئی اور بھی مسلمان ہوئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے



[illegible]

کہا نہیں پہنچے گا عہد میرا ظالموں کو ف۱ اور جب کیا ہم نے یہ گھر کو

[illegible]

جائے ثواب واسطے لوگوں کے اور امن والا اور پکڑو تم مقام ابراہیم کو جائے نماز

[illegible]

اور عہد کیا ہم نے طرف ابراہیم اور اسمٰعیل کے یہ کہ پاک کرو گھر میرے کو واسطے طواف کرنے والوں

والعٰكفين والركع السجود ○ واذ قال ابراهيم رب اجعل

اور اعتکاف کرنے والوں کے اور رکوع سجود کرنے والوں کے اور جب کہا ابراہیم نے اے رب میرے کر

هٰذا بلدا اٰمنا وارزق اهله من الثمرٰت من اٰمن

اس جگہ کو شہر امن والا اور روزی دے رہنے والوں اس کو میووں سے اور جو کوئی ایمان لاوے گا

منهم بالله واليوم الاٰخر قال ومن كفر فامتعه قليلا

ان میں ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے کہا اور جو کوئی کفر کرے پس فائدہ دوں گا اس کو تھوڑا

ثم اضطره الى عذاب النار وبئس المصير ○ واذ يرفع

پھر بے بس کروں گا اس کو طرف عذاب آگ کے اور بری ہے جگہ پھر جانے کی اور جب اٹھاتا تھا

ابرٰهيم القواعد من البيت واسمٰعيل ربنا تقبل منا

ابراہیم نیویں (یعنی بنیادیں) گھر کی اور اسمٰعیل اے رب ہمارے قبول کر ہم سے

انك انت السميع العليم ○ ربنا واجعلنا مسلمين

تحقیق تو ہی سننے والا جاننے والا اے رب ہمارے کر ہم دونوں کو مطیع

[illegible]

واسطے اپنے اور اولاد ہماری سے ایک جماعت فرمانبردار واسطے اپنے اور دکھا ہم کو طریق عبادت ہماری کی

[illegible]

اور پھر اوپر ہمارے تحقیق تو ہی ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان اے رب ہمارے اور بھیج

[illegible]

بیچ ان کے پیغمبر انہیں میں سے پڑھے اوپر ان کے آیتیں تیری اور سکھاوے ان کو کتاب

منزل ۱

موضح القرآن

ف۱ بنی اسرائیل بہت مغرور تھے کہ ہم اولاد ابراہیم ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو وعدہ دیا کہ نبوت اور بندگی تیرے گھر میں رہے گی اور ہم ابراہیم کے دین پر ہیں اور ان کا دین ہر کوئی مانتا ہے اب اللہ تعالیٰ ان کو سمجھاتا ہے کہ اللہ کا وعدہ ابراہیم کی اولاد کو ہے جو نیک راہ پر چلیں اور اسحٰق کی اولاد میں پیغمبری ایک مدت اسمٰعیل کی اولاد میں زندگی رہی اب اسمٰعیل کی اولاد میں پہنچی اور ف۲ اس کی دعا ہے دونوں کے حق میں اور فرماتا ہے کہ دین اسلام ہمیشہ ایک ہے سب پیغمبر اور سب امتیں اسی پر گذری ہیں وہ یہ کہ جو حکم اللہ بھیجے پیغمبر کے ہاتھ سو قبول کرنا اب مسلمان ہیں اسی پر اور تم اس سے پھر ہو ۱۲

ع ۱۵

[illegible]

اور حکمت اور پاک کرے ان کو تحقیق تو ہی ہے غالب حکمت والا اور کون

[illegible]

پھرتا ہے دین ابراہیم کے سے مگر جس نے بیوقوف کیا جان اپنی کو اور تحقیق

نَفْسَهٗ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ

پسند کیا ہم نے اس کو بیچ دنیا کے یعنی ابراہیم کو اور تحقیق وہ بیچ آخرت کے البتہ صالحوں سے ہے

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

جب کہا اس کو رب اس کے نے کہ مطیع ہو کہا میں مطیع ہوا واسطے پروردگار عالموں کے اور

وَوَصّٰى بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى

نصیحت ساتھ اس کے کہا ابراہیم نے بیٹوں اپنے کو اور یعقوب نے اے بیٹو میرے تحقیق اللہ نے پسند کیا ہے

لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ اَمْ كُنْتُمْ

واسطے تمہارے دین پس نہ مرو تم مگر اور تم مطیع ہو کیا تم تھے

شُهَدَاۤءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ

حاضر جس وقت کہ آئی یعقوب کو موت جس وقت کہا اس نے واسطے بیٹوں اپنے کے کس چیز کی

مِنْ بَعْدِيْ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ

پیچھے میرے سے کہا انہوں نے عبادت کریں گے ہم معبود تیرے کو اور معبود باپوں تیرے ابراہیم

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

اور اسمعیل اور اسحق کے کو معبود ایک کو اور ہم واسطے اس کے مطیع ہیں

[illegible]

یہ تھی ایک امت تحقیق گزر گئی واسطے ان کے تھا جو کچھ کیا انہوں نے اور واسطے تمہارے جو کچھ کیا تم نے


[illegible]

اور پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے وہ کرتے اور کہا انہوں نے ہو جاؤ یہودی

[illegible]

یا عیسائی راہ پاؤ گے تم کہہ بلکہ پیروی کرتے ہیں ہم دین ابراہیم کی جو ایک طرف کا تھا اور

منزل ۱



تھا مشرکوں سے کہو ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور جو کچھ اتاری گئی طرف ہماری

اور جو کچھ اتاری گئی طرف ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے اور اسحٰق کے اور یعقوب کے

اور اولاد اس کی کے اور جو کچھ دی گئی موسیٰ اور عیسیٰ کو اور جو کچھ دی گئی پیغمبروں کو

مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ

پروردگار اپنے سے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان میں سے اور ہم واسطے اس کے مطیع ہیں

فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنتُم بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوا وَّإِن

پس اگر ایمان لاویں ساتھ اس چیز کے کہ ایمان لائے ہو تم ساتھ اس کے پس تحقیق راہ پائی اور اگر

تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ

پھر جاویں پس سوائے اس کے نہیں کہ وہ بیچ خلاف کے ہیں پس شتاب کفایت کرے گا تجھ کو ان سے اللہ اور

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ صِبْغَةَ اللَّهِ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ

سننے والا جاننے والا ہے رنگ پکڑو ہم کو اللہ نے اور کون ہے بہتر خدا سے

صِبْغَةً وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ۝ قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا فِي اللَّهِ

رنگ میں اور ہم اسی کو عبادت کرنے والے ہیں ف کہہ کیا جھگڑتے ہو تم ہم سے بیچ اللہ کے

وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهُ

اور وہ ہے پروردگار ہمارا اور پروردگار تمہارا اور واسطے ہمارے ہیں عمل ہمارے اور واسطے تمہارے ہیں عمل تمہارے اور ہم اسی کے

مُخْلِصُونَ ۝ أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ

اخلاص کرنے والے ہیں کیا کہتے ہو تم تحقیق ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق

اور یعقوب اور اولاد اس کی تھے یہود یا نصاریٰ کہہ کیا تم

بہت جاننے والے ہو یا اللہ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ چھپایا اس نے گواہی جو پاس اس کے ہے

موضح القرآن

ف نصاریٰ کے یاں دستور تھا کہ جس کو اپنے دین میں داخل کرتے ایک زرد رنگ سا ہے اور اس کے کپڑے بھی رنگ دیتے اور اس پر ڈال بھی دیتے یہ اس کے مقابل فرمایا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

منزل ۱

[illegible]

منہ کی طرف اور نہیں اللہ بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو ۔ یہ ایک امت تھی کہ تحقیق گزر گئی واسطے ان کے

[illegible]

جو کچھ کمایا انہوں نے اور واسطے تمہارے ہے جو کمایا تم نے اور نہ پوچھے جاؤ گے اس چیز سے کہ تھے وہ کرتے

[illegible]

شتاب کہیں گے بیوقوف لوگوں میں سے کس چیز نے پھیر دیا ان کو

[illegible]

قبلے ان کے سے جو تھے وہ اوپر اس کے کہہ واسطے اللہ کے ہے مشرق اور مغرب راہ دکھاتا ہے

[illegible]

جس کو چاہتا ہے طرف راہ سیدھی کے ف اور اسی طرح کیا ہم نے تم کو امت

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

بیچ کی یعنی بہتر تو کہ ہو تم گواہ اوپر لوگوں کے اور ہووے پیغمبر

عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ إِلَّا

اوپر تمہارے گواہ ف۲ اور نہیں کیا تھا ہم نے قبلہ جو تھا تو اوپر اس کے مگر

لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَإِنْ

تو کہ جانیں ہم اس شخص کو کہ پیروی کرتا ہے رسول کی اس شخص سے جو پھر جاتا ہے اوپر دونوں ایڑیوں

كَانَتْ لَكَبِيْرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

ہے البتہ بڑی بات مگر اوپر ان لوگوں کے کہ راہ دکھائی اللہ نے اور نہیں ہے اللہ

[illegible]

کہ ضائع کرے ایمان تمہارا تحقیق اللہ ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے ف۳ تحقیق

[illegible]

دیکھتے ہیں ہم پھرنا منہ تیرے کا بیچ آسمان کے پس البتہ پھیریں گے ہم تجھ کو اس قبلہ کی طرف کہ پسند کرے تو


[illegible]

پس پھیر منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کے اور جہاں کہیں ہو تم پس پھیر لو

موضح القرآن ف حضرت جب سے مدینے میں آئے سوا برس نماز پڑھی بیت المقدس کی طرف پھر حکم آیا پڑھو کعبے کی طرف تب یہود اور بعضے کچے مسلمان ان کے بہکانے سے شبہے لگے دلانے کہ وہ قبلہ تھا اب بدلا کیا ہے چھوڑنا نشان نبی کا نہیں اللہ تعالیٰ نے آگے ہی فرمایا کہ لوگ یوں کہیں گے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۲ یعنی جس طرح ان دو باتوں میں دیکھا کہ تمہارے پاس اسے پوری بات اور مخالفوں پاس ناقص ایک یہ کہ تم سب پیغمبروں کو مانتے ہو اور یہود اور نصاریٰ کسی کو مانتے ہیں کسی کو نہیں دوسری یہ کہ تمہارا قبلہ کعبہ ہے کہ ابراہیم کے وقت سے مقرر ہوا ہے ابراہیم پیشوا ہے سب کا اور یہود اور نصاریٰ کا قبلہ پیچھے ثابت ہوا اسی طرح ہر بات میں تم پورے ہو وہ اتنے ناقص ان کو حاجت ہے کہ تم بتاؤ اور تم کو حاجت نہیں کہ کوئی امت بتاوے مگر تمہارا نبی ۱۲ منہ رحمہ

ف۳ یعنی قبلہ ابراہیم کے وقت سے کعبہ مقرر ہے اور چند روز بیت المقدس ٹھہرایا ایمان آزمانے کو اور اس میں جو لوگ ایمان پر قایم رہے ان کو ثواب دے گا ۱۲ منہ رحمہ



تم اپنے منہ کو طرف اُس کے اور تحقیق وہ لوگ کہ دیے گئے ہیں کتاب البتہ جانتے ہیں

یہ کہ وہ حق ہے پروردگار ان کے سے اور نہیں اللہ بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہیں و

اور اگر لاوے تو ان لوگوں کو کہ دیے گئے ہیں کتاب سب نشانیاں نہیں پیروی کرتے

قبلہ تیرے کی اور نہیں تو پیروی کرنے والا قبلے ان کے کی اور نہیں بعضے ان کے پیروی کرنے والے

قبلے بعضے کی اور اگر پیروی کرے گا تو خواہشوں ان کے کی پیچھے اس چیز کے کہ آئی تیرے پاس

علم سے تحقیق تو اس وقت ظالموں سے ہے جو لوگ کہ دی ہم نے ان کو

کتاب پہچانتے ہیں اس کو جیسا کہ پہچانتے ہیں بیٹوں اپنوں کو اور تحقیق ایک فرقہ

ان میں سے البتہ چھپاتے ہیں حق کو اور وہ جانتے ہیں حق ہے پروردگار تیرے سے

پس مت ہو شک لانے والوں سے اور واسطے ہر کسی کے ایک طرف ہے کہ وہ منہ پھیرتا ہے

پس دوڑو بھلائیوں کو جہاں کہیں کہ ہو گے لے آوے گا تم کو اللہ سب کو

تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۳ اور جہاں سے نکلے تو

پس پھیر لے منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کے اور تحقیق وہ البتہ حق ہے پروردگار تیرے

موضح القرآن

ف جب تک بیت المقدس کی طرف نماز تھی تو حضرت کا دل چاہتا تھا کعبے کو نماز میں آسمان کی طرف نگاہ کرتے شاید فرشتہ حکم لاتا ہو کعبے کی طرف پھر یہ آیت اُتری تب سے کعبہ مقرر ہوا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ف۲ یعنی یہ ضد کہ ہمارا قبلہ بہتر ہے یا تمہارا عبث ہے بہتری اُسی کو جو نیکیوں میں زیادہ ہر اُمت کو ایک ایک قبلہ کا حکم ہوا تھا آخر سب کو ایک جگہ جمع ہونا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

[illegible]

اور نہیں اللہ غافل اُس چیز سے کہ کرتے ہو تم ف اور جہاں سے نکلے تو

[illegible]

پس پھیر لے منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کے اور جہاں کہیں ہو تم

[illegible]

پس پھیرو منہ اپنے کو طرف اُس کے تو کہ نہ ہو واسطے لوگوں کے اوپر تمہارے

[illegible]

حجت (یعنی جھگڑا) مگر جنہوں نے ظلم کیا اُن میں سے پس مت ڈرو اُن سے اور ڈرو مجھ سے

[illegible]

اور تو کہ پورا کروں میں نعمت اپنی اوپر تمہارے اور تو کہ تم راہ پاؤ جیسا کہ بھیجا ہم نے

[illegible]

بیچ تمہارے پیغمبر تم میں سے پڑھتا ہے اوپر تمہارے آیتیں ہماری اور پاک کرتا ہے تم کو اور سکھاتا ہے تم کو

[illegible]

کتاب اور حکمت اور سکھلاتا ہے تم کو جو کچھ نہیں تھے تم جانتے

[illegible]

پس یاد کرو مجھ کو یاد کروں گا میں تم کو اور شکر کرو واسطے میرے اور مت کفر کرو

[illegible]

اے لوگو جو ایمان لائے ہو مدد چاہو ساتھ صبر کے اور نماز کے تحقیق

[illegible]

اللہ ساتھ صبر کرنے والوں کے ہے ف۲ اور مت کہو واسطے اُن لوگوں کے کہ مارے جاتے ہیں بیچ راہ

[illegible]

اللہ کے کہ مُردے ہیں بلکہ زندہ ہیں و لیکن تم نہیں سمجھتے اور البتہ آزماویں گے ہم تم کو

[illegible]

ساتھ ایک چیز کے ڈر سے اور بھوک سے اور کمی مالوں کی سے اور

ل منزل ۱ ع ۱۸

موضح القرآن

ف مسجد الحرام کہتے ہیں کعبے کی مسجد کو حرام کے معنی جس جگہ بند رہنا چاہیے اُس مکان میں کئی باتیں منع ہیں آدمی کو مارنا اور جانور کو ستانا اور درخت اور گھاس اکھاڑنا اور پڑا مال اُٹھانا

ف۲ یہاں سے اشارت ہے کہ جہاد میں محنت اُٹھاؤ اور صبر طلبی اختیار کرو



جانوں کی سے اور پھلوں کی سے اور خوشخبری دے صبر کرنے والوں کو وہ لوگ کہ جب پہنچتی ہے ان کو

مصیبت کہتے ہیں تحقیق ہم واسطے اللہ کے ہیں اور تحقیق ہم طرف اس کی پھر جانے والے ہیں یہ لوگ اوپر ان کے ہے

درود پروردگار ان کے سے اور رحمت یہ لوگ وہی ہیں راہ پانے والے

تحقیق صفا اور مروہ نشانیوں اللہ کی سے ہیں پس جو کوئی حج کرے گھر کا یا

عمرہ کرے پس نہیں گناہ اوپر اس کے یہ کہ طواف کرے بیچ ان دونوں کے اور جو کوئی خوشی سے

بھلائی کرے پس اللہ قدردان ہے جاننے والا ف۱ تحقیق جو لوگ کہ چھپاتے ہیں

جو کچھ کہ اتارا ہم نے دلیلوں سے اور ہدایت سے پیچھے اس کے کہ بیان کیا ہم نے اس کو

واسطے لوگوں کے بیچ کتاب کے یہ لوگ لعنت کرتا ہے ان کو اللہ اور لعنت کرتے ہیں ان کو لعنت کرنے والے

مگر جنہوں نے توبہ کی اور نیکی کی اور بیان کیا پس یہ لوگ ہیں کہ پھر آتا ہوں میں اوپر ان کے

اور میں ہوں پھر آنے والا مہربان تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور مر گئے اور وہ

کافر تھے یہ لوگ اوپر ان کے ہے لعنت خدا کی اور فرشتوں کی اور آدمیوں کی سب کی


ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے نہیں ہلکا کیا جاوے گا ان سے عذاب اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے

منزل ۱

موضح القرآن

ف۱ صفا اور مروہ دو پہاڑ ہیں مکے کے شہر میں عرب کے لوگ حضرت ابراہیم کے وقت سے ہمیشہ حج کرتے رہے ہیں لیکن کفر کے وقت میں اکثر غلطیاں پڑ گئیں تھیں ان دو پہاڑوں پر دو بت دھرے تھے حج میں وہاں بھی طواف کرتے تھے جب لوگ مسلمان ہوئے حالانکہ یہ بھی کفر کی غلطی تھی اب وہاں نہ جانا چاہئے اس پر یہ آیت اتری منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ یہ ان کے حق میں ہے جس کو خدا کا حکم پہنچا اور غرض دنیا کے واسطے چھپا رکھا منہ رحمہ اللہ تعالیٰ



وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ

اور معبود تمہارا معبود ایک ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی بخشش کرنے والا مہربان تحقیق

فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

بیچ پیدائش آسمانوں کے اور زمین کے اور آنے جانے رات کے اور دن کے

وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنْزَلَ

اور کشتیوں کے جو چلتی ہیں بیچ دریا کے اس چیز کے کہ نفع دیتی ہے لوگوں کو اور جو کچھ کہ اتارا

اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

اللہ نے آسمان سے پانی سے پس جلایا ساتھ اس کے زمین کو پیچھے موت اس کی کے

وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ

اور بکھیرے بیچ اس کے ہر جانور سے اور پھیرنے ہواؤں کے اور بادلوں کے

الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

جو حکم کے باندھے ہیں درمیان آسمان کے اور زمین کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ عقلمند ہیں

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا يُحِبُّونَهُمْ

اور بعضے لوگوں میں سے وہ ہیں جو پکڑتا ہے سوائے اللہ کے شریک محبت کرتے ہیں ان سے

كَحُبِّ اللَّهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ

جیسا کہ محبت خدا کی اور جو لوگ کہ ایمان لائے ہیں زیادہ ہیں محبت میں ساتھ اللہ کے اور کاش کہ جانیں

ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ

کہ ظالم ہیں جب دیکھیں گے عذاب یہ کہ قوت واسطے اللہ کے ہے ساری اور یہ کہ اللہ

شَدِيدُ الْعَذَابِ ۝ إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا مِنَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا

سخت عذاب کرنے والا ہے جس وقت بیزار ہوگئے وہ لوگ کہ پیشوا تھے ان لوگوں سے کہ پیروی کرتے تھے

وَرَأَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْأَسْبَابُ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ

اور دیکھیں گے عذاب کو اور کٹ جاویں گے ان کے ملاقے اور کہیں گے وہ لوگ

اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا كَذَٰلِكَ

کہ پیروی کرتے تھے کاش کہ ہو واسطے ہمارے پھر جانا طرف دنیا کے پس بیزاری کریں ہم ان سے جیسا بیزار ہوئے وہ ہم سے اسی طرح

كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ

دکھلاوے گا ان کو اللہ عمل اُن کے افسوس اوپر اُن کے ۔ اور نہیں وہ نکلنے والے

مِنَ النَّارِ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ

آگ سے ف اے لوگو کھاؤ اس چیز سے کہ بیچ زمین کے ہے حلال

حَلٰلًا طَيِّبًا ڮ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

پاکیزہ اور مت پیروی کرو قدموں شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے

مُّبِيْنٌ ۝ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْۗءِ وَالْفَحْشَاۗءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا

ظاہر ف سوائے اس کے نہیں کہ حکم کرتا ہے تم کو ساتھ برائی کے اور بےحیائی کے اور یہ کہ کہو تم

عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ

اوپر اللہ کے جو کچھ کہ نہیں جانتے تم ف اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے پیروی کرو اس چیز کی

اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ

اللہ نے کہتے ہیں بلکہ پیروی کریں گے ہم اس چیز کی کہ پایا ہم نے اوپر اس کے باپوں اپنوں کو کیا اگرچہ ہوں

اٰبَاۗؤُھُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَـيْــــًٔـا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ وَمَثَلُ

باپ ان کے نہ سمجھتے کچھ اور نہ راہ پاتے ف اور مثال

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَاۗءً

ان لوگوں کی کہ کافر ہوئے مانند مثال اس شخص کے کہ چلاتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ نہیں سنتی مگر بلانا

وَّنِدَاۗءً ۭ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور پکارنا بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں سمجھتے ف اے لوگو

اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

جو ایمان لائے ہو کھاؤ پاکیزہ سے اس چیز کو کہ دیا ہم نے تم کو اور شکر کرو واسطے اللہ کے اگر ہو تم

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ

اسی کو عبادت کرتے سوائے اس کے نہیں کہ حرام کیا اوپر تمہارے مردار اور لہو اور گوشت

الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

سور کا اور جو کچھ پکارا جاوے اوپر اس کے واسطے غیر اللہ کے پس جو کوئی بےبس ہو نہ عدول کرنے والا

موضح القرآن ف جن کو لوگ پوجتے ہیں سوا اللہ کے اس روز پوجنے والوں کو جواب دیں گے اور ان کی امید سب طرف سے ٹوٹے گی اور افسوس کھاویں گے اس وقت کچھ فائدہ نہیں افسوس کا یہاں سے بت پرستوں کا احوال ہے ف عرب کے لوگوں کا دین ابراہیم کی طرح بگاڑا تھا اول سوا خدا کے پوجنے لگے اور ان کی نیاز جانور رکھ کر یہ لگے کہ وہ مردار ہوتا ہے اور کفر ہے اور سوائے اس سے کئی چیزیں حرام ٹھہرالیں جو سورۂ مائدہ میں اور انعام میں بیان ہے اور گوشت خوک حلال سمجھا ان باتوں پر اللہ تعالیٰ ان کو الزام دیتا ہے ۱۲ منہ ف یعنی مسئلے اپنی طرف سے بناؤ جیسے اب بھی غلط الفہام ٹھہر رہے ہیں ۱۲ منہ ف یعنی جب معلوم ہوا کہ باپ دادوں کی رسم خلاف حکم خدا کے ہے پھر اس پر چلے ف یعنی ان کافروں کو سمجھانا ایسا ہے جیسا کوئی جنگل کے جانوروں کو بلاوے سو وہ سوائے آواز کے نہیں سمجھتے یہی حال ہے جو شخص کتاب علم نہ رکھے اور علم والے کی بات قبول نہ کرے ۱۲ منہ

وَلَا عَادٍ فَلَآ إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ إِنَّ ٱلَّذِينَ

اور نہ زیادتی کرنے والا پس نہیں گناہ اوپر اس کے تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۱ تحقیق جو لوگ کہ

يَكْتُمُونَ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلْكِتَٰبِ وَيَشْتَرُونَ بِهِۦ ثَمَنًا

چھپاتے ہیں جو کچھ کہ اتارا اللہ نے کتاب سے اور مول لیتے ہیں بدلے اس کے مول

قَلِيلًا أُو۟لَٰٓئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِى بُطُونِهِمْ إِلَّا ٱلنَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

تھوڑا ف۲ یہ لوگ نہیں کھاتے بیچ پیٹوں اپنے کے مگر آگ اور نہ بات کرے گا ان سے

ٱللَّهُ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ أُو۟لَٰٓئِكَ

اللہ دن قیامت کے اور نہ پاک کرے گا ان کو اور واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا یہ لوگ

ٱلَّذِينَ ٱشْتَرَوُا۟ ٱلضَّلَٰلَةَ بِٱلْهُدَىٰ وَٱلْعَذَابَ بِٱلْمَغْفِرَةِ

ہیں جنہوں نے مول لیا گمراہی کو بدلے ہدایت کے اور عذاب کو بدلے بخشش کے

فَمَآ أَصْبَرَهُمْ عَلَى ٱلنَّارِ ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ نَزَّلَ ٱلْكِتَٰبَ بِٱلْحَقِّ

پس کیا صبر کرنے والے ہیں وہ اوپر آگ کے یہ اس واسطے ہے کہ اللہ نے اتارا کتاب کو ساتھ حق کے

وَإِنَّ ٱلَّذِينَ ٱخْتَلَفُوا۟ فِى ٱلْكِتَٰبِ لَفِى شِقَاقٍۭ بَعِيدٍ

اور تحقیق جنہوں نے اختلاف کیا بیچ کتاب کے البتہ بیچ خلاف دور کے ہیں ف

لَّيْسَ ٱلْبِرَّ أَن تُوَلُّوا۟ وُجُوهَكُمْ قِبَلَ ٱلْمَشْرِقِ وَٱلْمَغْرِبِ وَ

نہیں بھلائی یہ کہ پھیرو تم منہ اپنے کو طرف مشرق کے اور مغرب کے اور

لَٰكِنَّ ٱلْبِرَّ مَنْ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلْكِتَٰبِ

ولیکن بھلائی اس کی ہے جو ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور فرشتوں کے اور کتاب کے

وَٱلنَّبِيِّۦنَ وَءَاتَى ٱلْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِۦ ذَوِى ٱلْقُرْبَىٰ وَٱلْيَتَٰمَىٰ

اور پیغمبروں کے اور دیا مال اوپر محبت اس کی کے قرابت والوں کو اور یتیموں کو

وَٱلْمَسَٰكِينَ وَٱبْنَ ٱلسَّبِيلِ وَٱلسَّآئِلِينَ وَفِى ٱلرِّقَابِ وَ

اور فقیروں کو اور مسافروں کو اور سوال کرنے والوں کو اور بیچ چھڑانے گردن کے

أَقَامَ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَى ٱلزَّكَوٰةَ وَٱلْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَٰهَدُوا۟

اور قائم کیا نماز کو اور دیا زکوٰۃ کو اور پورا کرنے والے ساتھ عہد اپنے کے جب عہد کریں

موضح القرآن

ف۱ یعنی سوا اسی میں اتنی چیزیں حرام ہیں سو بھی جب آدمی بھوک سے مرنے لگے تو یہ بھی معاف ہیں بشرطیکہ بےبسی ہو یعنی نوبت اضطرار کی نہیں پہنچی اور کھانے لگا اور زیادتی بھی نہ کرے قدر ضرورت کھاوے ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ یہود نے اپنی کتاب میں سے پیغمبر آخر الزمان کی آیت چھپا ڈالی اور بعد آیتوں کے معنی بدل ڈالے غرض دنیا کے واسطے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ

اور صبر کرنے والے بیچ فقر کے اور بیماری کے اور وقت لڑائی کے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ○

یہی ہیں جنہوں نے سچ بولا اور یہ لوگ وہی ہیں پرہیزگار

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى

اے لوگو جو ایمان لائے ہو لکھا گیا ہے اوپر تمہارے برابری کرنا بیچ مارے گیوں کے

اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۭ فَمَنْ

آزاد بدلے آزاد کے اور غلام بدلے غلام کے اور عورت بدلے عورت کے پس جو کوئی

عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ

معاف کیا جاوے واسطے اس کے خون بھائی اس کے سے کچھ پس پیچھا کرنا ہے ساتھ اچھی طرح کے اور ادا کرنا ہے طرف

بِاِحْسَانٍ ۭ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۭ فَمَنِ

ساتھ نیکی کے یہ آسانی ہے پروردگار تمہارے کی طرف سے اور رحمت پس جو کوئی

اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ وَلَكُمْ فِي

زیادتی کرے پیچھے اس کے پس واسطے اس کے عذاب ہے دینے والا درد کا اور واسطے تمہارے بیچ

الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○

برابری کے زندگی ہے اے عقل والو تو کہ تم بچو ف۲

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖۚ

لکھا گیا اوپر تمہارے جس وقت حاضر ہو ایک تمہارے کو موت اگر چھوڑ جاوے مال وصیت

الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى

کرنا واسطے ماں باپ کے اور قرابت والوں کے ساتھ اچھی طرح کے حق ہوا اوپر

الْمُتَّقِيْنَ ○ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ

پرہیزگاروں کے ف۳ پس جو کوئی بدل ڈالے اس کو پیچھے اس کے کہ سنا اس کو پس سوائے اس کے نہیں کہ گناہ

عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ فَمَنْ

اوپر ان لوگوں کے ہے جو بدل ڈالتے ہیں اس کو تحقیق اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۴ پس جو کوئی

ربع

موضح القرآن ف۱ صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام اسی طرح عورت یعنی ہر صاحب دوسرے صاحب کے برابر ہی ہر غلام دوسرے غلام کے برابر ہوا اشراف اور کم ذات کا فرق نہیں جیسے متمند اور فقیر کا فرق نہیں جیسے کفر میں معمول ہو رہا تھا فائدہ جس کو معاف ہو یعنی مقتول کے وارث اگر قصاص معاف کر کر مال پر راضی ہوں تو قاتل کو چاہئے کہ انکو راضی کرے اور مت اٹکا کر خون بہا پہنچاوے فائدہ یہ آسانی ہوئی یعنی کہ اگلی امت پر قصاص ہی مقرر تھا اس امت پر معاف کرنا اور مال پر صلح کرنی بھی ٹھہری فائدہ پھر جو کوئی زیادتی کرے یعنی صلح کر کے مبلغ خون بہا لیکر پھر مارنے کا قصد کرے ف۲ یعنی حاکموں کو چاہئے کہ قصاص لینے میں صور رعایت کریں تا آیندہ کو بند ہو ۱۲ ف۳ کفر کی رسم میں مردے کے وارث اولاد کے سوائے کوئی نہ تھے اولاد میں بھی فقط بیٹا سو اول اللہ صاحب نے اولاد ہی وارث کی پھر ہوا انکو ضرور ہوا کہ ماں باپ کو اور ناتے والوں کو موافق حاجت کے اپنے رو برو دلوا جاوے ۱۲ یعنی اگر وہ کہ مرا تمہارا دینے والوں نے نہ دیا تو مردے پر گناہ نہیں وہی ہیں گنہگار ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ

ڈرے وصیت کرنے والے سے کجی کو یا گناہ کو پس اصلاح کردے درمیان ان کے پس نہیں

اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

گناہ کیا اوپر اس کے تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف اے لوگو

اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ

جو ایمان لائے ہو لکھا گیا اوپر تمہارے روزہ جیسا لکھا گیا تھا اوپر ان لوگوں کے

مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ

جو پہلے تم سے تھے تو کہ تم پرہیزگاری کرو ف روزے دن گنتی کے

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ

پس جو کوئی ہو تم میں سے بیمار یا اوپر سفر کے پس گنتی ہے دنوں اور

اُخَرَ ۭ وَعَلَي الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ

سے اور اوپر ان لوگوں کے کہ طاقت رکھتے ہیں اس کی بدلا ہے کھانا ایک فقیر کا

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ

پس جو کوئی زیادہ کرے نیکی پس وہ بہتر ہے واسطے اس کے اور یہ کہ روزہ رکھو تم بہتر واسطے تمہارے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ

اگر ہو تم جانتے ف مہینہ رمضان کا وہ جو اتارا گیا ہے بیچ اس کے

الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

قرآن مجید ہدایت واسطے لوگوں کے اور دلیلیں ہدایت کی سے اور معجزے

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا

پس جو کوئی حاضر ہو تم میں سے اس مہینے میں پس چاہیے کہ روزہ رکھے اس کا اور جو کوئی ہو بیمار

اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ

یا اوپر سفر کے پس گنتی ہے دنوں اور سے ارادہ کرتا ہے اللہ ساتھ تمہارے آسانی کو

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۡ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ

اور نہیں ارادہ کرتا ساتھ تمہارے دشواری کو اور تو کہ پورا کرو گنتی کو اور تو کہ بڑائی کرو اللہ کی

ع ۲۳

منزل ۱

موضح القرآن

ف یعنی کسی نے دیکھا کہ مردے سے بے انصافی ہے دلوایا گیا اولاد کو بہت تھوڑا بچا دادی کو بیچ بچاؤ کر کے صلح کرا دے تو بدلا گناہ نہیں ف اول اللہ صاحب نے یہ حکم فرمایا تھا بعد اس کے سورۂ نساء میں وارثوں کے حصے آپ ہی ٹھہرا دیئے اب مردے کا دلوانا موقوف ہوا ف یعنی روزے کے طریقے آگے بھی ہو چکے ہیں تو ہرگز مت چوکو ف اول یہی حکم اترا کہ مریض و مسافر چاہے تو پھر قضا کرے اور جس کو طاقت ہے یعنی بے عذر ہیں وہ چاہیں کہ پھر قضا کریں تو ناغہ فی ہر روزے کے بدلے ایک فقیر کو کھلا دیں اور تو بھی بہتر ہے کہ روزہ ہی رکھیں پھر اس سے بعد جو آیت اتری اس میں مقیم مسافر کو رخصت ملی قضا کی اور کسی کو نہیں

وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ

اور پراس کے کہ ہدایت کیا تم کو اور تو کہ تم شکر کرو ف اور جب سوال کریں تجھ کو بندے میرے

عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

مجھ سے پس تحقیق میں نزدیک ہوں جواب دیتا ہوں پکارنے کا پکارنے کو جب پکارتا ہے مجھ کو

فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۝

پس چاہیے کہ قبول کریں حکم میرے کو اور ایمان لاویں ساتھ میرے تو کہ وہ بھلائی پاویں ف۲

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَاۗىِٕكُمْ ۭ هُنَّ

حلال کی گئی واسطے تمہارے رات روزے کی رغبت کرنا طرف بیبیوں اپنی کے وہ

لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ

پردہ ہیں واسطے تمہارے اور تم پردہ ہو واسطے ان کے جانا اللہ نے یہ کہ تم تھے خیانت

تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ

کرتے جانوں اپنی کو پس پھر آیا اوپر تمہارے اور معاف کیا تم سے پس اب

بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

ملا کرو ان سے اور ڈھونڈو جو لکھ دیا ہے اللہ نے واسطے تمہارے (یعنی اولاد) اور کھاؤ اور

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ

یہاں تک کہ ظاہر ہو واسطے تمہارے تاگا سفید تاگے کالے سے

مِنَ الْفَجْرِ ۠ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْھُنَّ

فجر سے پھر پورا کرو روزے کو رات تک اور مت ملو ان سے

وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا

اور تم اعتکاف کرنے والے ہو بیچ مسجدوں کے یہ ہیں حدیں اللہ کی پس مت

تَقْرَبُوْھَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

نزدیک جاؤ ان کے اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ نشانیاں اپنی واسطے لوگوں کے تو کہ وہ

يَتَّقُوْنَ ۝ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا

بچیں ف اور مت کھاؤ مال اپنے درمیان اپنے ساتھ باطل کے اور مت پہنچا لے جاؤ

شہر رمضان القرآن ف اس سے معلوم ہوا کہ رمضان کا مہینہ اسی سے ٹھہرا کہ اس میں اترا قرآن پس قرآن کی خدمت اس ماہ مبارک میں اول چاہیے اسی سبب سے رسول خدا نے تقید کیا تراویح کا اور آپ نے چند روز جماعت کر کر پھر نہ کر دی کہ قرآن میں ساز ہیں پیچ فرض نہ ہو جاوے ۱۲

ف۲ دوسری آیت میں فرمایا کہ بڑائی کرو اللہ کی یعنی عید دن جو تکبیر کہتے ہیں آواز بلند اس واسطے دوسری آیت میں فرمایا کہ اللہ دور نہیں ادھر بلند آواز اور فائدے کے واسطے منزل ۱ ہے ایک شخص نے حضرت سے پوچھا کہ ہمارا رب دور ہے تو ہم اس کو پکاریں یا نزدیک تو ہم آہستہ آہستہ بات کہیں اس پر یہ آیت اتری ۱۲ منہ ف۳ جب روزہ فرض ہوا تو مسلمان سارے رمضان میں عورت پاس نہ جاتے اور پہلی امت کی طرح رات کو سو کر پھر نہ کھاتے اس سبب سے بعضے شخص رہ نہ سکے پھر حضرت کے پاس عرض کیا تب یہ آیت اتری یعنی تم اپنی چوری کرتے تھے اللہ نے منع نہیں کیا اور کھانا سحر تک بھی ہے جب تک ہماری سفیدی ظاہر ہو

دیکھا صبح صادق ہوا اور جب تک وہ سی اونچی ہے ستون سے وہ صبح کاذب ہے مگر اعتکاف میں رات دن عورت پاس نہ جاوے ۱۲ منہ

وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ

ان کو طرف حاکموں کے تو کہ کھاؤ ایک ٹکڑا مال لوگوں کے سے

بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۞ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ قُلْ

ساتھ گناہ کے اور تم جانتے ہو ف پوچھتے ہیں تجھ کو چاندوں سے کہہ

هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا الْبُيُوتَ

وہ وقت ہیں واسطے لوگوں کے اور حج کے اور نہیں بھلائی بیچ اس کے کہ آؤ تم گھروں میں

مِن ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ وَأْتُوا الْبُيُوتَ

پیچھے ان کی سے ولیکن بھلائی واسطے اس شخص کے ہے کہ پرہیزگاری کرے اور آؤ گھروں میں

مِنْ أَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۞ وَقَاتِلُوا

دروازوں ان کے سے اور ڈرو اللہ سے تو کہ تم فلاح پاؤ ف اور لڑو

فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ

بیچ راہ اللہ کے ان لوگوں سے جو لڑتے ہیں تم سے اور مت زیادتی کرو تحقیق اللہ

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۞ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ

نہیں دوست رکھتا زیادتی کرنے والوں کو اور مار ڈالو تم ان کو جہاں پاؤ ان کو

وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ

اور نکال دو ان کو جہاں سے نکال دیا تم کو اور کفر سخت تر ہے

مِنَ الْقَتْلِ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ

قتل سے اور مت لڑو ان سے نزدیک مسجد حرام کے یہاں تک

يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ فَإِن قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ

کہ لڑیں تم سے بیچ اس کے پس اگر لڑیں تم سے پس مارو ان کو اسی طرح ہے سزا

الْكَافِرِينَ ۞ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۞

کافروں کی ف پس اگر باز رہیں پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف

وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ

اور لڑو ان سے یہاں تک کہ نہ رہے کفر اور ہووے دین واسطے اللہ کے

موضح القرآن ف یعنی جھوٹ
حاکموں کے ہاں کسی کا مال کی خبر نہ
حاکموں کو اپنے مال پہنچا کر رشوت
دے کر کھا جاؤ غیر کا کسی کا مال کھا جاؤ
ف لوگوں نے حضرت سے پوچھا کہ کس
سبب سے چاند ایک حالت پر نہیں رہتا
اللہ صاحب نے جواب فرمایا کہ اس
حال پر رکھے ہیں تا مہینے کی حد ٹھہرے
پھر مہینوں سے برس ٹھہرے پھر بہت سی
خلق کی معاملت اور اللہ کی عبادت
کو وقت مقرر ہو جو عبادت برس میں
مقرر ہے ایک دن وہ حج ہے کا حکم ہوا
دوسرے حج ہے اس کا حکم آگے ہے
ہوتا ہے کفر کی ملتوں میں ایک غلط
رسم تھی کہ جب گھر سے نکل کر احرام باندھا
کا پھر کچھ ضرورت ہوئی گھر میں جانا
چاہئے تو دروازے سے نہ جاتے چھت
پر چڑھ کر آتے اس کو اللہ صاحب نے منع کیا
ف حج کے شاید ... کو بھی ہوتا ہی
کہ حضرت ابراہیم کے وقت سے یہ شہر مکہ
امان ہے اگر یہاں دشمن دشمن کو پاتا تو کچھ
نہ کہتا اور حج کے اول اور آخر
تین مہینے ذیقعد اور ذی الحجہ اور محرم
چوتھا رجب کہ وہ بھی وقت زیارت
یہ چار مہینے وقت امان کے تھے تمام ملک
عرب جن ... نہیں ...
... اللہ تعالیٰ نے ان کا حکم فرمایا ...
... سبھی انہی کے حکم اور جہاد کے
آداب یہی جو فرمایا کہ جو تم سے لڑیں

ان سے لڑو اور زیادتی نہ کرو اس کے معنی کہ لڑائی میں لڑکے اور عورت اور بوڑھے قصداً نہ مارے کرنے والوں کو ف یعنی مکہ کا امان ہے لیکن جب انہوں نے ابتدائی
تم پر ظلم کیا اور امان ان کی ہے ... کہ یہ مار ڈالنے سے زیادہ ہے اب ان کو امان نہیں جہاں پاؤ مارو آخر جب مکہ فتح ہوا تو حضرت نے بھی حکم کیا کہ جو ہتھیار سامنے کرے اسی کو مارو اور باقی سب کو

فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلشَّهْرُ

پس اگر باز رہیں پس نہیں زیادتی کرنا مگر اوپر ظالموں کے ف۱ مہینہ

الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ فَمَنِ اعْتَدٰى

حرمت والا بدلے مہینے حرمت والے کے ہے اور حرمتوں کا بدلا ہے جو کوئی زیادتی کرے

عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ وَاتَّقُوا

اوپر تمہارے پس زیادتی کرو تم اوپر اس کے مانند اس کے کہ زیادتی کی اوپر تمہارے اور ڈرو

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ

اللہ سے اور جانو تحقیق اللہ ساتھ پرہیزگاروں کے ہے ف۲ اور خرچ کرو بیچ راہ

اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ

اللہ کے اور مت ڈالو ہاتھوں اپنے کو طرف ہلاکت کے اور نیکی کرو تحقیق اللہ

يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ

دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو ف۳ اور پورا کرو حج کو اور عمرہ کو واسطے اللہ کے پس اگر گھیرے جاؤ تم

فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى

پس جو کچھ میسر ہو قربانی سے اور مت منڈواؤ سروں اپنوں کو یہاں تک

يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى

کہ پہنچے قربانی جگہ حلال ہونے اپنے کے پس جو کوئی ہو تم میں سے بیمار یا اس کو ایذا ہو

مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ

سر اس کے سے پس بدلا ہے روزوں سے یا خیرات سے یا ذبح سے

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ

پس جب امن میں ہو تم پس جو کوئی فائدہ اٹھاوے عمرہ سے ساتھ حج کے پس جو کچھ میسر ہو

مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ

قربانی سے پس جو کوئی نہ پاوے پس روزے تین دن کے بیچ حج کے

وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ

اور سات روزے جب پھر جاؤ تم یہ دس ہوئے پورے یہ واسطے اس شخص کے ہے کہ نہ

موضح القرآن ف۱ یعنی لڑائی کافروں سے اسی واسطے ہے کہ ظلم موقوف ہو اور دین سے گمراہ نہ کر سکیں اور حکم اللہ کا جاری رہے اگر تابع ہو کر رہیں تو لڑائی کی حاجت نہیں اور ایمان تو دل پر موقوف ہے زور سے مسلمان کرنا کیا حاصل ہے ۱۲

ف۲ یعنی اگر کوئی کافر ماہ حرام کو مانے کہ اس مہینے میں تم سے نہ لڑے تو تم بھی اس سے نہ لڑو اور کہیں کچھ لوگ اسی مہینے میں ظلم کرنے رہے مسلمانوں پر پھر مسلمان ان سے کیوں قصور کریں ملک سفر حدیبیہ میں ماہ ذیقعد تھا عمرے کو حضرت گئے اور کافر لڑنے کو موجود ہوئے یہ آیت اس واسطے اتری کہ مسلمان حذر کرتے تھے کہ اگر ماہ حرام میں کافر لگیں لڑنے تو ہم کیا کریں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۳ یعنی جہاد چھوڑ کر نہ بیٹھو اسی میں تمہاری ہلاکت ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

ہوں اہل اس کے رہنے والے مسجد حرام کے اور ڈرو اللہ سے اور جانو

أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُومَاتٌ ۚ فَمَن

تحقیق اللہ سخت عذاب دینے والا ہے ف حج کے مہینے ہیں معلوم پس جو کوئی

فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي

مقرر کرے بیچ اس کے حج پس رغبت کرنا طرف عورتوں کے اور نہ گناہ کرنا اور نہ جھگڑنا بیچ

الْحَجِّ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ

حج کے اور جو کرو گے تم بھلائی سے جانتا ہے اس کو اللہ اور خرچ راہ لیا کرو پس تحقیق بہتر

الزَّادِ التَّقْوَىٰ ۚ وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ۝ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

فائدہ خرچ کا بچنا ہے سوال سے اور ڈرو مجھ سے اے صاحبو عقل کے ف نہیں اوپر تمہارے گناہ

أَن تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ ۚ فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ

یہ کہ ڈھونڈو فضل پروردگار اپنے کے سے پس جب پھرو تم عرفات سے

فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِندَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ

پس یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر الحرام کے اور یاد کرو اس کو جیسا کہ ہدایت کیا تم کو

وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ۝ ثُمَّ أَفِيضُوا

اور تحقیق تھے تم پہلے اس سے البتہ گمراہوں سے ف پھر پھرو

مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ

جہاں سے پھرتے ہیں لوگ اور بخشش مانگو اللہ سے تحقیق اللہ

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ

بخشنے والا مہربان ہے ف پس جب پورا کر چکو تم عبادتیں اپنی پس یاد کرو اللہ کو

كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَا

جیسا یاد کرتے تھے تم باپوں اپنے کو یا زیادہ تر یاد کرنا پس بعضے لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ کہتا ہے اے رب

آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ وَمِنْهُم

دے ہم کو بیچ دنیا کے اور نہیں واسطے اس کے بیچ آخرت کے کچھ حصہ اور بعضے ان میں سے

موضح القرآن ف یہاں سے
حکم حج کے ہیں حج کے طریق یہ کہ
احرام باندھے پہونچے نویں دن عرفات
میں عصر تک پھر وہاں سے چلے تو رات
رہے مشعر الحرام میں صبح عید
منا میں پہونچ کر کنکر پھینکے اور حجامت
کرا کر احرام اتارے پھر کے مکہ میں جا کر
طواف کعبہ کرے پھر صفا اور مروہ
بیچ دوڑے پھر منا میں آ رہے تین
دن ہر روز کنکر پھینکے پھر کے مکہ
طواف رخصت کر کے چلا جاوے
اور عمرہ کے طریق یہ کہ احرام باندھے
جہاں چاہے اور طواف کعبہ کر
کے صفا اور مروہ کے بیچ دوڑے
پھر حجامت کرا کر احرام
اتارے حج اور عمرے میں قربانی ہر دو
میں لگی ہے جب یہاں حق تعالیٰ
نے تین سبب بتائے ہیں ایک یہ کہ احرام
کر کے شخص روکا گیا ... تو جس
کو کسی کے ہاتھ قربانی بھیج دے جب
وہاں پہنچے ... احرام کھولے
یا مرتے ... دوسرا یہ کہ اگر
کسی کے بالوں میں ... حاجت ہو کہ احرام
میں حجامت کرے تو اس کا بدلہ ہے
یہ قربانی بھیجی یا تین روزے یا
چھ محتاجوں کو کھلا دے تیسرا یہ کہ حج اور
عمرہ جدا جدا نہ کرے ایک ہی سفر میں
دونوں کام کرے تو قربانی ضرور بھیجے
پھر قربانی پیدا نہ ہو تو اس نے دس روزے

منی حج تین دن کے دنوں میں سات پیچھے اور قربانی کم سے کم ایک بکری ایک شخص کو اور ایک گائے یا اونٹ سات شخص کو اور حج اور عمرہ دونوں سے جو قربانی
آتی سو کھاوے کے مالکوں پر نہیں ف حج کے واسطے احرام باندھنے کا وقت ہے ماہ شوال سے تا شب عید قربان اس سے پہلے بہتر نہیں اور حج اور عمرہ والبقیۃ تنبیہ



وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي

اور بعض وہ شخص ہے کہ کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو بیچ دنیا کے نیکی

الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ

اور بیچ آخرت کے نیکی اور بچا ہم کو عذاب آگ کے سے یہ لوگ واسطے ان کے حصہ ہے

مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللَّهَ فِي

اس چیز سے جو کمایا انہوں نے اور اللہ جلد لینے والا حساب کا اور یاد کرو اللہ کو بیچ

أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ

دنوں گنے ہوئے کے پس جو کوئی جلدی کرے بیچ دو دن کے پس نہیں گناہ اوپر اس کے

وَمَن تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ لِمَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

اور جو کوئی پیچھے رکھے پس نہیں گناہ اوپر اس کے یہ واسطے اس کے ہے جو پرہیزگاری کرے اور ڈرو اللہ سے اور جانو

أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿۲۰۳﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ

یہ کہ تم طرف اسی کے اکٹھے کئے جاؤ گے ف اور بعض لوگوں میں وہ ہے کہ خوش لگتی ہے تجھ کو بات اس کی

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ

بیچ زندگانی دنیا کے اور گواہ کرتا ہے اللہ کو اوپر اس چیز کے کہ بیچ دل اس کے ہے اور وہ سخت

الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَ

سب جھگڑنے والوں کا اور جب حاکم ہوتا ہے کوشش کرتا ہے بیچ زمین کے تو کہ فساد کرے بیچ اس کے اور

يُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُ

ہلاک کرے کھیتی کو اور جانوروں کو اور اللہ نہیں دوست رکھتا فساد کرنا اور جب کہا جاتا ہے

اتَّقِ اللَّهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ ۚ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ ۚ وَلَبِئْسَ

واسطے اس کے ڈر اللہ سے پکڑتی ہے اس کو عزت ساتھ گناہ کے پس کفایت ہے اس کو دوزخ اور البتہ برا

الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ

ہے بچھونا ف اور بعض لوگوں میں سے وہ ہے کہ بیچتا ہے جان اپنی کو واسطے چاہنے رضامندی

اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا

اللہ کے اور اللہ شفقت کرنے والا ہے ساتھ بندوں کے ف اے لوگو کہ ایمان لائے ہو داخل ہو

موضح القرآن بقیہ صفحہ ۴۱

لازم کر لینا احرام سے ہے احرام یہ کہ نیت کرے شروع کرنے حج اور زبان سے کہے لبیک تمام تک پھر جب احرام میں داخل ہو تو پرہیز رکھے مردوں کی صحبت سے اور ہر گناہ سے اور آپس کے جھگڑے سے اور بدن کے بال اتارنے سے اور ناخن تراشنے اور خوشبو ملنے سے اور شکار مارنے سے مرد بدن پر کپڑے نہ پہنے اور نہ سر ڈھانکے اور عورت کپڑے پہنے سر ڈھانکے لیکن منہ پر کپڑا نہ ڈالے اور کفر کی غلطی ایک یہ تھی کہ بغیر خرچ حج کو جانا ثواب کہتے تھے اور توکل پر مقدور ہوتے ہوئے خرچ نہ لیتے اللہ تعالٰے نے فرمایا کہ مقدور ہو تو خرچ لے کر جاؤ بڑا فائدہ یہ کہ سوال نہ کرو ۱۲ منہ رضی اللہ تعالٰی

ف گناہ نہیں کہ تلاش کرو فضل اپنے رب کا یعنی حج میں مال تجارت بھی لیجاؤ روزی کماؤ تو منع نہیں لوگوں کو اس میں شبہ کیا تھا کہ حج قبول نہ ہو اس واسطے فرمایا ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ بھی کفر کی غلطی تھی کہ مکے کے ساکن عرفات تک نہ جاتے کہ عرفات حرم سے باہر ہے حرم کی حد پر کھڑے رہتے سو فرمایا کہ جہاں سے سب لوگ چلیں تم بھی چلو [illegible] منہ رح

ف۳ ان آیتوں میں یہ فرمایا کہ کفر کے وقت دستور تھا کہ حج سے فارغ ہو کر تین روز عید کے بعد خوشی کرتے اور بازار لگتے اور اپنے باپ دادوں کے ساکے بیان کرتے بقیہ بر صفحہ ۴۳



ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ

بیچ اسلام کے سارے اور مت پیروی کرو قدموں شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے

عَدُوٌّ مُبِينٌ ۝ فَإِنْ زَلَلْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ

دشمن ہے ظاہر پس اگر ڈگ جاؤ تم پیچھے اس کے کہ آویں تمہارے پاس دلیلیں

فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ

پس جانو یہ کہ اللہ غالب ہے حکمت والا نہیں انتظار کرتے مگر یہ کہ

يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَائِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ

آوے ان کے پاس اللہ بیچ سائبانوں کے بادل سے اور آویں فرشتے اور تمام کیا جاوے کام

وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ سَلْ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَمْ آتَيْنَاهُمْ

اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں سب کام ف سوال کر بنی اسرائیل سے کتنی دیں ہم نے انکو

مِنْ آيَةٍ بَيِّنَةٍ ۗ وَمَنْ يُبَدِّلْ نِعْمَةَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُ

نشانیاں ظاہر اور جو کوئی بدل ڈالے نعمت اللہ کی کو پیچھے اس کے کہ آئی اسکے پاس

فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا الْحَيَاةُ

پس تحقیق اللہ سخت عذاب والا ہے۔ زینت دی گئی واسطے ان لوگوں کے کافر ہوئے زندگانی

الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا ۘ وَالَّذِينَ اتَّقَوْا

دنیا کی اور ٹھٹھا کرتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں اور جو لوگ کہ پرہیزگار ہیں

فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اوپر ان کے ہیں دن قیامت کے اور اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بے شمار

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ

تھے لوگ امت ایک پس بھیجا اللہ نے پیغمبروں کو خوشخبری دینے والے

وَمُنْذِرِينَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ

اور ڈرانے والے اور اتاری ساتھ ان کے کتاب ساتھ حق کے تو کہ حکم کرے درمیان

النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ

لوگوں کے بیچ اس چیز کے کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اس کے اور نہیں اختلاف کیا بیچ اس کے مگر ان لوگوں نے جو دیے گئے

موضح القرآن (بقیہ ص ۴۲)

اب اللہ صاحب نے اس کے بدلے تین دن ٹھہرا مقرر کیا کہ اللہ کو یاد کرو ان دنوں میں دوپہر کو کنکر پھینکتے ہیں اور ہر نماز کے بعد تکبیر کہتے ہیں اور سوا ے نماز ہر وقت اور کوئی چاہے تو دو ہی دن رہ کر رخصت ہو اور تین دن رہے تو بہتر اور یہ فرمایا تین کو رغبت نری دنیا پر ہے اور وہ آخرت سے محروم ہیں اب حج کا مذکور ہو چکا ۱۲ منہ ر ح

ف یہ حال ہے منافق کا کہ ظاہر میں خوشامد کرے اور اللہ کو گواہ کرے کہ میرے دل میں تمہاری محبت ہے اور جھگڑے کے وقت کچھ نہ کرے اور قابو پاوے تو لوٹ اور مار بگاڑ اور منع کرنے سے اور ضد چڑھے زیادہ گناہ کرے ایک شخص اخنس بن شریک تھا اس نے حضرت موسیٰ سے یہی سلوک کئے تھے ۱۲ منہ ر ح

ف یہ حال ہو صاحب ایمان کا کہ اللہ کی رضا پر اپنی جان دیوے ۱۲ منہ ر ح

ف یعنی پیغمبر اور قرآن پر ایمان نہیں لاتے تو اب منتظر ہیں کہ

عذاب آوے اور ہر کسی کو اس کے عمل کے موافق جزا دیوے ۱۲ منہ ر ح ف ۵ یعنی غضب و غصہ ۱۲ منہ ر ح

مِنْ بَعْدِ مَا جَاۤءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ

پیچھے اس کے جو آئیں اس کے پاس دلیلیں سرکشی سے درمیان اپنے پس ہدایت کی اللہ نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ وَاللّٰهُ

ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں واسطے اس چیز کے کہ اختلاف کیا انہوں نے بیچ اس کے حق سے ساتھ حکم اپنے کے اور اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۤءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ

ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے طرف راہ سیدھی کے ف۱ کیا گمان کیا تم نے یہ کہ تم

تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

داخل ہو بہشت میں اور ابھی نہیں آئی تم کو حالت ان لوگوں کی کہ گزرے پہلے تم سے

مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَاۤءُ وَالضَّرَّاۤءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ

لگی ان کو فقیری اور بیماری اور ہلائے گئے یہاں تک کہ کہا پیغمبر نے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ

اور ان لوگوں نے کہ ایمان لائے ساتھ اس کے کب ہوگی مدد اللہ کی خبردار ہو تحقیق مدد اللہ کی

منزل ۱

قَرِيْبٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلْ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ

نزدیک ہے سوال کرتے ہیں تجھ کو کیا خرچ کریں کہہ جو کچھ خرچ کرو تم مال

خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

سے پس واسطے ماں باپ کے اور قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے

وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ

اور مسافروں کے اور جو کچھ کرو گے تم بھلائی سے پس تحقیق اللہ ساتھ اس کے جاننے والا ہے

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا

لکھا گیا اوپر تمہارے لڑنا اور وہ مکروہ ہے واسطے تمہارے اور شاید یہ کہ مکروہ رکھو تم

شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

ایک چیز کو اور وہ بہتر ہو واسطے تمہارے اور شاید یہ کہ دوست رکھو ایک چیز کو اور وہ بری ہو واسطے تمہارے

ع ۲۶

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے سوال کرتے ہیں تجھ سے مہینے

موضح القرآن

ف۱ یعنی اللہ نے کتابیں اور نبی متعدد بھیجے اس واسطے نہیں کہ ہر فرقے کو جدی راہ فرمائی اللہ نے ان سب خلق کو ایک ہی راہ کا حکم ہے جس وقت اس راہ سے کسی طرف بہکے تو اللہ نے نبی بھیجا کہ سمجھاوے اور کتاب بھیجی کہ سچ چلے جاویں پھر کتاب والے کتاب میں بہکے تب دوسری کتاب کی حاجت ہوئی سب نبی اور سب کتابیں اسی ایک راہ کے قائم کرنے کو آئے ہیں اس کی مثال جیسے تندرستی ایک ہے اور مرض بہت جب ایک مرض پیدا ہو ایک دوا اور پرہیز اس کے موافق فرمایا اب آخر کی کتاب میں ایسی راہ فرمائی کہ ہر مرض سے بچاؤ ہے یہ سب بدلے کفایت ہوئی ۱۲ منہ

ف۲ لوگوں نے پوچھا کہ اللہ کی راہ میں کس مال کا خرچ کرنا بہت ثواب ہے جواب فرمایا کہ مال کوئی ہو لیکن جس قدر ٹھکانے پر خرچ ہو تو ثواب زیادہ ہے ۱۲ منہ

الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ وَصَدٌّ عَن سَبِيلِ
حرمت والے سے لڑنے سے بیچ اس کے کہہ لڑنا بیچ اس کے گناہ بڑا ہے اور بند کرنا راہ خدا کی

اللَّهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ
سے اور کفر کرنا ساتھ اس کے اور بند کرنا مسجد حرام سے اور نکال دینا لوگوں اس کے کا اس سے بہت بڑا

عِندَ اللَّهِ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ
نزدیک اللہ کے اور کفر بہت بڑا گناہ ہے قتل سے اور ہمیشہ رہیں گے لڑتے ساتھ تمہارے

حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَن دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا وَمَن يَرْتَدِدْ
یہاں تک کہ پھیر دیویں تم کو دین تمہارے سے اگر سکیں اور جو کوئی پھر جاوے گا

مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ
تم میں سے دین اپنے سے پس مر جاوے اور وہ کافر ہو پس یہ لوگ کھوئے گئے

أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ
عمل ان کے بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے وہ

فِيهَا خَالِدُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا
بیچ اس کے ہمیشہ رہیں گے ف تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور جن لوگوں نے وطن چھوڑا

وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ
اور جہاد کیا بیچ راہ اللہ کے یہ لوگ امیدوار ہیں مہربانی خدا کے

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ
اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے سوال کرتے ہیں تجھ سے شراب سے اور جوئے سے کہہ

فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا
بیچ ان دونوں کے گناہ ہے بڑا اور فائدے ہیں واسطے لوگوں کے اور گناہ ان دونوں کا بہت بڑا ہے نفع ان کے سے


وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ
اور سوال کرتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں کہہ زیادہ حاجت سے اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ۝ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ
واسطے تمہارے نشانیاں تو کہ تم فکر کرو بیچ دنیا کے اور آخرت کے

منزل ۱

موضح القرآن

ف حضرت نے ایک فوج بھیجی جہاد پر انہوں نے کافروں کو مارا اور لوٹ لائے مسلمانوں کو خبر تھی کہ وہ دن جمادی الاخری کا ہے اور وہ غرہ رجب تھا کافروں نے اس پر بہت طعن کیا اور مسلمانوں کو شبہ پڑا اس پر یہ آیت اتری یعنی ان مہینوں میں ناحق کی لڑائی اشد گناہ ہے اور جن کافروں نے مسلمانوں سے ان مہینوں پر تصور نہ کیا ان سے لڑنا منع نہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ



فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَىٰ قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ

اور سوال کرتے ہیں تجھ سے یتیموں سے کہہ سنوارنا واسطے ان کے بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ

ملا لو تم اُن کو پس بھائی ہیں تمہارے اور اللہ جانتا ہے بگاڑنے والے کو سنوارنے والے سے

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَلَا تَنْكِحُوا

اور اگر چاہتا اللہ البتہ محنت دیتا تم کو تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا ف اور مت نکاح کرو

الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ

شرک کرنے والیوں کو یہاں تک کہ ایمان لاویں اور البتہ لونڈی ایمان والی بہتر ہے شرک کرنے والی سے

وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ

اور اگرچہ خوش لگے تم کو اور مت نکاح کر دو شرک کرنے والوں کو یہاں تک کہ ایمان لاویں اور البتہ غلام

مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ

ایمان والا بہتر ہے شرک کرنے والے سے اور اگرچہ خوش لگے تم کو یہ لوگ بلاتے ہیں

إِلَى النَّارِ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ وَ

طرف آگ کے اور اللہ بلاتا ہے طرف بہشت کے اور بخشش کے ساتھ حکم اپنے کے اور

يُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَيَسْأَلُونَكَ

بیان کرتا ہے نشانیاں اپنی واسطے لوگوں کے تو کہ وہ نصیحت پکڑیں ف اور سوال کرتے ہیں تجھ سے

عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ

حیض سے کہہ وہ ناپاکی ہے پس کنارہ کرو عورتوں کو بیچ حیض کے

وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ

اور مت نزدیک جاؤ ان کے یہاں تک کہ پاک ہوں پس جب نہا لیں پس جاؤ ان کے پاس

مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ

اس جگہ سے کہ حکم کیا تم کو اللہ نے تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے

الْمُتَطَهِّرِينَ ۝ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ

پاکی کرنے والوں کو ف۳ بیبیاں تمہاری کھیتیاں ہیں واسطے تمہارے پس جاؤ کھیتی اپنی میں جس طرح چاہو

موضح القرآن ف شراب اور جوئے کے حق میں کئی آیتیں اتریں ہر ایک میں ان کی برائی ہے آخر سورۂ مائدہ کی آیت اتری صاف حرام ہوگئے جو چیز نشہ لاوے سب حرام ہے اور جو شرط بدی جاوے اس پر مال لیا جاوے سب حرام ہے اور پوچھا لوگوں نے مال کس قدر خرچ کریں حکم ہوا کہ اپنی حاجت سے افزود ہو تب خرچ کرو جیسا کہ آخرت کا فکر ضرور ہے دنیا کا بھی فکر ضرور ہے سارا مال اٹھا دو الو تو دنیا کی حاجت میں عاجز ہو اور یتیموں کے فائدہ ف۲ حق میں پہلے تعید اتری کہ جو کوئی اُن کا مال کھاوے وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرے پھر جو کوئی یتیموں کے رکھنے والے تھے ان کے مال اور خرچ کھانے پینے کا جدا رکھنے لگے کہ ہمارا خرچ میں کوئی چیز آ نہ جاوے پر مشکل پڑی کہ ایک چیز یتیم کے واسطے تیار کی اس کے کام نہ آئی تو ضائع ہوئی تب یہ حکم اترا کہ خرچ ایک جا رکھو اور ان کا ملا رکھو مضائقہ نہیں کہ ایک وقت ان کی چیز آپ خرچ کی تو دوسرے وقت اپنی چیز ان کے کام میں لگا دی۔ لیکن نیت چاہیے سنوارنے کی اُن کی ۔ اللہ نیت کو دیکھتا ہے ۱۲ منہ ف۳ پہلے مسلمانوں کا کافروں سے نسبت ناتا جاری تھا اس آیت سے حرام ٹھہرا اگر مرد نے یا عورت نے شرک کیا ان کا نکاح ٹوٹ گیا شرک یہ کہ اللہ کی صفت غیر میں جانے مثلاً کسی کو سمجھے کہ اس کو ہر بات معلوم ہے یا وہ جو چاہے کر سکتا ہے ہمارا بھلا یا برا کرنا اس کے اختیار میں ہے ۔ یہ کہ اللہ باقی صفحہ ۱۲

[illegible]

اور آگے بھیجو واسطے جانوں اپنی کے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ کہ تم ملنے والے ہو اس کے اور خوشخبری دے

[illegible]

ایمان والوں کو ۔ اور مت کرو اللہ کو نشانہ واسطے قسموں اپنی کے یہ کہ بھلائی نہ کرو

وتتقوا وتصلحوا بين الناس والله سميع عليم ۝

اور پرہیزگاری اور صلح نہ کرو درمیان لوگوں کے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف

لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم ولكن يؤاخذكم

نہیں پکڑتا تم کو اللہ ساتھ قصد کے بیچ قسموں تمہاری کے ولیکن پکڑتا ہے تم کو

بما كسبت قلوبكم والله غفور حليم ۝ للذين يؤلون

ساتھ اس چیز کے کہ کمایا دلوں تمہارے نے اور اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے ف واسطے ان لوگوں کے کہ قسمیں

من نسائهم تربص أربعة أشهر فإن فاءو فإن

عورتوں اپنی سے انتظار کرنا ہے چار مہینے کا پس اگر پھر آویں تحقیق

الله غفور رحيم ۝ وإن عزموا الطلاق فإن الله

اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر قصد کریں طلاق کا پس تحقیق اللہ

سميع عليم ۝ والمطلقت يتربصن بأنفسهن ثلثة

سننے والا جاننے والا ہے ف اور طلاق والیاں انتظار کریں ساتھ جانوں اپنی کے تین

قروء ولا يحل لهن أن يكتمن ما خلق الله في

حیض تلک اور نہیں حلال واسطے ان کے یہ کہ چھپا دیں جو کچھ پیدا کیا ہے اللہ نے بیچ

أرحامهن إن كن يؤمن بالله واليوم الآخر وبعولتهن

رحموں ان کے کے اگر ہیں ایمان لاتیں ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور خاوند ان کے

أحق بردهن في ذلك إن أرادوا إصلاحا ولهن

بہت حق دار ہیں ساتھ پھیر لینے ان کے بیچ اس کے اگر چاہیں صلح کرنا اور واسطے ان کے ہے مانند اس کی

مثل الذي عليهن بالمعروف وللرجال عليهن درجة

جو اوپر ان کے ہے ساتھ اچھی طرح کے اور واسطے مردوں کے اوپر ان کے درجہ ہے

موضح القرآن (بقیہ صفحہ ۴۶)
کی تعظیم کسی اور پر خرچ کرے مثلاً
کسی چیز کو سجدہ کرے اور اس سے
حاجت مانگے اس کو مختار جان
کر باقی یہود و نصاریٰ کی عورت
سے نکاح درست ہے ان کو مشرک
نہیں فرمایا ۱۲ ف حاشیہ موضح ف حیض کہتے
ہیں خون کو جو عورتوں کی عادت
ہے اور خلاف عادت جو آوے
سو آزار ہے حکم ہوا کہ اس وقت
پرے رہو عورت سے رسول خدا نے
فرمایا کہ آزار سے آگے نہ چلے
پھر جب پاک ہوں تو جاوے
جہاں حکم دیا اللہ نے یعنی
دوسری جگہ جو ناپاک ہے اس کا
تو حکم ہی نہیں ۱۲ منہ ف یعنی
جس راہ سے چاہو جاؤ کھیتی
اپنی میں لیکن کھیتی وہی ہے
جہاں تخم ڈالئے تو اگے اور آگے
کی تدبیر کرو یعنی اس صحبت میں
نیت چاہئے اولاد کی نالو آئی
ہو ۱۲ منہ ف یعنی خدا کی قسم
اچھا کام چھوڑ پر نہ کھائے مثلاً
ماں باپ سے نہ بولوں گا یا اس فقیر
کو نہ دوں گا اور اگر کھا بیٹھے
تو قسم توڑ دے اور کفارہ دے ۱۲ منہ
ف ناسمجھی قسم وہ جو منہ سے نکلے
اور دل کو خبر نہ ہو ۱۲ منہ ف
یعنی اگر کوئی قسم کھائی کہ اپنی

عورت پاس نہ جاوے تو چار مہینے میں جاوے اور قسم کی کفارت دے نہیں تو طلاق ٹھہرے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ ۖ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ

اور اللہ غالب ہے حکمت والا ف یہ طلاق دو بار ہے پس بند رکھنا ہے ساتھ اچھی طرح کے

أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ ۗ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا

یا نکال دینا ساتھ اچھی طرح کے اور نہیں حلال واسطے تمہارے یہ کہ لے لو اس چیز سے کہ دیا ہے

آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ ۖ

تم نے ان کو کچھ مگر یہ کہ ڈریں دونوں یہ کہ نہ قائم رکھیں گے حدوں اللہ کی کو

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا

پس اگر ڈرو تم یہ کہ نہ قائم رکھیں گے حدوں اللہ کی کو پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں کے بیچ اس چیز کے

افْتَدَتْ بِهِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ۚ وَمَنْ يَتَعَدَّ

کہ بدلا دے عورت ساتھ اس کے یہ ہیں حدیں اللہ کی پس مت گزرو ان سے اور جو کوئی گزر جاوے

حُدُودَ اللّٰهِ فَأُولٰئِكَ هُمُ الظّٰلِمُونَ ○ فَإِنْ طَلَّقَهَا

حدوں اللہ کی سے پس یہ لوگ وہی ہیں ظالم ف پس اگر طلاق دی اس کو

فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۗ فَإِنْ طَلَّقَهَا

پس نہیں حلال ہوتی واسطے اس کے پیچھے اس کے یہاں تک کہ نکاح کرے اور خصم سے سوا اس کے پس اگر طلاق دیوے وہ اس کو

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا إِنْ ظَنَّا أَنْ يُقِيمَا حُدُودَ

پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں کے یہ کہ پھر آویں آپس میں اگر جانیں یہ کہ قائم رکھیں گے حدیں

اللّٰهِ ۗ وَتِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ

اللہ کی اور یہ ہیں حدیں اللہ کی بیان کرتا ہے ان کو واسطے اس قوم کے کہ جانتی ہے ف۳ اور جب طلاق دو تم

النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ

عورتوں کو پس پہنچیں وقت اپنے کو پس بند رکھو ان کو ساتھ اچھی طرح کے یا نکال دو ان کو

بِمَعْرُوفٍ ۚ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِتَعْتَدُوا ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ

ساتھ اچھی طرح کے اور مت بند رکھو ان کو ایذا دینے کو تو کہ زیادتی کرو اور جو کوئی کرے گا

ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا

یہ پس تحقیق ظلم کیا اس نے جان اپنی کو اور مت پکڑو آیتوں اللہ کی کو ٹھٹھا

موضح القرآن ف۱ جب مرد نے عورت کو طلاق کچی دی ہے ۱۲ اس عدت کو اور نکاح روا نہیں جب تک تین بار حیض نہ آوے یا حمل ہو تو معلوم ہو جاوے کسی کا بیٹا کسی کو نہ لگ جاوے اسی واسطے عورت پر فرض ہے کہ اس وقت حمل ہو تو ظاہر کر دے اس مدت کا نام ہے عدت اس عدت تک مرد چاہے تو پھر عورت کو رکھ لے اگرچہ عورت کی خوشی نہ ہو اسی واسطے فرمایا کہ عورتوں کے حق بھی مرد پر بہت ہیں لیکن اس جگہ مرد ہی کا درجہ ہے ۱۲ منہ رح ف۲ یعنی عدت کے اندر پھر رکھ لینا چاہے تو عورت کو پھر رکھ سکتا ہے یہ بات پہلے طلاق میں ہے اور دوسری میں بعد اس کے نہ پھر سکے گی تو موافق شرع اس کے حق ادا کر سکے تو رکھے پھر قضیہ ہوا اور نہ رکھ سکے تو رخصت اس نیت سے نہ اٹھا دے کہ خرچ ہو کر جو میں دیا تھا وہ پھر جاوے یہ حبس روا ہے کرنا جاری ہو اور کسی طرح دونوں کی خو نہ ملے اور مرد کی طرف سے ادا سے حق میں قصور نہ ہو اس وقت سب لوگ مل کر عورت سے کچھ پھروا دیں اور مرد کو راضی کر کر طلاق دلوا دیں اس کو خلع کہتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی تیسری طلاق کے بعد پھر نہیں رکھ سکتی بلکہ دونوں کی خوشی ہو تو بھی نکاح نہیں بندھ سکتا جب تک بیچ میں اور خاوند کی صحبت نہ ہو چکے ۱۲ منہ رح

وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ

اور یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے اور جو کچھ اتارا ہے اوپر تمہارے کتاب سے

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ

اور حکمت سے نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ کہ اللہ ساتھ ہر

شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا

چیز کے جاننے والا ہے اور جب طلاق دو تم عورتوں کو پس پہنچیں مدت اپنی کو پس مت

تَعْضُلُوهُنَّ أَن يَنكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُم

منع کرو ان کو یہ کہ نکاح کریں خاوندوں اپنے سے جب راضی ہوں آپس میں

بِالْمَعْرُوفِ ذَٰلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ مِنكُمْ يُؤْمِنُ

ساتھ اچھی طرح کے یہ بات نصیحت کیا جاتا ہے ساتھ اس کے جو کوئی ہو تم میں سے ایمان لاتا

بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ

ساتھ اللہ کے اور دن قیامت کے یہ بہت پاکیزہ ہے واسطے تمہارے اور بہت پاک ہے اور اللہ جانتا ہے

وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ

اور تم نہیں جانتے ف اور بچے والیاں دودھ پلاویں اولاد اپنی کو

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَن يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى

دو برس پورے واسطے اس شخص کے جو ارادہ کرے یہ کہ پورا کرے دودھ پلانا اور اوپر

الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ

اس شخص کے کہ لڑکا ہے اس کا کھلانا ان کا اور پہنانا ان کا ساتھ اچھی طرح کے نہیں تکلیف دیا جاتا

نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ

ہے کوئی جی مگر طاقت اپنی بھر نہ ضرر دی جاوے ماں ساتھ بچے اپنے کے اور نہ بچے والا

لَّهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا

ساتھ بچے اپنے کے اور اوپر وارث کے ہے مانند اس کے پس اگر ارادہ کریں دودھ چھڑانا


عَن تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا وَإِنْ

رضامندی آپس کی سے اور مصلحت سے پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں کے اور اگر

ربع ۲۳ ع ۱۳

منزل ۱

موضح القرآن
ف یہ حکم ہے عورت کے والیوں کو کہ نکاح میں اسی کی خوشی رکھیں جب دونوں راضی ہوں تو مان کر دیں اگرچہ اپنی نظر میں اور جگہ بہتر معلوم ہوا تھا



[illegible]

ارادہ کرو تم یہ کہ دودھ پلواؤ تم اولاد اپنی کو پس نہیں گناہ اوپر تمہارے

[illegible]

جب سونپ دو تم جو کچھ دینا کیا ہے ساتھ اچھی طرح کے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ

[illegible]

کہ اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ف۱ اور جو لوگ کہ مر جاتے ہیں تم میں سے

[illegible]

اور چھوڑ جاتے ہیں بیبیاں اپنی انتظار رکھیں جانوں اپنی کو چار مہینے

وعشرا فاذا بلغن اجلهن فلا جناح عليكم فيما فعلن

اور دس دن کا پس جب پہنچیں وقت اپنے کو پس نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ کریں وہ

في انفسهن بالمعروف والله بما تعملون خبير ○

بیچ جانوں اپنی کے ساتھ اچھی طرح کے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۲

ولا جناح عليكم فيما عرضتم به من خطبة النساء او

اور نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ پردہ کیا تم نے ساتھ اس کے منگنی عورتوں کی سے یا

اكننتم في انفسكم علم الله انكم ستذكرونهن

چھپا رکھا تم نے بیچ جانوں اپنی کے جانتا ہے اللہ یہ کہ تم البتہ ذکر کرو گے ان کا

ولكن لا تواعدوهن سرا الا ان تقولوا [illegible]

اور لیکن مت وعدہ دو ان کو چھپے ہوئے مگر یہ کہ کہو ان کو ایک بات اچھی طرح سے

[illegible] عقدة النكاح حتى يبلغ [illegible]

اور مت محکم کرو گرہ نکاح کی یہاں تک کہ پہنچے لکھا ہوا اپنی حد کو وقت اپنے کو

واعلموا ان الله يعلم ما في انفسكم [illegible]

اور جانو کہ تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ بیچ جی تمہارے کے ہے پس ڈرو اس سے اور

[illegible]

جانو یہ کہ اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے ف۳ نہیں گناہ اوپر تمہارے اگر

موضح القرآن ف۱ یعنی اگر
مرد اور عورت میں طلاق ہوئی
اور لڑکا ماں کا دودھ پیتا تو
ماں دو برس بند رہے اس کے
دودھ پلانے کو اور باپ اس کا
خرچ اٹھا دے اور اگر باپ
مر گیا تو لڑکے کے وارث اس کا
خرچ اٹھا دیں اور جو دو برس
سے کم ہی چھڑا دیں اپنی خوشی
سے تو بھی روا ہے اور اگر باپ
کسی اور سے پلوا لے ماں کو
نہ دے سکے تو بھی روا ہے۔
لیکن اس کے بدلے میں ماں
کا کچھ حق نہ کاٹ رکھے ۱۲ منہ
منزل ۱
ف۲ طلاق کی عدت تین حیض
فرمائی اور موت کی عدت چار
مہینے دس دن یہ دونوں جب
ہیں کہ حمل نہ ہو اگر حمل معلوم ہو
تو حمل تک ۱۲ منہ ف۳ یعنی عورت
ایک خاوند سے چھوٹی ہو اور
عدت میں ہو تب تک کسی اور کو
واجب نہیں کہ اس سے نکاح باندھ
لیوے یا صاف وعدہ کر رکھے
کہ عدت سے فارغ ہو گی تو میں نکاح کروں گا
یا اس کو پردے میں سنا رکھے
تا اس سے پہلے کوئی اور نہ
کر بیٹھے پردہ یہ کہ ایک بات
کہہ دے۔ اپنے جی میں مثلاً عورت
کو کہ تجھ کو سر کوئی عزیز کرے گا
یا کہ مجھ کو ارادہ نکاح کا ہے ۱۲ منہ

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً

طلاق دو تم عورتوں کو جب تک کہ ہاتھ لگایا ہو ان کو یا نہیں مقرر کیا واسطے ان کے مقرر کرنا

وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا

اور فائدہ دو ان کو اوپر کشایش والے کے ہے قدر اس کی اور اوپر تنگی والے کے ہے قدر اس کی فائدہ

بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ۝ وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ

ساتھ اچھی طرح کے حق ہوا اوپر نیکی کرنے والوں کے ف اور اگر طلاق دو ان کو

مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ

پہلے اس سے یہ کہ ہاتھ لگایا ان کو اور تحقیق مقرر کر لیا ہے واسطے ان کے کچھ مقرر کرنا پس آدھا

مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ

اس چیز کا کہ مقرر کیا ہے تم نے مگر یہ کہ معاف کر دیں وہ یا معاف کرے وہ شخص کہ بیچ ہاتھ اس کے ہے گرہ

النِّكَاحِ وَأَنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ

نکاح کی اور یہ کہ معاف کرو تم نزدیک تر ہے واسطے پرہیزگاری کے اور مت بھول جاؤ احسان کرنا

بَيْنَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ

درمیان اپنے تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو دیکھنے والا ہے ف محافظت کرو اوپر سب نمازوں کے

وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ۝ فَإِنْ خِفْتُمْ

اور اوپر نماز بیچ والی کے یعنی عصر اور کھڑے ہو واسطے اللہ کے چپکے ف پس اگر ڈرو تم

فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ

پس پیادے یا سوار پس جب امن میں آؤ تم پس تم یاد کرو اللہ کو جیسا سکھایا ہے تم کو

مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

جو کچھ نہیں تھے تم جانتے ف اور جو لوگ مر جاتے ہیں اور


وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ

چھوڑ جاتے ہیں بیبیاں وصیت کر جاویں واسطے بیبیوں اپنی کے فائدہ دینا ایک برس تک

غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا فَعَلْنَ

نہ نکال دینا پس اگر نکل جاویں پس نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ کیا انہوں

موضح القرآن ف اگر نکاح کے وقت مہر کچھ نہیں آیا تو بھی نکاح درست ہے مہر پیچھے ٹھہرا دیں گے پھر اگر بن ہاتھ لگائے عورت کو طلاق دے تو مہر کچھ لازم نہ آیا لیکن کچھ خرچ دینا ضرور ہے جیسا ایک جوڑا پوشاک کا موافق اپنے حال کے ۱۲ منہ ف یعنی اگر مہر ٹھہرے گا پھر بن ہاتھ لگائے طلاق دے تو آدھا مہر لازم ہوا اگر عورتیں درگزر کریں بالکل چھوڑ دیں یا مرد درگزر کرے جو مختار تھا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا کہ پورا مہر حوالہ کرے پھر فرمایا کہ درگزر کرے وہ بہتر ہے کیونکہ اللہ نے بڑائی دی ہے مرد کی طرف کے اور اس کو مختار کیا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا تو اپنی بڑائی رکھے فائدہ چار صورتیں ہو سکتی ہیں بیان دو کا حکم فرمایا ایک یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دی اور دوسری مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دی اور دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دی تو پورا مہر لازم ہوا یہ سورۂ نساء میں مذکور ہے اور دوسری یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دی اس میں مہر مثل پورا دینا چاہیے یعنی جو اس کی قوم میں رواج ہے اور جب خلوت ہو چکی تو گویا ہاتھ لگایا ۱۲ منہ ف بیچ والی نماز عصر کہ دن اور رات کے بیچ میں ہے اس کا تعہد زیادہ کیا ہے اور طلاق کے حکموں میں نماز کا حکم فرما دیا کہ دنیا کے معاملات میں غرق ہو کر بندگی نہ بھول جاؤ اور اسی واسطے عصر کی تاکید زیادہ ہے کہ اس وقت دنیا کا شغل اکثر ہے ف ادب کا فرمایا کہ کھڑے ہو یعنی جو حرکت جس سے آدمی معلوم ہو کہ نماز میں نہیں اس سے نماز ٹوٹتی ہے جیسے کھانا پینا یا کسی سے بات کرنا سوائے اس کے ۱۲ منہ ف یعنی لڑائی کا وقت ہو تو ناچاری کو سواری پر اور پیادہ بھی اشارت سے نماز روا ہے گو قبلے کی طرف بھی نہ ہو ۱۲ منہ



وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ
جو کچھ کریں اپنے حق میں اچھی چیز سے اور اللہ غالب ہے حکمت والا اور
وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ
واسطے طلاق والیوں کے فائدہ دینا ہے ساتھ اچھی طرح کے لازم ہوا اوپر پرہیزگاروں کے
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ
اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تو کہ تم سمجھو کیا نہ دیکھا تونے
أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ
طرف ان لوگوں کے کہ نکلے گھروں اپنے سے اور وہ ہزاروں تھے ڈر
الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوتُوا ثُمَّ أَحْيَاهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَذُو
موت کے سے پس کہا واسطے اس کے اللہ نے مر جاؤ پھر جلایا ان کو تحقیق اللہ البتہ صاحب
فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ
فضل کا ہے اوپر لوگوں کے ولیکن اکثر لوگ نہیں شکر کرتے
وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ
اور لڑو بیچ راہ اللہ کے اور جانو یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے
مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ
کون ہے وہ جو قرض دے اللہ کو قرض اچھا پس دونا کرے اس کو واسطے اس کے
لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ
دونا بہت اور اللہ بند کرتا ہے اور کشادہ کرتا ہے اور طرف اسی کی پھیرے جاؤ گے
أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ
کیا نہ دیکھا تونے طرف سرداروں کی بنی اسرائیل سے پیچھے موسیٰ کے
إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ
جب کہا انہوں نے واسطے نبی اپنے کے مقرر کر واسطے ہمارے بادشاہ کہ لڑیں ہم بیچ راہ
اللّٰهِ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا
اللہ کے کہا آیا نزدیک ہو تم اگر لکھا جاوے اوپر تمہارے لڑنا یہ کہ نہ

موضح القرآن ف یہ حکم جب تھا کہ مرد کے اختیار رکھا تھا وارثوں کو دلوانا سب جو سے کے حصے اللہ صاحب نے ٹھہرا دیئے عورت کا بھی ٹھہرا دیا مُردے کا دلوانا موقوف ہوا ۱۲ منہ ف کہ جیسے پیچھے فرمایا تھا یعنی جوڑا دینا اس طلاق پکہ مہر نہ ٹھہرا ہو اور ہاتھ نہ لگایا ہو یہاں سب پر حکم فرمایا سب طلاق والیوں کو جوڑا دینا بہتر ہے اور اس پہلی کو ضرور ہے ۱۲ منہ ف یہاں تک حکم نکاح اور طلاق کے تمام ہوئے ۱۲ منہ

ف پہلی امت میں ہوا ہے کہ کئی ہزار شخص گھر بار کر اپنے وطن کو چھوڑ نکلے ان کو ڈر ہوا غنیم کا اور لڑنے سے بھی چھپایا یا ڈر ہوا وبا کا اور یقین نہ ہوا تقدیر کا ایک منزل میں پہنچ کر سب مر گئے پھر سات دن کے بعد پیغمبر کی دعا سے زندہ ہوئے کہ آگے کو توبہ کریں یہاں اس واسطے فرمایا جہاد سے جی چھپانا عبث ہے موت نہیں چھوڑتی ۱۲ منہ ف اللہ کو قرض دے یعنی جہاد میں خرچ کرے اس طرح فرمایا مہربانی سے اور تنگی کا اندیشہ نہ رکھے اللہ کے ہاتھ کشائش ہے ۱۲ منہ

وَمَا لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَدْ

لڑو تم کہا انھوں نے اور کیا ہو ہم کو یہ کہ نہ لڑیں بیچ راہ اللہ کے اور تحقیق

عذاب رسوائی کا بسبب اس کے کہ تھے تم کہتے اوپر اللہ کے سوائے حق کے

وَكُنتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ○ وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا

اور تھے تم نشانیوں اس کی سے تکبر کرتے اور البتہ تحقیق آئے تم ہمارے پاس

موضح القرآن

ف: ام القری نام ہے مکے کا اس کے معنی بستیوں کی جڑ اس واسطے کہ تمام عرب کا مرجع تھا کہتے ہیں کہ پانی میں سے زمین اول یہی نکلی تھی اور آس پاس سے مراد سب ہے جہاں تک انہیں پر حکم تھا سارا جہان ہے ۱۲ منہ رح

فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ

اکیلے جیسا پیدا کیا تھا ہم نے تم کو پہلی بار اور چھوڑ دیا تم نے جو دیا تھا ہم نے تم کو پیچھے

ظُهُورِكُمْ وَمَا نَرَىٰ مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ

پیٹھ اپنی کے اور نہیں دیکھتے ہم ساتھ تمہارے شفاعت کرنے والوں تمہاروں کو جن کو دعویٰ کرتے تھے تم

أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنكُم

یہ کہ وہ بیچ تمہارے شریک ہیں البتہ کٹ گیا علاقہ تمہارا اور کھویا گیا تم سے

مَّا كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَىٰ يُخْرِجُ

جو کچھ تھے تم دعوے کرتے تحقیق اللہ پھاڑنے والا دانوں کا اور گٹھلیوں کا نکالتا

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ

زندے کو مردے سے اور نکالنے والا ہے مردے کو زندے سے یہی ہے اللہ

فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ۝ فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا

پس کہاں سے پھیرے جاتے ہو پھاڑنے والا ہے صبح کا اور کیا ہے رات کو آرام

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝

اور سورج اور چاند کو گرد پھرنے والے یہ ہے اندازہ زبردست علم والے کا

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ

اور وہ ہے جس نے بنائے واسطے تمہارے تاروں کو تو کہ راہ پاؤ تم ساتھ ان کے بیچ اندھیروں کے

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ وَهُوَ

جنگل کے اور دریا کے تحقیق مفصل بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں اور وہی ہے

الَّذِي أَنشَأَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ

جس نے پیدا کیا تم کو جان ایک سے پس واسطے تمہارے جگہ رہنے کی ہے اور جگہ سونپے جانے کی

قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي

تحقیق بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ سمجھتے ہیں ف اور وہ ہے جس نے

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَأَخْرَجْنَا

اتارا آسمان سے اتارا پانی پس نکالیں ہم نے اس کے بوٹیاں ہر چیز کی پس نکالا ہم نے

ع ۱۱ / ۱۲

منزل ۲

موضح القرآن

ف اول سپرد ہوتا ہے ماں کے پیٹ میں کہ آہستہ آہستہ دنیا کے اثر سے پیدا ہو کر پھر آکر ٹھہرتا ہے دنیا میں پھر سپرد ہوتا قبر میں کہ آہستہ آہستہ اثر آخرت سے پیدا کر پھر جا ٹھہرے گا جنت میں یا دوزخ میں ۱۲ منہ رہ

مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ

اُس سے سبزہ نکالتے ہیں ہم اُس میں سے دانے ایک پر ایک چڑھا ہوا اور کھجور میں سے

طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ

گابھے اُس کے سے خوشے ہیں جھکے ہوئے اور نکالتے ہیں باغ انگوروں کے اور زیتون

وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ

اور انار یکساں اور غیر یکساں دیکھو طرف پھل اُس کے کے

اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۚ اِنَّ فِىْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

جب پھل لاوے اور طرف پکنے اُس کے تحقیق بیچ اس البتہ نشانیاں ہیں واسطے اُس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ

اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے شریک جنوں کو اور حالانکہ پیدا کیا ہے اُن کو اور باندھ لئے ہیں واسطے اُس کے بیٹے

وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ بَدِيْعُ

اور بیٹیاں بغیر علم کے پاک ہے وہ اور بلند ہے اُس چیز سے کہ صفت بیان کرتے ہیں پیدا کرنے والا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۗ

آسمانوں کا اور زمین کا کیوں کر ہووے واسطے اُس کے اولاد اور نہ تھی واسطے اُس کے جورو

وَخَلَقَ كُلَّ شَىْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ○ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ

اور پیدا کیا ہر چیز کو اور وہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے یہی ہے اللہ پروردگار تمہارا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى

نہیں کوئی معبود مگر وہ پیدا کرنے والا ہر چیز کا پس عبادت کرو اُس کو اور وہ اوپر

كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ ○ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ

ہر چیز کے کارساز ہے نہیں پاتیں اُس کو نظریں اور وہ پاتا ہے سب

الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ○ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ

نظروں کو اور وہی ہے باریک دیکھنے والا خبردار تحقیق آئی ہیں تمہارے پاس دلیلیں

مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِىَ فَعَلَيْهَا ۚ

پروردگار تمہارے سے پس جس نے دیکھ لیا پس واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی اندھا ہو پس اوپر جان اپنی کے

موضح القرآن
یعنی آنکھ میں یہ قوت نہیں کہ اس کو دیکھ سکے مگر وہ آپ کو دکھاوے اس واسطے کہا لطیف

ع ۱۲ منزل ۲

وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ ۝ وَكَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ وَ

اور نہیں میں تم پر نگہبان اور اسی طرح بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں اور

لِيَقُولُوا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ اتَّبِعْ

تو کہیں وہ پڑھ لیا تو نے اور کہ بیان کریں ہم اس کو واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں پیروی کر

مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ وَأَعْرِضْ عَنِ

اس چیز کی کہ وحی کی گئی ہے طرف تیری رب تیرے سے نہیں کوئی معبود مگر وہ اور منہ پھیر لے

الْمُشْرِكِينَ ۝ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكُوا وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ

شرک کرنے والوں سے اور اگر چاہتا اللہ نہ شریک کرتے اور نہیں کیا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے

حَفِيظًا وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ۝ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ

نگہبان اور نہیں ہے تو اوپر ان کے داروغہ اور مت برا کہو ان لوگوں کو کہ

يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

پکارتے ہیں سوائے خدا کے پس برا کہنے لگیں گے خدا کو زیادتی سے بے سمجھے

كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ مَرْجِعُهُمْ

اسی طرح زینت دی ہم نے واسطے ہر ایک فرقے کے عمل ان کے کو پھر طرف پروردگار ان کے پھرنا ہے

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ

پس خبر دیگا ان کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے عمل کرتے اور قسم کھائی تھی انہوں نے ساتھ اللہ کے سخت

أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَاءَتْهُمْ آيَةٌ لَيُؤْمِنُنَّ بِهَا قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ

ساتھ قسموں اپنی کے البتہ اگر آئے پاس ان کے کوئی نشانی البتہ ایمان لاویں ساتھ اس کے تو کہہ کہ نشانیاں

عِنْدَ اللَّهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

نزدیک اللہ کے ہیں اور کیا چیز معلوم کرواتی ہے تم کو یہ کہ وہ جب آوے گی نہیں ایمان لاویں گے

وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا

اور پھیر دیں گے ہم دلوں ان کے کو اور نظروں ان کی کو جیسا کہ نہ ایمان لائے تھے

بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

ساتھ اس کے پہلی بار اور چھوڑ دیں گے ہم ان کو بیچ سرکشی اس کی کے بہکتے ف۱

منزل ۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی جن کو اللہ ہدایت دیتا ہے اول ہی حق سن کر انصاف سے قبول کرتے ہیں اور جس نے ضد پکڑی ضد کی اگر نشانی بھی دیکھے تو کچھ حیلہ بنا لے وے ان نشانوں پر بھی ایمان نہ لایا ۱۲ منہ عفا اللہ تعالی

وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَا إِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ

اور اگر ہم اتارتے طرف اُن کے فرشتے اور بولتے اُن سے مردے اور

حَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا إِلَّا أَن

اکٹھا کر لاتے ہم اوپر اُن کے ہر چیز کو مقابل نہ ہوتا کہ ایمان لاویں مگر یہ کہ

يَشَاءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ ۝ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا

چاہے اللہ ولیکن اکثر اُن کے جاہل ہیں اور اسی طرح سے کئے ہم نے

لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِينَ الْإِنسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ

واسطے ہر ایک نبی کے دشمن شیطان آدمیوں کے اور جنوں کے جی میں ڈالتے ہیں بعضے اُن

إِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ

طرف بعض کے ملمع کی ہوئی بات فریب دینے کو اور اگر چاہتا پروردگار تیرا نہ کرتے اس

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ۝ وَلِتَصْغٰى إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِينَ

پس چھوڑ دے اُن کو اور جو کچھ باندھ لیتے ہیں اور تو کہ جھکیں طرف اُس کے دل اُن لوگوں کے کہ

لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوا مَا هُم مُّقْتَرِفُونَ

نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے اور تو کہ پسند کریں اس کو اور تو کہ کر لیویں جو کچھ وہ کرنے والے ہیں

أَفَغَيْرَ اللّٰهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي أَنزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ

کیا پس سوائے خدا کے چاہوں میں حکم کرنے والا اور وہ ہے جس نے اتاری ہے طرف تمہارے کتاب

مُفَصَّلًا وَالَّذِينَ آتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ

مفصل اور جو لوگ کہ دی ہم نے اُن کو کتاب جانتے ہیں یہ کہ وہ اتاری ہوئی ہے

مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝ وَتَمَّتْ

رب تیرے کی طرف سے ساتھ حق کے پس مت ہو شک لانے والوں سے اور پوری ہوئی

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَّا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهِ وَهُوَ

بات رب تیرے کی راستی میں اور انصاف میں نہیں کوئی بدلنے والا باتوں اس کی کو اور وہ

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ

سننے والا جاننے والا اور کہا مانے گا تو اکثر اُن لوگوں کا کہ بیچ زمین کے ہیں گمراہ کر دیں تجھ کو

منزل ۲

موضح القرآن

یعنی آیتیں اس پر اتریں کہ کافر کہنے لگے کہ مسلمان اپنا مارا کھاتے ہیں اور اللہ کا مارا نہیں کھاتے فرمایا کہ یہ فریب کی باتیں ہیں شیطان سکھاتا ہیں انسانوں کو شبہ ڈالنے کو عقل کا حکم نہیں حکم اللہ کا ہو آگے کھول کر بتا دیا کہ مارنے والا سب اللہ ہی ہے لیکن اس کے نام کو برکت ہے جو اس کے نام پر ذبح ہوا سو حلال ہے جو بغیر اس کے مر گیا سو حرام ہے

عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ

راہ خدا کی سے نہیں پیروی کرتے مگر گمان کی اور نہیں وہ

إِلَّا يَخْرُصُونَ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن

مگر اٹکل کرتے تحقیق پروردگار تیرا وہی خوب جانتا ہے اُس شخص کو کہ گمراہ ہوتا ہے

سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝ فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ

راہ اُس کی سے اور وہی خوب جانتا ہے راہ پانے والوں کو پس کھاؤ اُس چیز سے کہ یاد کیا گیا نام

اللَّهِ عَلَيْهِ إِن كُنتُم بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا لَكُمْ أَلَّا

اللہ کا اوپر اُس کے اگر ہو تم ساتھ نشانیوں اُس کی کے ایمان لانے اور کیا ہے واسطے تمہارے یہ کہ

تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم

نہ کھاؤ اُس چیز سے کہ یاد کیا گیا ہے نام اللہ کا اوپر اُس کے اور تحقیق مفصل بیان کر دیا ہے واسطے تمہارے

مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ

جو کچھ کہ حرام کیا ہے اوپر تمہارے مگر جو ناچار ہو تم طرف اُس کے اور تحقیق بہت لوگ البتہ گمراہ کرتے ہیں

بِأَهْوَائِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ ۝

ساتھ خواہشوں اپنی کے بغیر علم کے تحقیق پروردگار تیرا وہی خوب جانتا ہے حد سے نکل جانے والوں کو

وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ

اور چھوڑ دو ظاہر گناہ کا اور باطن اُس کا تحقیق وہ لوگ کہ کماتے ہیں

الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ۝ وَلَا تَأْكُلُوا

گناہ البتہ جزا دیے جاویں گے ساتھ اُس چیز کے کہ تھے کرتے ف۱ اور مت کھاؤ

مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ

اُس چیز سے کہ نہیں یاد کیا گیا نام اللہ کا اوپر اُس کے اور تحقیق وہ البتہ فسق ہے اور تحقیق

الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ

شیاطین البتہ وسوسہ ڈالتے ہیں طرف دوستوں اپنے کے تو کہ جھگڑیں تم سے اور اگر

أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ۝ أَوَمَن كَانَ مَيْتًا

تم نے کہا مانا اُن کا تحقیق تم بھی البتہ مشرک ہو ف۲ کیا جو شخص کہ تھا مردہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی کافروں کے
بہکانے سے شبہ پر مت
عمل کرو نہ دل میں
شبہ رکھو ۱۲ ف۲
یعنی شرک فقط یہی نہیں
کہ کسی کو سوا خدا کے
پوجیے بلکہ شرع کا حکم بھی
ہے کہ اوروں کا لینا مردود ہے
۱۲ منہ

منزل ۲

ع ۱۴

فَأَحْيَيْنَٰهُ وَجَعَلْنَا لَهُۥ نُورًا يَمْشِى بِهِۦ فِى ٱلنَّاسِ كَمَن

پس جلایا ہم نے اس کو اور کی ہم نے واسطے اس کے روشنی چلتا ہے ساتھ اس کے بیچ لوگوں کے مانند اس شخص کے

مَّثَلُهُۥ فِى ٱلظُّلُمَٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ

کہ صفت اس کی یہ ہو کہ بیچ اندھیروں کے نہیں نکلنے والا اس سے اسی طرح سے زینت دیا گیا ہے

لِلْكَٰفِرِينَ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِى

واسطے کافروں کے جو کچھ کہ تھے وہ کرتے ف۱ اور اسی طرح کئے ہیں ہم نے بیچ

كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَٰبِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا۟ فِيهَا ۖ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا

ہر بستی کے بڑے گنہگار ان کے تو کہ مکر کریں بیچ اس کے اور نہیں مکر کرتے مگر

بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ وَإِذَا جَآءَتْهُمْ ءَايَةٌ قَالُوا۟

ساتھ جانوں اپنی کے اور نہیں سمجھتے ف۲ اور جس وقت آتی ہے ان کے پاس کوئی نشانی کہتے ہیں

لَن نُّؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَآ أُوتِىَ رُسُلُ ٱللَّهِ ۘ ٱللَّهُ

ہرگز نہ ایمان لاویں گے ہم یہاں تک کہ دیے جاویں ہم مانند اس کے جو دیے گئے ہیں پیغمبر خدا کے اللہ

أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُۥ ۗ سَيُصِيبُ ٱلَّذِينَ أَجْرَمُوا۟

خوب جانتا ہے کس جگہ رکھے پیغمبری اپنی کو البتہ پہنچے گی ان لوگوں کو کہ گناہ کرتے ہیں

صَغَارٌ عِندَ ٱللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌۢ بِمَا كَانُوا۟ يَمْكُرُونَ

ذلت نزدیک اللہ کے سے اور عذاب سخت بسبب اس کے کہ تھے مکر کرتے

فَمَن يُرِدِ ٱللَّهُ أَن يَهْدِيَهُۥ يَشْرَحْ صَدْرَهُۥ لِلْإِسْلَٰمِ ۖ

پس جس کو ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ ہدایت کرے اس کو کھول دیتا ہے سینہ اس کا واسطے مسلمانی کے

وَمَن يُرِدْ أَن يُضِلَّهُۥ يَجْعَلْ صَدْرَهُۥ ضَيِّقًا حَرَجًا

اور جس کو ارادہ کرتا ہے یہ کہ گمراہ کرے اس کو کر دیتا ہے سینہ اس کے کو تنگ بند

كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِى ٱلسَّمَآءِ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْعَلُ ٱللَّهُ ٱلرِّجْسَ

گویا کہ زور سے چڑھتا ہے بیچ آسمان کے اسی طرح کرتا ہے اللہ ناپاکی

عَلَى ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَهَٰذَا صِرَٰطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ

اوپر ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ف۳ اور یہ ہے راہ پروردگار تیرے کی سیدھی

موضح القرآن ف۱ اوپر ذکر تھا مردے کا بیان کافر پر یہی مثال فرمائی یعنی اول جہل میں سب گرفتار تھے پھر جس کو ایمان ملا وہ زندہ ہوا اور روشنی پائی کہ اس کے منہ سے سب لوگ دیکھتے ہیں روشنی ایمان کی اور جس کو ایمان نہ ملا وہ اندھیروں میں پڑا رہا ۱۲ منہ

ف۲ یعنی ہمیشہ کافروں کے سردار حیلہ نکالتے رہے ہیں تا عوام الناس پیغمبر کے مطیع نہ ہو جاویں جیسے فرعون نے معجزہ دیکھا تو حیلہ نکالا کہ سحر کے زور سے سلطنت لیا چاہتے ہیں ۱۲ منہ

ف۳ اول فرمایا تھا کہ کافر قسمیں کھاتے ہیں کہ ایک آیت دیکھیں تو البتہ یقین لاویں اور اب فرمایا کہ نہ یقین لاویں گے ایمان تو کیونکر لاویں بیچ میں مردود علاج کریں گے حیلے نقل کئے اب اس بات کا جواب فرمایا کہ جس کی عقل اس طرف چلے کہ اپنی بات نہ چھوڑے جو ہیں دیکھے کچھ حیلہ بنائے وہ نشان ہے گمراہی کا اور جس کی عقل چلے انصاف پر اور حکم برداری پر وہ نشان ہدایت کا ہے ان لوگوں میں نشان ہیں گمراہی کے ان کو کوئی آیت اثر نہ کرے گی ۱۲ منہ

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ

تحقیق مفصل بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ نصیحت پکڑتے ہیں واسطے ان کے ہے گھر سلامتی

عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَيَوْمَ

نزدیک رب اپنے کے اور وہ دوست ہے اُن کا بسبب اس کے کہ تھے کرتے اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ

اکٹھا کرے گا اُن سب کو اے جماعت جنوں کی تحقیق بہت لے لئے ہیں تم نے

الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا

آدمیوں میں سے اور کہا دوستوں اُن کے نے آدمیوں میں سے اے رب ہمارے فائدہ اُٹھایا بعضے ہمارے

بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ

بعضوں سے اور پہنچے ہم وعدہ اپنے کو جو مقرر کیا تھا تو نے واسطے ہمارے کہے گا آگ ہے

مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ

ٹھکانا تمہارا ہمیشہ رہوگے بیچ اس کے مگر جو چاہا اللہ نے تحقیق پروردگار تیرا حکمت والا

عَلِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا

جاننے والا ہے ف۲ اور اسی طرح دوست کر دیتے ہیں ہم بعض ظالموں کو بعضوں کا بسبب

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ

کہ تھے کماتے اے جماعت جنوں کی اور آدمیوں کی کیا نہ آئے تھے تمہارے پاس

رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاۗءَ

پیغمبر تمہیں میں سے بیان کرتے تھے اوپر تمہارے نشانیاں میری اور ڈراتے تھے تم کو ملاقات

يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ

اس دن تمہارے کی سے کہا انہوں نے گواہی دی ہم نے اوپر جانوں اپنی کے اور فریب دیا اُن کو

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

زندگانی دنیا کی نے اور گواہی دی انہوں نے اوپر جانوں اپنی کے یہ کہ وہ تھے

كٰفِرِيْنَ ۝ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ

کافر ف۳ یہ اس واسطے کہ نہیں ہے پروردگار تیرا ہلاک کرنے والا بستیوں کا ساتھ ظلم کے

منزل ۲ — ع ۱۵

موضح القرآن

ف۱ یعنی حکم برداری کرنی اور عقل کو دخل نہ دینا۔ سیدھی راہ ہے ۱۲ منہ

ف۲ دنیا میں انسان جو بت پوجتے ہیں وہ فی الحقیقة جن ہیں اس خیال پر کہ وہ ہماری حاجت دینگے اُن کو نیازیں چڑھاتے ہیں جب آخرت میں وہ جن اور انسان برابر پکڑے جاوینگے تب یوں عذر کریں گے کہ ہم نے پوجا نہیں کی لیکن آپس کی کارروائی کرتے تھے اور یہ جو فرمایا کہ آگ میں رہا کریں مگر جو چاہے اللہ اس واسطے کہ اگر عذاب دوزخ دائم ہو تو اس کے چاہے سے ہے وہ چاہے تو موقوف کرے لیکن ایک چیز چاہ چکا ۱۲ منہ رح

ف۳ اس سورۃ میں اوپر مذکور ہوا کہ اول کافر اپنے کفر کا بچاؤ کریں گے پھر حق تعالیٰ تدبیر سے اُن کو قائل کرے گا ۱۲ منہ رح

وَأَهْلُهَا غَافِلُونَ ○ وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِمَّا عَمِلُوا وَمَا

اور لوگ اس کے غافل ہوں اور واسطے ہر ایک کے درجے ہیں اس چیز سے کہ کیا ہے انہوں نے اور نہیں

رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ○ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ

پروردگار تیرا غافل اس چیز سے کہ کرتے ہیں اور پروردگار تیرا بے پرواہ مہربانی والا

إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْ بَعْدِكُمْ مَا يَشَاءُ كَمَا

اگر چاہے لے جاوے تم کو اور جگہ پر بٹھاوے پیچھے تمہارے جو کچھ چاہے جیسا

أَنْشَأَكُمْ مِنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ آخَرِينَ ○ إِنَّ مَا تُوعَدُونَ

پیدا کیا تم کو اولاد قوم اور سے تحقیق جو کچھ وعدہ دیے جاتے ہو تم

لَآتٍ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ ○ قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَى مَكَانَتِكُمْ

البتہ آنے والا ہے اور نہیں تم عاجز کرنے والے کہہ اے قوم میری عمل کرو اوپر جگہ اپنی کے

إِنِّي عَامِلٌ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَنْ تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ

تحقیق میں بھی عمل کرنے والا ہوں پس البتہ جانو گے تم کون شخص ہے کہ ہوگا واسطے اس کے آخر اس گھر کا

إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ○ وَجَعَلُوا لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ

تحقیق نہیں فلاح پاتے ظالم اور کیا انہوں نے واسطے اللہ کے اس چیز سے کہ پیدا کیا ہے کھیتی سے

وَالْأَنْعَامِ نَصِيبًا فَقَالُوا هَذَا لِلَّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَذَا لِشُرَكَائِنَا

اور چارپایوں سے ایک حصہ پس کہا انہوں نے یہ واسطے اللہ کے ہے ساتھ گمان اپنے کے اور یہ واسطے شریکوں ہمارے

فَمَا كَانَ لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ وَمَا كَانَ لِلَّهِ

پس جو کچھ ہو واسطے شریکوں ان کے کے پس نہیں پہنچتا طرف اللہ کے اور جو کچھ ہو واسطے اللہ کے

فَهُوَ يَصِلُ إِلَى شُرَكَائِهِمْ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ○ وَكَذَلِكَ

پس وہ پہنچتا ہے طرف شریکوں ان کے کے برا ہے جو کچھ حکم کرتے ہیں ف اور اسی طرح

زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ شُرَكَاؤُهُمْ

زینت دی ہے واسطے بہتوں کے مشرکوں سے مار ڈالنا اولاد ان کی کا شریکوں ان کے نے

لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا

تو کہ ہلاک کریں ان کو اور تو کہ ملا دیں اوپر ان کے دین ان کا اور اگر چاہتا اللہ نہ

موضح القرآن ف کافر اپنی کھیتی میں سے اور مواشی کے بچوں میں سے اللہ کی نیاز نکالتے اور بتوں کی بھی نیاز نکالتے پھر بعضا جانور اللہ کے نام کا بہتر دیکھا تو بتوں کی طرف بدل دیا اور بتوں کی طرف کا اللہ کی طرف نہ کرتے اس سے زیادہ ڈرتے اب جاننا چاہیے کہ اللہ کی نیاز نذر یہ کہ اس کی راہ میں جن کو دلوایا ان کو دنیا میں فائدہ اس کو نہیں پہنچتا مگر اس کا حکمبرداری ہوتی اور چیز منزہ سے فقیر کو فائدہ اور ثواب سے فائدہ دینے والے کو پھر جو کسی بزرگ کے واسطے کچھ دے اگر اسی وضع پر دے تو شرک ہے جس پر اللہ نے الزام دیا مگر اس بزرگ کو اپنی جگہ ٹھہرا دے اور اس کی طرف سے اللہ کی راہ میں جن کو کہا ان کو دے تو حکمبرداری ہے اللہ کی اور چیز فقیر کو اور ثواب اس شخص کے بدلے اس بزرگ کو یا اس کو فقیر کی جگہ ٹھہرا دے کر چیز اس کی کو دی پھر اس کی چیز لوگوں کے کام آوے تو اس کو ثواب ہوا یہ صورت مشکوک ہے پہلی صورت بیشک ہے ۱۲ منہ رح

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ۝ وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ

کرتے ہیں　پس چھوڑ دے اُن کو اور جو باندھ لیتے ہیں　اور کہا اُنہوں نے یہ　جانور ہیں

وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَنْ نَشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ

اور کھیتی ہے چھوتی نہیں کھاتا اُس کو　مگر جس کو چاہیں ہم ساتھ گمان اپنے کے　اور جانور ہیں

حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا

کہ حرام کی گئی ہیں پیٹھیں اُن کی یعنی سوار ہونا اُن پر　اور جانور ہیں کہ نہیں یاد کرتے نام اللہ کا اوپر اُن کے

افْتِرَاءً عَلَيْهِ سَيَجْزِيهِمْ بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا فِي

جھوٹ باندھ کر اوپر اُس کے البتہ بدلا دے گا اُن کو بدلہ اُس چیز کے کہ تھے باندھ لیتے　اور کہا اُنہوں نے جو کچھ بیچ

بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ

پیٹوں اُن جانوروں کے ہے　خالص ہو واسطے مردوں ہمارے کے　اور حرام ہے اوپر

أَزْوَاجِنَا وَإِنْ يَكُنْ مَيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ سَيَجْزِيهِمْ

بیبیوں ہماری کے اور اگر ہووے مردہ　پس وہ بیچ اُس کے شریک ہیں البتہ جزا دے گا اُن کو

وَصْفَهُمْ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا

کہنے اُن کے کی　تحقیق وہ ہے حکمت والا جاننے والا　تحقیق ٹوٹا پایا اُن لوگوں نے کہ مار ڈالا

أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ

اولاد اپنی کو بے وقوفی سے بغیر علم کے　اور حرام کیا اُس چیز کو کہ روزی دیا تھا اُن کو اللہ نے

افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ وَهُوَ

جھوٹ باندھ کر اوپر اللہ کے　تحقیق گمراہ ہوئے اور نہ ہوئے راہ پانے والے ف۲　اور وہ

الَّذِي أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ

وہی ہے جس نے پیدا کیے باغ　ٹٹیوں پر چڑھائے ہوئے اور بغیر چڑھائے ہوئے اور کھجوریں

وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا

اور کھیتیاں مختلف ہیں کھانے کی چیزیں اُن میں کی اور زیتون اور انار　یکساں

وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ كُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ

اور غیر　یکساں　کھاؤ پھل اُس کے سے جب کہ پھل لاوے اور دو حق اُس کا

منزل ۲　　ع الربع

موضح القرآن ف۱ ایک یہ مسئلہ بھی بنایا تھا کہ جانور ذبح کیا اُس کے پیٹ بیچ سے بچہ نکلا اگر زندہ نکلے تو مرد کھاویں اور عورتیں نہ کھاویں اور اگر مردہ نکلے تو سب کھاویں یہ مسئلہ بنایا سخت گناہ ہے اس پر اُن کو الزام دیا ہمارے دین میں مرد اور عورت کا کچھ فرق نہیں اگر زندہ نکلے تو ذبح کر کر حلال ہے اور بغیر ذبح مردار اگر مردہ نکلے تو سب کھاویں یہ بے سند مسئلہ بنانا سخت گناہ ہے اس پر اُن کو الزام دیا ہمارے دین میں مرد اور عورت کا کچھ فرق نہیں اگر زندہ نکلے تو ذبح کر کر حلال ہے اور بغیر ذبح مردار اور اگر مردہ نکلے اور معلوم ہو کہ جان پڑی تھی تو امام اعظم کے نزدیک حلال نہیں ۱۲ افضل رحمہ ف۲ اللہ کا مارنا اور رکھنے سخت اور یہ سخت وبال ہے ۱۲ منہ رحمہ

يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَمِنَ

دن کاٹنے اُس کے اور مت بیجا خرچ کرو تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا بیجا خرچ کرنے والوں کو اور

الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا

پیدا کئے جانوروں میں سے بوجھ اٹھانے والے اور زمین سے لگے ہوئے کھاؤ اُس چیز سے کہ روزی دی ہے تم کو اللہ نے اور مت پیروی کرو

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ

قدموں شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر ف آٹھ جوڑے

مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ

بھیڑ میں سے دو اور بکری میں سے دو کہہ کیا دو نروں کو

حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

حرام کیا ہے یا دو مادہ کو یا اُس کو جو گھیر لیا ہے اوپر اُس کے بچے دان اُن دو مادہ کے

نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاِبِلِ

خبر دو مجھ کو ساتھ علم کے اگر ہو تم سچے اور اونٹ میں سے

اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ

دو اور گائے میں سے دو کہہ کیا دو نروں کو حرام کیا ہے یا

الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ

دو مادہ کو یا جس کو گھیر لیا ہے اوپر اُس کے بچہ دان اُن دو مادوں کے کیا

كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

تھے تم گواہ جس وقت کہ حکم کیا تم کو اللہ نے ساتھ اس کے پس کون بہت ظالم ہے اُس شخص سے

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ

کہ باندھ لیوے اوپر اللہ کے جھوٹ تاکہ گمراہ کرے لوگوں کو بغیر علم کے تحقیق

اللّٰهَ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِیْ مَاۤ

اللہ نہیں راہ دکھاتا قوم ظالموں کو کہہ نہیں پاتا میں بیچ اُس چیز کے

اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّكُوْنَ

کہ وحی کی گئی ہے طرف میرے حرام کیا گیا اوپر کسی کھانے والے کے کہ کھاوے اُس کو مگر یہ کہ ہو

منزل ۲

ع ۱۷

موضح القرآن

ف اُس کا حق دو جس دن کٹے یعنی زکوٰۃ ہے برس کے بعد، اُس کی زکوٰۃ ہے برس کے بعد اور اس کی زکوٰۃ اسی دن ہے جس دن اٹھ لگے جو زمین اپنے مالک میں ہو اور اس میں خرچ نہ آتا ہو تو اس محصول میں حق اللہ کا ہے اگر پانی دیتے ہو تو بیسواں حصہ اگر بن پانی دیئے ہو تو دسواں حصہ ۱۲ منہ

ف لدنے والے اونٹ اور بیل، اور بچھے بکری اور بھیڑ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ

مردار یا لہو ڈالا ہوا رگوں میں سے یا گوشت سور کا پس تحقیق وہ ناپاک ہے یا

فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ

فسق ہے کہ نام لیا گیا ہو واسطے غیر خدا کے ساتھ اُس کے پس جو کوئی بے بس ہو نہ چھینتے والا اور نہ زیادہ

فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا

پس تحقیق پروردگار تیرا بخشنے والا مہربان ہے ف۱ اور اوپر ان لوگوں کے کہ یہودی ہوئے حرام کیا ہم نے

كُلَّ ذِي ظُفُرٍ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا

ہر ناخن والا جانور اور گائے سے اور بھیڑ بکری سے حرام کیں ہم نے اوپر اُن کے چربیاں اُن کی

إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ذَٰلِكَ

مگر جو اٹھا رہی ہو پیٹھ اُن کی یا انتڑیاں یا جو لپٹ رہا ہو ساتھ ہڈی کے یہ

جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ فَإِن كَذَّبُوكَ

بدلہ دیا ہم نے اُن کو بسبب شرارت اُن کی کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں ف۲ پس اگر جھٹلاویں تجھ کو

فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ

پس کہہ پروردگار تمہارا صاحب رحمت کشادہ کا ہے اور نہیں پھیرا جاتا عذاب اُس کا قوم

الْمُجْرِمِينَ ۝ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا

گنہگاروں سے ف۳ البتہ کہیں گے وہ لوگ جو شریک لاتے ہیں اگر چاہتا اللہ نہ

أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن شَيْءٍ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ

شریک کرتے ہم اور نہ باپ ہمارے اور نہ حرام کرتے ہم کچھ اسی طرح جھٹلایا

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا قُلْ هَلْ عِندَكُم

اُن لوگوں نے کہ پہلے اُن سے تھے یہاں تک کہ چکھا انہوں نے عذاب ہمارا کہہ کیا ہے تمہارے پاس

مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ

کچھ علم پس نکالو گے تم اُس کو واسطے ہمارے نہیں پیروی کرتے تم مگر گمان کی اور نہیں

أَنتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ۝ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ فَلَوْ شَاءَ

تم مگر اٹکل کرتے ف۴ کہہ پس واسطے اللہ کے ہے دلیل پہنچی ہوئی پس اگر چاہتا

منزل ۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی جو جانور کھانے دستور میں ان میں سے یہی حرام ہیں ف۲ سو انہی میں سے ناخن دار یعنی اونٹ اُن پر حرام تھا سو اُن کی بے حکمیاں سے اُن پر سخت پکڑا تھا اصل یہ چیزیں حرام نہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی رحمت کی سمائی سے اب تک تم بچے ہو لیکن نہ جانو کہ عذاب پھر گیا ۱۲

ف۴ کافروں کا شبہ ہے کہ اگر ہمارا کام اللہ کو پسند نہ ہوتے تو ہم کو کرنے نہ دیتا اس کا جواب فرمایا کہ اگلوں کو گناہ پر کیوں پکڑا معلوم ہوا کہ وہ بھی ایک وقت ناپسند کام کرتے تھے اور اللہ نہ پکڑتا تھا آخر پکڑا ۱۲ رحمہ اللہ تعالیٰ

لهديكم اجمعين ○ قل هلم شهداءكم الذين

البتہ ہدایت دیتا تم سب کو ○ کہہ لاؤ گواہ اپنوں کو وہ جو

يشهدون ان الله حرم هذا فان شهدوا فلا تشهد

گواہی دیتے ہیں یہ کہ اللہ نے حرام کیا ہے یہ پس اگر گواہی دیویں پس مت گواہی دے تو

معهم ولا تتبع اهواء الذين كذبوا بآياتنا والذين

ساتھ ان کے اور مت پیروی کر خواہشوں ان لوگوں کی کہ جھٹلایا نشانیوں ہماری کو اور ان کی کہ

لا يؤمنون بالآخرة وهم بربهم يعدلون ○ قل

نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے اور وہ ساتھ پروردگار اپنے کے برابر لاتے ہیں ○ کہہ

تعالوا اتل ما حرم ربكم عليكم الا تشركوا به شيئا

آؤ پڑھوں میں جو حرام کیا ہے رب تمہارے نے اوپر تمہارے یہ کہ نہ شریک لاؤ ساتھ اس کے کچھ اور

وبالوالدين احسانا ولا تقتلوا اولادكم من املاق

ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا اور مت مار ڈالو اولاد اپنی کو ڈر افلاس کے سے

نحن نرزقكم واياهم ولا تقربوا الفواحش ما ظهر

ہم روزی دیتے ہیں تم کو اور ان کو اور مت نزدیک جاؤ بے حیائیوں کے جو کچھ ظاہر ہے

منها وما بطن ولا تقتلوا النفس التي حرم الله الا

اس میں اور جو کچھ کہ چھپا ہے اور مت مار ڈالو اس جی کو کہ حرام کیا ہے اللہ نے مگر

بالحق ذلكم وصاكم به لعلكم تعقلون ○ ولا تقربوا

ساتھ حق کے یہ بات نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے تو کہ تم سمجھو اور مت نزدیک جاؤ

مال اليتيم الا بالتي هي احسن حتى يبلغ اشده

مال یتیم کے مگر ساتھ اس طرح کے کہ وہ بہت اچھی ہے یہاں تک کہ پہنچے جوانی اپنی کو

واوفوا الكيل والميزان بالقسط لا نكلف نفسا

اور پورا کرو ناپ اور تول ساتھ انصاف کے نہیں تکلیف دیتے ہم کسی جی کو

الا وسعها واذا قلتم فاعدلوا ولو كان ذا قربى

مگر موافق طاقت اس کی کے اور جب بات کہو پس انصاف کرو اور اگرچہ ہو صاحب قرابت

ع ۵

منزل ۲

موضع انصاف

ف یعنی تمہاری طاقت

تک بات ہو یعنی کو وکیل

نہیں رکھتے تو بھی جو

نہ ہو تو ملامت

ہے کہ تمہاری قسمت

میں ہدایت نہیں

رکھی ۱۲ طاہر

وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝

اور ساتھ عہد اللہ کے وفا کرو یہ بات نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے تو کہ تم نصیحت پکڑو

وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ

اور یہ کہ راہ میری سیدھی ہے یعنی متابعت پیغمبروں کی پس پیروی کرو اس کی اور مت پیروی کرو اور راہوں کی

فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

پس متفرق کر دینگی تم کو راہ اس کی سے یہ بات ہے کہ نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے تو کہ تم بچو

ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا

پھر دی تھی ہم نے موسیٰ کو کتاب پورا کرنا نعمت کا اوپر اس شخص کے کہ نیکی کرتا ہے اور تفصیل کرنی

لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ

واسطے ہر چیز کے اور ہدایت اور رحمت تو کہ وہ ساتھ ملاقات پروردگار اپنے کے ایمان لاویں ف۱

وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ

اور یہ کتاب ہے کہ اتارا ہم نے اس کو برکت والی پس پیروی کرو اس کی اور پرہیزگاری کرو تو کہ تم رحم کیے جاؤ

أَن تَقُولُوا إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِن قَبْلِنَا

ایسا نہ ہو کہ کہو تم سوائے اس کے نہیں کہ اتاری گئی تھی کتاب اوپر دو جماعت کے پہلے ہم سے

وَإِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ ۝ أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنزِلَ

اور تحقیق تھے ہم پڑھنے ان کے سے البتہ غافل ف۲ یا کہو تم اگر اتاری جاتی

عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ فَقَدْ جَاءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن

اوپر ہمارے کتاب البتہ ہوتے ہم بہت راہ پانے والے ان سے پس تحقیق آئی ہے تمہارے پاس دلیل

رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ

پروردگار تمہارے سے اور ہدایت اور مہربانی پس کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ جھٹلاوے نشانیوں

اللَّهِ وَصَدَفَ عَنْهَا سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا

اللہ کی کو اور پھر رہے ان سے البتہ جزا دینگے ہم ان لوگوں کو کہ پھر رہتے ہیں نشانیوں ہماری سے

سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ ۝ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا

برا عذاب بسبب اس کے کہ تھے پھر رہتے ف۳ نہیں انتظار کرتے مگر

ع ۱۹

منزل ۲

موضح القرآن

ف۱ اس سے معلوم ہوا کہ پہلے حکم ہمیشہ سے جاری تھے پیچھے توریت اتری تو شرح اور تفصیل ہوئی

ف۲ یعنی یہ کتاب اتاری کہ تم کو عذر کی جگہ باقی نہ رہے

ف۳ یعنی پہلی امتوں کا حال سن کر شاید ہم کو ہوس نہ سوجھتی کہ ہم بھی پہلی سی کتاب اپنے اوپر

أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ

یہ کہ آویں اُن کے پاس فرشتے یا آوے پروردگار تیرا یا آویں بعض نشانیاں

رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا

پروردگار تیرے کی جس دن آویں گی بعض نشانیاں رب تیرے کی نہ نفع دے گا کسی جی کو ایمان اُس کا

لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا

کہ نہ تھا ایمان لایا پہلے اُس سے یا نہ کمایا تھا بیچ ایمان اپنے کے بھلائی کو

قُلِ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ ﴿١٥٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا

کہہ منتظر رہو تحقیق ہم بھی منتظر ہیں ف تحقیق جن لوگوں نے ٹکڑے ٹکڑے کیا

دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ

دین اپنے کو اور ہو گئے گروہ گروہ نہیں تو اُن میں سے بیچ کسی چیز کے سوا اس نہیں کہ حکم اُن کا

إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿١٥٩﴾ مَن جَاءَ

طرف اللہ کے ہے پھر خبر دے گا اُن کو ساتھ اُس چیز کے کہ تھے کرتے ف جو کوئی لاوے

بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۖ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ

بھلائی پس واسطے اُس کے ہے دس برابر اُس کے اور جو کوئی لاوے برائی

فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ إِنَّنِي

پس نہیں بدلا دیا جاوے گا مگر مانند اُس کے اور وہ نہیں ظلم کیے جاویں گے کہہ تحقیق

هَدَانِي رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ

ہدایت کیا مجھ کو رب میرے نے طرف راہ سیدھی کے دین استوار دین

إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٦١﴾ قُلْ إِنَّ

ابراہیم حنیف کا اور نہ تھا شریک لانے والوں سے کہہ تحقیق

صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦٢﴾

نماز میری اور عبادت میری اور زندگی میری اور موت میری واسطے اللہ پروردگار عالموں کے ہے

لَا شَرِيكَ لَهُ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٦٣﴾

نہیں شریک واسطے اُس کے اور ساتھ اسی کے حکم کیا گیا ہوں میں اور میں اول مسلمانوں کا ہوں

منزل ۲

موضح القرآن

ف یعنی اللہ کی طرف سے جو حد تھی ہدایت کی سو ہو چکی نبی اور شرع اور کتاب تب یہ نہیں مانتے تو اب منتظر ہیں کہ اللہ آپ آوے یا قیامت کی نشانیاں دیکھیں تب یقین کریں سو جب قیامت کا نشان آوے گا یعنی آفتاب مغرب سے نکلے گا تب کافر کا ایمان اور عاصی کی توبہ قبول نہ ہوگی ۱۲ منہ رح

ف یعنی توریت والوں نے کئی راہیں نکالیں تو اُن میں تحقیقات نہ کر کہ صحیح کون اور غلط کون اپنی راہ صحیح پر قائم رہ دین میں جو باتیں یقین لانے کی ہیں اُن میں فرق نہ چاہئے اور جو کرنے کی ہیں اُس کے طریقے کئی ہوں تو برابر نہیں ۱۲ منہ رح



قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ

کہہ کیا سوا اللہ کے ڈھونڈوں میں پروردگار اور وہ پروردگار ہے ہر چیز کا اور نہیں کماتا

كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ

کوئی جی مگر اوپر اپنے [illegible] اور نہیں اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا

ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ

پھر طرف پروردگار تمہارے کے ہے پھر جانا تمہارا پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم بیچ اس کے اختلاف کرتے

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ

اور وہ ہے جس نے کیا تم کو جانشین زمین کا اور بلند کیا بعضے تمہارے کو

فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ

اوپر بعضے کے درجے میں تو کہ آزماوے تم کو بیچ اس چیز کے کہ دیا ہے تم کو تحقیق رب تیرا

سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ○

جلد عذاب کرنے والا ہے اور تحقیق وہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے

سورة الاعراف مكية وهي مائتان وست آيات واربع وعشرون ركوعا

سورہ اعراف مکے بیچ نازل ہوئی اور اس کی دو سو چھ آیتیں اور چوبیس رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

المص ○ كِتَابٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُن فِي صَدْرِكَ

کتاب ہے کہ اتاری گئی ہے طرف تیرے پس نہ ہووے بیچ سینے تیرے کے

حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ○ اتَّبِعُوا

تنگی اس سے تو کہ ڈراوے تو ساتھ اس کے اور نصیحت واسطے ایمان والوں کے پیروی کرو

مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۗ

اس چیز کی کہ اتاری گئی ہے طرف تمہاری پروردگار تمہارے سے اور مت پیروی کرو سوائے اس کے دوستوں کی

قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ○ وَكَم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا

تھوڑی سی نصیحت پکڑتے ہو اور بہت بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے ان کو پس آیا اُن پر

النصف ع
منزل ٢

بَأْسُنَا بَيَاتًا أَوْ هُمْ قَائِلُونَ ۝ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ إِذْ

عذاب ہمارا رات کو سوتے یا دوپہر کو سوتے تھے پس نہ تھا پکارنا اُن کا جب

جَاءَهُمْ بَأْسُنَا إِلَّا أَنْ قَالُوا إِنَّا كُنَّا ظٰلِمِينَ ۝ فَلَنَسْأَلَنَّ

آیا اُن کے پاس عذاب ہمارا مگر یہ کہ کہنے لگے تحقیق ہم تھے ظالم پس البتہ سوال کریں گے ہم

الَّذِينَ أُرْسِلَ إِلَيْهِمْ وَلَنَسْأَلَنَّ الْمُرْسَلِينَ ۝ فَلَنَقُصَّنَّ

اُن لوگوں سے کہ بھیجا گیا ہے طرف اُن کے اور البتہ سوال کریں گے ہم بھیجے ہوؤں سے پس البتہ بیان کریں گے ہم

عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَمَا كُنَّا غَائِبِينَ ۝ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ

اوپر اُن کے ساتھ علم کے اور نہ تھے ہم غائب اور تولنا اُس دن حق ہے

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ

پس جو کوئی بھاری ہوئے تول اُس کے پس یہ لوگ وہ ہیں نجات پانے والے اور جو کوئی کہ

خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ بِمَا

ہلکی ہوئی تول اُس کی پس یہ لوگ ہیں جنہوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو سبب اس کے

كَانُوا بِآيٰتِنَا يَظْلِمُونَ ۝ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْأَرْضِ

کہ تھے ساتھ نشانیوں ہماری کے ظلم کرتے اور تحقیق قدرت دی ہم نے تم کو بیچ زمین کے

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ ۝ وَلَقَدْ

اور کیں ہم نے واسطے تمہارے بیچ اس کے معیشتیں تھوڑا شکر کرتے ہو اور البتہ تحقیق

خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰئِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ

پیدا کیا ہم نے تم کو پھر صورت بنائی تمہاری پھر کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدم کو

فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ لَمْ يَكُنْ مِنَ السّٰجِدِينَ ۝ قَالَ

پس سجدہ کیا اُنہوں نے مگر ابلیس نہیں ہوا سجدہ کرنے والوں سے کہا

مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْهُ خَلَقْتَنِي

کس چیز نے منع کیا تجھ کو کہ نہ سجدہ کیا تو نے جب حکم کیا میں نے تجھ کو کہا میں بہتر ہوں اس سے پیدا کیا تو نے مجھ کو

مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ ۝ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا

آگ سے اور پیدا کیا اُس کو مٹی سے کہا پس اُتر اُس میں سے پس نہیں لائق

منزل ۲ ع ۱

موضح القرآن ف ہر شخص کے عمل لکھے ہیں موافق وزن کے وہی کلام ہے کہ صدق سے اور رغبت سے موافق حکم کیا اور رجل لئے اُس کا وزن بڑھ گیا اور دکھاوے کو یا رسم کو کیا یا موافق حکم کیا یا مستک برسم کیا تو وزن گھٹ گیا فرشتے ہیں وہ کاغذ تو لیتے جتنے پر کلام بھاری ہے تو بھرے کو اور ہلکے ہو تو بدلہ دیا

يَكُونُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِينَ ۝

واسطے تیرے یہ کہ تکبر کرے تو بیچ اس کے پس نکل تحقیق تو ذلیلوں سے ہے

قَالَ أَنْظِرْنِي إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِينَ ۝

کہا ڈھیل دے مجھ کو اس دن تک کہ اٹھائے جاویں کہا تو ڈھیل دیے گیوں سے ہے

قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ۝

کہا پس قسم ہے اس کی کہ گمراہ کیا تو نے مجھ کو البتہ بیٹھوں گا میں واسطے ان کے راہ تیری سیدھی پر

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ

پھر البتہ آؤں گا میں پاس ان کے آگے ان کے سے اور پیچھے ان کے سے اور

أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شٰكِرِينَ ۝ قَالَ اخْرُجْ

داہنے ان کے سے اور بائیں ان کے سے اور نہیں پاوے گا تو اکثر ان کے کو شکر کرنے والے کہا نکل

مِنْهَا مَذْءُومًا مَدْحُورًا لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ

اس سے برے حال سے راندہ ہوا البتہ جو کوئی پیروی کرے گا تیری ان میں سے البتہ بھروں گا میں

جَهَنَّمَ مِنْكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ

دوزخ کو تم سب سے اور اے آدم رہ تو اور جورو تیری

الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

بہشت پس کھاؤ جہاں سے چاہو تم اور مت نزدیک جاؤ اس درخت کے

فَتَكُونَا مِنَ الظّٰلِمِينَ ۝ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ

پس ہو جاؤ گے ظالموں سے پس وسوسہ ڈالا ان دونوں کو شیطان نے

لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ

تو کہ ظاہر کردے واسطے ان کے جو کچھ کہ چھپایا گیا تھا ان سے شرمگاہ ان کی سے اور کہا

مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ إِلَّا أَنْ تَكُونَا

نہ منع کیا تم کو پروردگار تمہارے نے اس درخت سے مگر اس خطرہ سے کہ ہو جاؤ تم

مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ الْخٰلِدِينَ ۝ وَقَاسَمَهُمَا إِنِّي لَكُمَا

دو فرشتے یا ہو جاؤ تم ہمیشہ رہنے والوں سے اور قسم کھائی ان دونوں کے آگے کہ البتہ میں واسطے

ل ۲ منزل ۲

فہم القرآن
یعنی میں تو گمراہ ہوا
انسان کی بھی راہ
ماروں گا ۱۲ وف
عیب دیکھنے کی بھی
حاجت نہ تھی اور نہ
شہوت کی جنت میں
تھی اور ان کے بدن
پر کپڑے تھے کبھی
اترتے نہ تھے کہ ان کو
کی حاجت نہ ہوتی
تھی یا اپنے اعضا سے
واقف نہ تھے جب
گناہ ہوا تو لوازم
بشری پیدا ہوئے
اپنی حاجت سے خبردار
ہوئے اور اپنے اپنے
اعضاء دیکھے ۱۲ موضح

لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ○ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ

واسطے تمہارے خیرخواہوں سے ہوں ۔ پس فریب دیا ان کو ساتھ فریب کے ۔ پس جب چکھا ان دونوں نے اس درخت

بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ

ظاہر ہوئیں واسطے ان دونوں کے شرمگاہیں ان کی اور شروع کیا ان دونوں نے گانٹھنے اوپر اپنے پات

الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ

بہشت کے سے اور پکارا ان کو پروردگار ان کے نے کیا نہ منع کیا تھا میں نے تم کو اس درخت سے

وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ قَالَا

اور نہ کہا تھا میں نے تم کو کہ تحقیق شیطان واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر کہا دونوں نے

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

اے رب ہمارے ظلم کیا ہم نے جانوں اپنی کو اور اگر نہ بخشے گا تو ہم کو اور نہ رحم کرے گا تو ہم کو البتہ ہو جاویں گے ہم

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ

ٹوٹا پانے والوں سے ۔ کہا اترو تم بعضے تمہارے واسطے بعضوں کے دشمن ہیں

وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ○

اور واسطے تمہارے بیچ زمین کے ٹھکانا ہے اور اسباب فائدہ ہے ایک مدت تک

قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ○

کہا بیچ اسی کے جیوگے تم اور بیچ اس کے مروگے تم اور اسی سے نکالے جاؤ گے تم

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ

اے بیٹو آدم کے تحقیق اتارا ہم نے اوپر تمہارے پہناوا کہ ڈھانکتا ہے شرمگاہ تمہاری کو

وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اور اتارا پہناوا زینت کا اور پہناوا پرہیزگاری کا یہ بہتر ہے یہ نشانیوں اللہ کی سے ہے

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ

تو کہ وہ نصیحت پکڑیں ۔ اے بیٹو آدم کے نہ بہکاوے تم کو شیطان جیسے

اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا

نکال دیا ماں باپ تمہارے کو بہشت سے اتارتا تھا ان سے لباس ان کا تو کہ دکھلاوے ان کو


منزل ۲

ع ۲ ۹

موضح القرآن

یعنی دشمن نے جنت کے کپڑے تم سے اتروائے پھر ہم نے تم کو دنیا میں تدبیر لباس کی سکھلادی اچھی لباس پہنو جس میں پرہیزگاری ہو یعنی مرد لباس ریشمی پہنے اور دامن لمبے اور جو منع ہوا ہے سو نہ کرے اور عورت بہت باریک نہ پہنے کہ لوگوں کو بدن نظر آوے اور اپنی زینت نہ دکھاوے

منہ رحمہ اللہ تعالیٰ



سَوْاٰتِهِمَا ۭ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۭ

شرمگاہ اُن کی تحقیق دیکھتا ہے تم کو وہ اور کنبہ اُس کا اُس طرح سے کہ نہیں دیکھتے تم اُن کو

اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

تحقیق کیا ہم نے شیطان کو دوست واسطے اُن لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَاۗءَنَا وَاللّٰهُ

اور جب کرتے ہیں بے حیائی کہتے ہیں پایا ہم نے اوپر اس کے باپوں اپنوں کو اور اللہ نے

اَمَرَنَا بِهَا ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ۭ اَتَقُوْلُوْنَ

حکم کیا ہے ہم کو ساتھ اس کے کہہ تحقیق اللہ نہیں حکم کرتا ساتھ بے حیائی کے کیا کہتے ہو

عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۣ وَ

اوپر اللہ کے جو کچھ نہیں جانتے تم کہہ حکم کرتا ہے پروردگار میرا ساتھ انصاف کے اور

اَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ

سیدھا کرو منہ اپنے کو نزدیک ہر نماز کے اور پکارو اُس کو خالص کر کر

لَهُ الدِّيْنَ ڛ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا هَدٰى

واسطے اُس کے عبادت جیسے پہلے پیدا کیا تم کو پھر آؤ گے ایک فرقے کو ہدایت کی

وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ

اور ایک فرقہ کہ ثابت ہوئی اوپر اُن کے گمراہی تحقیق انہوں نے پکڑا شیطانوں کو

اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

دوست سوائے خدا کے اور گمان کرتے ہیں کہ وہ راہ پانے والے ہیں

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا

اے بیٹو آدم کے لو زینت اپنی نزدیک ہر نماز کے اور کھاؤ

وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ښ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ قُلْ

اور پیو اور مت حد سے نکل جاؤ تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا حد سے نکل جانے والوں کو کہہ

مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ

کس نے حرام کی ہے زینت اللہ کی جو نکالی واسطے بندوں اپنے کے اور پاکیزہ چیزیں

موضح القرآن ف۱
یعنی ننگ جیسے کہ پہلے
باپ نے شیطان کا فریب
کھایا جس باپ کی یہ اولاد
ننگ لائے [illegible]
ف۲ اپنی رونق یعنی
لباس نماز میں ضرور
ہے مرد کو کپڑے تا
ناف تک ڈھانکنا اور
عورت کو سارا بدن
مگر منہ ہاتھ [illegible]
نیچے اور نفل سے اوپر
کھلنا معاف [illegible]
[illegible]
حلال [illegible]
بہتر نہیں [illegible]
[illegible]
جو کام منع ہے [illegible]

رکوع ۱۰ ع

الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً
رزق سے کہہ واسطے اُن لوگوں کے ہے کہ ایمان لائے بیچ زندگانی دنیا کے خالص ہیں

يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝
دن قیامت کے اسی طرح مفصل بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں واسطے اُس قوم کے کہ جانتے ہیں

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ
کہہ سوائے اس کے نہیں کہ حرام کی ہیں پروردگار میرے نے بےحیائیاں جو ظاہر ہیں اُن میں سے اور جو چھپی ہیں

وَالْإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ
اور گناہ اور سرکشی ساتھ ناحق کے اور یہ کہ شریک لاؤ ساتھ اللہ کے وہ چیز کہ نہیں اتاری

بِهِ سُلْطَانًا وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلِكُلِّ
ساتھ اس کے دلیل اور یہ کہ کہو اوپر اللہ کے جو کچھ کہ نہیں جانتے اور واسطے ہر ایک

أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً
اُمت کے ایک وقت ہے مقرر پس جب آتا ہے وقت اُن کا نہیں پیچھے رہ جاتے ہیں ایک ساعت

وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝ يَا بَنِي آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ
اور نہ آگے نکل جاتے ہیں اے بیٹو آدم کے اگر آویں تمہارے پاس پیغمبر

مِنْكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا
تم میں سے بیان کریں اوپر تمہارے نشانیاں میری پس جو کوئی پرہیزگاری کرے اور اصلاح کرے پس نہیں

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا
ڈر اوپر اُن کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جن لوگوں نے جھٹلایا

بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا
نشانیوں ہماری کو اور تکبر کیا اُن سے یہ لوگ رہنے والے ہیں آگ کے وہ بیچ اُس کے

خَالِدُونَ ۝ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا
ہمیشہ رہنے والے ہیں پس کون شخص ہے بہت ظالم اُس شخص سے کہ باندھے اوپر اللہ کے جھوٹ

أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ أُولَٰئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُمْ مِنَ الْكِتَابِ
یا جھٹلاوے نشانیوں اُس کی کو یہ لوگ پہنچے گا اُن کو حصہ اُن کا لکھے میں سے

منزل ۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی منع کرو میں نہیں نہ کرے باقی کھانا پینا سب واسطے اُنہی کے جو سدا ہیں ٹھیک سو اُن کے واسطے بنا ہی ہے دنیا میں کافر بھی شریک ہو گئے آخرت میں فقط اُنھی کو ہے ۱۲ منہ

حَتّٰىٓ اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ

یہاں تک کہ جب آویں گے پاس اُن کے بھیجے ہوئے ہمارے قبض کرتے ہوئے اُن کو کہیں گے کہاں ہیں جن کو تھے تم

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا

پکارتے سوائے خدا کے کہیں گے کھوئے گئے ہم سے اور گواہی دیں گے

عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ

اوپر جانوں اپنی کے یہ کہ وہ تھے کافر کہے گا داخل ہو بیچ

اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ

اُن جماعتوں کے کہ تحقیق گزری ہیں پہلے تم سے جنوں سے اور آدمیوں سے بیچ آگ کے

كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓي اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا

جب داخل ہوگی ایک جماعت لعنت کرے گی بہن اپنی کو یہاں تک کہ جب مل جاویں گے بیچ اس کے

جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ اَضَلُّوْنَا

سب کہیں گے پچھلے اُن کے واسطے اگلوں کے اے رب ہمارے انہوں نے گمراہ کیا تھا ہم کو

فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ڛ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّ

پس دے اُن کو عذاب دونا آگ سے کہے گا واسطے ہر ایک کے دونا ہے

لٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ

ولیکن نہیں جانتے تم اور کہا اگلوں اُن کے نے واسطے پچھلوں کے پس نہ ہوئی

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ

واسطے تمہارے اوپر ہمارے کچھ زیادتی پس چکھو عذاب کو بسبب اُس کے کہ تھے تم

تَكْسِبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا

کماتے تحقیق جن لوگوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو اور تکبر کیا

عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاۗءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

اُن سے نہ کھولے جاویں گے واسطے اُن کے دروازے آسمان کے اور نہ داخل ہوں گے بہشت میں

حَتّٰي يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي

یہاں تک کہ داخل ہو جاوے اونٹ بیچ ناکے سوئی کے اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم

منزل ۲

ع ۵

موضح القرآن
یعنی ایک حساب
پہلی اُمت کا گناہ
زیادہ کہ پچھلوں کو راہ
ڈالی اور ایک حساب پچھلوں
کا کہ اگلوں کا
حال دیکھ کر نہ
سمجھے

الْمُجْرِمِينَ ۝ لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ

گنہگاروں کو واسطے اُن کے دوزخ سے بچھونا ہے اور اوپر اُن کے سے بالاپوش ہیں

وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم ظالموں کو اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصَّالِحَاتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ

اچھے نہیں تکلیف دیتے ہم کسی کو مگر طاقت اُس کی پر یہ لوگ رہنے والے ہیں

الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم

بہشت کے وہ بیچ اُس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں اور کھینچ لیا ہم نے جو کچھ کہ بیچ سینوں اُن کے کے تھا

مِّنْ غِلٍّ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ وَقَالُوا الْحَمْدُ

ناخوشی سے چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں اور کہا انھوں نے سب تعریف

لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ

واسطے اللہ کے ہے جس نے ہدایت کیا ہم کو طرف اس کے اور نہ تھے ہم کہ راہ پاویں اگر نہ راہ دکھاتا

هَدَانَا اللَّهُ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُودُوا

ہم کو اللہ البتہ تحقیق آئے تھے پیغمبر پروردگار ہمارے کے ساتھ حق کے اور پکارے جاویں گے

أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَنَادَىٰ

کہ یہ ہے بہشت وارث کیے گئے ہو تم اس کے سبب اس کے کہ تھے تم کرتے اور پکاریں گے

أَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابَ النَّارِ أَن قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا

رہنے والے بہشت کے رہنے والوں دوزخ کو یہ کہ تحقیق پایا ہم نے جو کچھ وعدہ دیا تھا ہم کو

رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدتُّم مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا قَالُوا

رب ہمارے نے سچ پس کیا پایا تم نے بھی جو کچھ وعدہ دیا تھا پروردگار تمہارے نے سچ کہیں گے

نَعَمْ فَأَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ أَن لَّعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ۝

ہاں پس پکارے گا ایک پکارنے والا درمیان اُن کے یہ کہ لعنت خدا کی اوپر ظالموں کے

الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا

جو لوگ کہ بند کرتے ہیں راہ خدا کی سے اور چاہتے ہیں واسطے اس کے کجی

منزل ۲

موضح القرآن یعنے
فی معلوم ہوا کہ نیکو
دل میں بھی آپس میں
خفگی ہوگی جنت کے
قریب پہنچ کر آپس میں
دل صاف ہوں گے
تب جنت میں جاویں
حضرت علی کرم اللہ وجہہ
نے فرمایا کہ میں اور
عثمان و طلحہ و
زبیر انھی لوگوں میں
ہیں جنت کے
وارث فرمایا یعنے
آدم کی میراث
تھی ۱۲ [illegible]

وَهُمْ بِالْآخِرَةِ كَافِرُونَ ۝ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْأَعْرَافِ

اور وہ ساتھ آخرت کے کافر ہیں ف اور درمیان اُن کے ایک پردہ ہوگا اور اوپر اعراف کے

رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ ۚ وَنَادَوْا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ

مرد ہوں گے کہ پہچانتے ہیں ہر ایک کو چہرے اُن کے سے اور پکاریں گے رہنے والوں بہشت کے کو

أَنْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ ۚ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ ۝ وَإِذَا

کہ سلامتی ہے اوپر تمہارے وہ ابھی نہیں داخل ہوئے بہشت میں اور وہ اُمید رکھتے ہیں ف اور جب

صُرِفَتْ أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ قَالُوا رَبَّنَا لَا

پھیری جاتی ہیں نظریں اُن کی طرف رہنے والوں آگ کے کہتے ہیں اے ہمارے رب مت

تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَنَادَىٰ أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ

کہا اے قوم میری کیا دیکھا تم نے اگر ہوں میں اوپر دلیل کے پروردگار اپنے سے اور

آتَانِي رَحْمَةً مِّنْ عِندِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا

اور دی ہو مجھ کو رحمت یعنی نبوت نزدیک اپنے سے پس چھپائی گئی اوپر تمہارے کیا لگا دیویں ہم تم کو وہ رحمت

وَأَنتُمْ لَهَا كَارِهُونَ ۝ وَيَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا

اور تم اس کو ناخوش رکھنے والے ہو اور اے قوم میری نہیں مانگتا میں تم سے اوپر اس کے کچھ مال

إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الَّذِينَ آمَنُوا

نہیں بدلا میرا مگر اوپر اللہ کے ہے اور نہیں میں ہانک دینے والا ان لوگوں کو کہ ایمان لائے

إِنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ ۝

تحقیق وہ ملنے والے ہیں رب اپنے سے ولیکن میں دیکھتا ہوں تم کو ایک قوم ہو کہ جہالت کرتے ہو

ع ۲ / ۱۶

منزل ۳

موضح القرآن ف: یعنی سطحی سی نظر میں

وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ

اور اے قوم میری کون چھڑا دے گا مجھ کو اللہ سے اگر ہانک دوں میں ان کو کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے اور

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

اور نہیں کہتا میں تم سے کہ نزدیک میرے خزانے خدا کے ہیں اور نہیں جانتا میں غیب کو

وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّىْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ

اور نہیں کہتا میں کہ تحقیق میں فرشتہ ہوں اور نہیں کہتا میں واسطے ان لوگوں کے کہ حقیر دیکھتی ہیں ان کو

اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

آنکھیں تمہاری کہ ہرگز نہ دے گا ان کو اللہ بھلائی اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ بیچ جیوں ان کے ہے

اِنِّىْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ؀ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ

تحقیق میں اس وقت البتہ ظالموں میں ہوں کہنے لگے اے نوح تحقیق جھگڑا کیا تو نے ہم سے پس بہت کیا تو نے

جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ؀

جھگڑا ہم سے پس لے آ ہمارے پاس جو کچھ وعدہ دیتا ہے تو ہم کو اگر ہے تو سچوں سے

منزل ۳

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَاۗءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ؀

کہا سوائے اس کے نہیں کہ لے آوے گا تمہارے پاس اس کو اللہ اگر چاہے گا اور نہیں تم عاجز کرنے والے

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ

اور نہیں فائدہ دیگی تم کو نصیحت میری اگر ارادہ کروں میں کہ نصیحت کروں میں تم کو اگر ہو

اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ؀ۭ

اللہ ارادہ کرتا یہ کہ گمراہ کرے تم کو وہ پروردگار تمہارا ہے اور طرف اسی کے پھیرے جاؤ گے تم

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ

کیا کہتے ہیں کہ باندھ لیا ہے اس کو کہہ اگر باندھ لیا ہے میں نے اس کو پس اوپر میرے ہے گناہ میرا

ع ۳

وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ؀ۧ وَاُوْحِيَ اِلٰي نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ

اور میں بے تعلق ہوں اس چیز سے کہ گناہ کرتے ہو تم اور وحی کی گئی طرف نوح کی یہ کہ ہرگز نہ

يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا

ایمان لاوے گا قوم تیری سے مگر جو تحقیق ایمان لا چکے پس مت غم کھا ساتھ اس چیز کے کہ تھے

موضح القرآن ف۱
کافر غریب مسلمانوں کو رذیل ٹھہراتے اور چاہتے کہ ان کو ہانک دو تو ہم تمہارے پاس بیٹھیں، سو فرمایا کہ دل کی بات اللہ تحقیق کرے گا جب اس سے ملیں گے میں اگر ہانکوں ان کو تو اللہ سے کون چھڑاوے اور سمجھ کر رذیل ٹھہرایا اس پر کہ وہ کسب کرتے تھے سب سے بہتر ملا تھی ہنر اسی واسطے فرمایا کہ وہ اللہ سے ملنے والے ہیں ف۲ وہ جو کہتے تھے کہ تم میں ہم آپ سے بڑائی نہیں دیکھتے سو فرمایا کہ میں فرشتہ نہیں غیب کی خبر نہیں رکھتا اللہ کے خزانے میرے ہاتھ نہیں اور وہ جو اللہ نے مہر کی ہے مجھ پر تمہاری آنکھ سے چھپی ہے ۱۲ ف۳ یعنی جتنے جواب سوال اس قوم کے تھے وہی تھے حضرت کی قوم کے گویا یہ سب جواب ان کو ملے

ایک ان کا بنا دعویٰ تھا دو آگے فرمایا ۱۲ ف حضرت نوح کتاب نہ لائے تھے کہ ان کی قوم یہ بات کہتی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

يَعْمَلُونَ ○ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا

کرتے اور بنا کشتی ساتھ آنکھوں ہماری کے اور وحی ہماری کے اور مت

تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ○ وَيَصْنَعُ

گفتگو کر بیچ اُن لوگوں کے کہ ظلم کرتے ہیں تحقیق وہ ڈبائے جاویں گے اور بناتا تھا

الْفُلْكَ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ قَالَ

کشتی کو اور جب گزرتے اوپر اس کے سردار قوم اس کی سے ٹھٹھا کرتے اس سے کہا

إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ○ فَسَوْفَ

اگر تم ٹھٹھا کرتے ہو ہم سے پس ہم بھی ٹھٹھا کریں گے تم سے جیسا ٹھٹھا کرتے ہو تم پس البتہ

تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ

جانو گے تم کون شخص ہے کہ آوے گا اس کو عذاب کہ رسوا کرے گا اس کو اور اترتا ہے اوپر اس کے عذاب

مُّقِيمٌ ○ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ قُلْنَا احْمِلْ

ہمیشہ رہنے کا یہاں تک کہ جب آیا حکم ہمارا اور جوش مارا پانی نے تنور میں کہا ہم نے چڑھا لے

فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ

بیچ اس کے ہر قسم سے جوڑا دو عدد اور اہل اپنے کو مگر جس پر چل چکی پہلے

عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ○ وَقَالَ

بات اور ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور نہیں ایمان لائے تھے ساتھ اس کے مگر تھوڑے اور کہا نوح

ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ

نے کہ سوار ہو بیچ اس کے ساتھ نام اللہ کے ہے چلنا اس کا اور ٹھہرنا اس کا تحقیق رب میرا البتہ بخشنے والا

رَّحِيمٌ ○ وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ

مہربان ہے اور وہ بھی چلتی تھی ساتھ ان کے بیچ موجوں کے مانند پہاڑوں کے اور پکارا

نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن

نوح نے بیٹے اپنے کو اور تھا وہ بیچ کنارہ کے اے بیٹے میرے چڑھ لے ساتھ ہمارے اور مت ہو

مَّعَ الْكَافِرِينَ ○ قَالَ سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ

ساتھ کافروں کے کہا شتاب جگہ پکڑ لیتا ہوں میں طرف پہاڑ کے کہ بچا لے گا مجھ کو

منزل ٣

موضح القرآن ف ١ وہ ہنستے تھے اس کو کہ خشک بن میں غرق کا بچاؤ کرتا ہے یہ ہنستے اس پر کہ یہ سر پر کھڑی ہے اور یہ ہنستے ہیں ف ٢ ہر جانور کا جوڑا اس کو کہا کشتی میں جس کی نسل رہنی اللہ تھی اور گھر والوں میں سے جس پر بات پڑ چکی ایک بیٹا کنعان اور اس کی ماں سو ڈوبے اور تین بیٹے بچے جن کی اولاد دی خلق ہے اور تنور تھا حضرت نوح کے گھر میں طوفان کا نشان بتا رکھا تھا کہ جب اس تنور سے پانی اُبلے تب کشتی میں سوار ہو جاؤ ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَ

پانی سے کہا نہیں بچانے والا آج کے دن حکم خدا کے سے مگر جس کو رحم کرے اللہ اور

حَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ ○ وَقِيلَ يَا أَرْضُ

حائل ہو گئی درمیان ان دونوں کے موج پس ہو گیا ڈوبنے والوں سے ف۱ اور کہا گیا اے زمین

ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ

نگل جا پانی اپنا اور اے آسمان بس کر یعنی تھم اور خشک کیا گیا پانی اور تمام کیا گیا کام

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ ۖ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○

اور لگی وہ کشتی اوپر جودی پہاڑ کے اور کہا گیا لعنت ہو جیو واسطے قوم ظالموں کے ف۲

وَنَادَىٰ نُوحٌ رَّبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَإِنَّ

اور پکارا نوح نے پروردگار اپنے کو پس کہا اے پروردگار میرے تحقیق بیٹا میرا اہل میرے سے ہے اور تحقیق

وَعْدَكَ الْحَقُّ وَأَنتَ أَحْكَمُ الْحَاكِمِينَ ○ قَالَ يَا نُوحُ إِنَّهُ

وعدہ تیرا سچ ہے اور تو بہتر حکم کرنے والا ہے سب حکم کرنے والوں سے ف۳ کہا اے نوح تحقیق وہ

لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۖ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا

نہیں ہے اہل تیرے سے تحقیق اس کا عمل ہے ناشائستہ پس مت سوال کر مجھ سے اس چیز کا

لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۖ إِنِّي أَعِظُكَ أَن تَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ○

کہ نہیں واسطے تیرے ساتھ اس کے علم تحقیق میں نصیحت کرتا ہوں تجھ کو یہ کہ ہووے تو جاہلوں سے ف۴

قَالَ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ

کہا اے پروردگار میرے تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے یہ کہ سوال کروں میں تجھ سے وہ چیز کہ نہیں علم

وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُن مِّنَ الْخَاسِرِينَ ○ قِيلَ

اور اگر نہ بخشے گا تو مجھ کو اور نہ رحم کرے گا تو مجھ کو ہو جاؤں گا میں ٹوٹا پانے والوں سے ف۵ کہا گیا

يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِّنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ أُمَمٍ مِّمَّن

اے نوح اتر ساتھ سلامتی کے ہماری طرف سے اور برکتوں کے اوپر تیرے اور اوپر امتوں کے ان لوگوں سے

مَّعَكَ ۚ وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ○

کہ ساتھ تیرے ہیں اور امتیں ہیں کہ البتہ فائدہ دیں گے ہم ان کو پھر لگے گا ان کو ہماری طرف سے عذاب دکھ دینے والا ف۶

الربع

منزل ٣

موضح القرآن

ف۱ اس دن بلند پہاڑ کے بلند درخت بھی ڈوب گئے تھے کہ پرندوں کا بچاؤ نہ تھا ۱۲ ف۲ چالیس دن پانی آسمان سے برسا اور زمین سے ابلا پھر چھ مہینے بعد پہاڑوں کے سر کھلے تو کشتی لگی جودی پہاڑ سے وہ پہاڑ ملک شام میں ہے ۱۲ ف۳ یعنی کہ ایک عورت تو ملا میں آ چکی اب بیٹا بھی جاتا ہے بیٹے کو ہلاکت میں گن جانا نجات میں ۱۲ ف۴ دعا وہی پوچھنا وہی ہے جو معلوم ہو لیکن جو معلوم ہو جاتے یہ کام ہے جاہل کا کہ آگے کی ترتیبی نہ دیکھے پورے کی پھر پوچھے ۱۲ ف۵ حضرت نوح نے توبہ کی لیکن یہ نہ کہا کہ پھر ایسا نہ کروں گا کہ اس میں دعویٰ نکلتا ہے سو بندہ کو کیا مقدور ہے بچنا اسی کی پناہ مانگے کہ بھلا پھر نہ ہووے ۱۲ ف۶ حق تعالیٰ نے تسلی فرما دی کہ پھر ساری نوع انسان پر ہلاکت نہ آوے گی قیامت سے پہلے مگر بعض فرقے ہلاک ہوں گے ۱۲ منہ رح

تلك من انباء الغيب نوحيها اليك ما كنت تعلمها

یہ خبریں غیب کی سے ہیں کہ وحی کرتے ہیں ہم اُن کو طرف تیرے نہ تھا تو جانتا اُن کو

انت ولا قومك من قبل هذا فاصبر ان العاقبة

تو اور نہ قوم تیری پہلے اس سے پس صبر کر تحقیق آخر کار

للمتقين ○ والى عاد اخاهم هودا قال يقوم اعبدوا

واسطے پرہیزگاروں کے ہے اور بھیجا طرف عاد کے بھائی اُن کے ہود کو کہا اے قوم میری عبادت کرو

الله ما لكم من اله غيره ان انتم الا مفترون ○ يقوم

اللہ کو نہیں واسطے تمہارے کوئی معبود سوا اُس کے نہیں تم مگر جھوٹ باندھنے والے اے قوم میری

لا اسئلكم عليه اجرا ان اجري الا على الذي فطرني

نہیں سوال کرتا میں تم سے اوپر اس کے مزدوری کا نہیں مزدوری میری مگر اوپر اس شخص کے پیدا کیا مجھ کو

افلا تعقلون ○ ويقوم استغفروا ربكم ثم توبوا

کیا پس نہیں سمجھتے تم اور اے قوم میری بخشش مانگو پروردگار اپنے سے پھر توبہ کرو

اليه يرسل السماء عليكم مدرارا ويزدكم قوة الى

طرف اُس کی بھیجے گا آسمان کو اوپر تمہارے برسنے والا اور زیادہ دے گا تم کو زور طرف

قوتكم ولا تتولوا مجرمين ○ قالوا يهود ما جئتنا ببينة

زور تمہارے کے اور مت پھر جاؤ گنہگار ہو کر کہا انہوں نے اے ہود نہیں لایا تو ہمارے پاس کوئی دلیل

وما نحن بتاركي الهتنا عن قولك وما نحن لك بمؤمنين

اور نہیں ہم چھوڑنے والے معبودوں اپنے کو کہنے تیرے سے اور نہیں ہم واسطے تیرے ایمان لانے والے

ان نقول الا اعترىك بعض الهتنا بسوء قال اني

نہیں کہتے ہم مگر یہ کہ آسیب پہنچایا ہے تجھ کو بعضے معبودوں ہمارے نے ساتھ برائی کے کہا تحقیق میں

اشهد الله واشهدوا اني بريء مما تشركون ○ من

شاہد کرتا ہوں اللہ کو اور رہو تم شاہد ہو تحقیق میں بھی بیزار ہوں اس چیز سے کہ شریک لاتے ہو تم سوائے

دونه فكيدوني جميعا ثم لا تنظرون ○ اني

اس کے پس مکر کرو تم مجھ سے سب پھر مت ڈھیل دو مجھ کو تحقیق میں نے

منزل ٣

توكلت على الله ربي وربكم ما من دآبة الا هو

توکل کیا اوپر اللہ کے پروردگار اپنے کے اور پروردگار تمہارے کے نہیں کوئی چلنے والا مگر وہ

اخذ بناصيتها ان ربي على صراط مستقيم ۝ فان

پکڑنے والا ہے پیشانی اُس کی تحقیق پروردگار میرا اوپر راہ سیدھی کے ہے ف۱ پس اگر

تولوا فقد ابلغتكم ما ارسلت به اليكم ويستخلف

پھر جاؤ تم پس تحقیق پہنچا دی ہیں نے تم کو وہ چیز کہ بھیجا گیا تھا میں ساتھ اُس کے طرف تمہارے اور جانشین کرے گا

ربي قوما غيركم ولا تضرونه شيئا ان ربي على كل

رب میرا کسی قوم کو سوائے تمہارے اور نہ ضرر کرو گے اُس کو کچھ تحقیق پروردگار میرا اوپر ہر

شيء حفيظ ۝ ولما جاء امرنا نجينا هودا والذين

چیز کے نگہبان ہے ف۲ اور جب آیا حکم ہمارا نجات دی ہم نے ہود کو اور اُن لوگوں کو

امنوا معه برحمة منا ونجينهم من عذاب غليظ ۝

ایمان لائے ساتھ اُس کے ساتھ رحمت کے اپنی طرف سے اور نجات دی ہم نے اُن کو عذاب گاڑھے سے ف۳

وتلك عاد جحدوا بايت ربهم وعصوا رسله واتبعوا

اور یہ تھے عاد کہ انکار کیا انہوں نے ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کے اور نافرمانی کی پیغمبروں اُس کے کی اور پیروی کی

امر كل جبار عنيد ۝ واتبعوا في هذه الدنيا لعنة

حکم ہر سرکش عناد کرنے والے کی اور پیچھے اُن کے بھیجی گئی بیچ اس دنیا کے لعنت

ويوم القيمة الا ان عادا كفروا ربهم الا بعدا لعاد

اور دن قیامت کے خبردار ہو تحقیق عاد نے کفر کیا ساتھ پروردگار اپنے کے خبردار ہو لعنت ہے واسطے عاد

قوم هود ۝ والى ثمود اخاهم صلحا قال يقوم اعبدوا

قوم ہود کے ف۴ اور بھیجا طرف ثمود کے بھائی ان کے صالح کو کہا اے قوم میری عبادت کرو

الله ما لكم من اله غيره هو انشاكم من الارض و

اللہ کو نہیں واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اُس کے اسی نے پیدا کیا تم کو زمین سے اور

استعمركم فيها فاستغفروه ثم توبوا اليه ان ربي

بسایا تم کو بیچ اُس کے پس بخشش مانگو اُس سے پھر پھر آؤ طرف اُس کے تحقیق پروردگار میرا

منزل ۳

موضح القرآن ف۱ یعنی جو سیدھی راہ چلے وہ اُس سے ملے ۱۲ ف۲ یعنی اللہ کے رسول کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے کہ اللہ نگہبان ہے ۱۲ ف۳ عذاب گاڑھا بھی مار ہی ہے جو دنیا میں آئی یا آخرت کے عذاب ۱۲ ف۴ یعنی قیامت کو یوں پکاریں گے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

قَرِيبٌ مُّجِيبٌ ○ قَالُوا يَا صَالِحُ قَدْ كُنتَ فِينَا مَرْجُوًّا قَبْلَ

نزدیک ہے دعا قبول کرنے والا کہا انہوں نے اے صالح تحقیق تھا تو بیچ ہمارے امید رکھا گیا پہلے

هَٰذَا أَتَنْهَانَا أَن نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا وَإِنَّنَا لَفِي شَكٍّ

اس سے کیا منع کرتا ہے تو ہم کو اس سے کہ عبادت کریں ہم اس چیز کو کہ عبادت کرتے تھے باپ ہمارے اور تحقیق ہم البتہ بیچ شک کے

مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ○ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ

اس چیز سے کہ پکارتا ہے تو ہم کو طرف اس کی شک میں ڈالنے والے کے کہا اے قوم میری کیا دیکھا تم نے اگر ہوں میں

عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَآتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَن يَنصُرُنِي

اوپر دلیل کے پروردگار اپنے سے اور دی اس نے مجھ کو اپنی طرف سے رحمت پس کون مدد دے گا مجھ کو

مِنَ اللَّهِ إِنْ عَصَيْتُهُ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ ○

خدا سے اگر نافرمانی کروں میں اس کی پس نہ زیادہ کرو گے تم مجھ کو سوائے نقصان دینے کے

وَيَا قَوْمِ هَٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ

اور اے قوم میری یہ اونٹنی اللہ کی واسطے تمہارے نشانی پس چھوڑ دو اس کو کھاتی پھرے بیچ زمین

اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ ○

اللہ کے اور مت ہاتھ لگاؤ اس کو ساتھ برائی کے پس پکڑے گا تم کو عذاب نزدیک ف۲

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ذَٰلِكَ

پس پاؤں کاٹ ڈالے اس کے پس کہا فائدہ اٹھاؤ بیچ گھر اپنے کے تین دن

وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ ○ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَ

وعدہ ہے نہیں جھوٹ کیا گیا پس جب آیا حکم ہمارا نجات دی ہم نے صالح کو اور

الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ إِنَّ

ان لوگوں کو کہ ایمان لائے تھے ساتھ اس کے ساتھ رحمت ہماری طرف سے اور رسوائی اس دن کی سے تحقیق

رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ○ وَأَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ

پروردگار تیرا وہی ہے زور آور غالب اور پکڑا ان لوگوں کو کہ ظلم کرتے تھے آواز تند نے

فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ○ كَأَن لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَا أَلَا

پس ہو رہے بیچ گھروں اپنے کے زانو پر گرے ہوئے گویا کہ نہ بسے تھے بیچ اس کے خبردار ہو

موضح القرآن ف۱ مجھ پر ہم کو یہ تھی توقع کہ ہونہار لگتا تھا کہ باپ دادے کی راہ روشن کرے گا تو لگا مٹانے ۱۲ ف۲ حضرت صالح سے قوم نے معجزہ مانگا حق تعالیٰ نے ان کی دعا سے پتھر میں سے اونٹنی نکالی اسی وقت اس نے بچہ دیا اسی وقت ماں کے برابر ہو گیا حضرت صالح نے فرمایا کہ جب تک اس کی تعظیم کرتے رہو گے تب تک دنیا کا عذاب نہ آوے گا جہاں وہ جاتی کھانے کو یا پینے کو سب جانور بھاگ جاتے اور آدمی کوئی اس کو نہ ہانکتا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

منزل ۳

اِنَّ ثَمُوْدَا۟ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۗ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ○ وَلَقَدْ جَآءَتْ

تحقیق ثمود نے کفر کیا تھا ساتھ رب اپنے کے خبردار ہو لعنت ہو جیو ثمود کو ف اور البتہ تحقیق آئے

رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا

بھیجے ہوئے ہمارے ابراہیم کے پاس ساتھ خوشخبری کے کہنے لگے سلام بھیجتے ہیں ہم کہا سلام ہے پس نہ

لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ○ فَلَمَّا رَآٰ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ

دیر کی کہ لے آیا گائے کا بچہ تلا ہوا ف ۲ پس جب دیکھے ہاتھ اُن کے کہ نہیں پہنچتے

اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ

طرف اس کی انجان ہوا اُن سے اور جی میں چھپایا ان سے ڈر کہا انہوں نے مت ڈر

اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ○ وَامْرَاَتُهٗ قَاۗىِٕمَةٌ فَضَحِكَتْ

تحقیق ہم بھیجے گئے ہیں طرف قوم لوط کے ف ۱ اور بی بی اس کی کھڑی تھی پس ہنسی

فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَاۗءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ○ قَالَتْ

پس بشارت دی ہم نے اس کو ساتھ اسحاق کے اور پیچھے سے اسحاق کے یعقوب کی ف ۲ کہا

يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ۭ اِنَّ هٰذَا

اے ہائے ہم کو کیا جنوں گی میں اور میں بڑھیا ہوں اور یہ خاوند میرا بوڑھا ہے تحقیق یہ

لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ○ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ

بات ہے تعجب کی کہا انہوں نے کیا تعجب کرتی ہو تو حکم خدا کے سے رحمت ہے

اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

اللہ کی اور برکتیں اس کی اوپر تمہارے ہیں اے اس گھر والو تحقیق وہ تعریف کیا گیا بزرگ ہے

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَاۗءَتْهُ الْبُشْرٰى

پس جب گیا ابراہیم سے ڈر اور آئی اس کو خوشخبری

يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ○ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ

جھگڑنے لگا ہم سے بیچ قوم لوط کے تحقیق ابراہیم البتہ تحمل والا دردمند

مُّنِيْبٌ ○ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَاۗءَ

رجوع کرنے والا ہے ف ۳ اے ابراہیم منہ پھیر لے اس بات سے تحقیق اب آیا ہے

ع ۶ ۶

منزل ۳

موضح القرآن ف ۱ ان پر عذاب آیا اس طرح کہ رات کو پڑے سوتے تھے فرشتے نے چنگھاڑ ماری سب کے جگر پھٹ گئے ۱۲ ف ۲ وہ کئی شخص فرشتے تھے قوم لوط پر جاتے تھے ہلاک کرنے کو اول حضرت ابراہیم پاس آئے کہ بشارت دی بیٹے کی اُن کو بی بی سے پہچانا تھا اول حضرت ابراہیم نے نہ پہچانا کہ فرشتے ہیں کھانا لے آئے ۱۲ منہ رح ف ۳ اُن کے ساتھ جو عذاب تھا اس کا ڈر پڑا اُن کے دل پر ۱۲ ف ۲ اس ڈر کے رفع ہونے سے خوش ہو کر ہنس پڑی حق تعالیٰ نے خوشی پر اور خوشیاں سنائیں ۱۲ ف ۳ حضرت لوط انہیں کے بھیجے گئے تھے پس قوم میں جب سنا کہ ان پر عذاب آیا ترس کھا کر سفارش کرنے لگے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

أَمْرُ رَبِّكَ وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ۝ وَلَمَّا

حکم پروردگار تیرے کا اور تحقیق وہ لوگ آنے والا ہے ان کو عذاب نہ پھیرا جاوے گا اور جب

جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَ

آئے بھیجے ہوئے ہمارے لوط کے پاس ناخوش ہوا ساتھ ان کے اور تنگ ہوا ان کے آنے سے دل میں اور

قَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ۝ وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ

کہا یہ دن ہے سخت ف۱ اور آئی اس کے پاس قوم اس کی دوڑتی ہوئی

إِلَيْهِ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ قَالَ يَا قَوْمِ

طرف اس کی اور پہلے اس سے تھے کرتے برائیاں کہا اے قوم میری

هَٰؤُلَاءِ بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ

یہ ہیں بیٹیاں میری وہ بہت پاکیزہ ہیں واسطے تمہارے پس ڈرو اللہ سے اور مت رسوا کرو مجھ کو

فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ ۝ قَالُوا لَقَدْ

بیچ مہمانوں میرے کے کیا نہیں تم میں سے کوئی مرد اچھا ف۲ کہا انہوں نے تحقیق

عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ۝

جانتا ہے تو نہیں واسطے ہمارے بیچ بیٹیوں تیری کے کچھ حق اور تحقیق تو جانتا ہے جو کچھ ارادہ کرتے ہیں ہم

قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ۝

کہا کاش کہ ہوتا واسطے میرے ساتھ تمہارے زور یا جگہ پکڑتا میں طرف قلعہ محکم کے

قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَصِلُوا إِلَيْكَ ۖ فَأَسْرِ

کہا انہوں نے اے لوط تحقیق ہم بھیجے ہوئے ہیں رب تیرے کے ہرگز نہ پہنچ سکیں گے طرف تیرے پس لے جا

بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا

لوگوں اپنے کو ایک ٹکڑے رات کے سے اور نہ منہ پھیرے پیچھے تم میں سے کوئی مگر

امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ

جورو تیری تحقیق وہ پہنچنے والا ہے اس کو جو کچھ پہنچا ان کو تحقیق وقت وعدہ ان کے کا صبح ہے

أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ ۝ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا

کیا نہیں صبح نزدیک ف۳ پس جب آیا حکم ہمارا کیا ہم نے اوپر اس کا نیچے اس کے

ل ۳ منزل

موضح القرآن

ف۱ یہ فرشتے لڑکے بن کر آئے اور حضرت لوط کو اس قوم کی خو معلوم تھی اس سے خفا ہوئے کہ رسوائی کرنی پڑی ۱۲

ف۲ فرشتے مہمان اترے ان کے گھر اور قوم دیکھ کر دوڑی تو ان کو بچانے کو خواہ اپنی بیٹیاں بیاہ دینی قبول کرنے لگے لیکن وہ کب مانتے تھے اس وقت کافر سے بیاہ دینا منع نہ تھا ۱۲

ف۳ ہمارے حضرت کو مکہ فتح ہوا صبح کے وقت شاید یہی اشارت ہو ۱۲ منہ

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ ۝ مُّسَوَّمَةً

اور برسائے ہم نے اوپر اس کے پتھر کنکر کے ته به ته نشان کیے ہوئے

عِندَ رَبِّكَ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ ۝ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ

نزدیک پروردگار تیرے کے اور نہیں وہ ظالموں سے دور اور بھیجا طرف مدین کے

أَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ

بھائی ان کے شعیب کو کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کی نہیں واسطے تمہارے کوئی معبود

غَيْرُهُ وَلَا تَنقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ

سوائے اس کے اور مت کم کرو پیمانے کو اور تول کو تحقیق میں دیکھتا ہوں تم کو بیچ بھلائی کے

وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ۝ وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا

اور تحقیق میں ڈرتا ہوں اوپر تمہارے عذاب دن گھیرنے والے کے سے اور اے قوم میری پورا کرو

الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ

پیمانے کو اور تول کو ساتھ انصاف کے اور مت کم دو لوگوں کو چیزیں ان کی

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ بَقِيَّتُ اللَّهِ خَيْرٌ لَّكُمْ

اور مت پھرو بیچ زمین کے فساد کرتے ف۱ باقی رکھا ہوا اللہ کا بہتر واسطے تمہارے

إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ ۝ قَالُوا يَا شُعَيْبُ

اگر ہو تم ایمان والے اور نہیں میں اوپر تمہارے نگہبان کہا انہوں نے اے شعیب

أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَن نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَن نَّفْعَلَ

کیا نماز تیری حکم کرتی ہے تجھ کو یہ کہ چھوڑ دیں ہم اس چیز کو کہ عبادت کرتے تھے باپ ہمارے یا یہ کہ کریں ہم

فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ۝ قَالَ

بیچ مالوں اپنے کے جو چاہیں تحقیق تو البتہ تحمل والا بھلائی والا ہے ف۲ کہا

يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَرَزَقَنِي مِنْهُ

اے قوم میری کیا دیکھا تم نے اگر ہوں میں اوپر دلیل ظاہر کے پروردگار اپنے سے اور دیا مجھ کو اپنی طرف سے

رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ

رزق نیک اور نہیں ارادہ کرتا میں یہ کہ مخالفت کروں میں تمہاری طرف اس چیز کی کہ منع

ع ۸ النصف

منزل ۳

موضح القرآن
ف۱ نقل ہے کہ آپ
کے روپیے پر پیسے
ف۲ جاہلوں کا دستور
ہے کہ نیکوں کے کام
نہ آپ کر سکیں تو انہی
کو تکیں چڑانے
یہی حال تھا کفر

إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا تَوْفِيقِي

میں نہیں ارادہ کرتا میں مگر کام سنوارنا جب تک کہ سکوں میں اور نہیں توفیق میری

إِلَّا بِاللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ۝ وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ

مگر ساتھ اللہ کے اوپر اسی کے توکل کیا میں نے اور طرف اسی کی رجوع کرتا ہوں میں اور اے قوم میری نہ باعث ہووے تم کو

شِقَاقِي أَن يُصِيبَكُم مِّثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ

مخالفت میری کا یہ کہ پہنچ جاوے تم کو مانند اس چیز کی کہ پہنچ گیا تھا قوم نوح کی کو یا قوم

هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ ۝ وَ

ہود کی کو یا قوم صالح کی کو اور نہیں قوم لوط کی تم میں سے دور اور

اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ ۝

بخشش مانگو پروردگار اپنے سے پھر پھر آؤ طرف اس کی تحقیق رب میرا مہربان ہے دوستدار

قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا

کہا انہوں نے اے شعیب نہیں سمجھتے ہم بہت جو کچھ کہتا ہے تو اور تحقیق البتہ دیکھتے ہیں ہم تجھ کو بیچ اپنے

ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا

ناتوان اور اگر نہ ہوتی برادری تیری البتہ سنگسار کر ڈالتے ہم تجھ کو اور نہیں تو اوپر ہمارے

بِعَزِيزٍ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ وَ

غالب کہا اے قوم میری کیا برادری میری بہت عزیز ہے اوپر تمہارے اللہ سے اور

اتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝

پکڑا تم نے اس کو پیچھے پیٹھ اپنی کے ڈالا ہوا تحقیق پروردگار میرا ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم گھیرنے والا ہے

وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ

اور اے قوم میری عمل کرو اوپر جگہ اپنی کے تحقیق میں بھی عمل کرنے والا ہوں البتہ جانو گے تم

مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَارْتَقِبُوا

کون شخص ہے کہ آوے گا اس کو عذاب کہ رسوا کرے گا اس کو اور کون شخص وہ جھوٹا ہے اور منتظر رہو

إِنِّي مَعَكُمْ رَقِيبٌ ۝ وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَ

تحقیق میں بھی ساتھ تمہارے منتظر ہوں اور جب آیا حکم ہمارا نجات دی ہم نے شعیب کو اور

ع ٨ منزل ٣

موضح القرآن
ف یعنی خصلت سے خدا کے لوگوں کی کہ حضرت نے برا نہ مانا اور اپنے مقدور بھر سمجھاتے رہے ۱۲ منہ رحمہ

الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ الَّذِينَ ظَلَمُوا

ان لوگوں کو کہ ایمان لائے تھے ساتھ اس کے ساتھ رحمت کے ہماری طرف سے اور پکڑا ان لوگوں کو کہ جنہوں نے ظلم کیا تھا

الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ كَأَن لَّمْ

کڑک نے پس صبح کو رہ گئے بیچ گھروں اپنے کے زانو پر گرے ہوئے گویا کہ نہ

يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ ۝ وَلَقَدْ

بستے تھے بیچ اس کے خبردار ہو دوری ہے مدین کو جیسے کہ دوری ہوئی ثمود کو اور البتہ تحقیق

أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ

بھیجا ہم نے موسیٰ کو ساتھ نشانیوں اپنی کے اور حجت کے ظاہر کے طرف فرعون کے

وَمَلَئِهِ فَاتَّبَعُوا أَمْرَ فِرْعَوْنَ ۖ وَمَا أَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيدٍ ۝

اور سرداروں اس کے کے پس پیروی کی انہوں نے حکم فرعون کی اور نہیں حکم فرعون کا درست

يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ وَبِئْسَ

آگے چلے گا قوم اپنی کے دن قیامت کے پس جا اتارے گا ان کو آگ پر اور برا ہے

الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ۝ وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ

گھاٹ اترنے کا جو اتارا گیا اور پیچھے لائے گئے بیچ اس دنیا کے لعنت اور دن قیامت کے

بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ۝ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْقُرَىٰ نَقُصُّهُ

بری بخشش ہے جو بخشش دی گئی وہ لعنت یہ تھا بعضی خبریں بستیوں کی کہ بیان کرتے ہیں ہم اس کو

عَلَيْكَ ۖ مِنْهَا قَائِمٌ وَحَصِيدٌ ۝ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن ظَلَمُوا

اوپر تیرے بعضی ان میں سے قائم ہیں اور بعضی جڑ سے کٹی ہوئی ہیں اور نہیں ظلم کیا تھا ہم نے ان کو ولیکن ظلم کیا انہوں نے

أَنفُسَهُمْ ۖ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ مِن دُونِ

جانوں اپنی کو پس نہ کفایت کیا ان سے معبودوں ان کے نے جو پکارتے تھے سوائے

اللَّهِ مِن شَيْءٍ لَّمَّا جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ

اللہ کے کچھ جب آیا حکم پروردگار تیرے کا اور نہیں زیادہ کیا انہوں نے ان کو سوائے

تَتْبِيبٍ ۝ وَكَذَٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَىٰ وَهِيَ

ہلاک کرنے کے اور اسی طرح پکڑنا ہے پروردگار تیرے کا جب پکڑے بستیوں کو اور وہ

ع ۸

منزل ۳

موضح القرآن ف: قائم ہے اور کٹ گیا یعنی آباد ہے اور ویران ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ظالمة إن أخذه أليم شديد ○ إن في ذلك لآية

ظالم ہوتی ہیں تحقیق پکڑنا اُس کا درد دینے والا ہے سخت تحقیق بیچ اُس کے البتہ نشانی ہے

لمن خاف عذاب الآخرة ذلك يوم مجموع له

واسطے اُس شخص کے کہ ڈرتا ہو عذاب آخرت کے سے یہ ایک دن ہے کہ اکٹھے کیے جاویں گے واسطے اس کے

الناس وذلك يوم مشهود ○ وما نؤخره إلا لأجل

لوگ اور یہ دن ہے حاضر کیا گیا اور نہیں ڈھیل کرتے ہیں ہم اس کو مگر واسطے ایک وقت

معدود ○ يوم يأت لا تكلم نفس إلا بإذنه فمنهم

گنے ہوئے کے جس دن آوے گا نہ بولے گا کوئی جی مگر ساتھ حکم اُس کے کے پس بعضے ان میں

شقي وسعيد ○ فأما الذين شقوا ففي النار لهم

بدبخت ہیں اور بعضے نیک بخت ہیں پس جو لوگ کہ بدبخت ہوئے پس بیچ آگ کے ہیں واسطے ان کے

فيها زفير وشهيق ○ خالدين فيها ما دامت السماوات

بیچ اس کے چلانا ہے آواز باریک سے اور موٹی سے ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے جب تک کہ رہیں آسمان

والأرض إلا ما شاء ربك إن ربك فعال لما يريد ○

اور زمین مگر جو چاہے پروردگار تیرا تحقیق پروردگار تیرا کرنے والا ہے جو ارادہ کرتا ہے

وأما الذين سعدوا ففي الجنة خالدين فيها ما دامت

اور جو لوگ کہ نیک بخت کیے گئے پس بیچ بہشت کے ہیں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے جب تک کہ رہیں

السماوات والأرض إلا ما شاء ربك عطاء غير

آسمان اور زمین مگر جو چاہے پروردگار تیرا بخشش ہے نہیں

مجذوذ ○ فلا تك في مرية مما يعبد هؤلاء ما

کاٹی گئی پس مت ہو بیچ شک کے اس چیز سے کہ عبادت کرتے ہیں یہ نہیں

يعبدون إلا كما يعبد آباؤهم من قبل وإنا لموفوهم

عبادت کرتے مگر جیسا عبادت کرتے تھے باپ ان کے پہلے ان سے اور تحقیق ہم البتہ پورا دینے والے ہیں ان کو

نصيبهم غير منقوص ○ ولقد آتينا موسى الكتاب

ان کو حصہ ان کا نہ کم کیا ہوا اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسیٰ کو کتاب

منزل ۳

ع ۹

موضح القرآن: شاید اس میں وجہ یہ ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ دوزخ کے آگ میں جنتی و دیدہ کھلے ہیں آسمان و زمین دنیا میں مگر جنتی اور دوزخی تیار سے وہ اُسی کو معلوم ہے۔ دوسرے یہ کہ رہیں گے آگ میں جب تک رہیں آسمان و زمین اس جہان کا یعنی ہمیشہ مگر جو چاہے رب سو موقوف کر دے لیکن یہ چاہا کہ موقوف نہ ہو فائدہ اس کہنے میں ہیں فرق نکالا ہے ہمیشہ رہنے میں اور بندے کے زندہ کو ہمیشہ رہیں یہ بات گئی ہے کہ اللہ چاہے تو فنا کر دے ۱۲ رحمہ اللہ تعالیٰ

فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ

پس اختلاف کیا گیا بیچ اس کے اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے گزری تھی پروردگار تیرے سے البتہ فیصل کیا جاتا

بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ ○ وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا

درمیان ان کے اور تحقیق وہ البتہ بیچ شک کے ہیں اس سے قلق میں ڈالنے والے کے ف۱ اور تحقیق ہر ایک ان میں سے

لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ○

البتہ پورا دیا جاوے گا ان کو رب تیرا عمل ان کے تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں خبردار ہے

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ

پس سیدھا رہ جس طرح سے حکم کیا گیا ہے اور جس نے توبہ کی ساتھ تیرے اور مت سرکشی کرو تحقیق وہ

بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○ وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا

ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے اور مت جھکو طرف ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے ہیں

فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ

پس لگے گی تم کو آگ اور نہیں واسطے تمہارے سوائے اللہ کے کوئی دوست

ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ○ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا

پھر نہیں مدد دیے جاؤ گے اور قایم کر نماز کو دونوں طرف دن کے اور کتنی ساعتیں

مِّنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ

رات سے تحقیق نیکیاں لے جاتی ہیں برائیوں کو یہ نصیحت ہے

لِلذَّاكِرِينَ ○ وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ○

واسطے ذکر کرنے والوں کے اور صبر کر پس تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب نیکی کرنے والوں کا ف۲

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ

پس کیوں نہ تھے ان قرنوں میں سے کہ پہلے تم سے تھے صاحب شعور کے کہ منع کرتے

عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ

فساد سے بیچ زمین کے مگر تھوڑے ان لوگوں میں سے کہ نجات دی ہم نے ان میں سے ف۳

وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ○

اور پیروی کی ان لوگوں نے کہ ظالم تھے اس چیز کی کہ دولت دیے گئے تھے بیچ اس کے اور تھے گنہگار

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ یعنی کتاب دی تھی راہ بتانے کو وہ لوگ اس کے سمجھنے میں اختلاف کرنے لگے اور لفظ آگے ہو چکا ہے کہ دنیا میں سچ اور جھوٹ صاف نہ ہو

ف۲ نیکیاں دور کرتی ہیں برائیوں کو یعنی جو نیکیاں کہ اس کی برائیاں معاف ہوں اور یہ جو نیکیاں پکڑے اس سے تو برائیوں کی جھوٹے اور جس ملک میں نیکیوں کا رواج ہو وہاں ہدایت بڑھے اور گمراہی گھٹے لیکن تینوں جگہ وزن غالب چاہیے جتنا میل اتنا صابون چاہیے

ف۳ یعنی نیک لوگ غالب ہوتے تو قوم ہلاک نہ ہوتی تھوڑے تھے سو آپ بچ گئے ۱۲ رحمہ اللہ تعالیٰ



وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ

اور نہ تھا پروردگار تیرا ایسا کہ ہلاک کرے بستیوں کو ساتھ ظلم کے اور اہل ان کے نیکوکار ہوں

وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا يَزَالُونَ

اور اگر چاہتا پروردگار تیرا البتہ کرتا لوگوں کو امت ایک اور ہمیشہ رہیں گے

مُخْتَلِفِينَ ۝ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ

اختلاف کرنے والے مگر جن کو رحم کیا پروردگار تیرے نے اور واسطے اسی کے پیدا کیا ہے ان کو

وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

اور پوری ہوئی بات پروردگار تیرے کی البتہ بھر دوں گا دوزخ جنوں سے اور آدمیوں سے

أَجْمَعِينَ ۝ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا

سب سے اور ہر ایک چیز کو بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے خبروں پیغمبروں کی سے وہ چیز کہ

نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ

ثابت کرتے ہیں ہم ساتھ اس کے دل تیرے کو اور آیا ہے تیرے پاس بیچ اس کے حق اور نصیحت اور یاد دلانا

لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ

واسطے ایمان والوں کے اور کہہ واسطے ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے عمل کرو اوپر

مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ ۝ وَانتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ ۝ وَ

جگہ اپنی کے تحقیق ہم بھی عمل کرنے والے ہیں اور منتظر رہو تحقیق ہم بھی منتظر رہنے والے ہیں اور

لِلَّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ

واسطے اللہ کے ہیں پوشیدہ چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی یعنی علم ان کا اور طرف اسی کی پھر جاتا ہے کام سارا

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

پس عبادت کر اس کی اور توکل کر اوپر اس کے اور نہیں پروردگار تیرا بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو

سُورَةُ يُوسُفَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَاحِدَىٰ عَشَرَ آيَةً وَاثْنَا عَشَرَ رُكُوعًا

سورہ یوسف مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

منزل ۳

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا

یہ آیتیں کتاب بیان کرنے والی کی ہیں تحقیق اُتارا ہم نے اس کو قرآن عربی

لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ

تاکہ تم سمجھو ہم بیان کرتے ہیں اوپر تیرے بہت اچھی طرح بیان کرنا

بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ

اس طرح کہ وحی کیا ہم نے طرف تیری یہ قرآن اور تحقیق تھا تو پہلے اس سے البتہ

الْغٰفِلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ

غافلوں سے جس وقت کہا یوسف نے واسطے باپ اپنے کے اے باپ میرے تحقیق دیکھے میں نے

اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ

گیارہ تارے اور سورج اور چاند دیکھا میں نے ان کو اپنے سجدہ کرتے

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا

کہا اے چھوٹے بیٹے میرے مت بیان کر خواب اپنے کو اوپر بھائیوں اپنے کے پس مکر کریں گے

لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

واسطے تیرے مکر تحقیق شیطان واسطے آدمی کے دشمن ہے ظاہر

وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ

اور اسی طرح برگزیدہ کرے گا تجھ کو پروردگار تیرا اور سکھاوے گا تجھ کو تعبیر بتانی باتوں کی

وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى

اور پوری کرے گا نعمت اپنی اوپر تیرے اور اوپر اولاد یعقوب کے جیسا پورا کیا تھا اس کو اوپر

اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

دو باپ تیرے کے پہلے اس سے ابراہیم اور اسحٰق کے تحقیق پروردگار تیرا جاننے والا حکمت والا ہے

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا

البتہ تحقیق تھیں بیچ یوسف کے اور بھائیوں اس کے نشانیاں واسطے پوچھنے والوں کے جس وقت کہا انہوں نے

لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ

البتہ یوسف اور بھائی اس کا بہت پیارے ہیں طرف باپ ہمارے کے ہم سے اور ہم ہیں جماعت زور والی تحقیق

موضح القرآن ف۱ یعنی

اس کی تعبیر ظاہر ہے سننے والے سمجھ لیں گے گیارہ بھائی تھے اور ایک باپ ایک ماں اُن کی طرف محتاج ہوں گے پھر شیطان اُن کے دل میں حسد ڈالے گا ۱۲

ف۲ نوازش اللہ کی سجدہ سے سمجھے اور نکل سمجھانی باتوں کی یعنی اس میں وہ علم ہر خواب کی تعبیریں اُن کے ذہن کو کہ تسلی سے اور لیا فرمانے سے کر لیا خواب ۔ دونوں دیکھا یعقوب نے عمر میں ابراہیم و اسحٰق کا نام

ف۳ لیا اپنا دیا ماجرا بھی تھا نزدیک قریب کہ وہ قریب بیٹا وہ دست سے ماکر بتاؤ کہ ہم تھے یوسف سے آزمانے کو کہا پوچھو کہ ابراہیم کا وطن شام ہے اس کی اولاد ہیں بنی اسرائیل مصر میں کیوں کر آئی کہ موسیٰ اور فرعون قصہ ہوا یہ سورت اتر بتا فرمایا

ف۴ کہ پوچھے اولاد کو نشانیاں ہیں دشمن کو وہ یک بھائی کا حسد کیا اللہ محبت دی اور تمہاری کی آخر اللہ نے اسی کی طرف محتاج کیا اور اسی طرح وہ حسد کر کر خراب ہوئے اور زور سے لائے بھائی کو وطن سے نکالا مگر اس کو عزت ہوا یعنی ہم ۱ جماعت ہیں کام آنے والے ہیں وہ دو چھوٹے ہیں

ف۵ یعنی دو دادا پردادا تیرے کے ۱۲

چھوٹا ایک بھائی ان کا سگا تھا اور سب سوتیلے ۱۲ موضح

أَبَانَا لَفِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ۝ اقْتُلُوا يُوسُفَ أَوِ اطْرَحُوهُ

باپ ہمارا بیچ غلطی ظاہر کے ہے ف۱ مار ڈالو یوسف کو یا ڈال دو اس کو

أَرْضًا يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ أَبِيكُمْ وَتَكُونُوا مِن بَعْدِهِ قَوْمًا

کسی زمین میں خالی ہو جاوے واسطے تمہارے توجہ باپ تمہارے کی اور ہو جاؤ تم پیچھے اس کے قوم

صَٰلِحِينَ ۝ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوا يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ

صلاحیت والے کہا ایک کہنے والے نے ان میں سے مت مار ڈالو یوسف کو اور ڈال دو اس کو

فِي غَيَٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ إِن كُنتُمْ

بیچ گہراؤ کنوئیں کے اٹھا لیوے اس کو کوئی راہ گیر اگر ہو تم

فَٰعِلِينَ ۝ قَالُوا يَٰأَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلَىٰ يُوسُفَ

کرنے والے کہا انہوں نے اے باپ ہمارے کیا ہے تجھ کو کہ نہیں امین جانتا ہم کو اوپر یوسف کے

وَإِنَّا لَهُ لَنَٰصِحُونَ ۝ أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ

اور تحقیق ہم واسطے اس کے البتہ خیر خواہ ہیں بھیج دے اس کو ساتھ ہمارے کل کو شغل سیر کھاوے اور کھیلے

وَإِنَّا لَهُ لَحَٰفِظُونَ ۝ قَالَ إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَن تَذْهَبُوا بِهِ

اور ہم واسطے اس کے البتہ محافظت کرنے والے ہیں کہا یعقوب نے تحقیق البتہ غمگین کرتا ہے مجھ کو یہ کہ لیجاؤ تم اس کو

وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنتُمْ عَنْهُ غَٰفِلُونَ ۝ قَالُوا

اور ڈرتا ہوں یہ کہ کھا جاوے اس کو بھیڑیا اور تم اس سے غافل ہو ف۳ کہا انہوں نے

لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّا إِذًا لَّخَٰسِرُونَ ۝

اگر کھا جاوے اس کو بھیڑیا اور ہم جماعت ہیں زبردست تحقیق ہم اس وقت زیاں کار ہیں

فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهِ وَأَجْمَعُوا أَن يَجْعَلُوهُ فِي غَيَٰبَتِ الْجُبِّ

پس جب لے گئے اس کو اور متفق کیا یہ کہ کر دیں اس کو بیچ گہراؤ کنوئیں کے

وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُم بِأَمْرِهِمْ هَٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝

اور وحی بھیجی ہم نے طرف اس کی کہ البتہ خبر دیگا تو ان کو ساتھ اس کام ان کے کے اور وہ نہ سمجھتے ہوں گے ف۴

وَجَاءُوا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُونَ ۝ قَالُوا يَٰأَبَانَا إِنَّا ذَهَبْنَا

اور آئے باپ اپنے کے پاس اندھیرا پڑے روتے ہوئے کہا انہوں نے اے باپ ہمارے تحقیق گئے تھے ہم

منزل ۳

النصف

موضح القرآن

ف۱ یا کہ اس جوڑے کو کھل جاتے تجھے ۱۲

ف۲ ان کو خیر سے کا بہانہ کرتا تھا ۱۲

وہی ان کے دل میں خوف آیا ۱۲ ف۳

پھر جب کہنے فرمایا آگے نہ فرمایا کیا ہوا اس واسطے کہ لالچ بیان نہیں جو کچھ بھائی نے سلوک کیا اور میں بڑا کہتے اور مار نے گئے نشان روتے پر رحم کھایا دریا پر ہم کنوئیں میں ڈالا وہ کنارے کو پکڑ کر رہ گئے تب ہی میں باندھ کر لٹکایا آدھی دور ہی چھوڑ دیا تب پانی میں گرے چوٹ سے بچے گوشے سے ایک پتھر پر بیٹھ رہے اور بھائیوں نے کرتا اتار کر لٹکا ڈالا تب وہاں حق تعالیٰ کی بشارت پہنچی کہ ایک وقت تو ان کو یاد دلاوے گا ان کا کام ۱۲ منہ رح

نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِندَ مَتَاعِنَا فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ

دوڑتے ہوئے اور چھوڑ گئے تھے ہم یوسف کو نزدیک اسباب اپنے کے پس کھا گیا اس کو بھیڑیا

وَمَا أَنتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صَادِقِينَ ○ وَجَاءُوا

اور نہیں تو باور کرنے والا ہمارا اور اگرچہ ہوں ہم سچے اور لے آئے

عَلَىٰ قَمِيصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ

اوپر کرتے اس کے کے لہو جھوٹا کہا بلکہ بنالی ہے واسطے تمہارے جی تمہارے نے

أَمْرًا فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ○

ایک بات پس صبر بہتر ہے اور اللہ سے مدد مانگی گئی ہے اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم

وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلَىٰ دَلْوَهُ قَالَ

اور آیا قافلہ پس بھیجا انہوں نے آگے چلنے والے اپنے کو پس لٹکایا اس نے ڈول اپنا کہا

يَا بُشْرَىٰ هَٰذَا غُلَامٌ وَأَسَرُّوهُ بِضَاعَةً وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا

اے خوشی کہ یہ لڑکا ہے اور چھپا رکھا اس کو پونجی کرکر اور اللہ جاننے والا ہے جو کچھ کہ وہ

يَعْمَلُونَ ○ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ

کرتے تھے اور بیچا اس کو بیچ مول ناقص کے درہم تھے گنتی کے گنے ہوئے

وَكَانُوا فِيهِ مِنَ الزَّاهِدِينَ ○ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ

اور تھے بیچ اس کے بے رغبت اور کہا اس شخص نے کہ مول لیا تھا اس کو

مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَىٰ أَن يَنفَعَنَا

مصر سے واسطے بی بی اپنی کے با عزت رکھنا اس کو شاید یہ کہ نفع دے ہم کو

أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا ۚ وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ

یا پکڑیں ہم اس کو فرزند اور اسی طرح قدرت دی ہم نے واسطے یوسف کے بیچ زمین کے

وَلِنُعَلِّمَهُ مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ

اور تو کہ سکھاویں ہم اس کو تاویل باتوں کی یعنی تعبیر خوابوں کی اور اللہ غالب ہے اوپر

أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ○ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ

کام اپنے کے ولیکن بہت لوگ نہیں جانتے ہیں اور جب پہنچا جوانی اپنی کو

موضح القرآن

سے معلوم ہوا جسنے مول لیا تو وہی جگہ بیچا ہوگا مصر میں عزیز مول لیا عزیز کہتے تھے بادشاہ کے نائب کو ... زیادہ سمجھ کر غلاموں کی طرح نہ رکھا فرزند کی طرح رکھا کہ کار
بار میں نائب ہوگا اسی طرح حق تعالیٰ نے مصر اس ملک میں ان کا قدم وسایا پھر ان کے سبب سے بنی اسرائیل کو بسایا ...

آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَ

دیا ہم نے اس کو حکم اور علم اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم احسان کرنے والوں کو ف اور

رَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ

بہلایا اس کو اس عورت نے جو وہ تھا گھر میں اس کے تھا جان اس کی سے اور بند کئے دروازے

وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۚ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ

اور بولی شتابی کر کہتی ہوں میں تجھ کو کہا پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ کی تحقیق وہ رب میرا ہے اچھی طرح سے

مَثْوَايَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ

رکھا میرا تحقیق نہیں فلاح پاتے ظالم ف اور البتہ قصد کیا اس عورت نے اس کا

وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۭ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ

اور قصد کیا یوسف نے ساتھ اس کے اگر نہ ہوتا یہ کہ دیکھی دلیل رب اپنے کی اسی طرح کیا ہم نے تو کہ پھیر دیں ہم

عَنْهُ السُّوْۗءَ وَالْفَحْشَاۗءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝

اس سے برائی اور بے حیائی تحقیق وہ بندوں ہمارے خالص کئے گیوں سے تھا ف

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا

اور دوڑے دونوں دروازے کو اور پھاڑا اس نے کرتا یوسف کا پیچھے سے اور پایا ان دونوں نے

سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ مَا جَزَاۗءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ

خاوند اس کے کو نزدیک دروازے کے کہا اس عورت نے کیا سزا ہے اس کی جو ارادہ کرے ساتھ جورو تیری کے

سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ

برائی کا مگر یہ کہ قید کیا جاوے یا عذاب دردناک ف کہا یوسف نے اس نے مجھ کو بہلایا

عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ

جان میری سے اور گواہی دی گواہ نے لوگ اس کے سے اگر ہے کرتا اس کا

قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ

پھٹا ہوا آگے سے پس سچ بولی یہ عورت اور وہ ہے جھوٹوں سے اور اگر

كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

ہے کرتا اس کا ف پھٹا ہوا پیچھے سے پس جھوٹی ہے یہ عورت اور وہ ہے سچوں سے ف

منزل ٣

موضح القرآن

ف حکم دیا یعنی عقل سے کل باتیں حل کرنے اور علم اللہ کا دین

ف یعنی اس کے اوپر بھی ہوں کر دخل کرنا

ف نقل ہے کہ حضرت یعقوب کی صورت نظر آئی انگلی دانت میں دبائی تو گناہ گناہ نہیں اور اگر گناہ ہے تو گناہ تھا اصل گناہ سے اللہ نے پیغمبر کو بچا لیا ۱۲

ف حضرت یوسف نکل بھاگے وہ دوڑی پکڑنے کو تب یہ عورت بولی اتنے ورے

ف وہ بچہ بول اٹھا ۱۲ منہ

فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ

پس جب دیکھا کرتا اُس کا پھٹا ہوا پیچھے سے کہا یہ مکر تمہارے سے ہے

اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ۝ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا

تحقیق مکر تمہارا بڑا ہے اے یوسف منہ پھیر لے اس بات سے

وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ۝

اور بخشش مانگ اے عورت واسطے گناہ اپنے کے تحقیق تو تھی خطاکاروں سے

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا

اور کہا کتنی بیبیوں نے بیچ شہر کے عورت عزیز کی پھسلاتی ہے جوان یعنی غلام اپنے کو

عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

جان اُس کی سے تحقیق اندر بیٹھ گیا بیچ دل اُس کے یوسف از روئے محبت تحقیق ہم البتہ دیکھتی ہیں

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ

پس جب سنا اُس عورت نے مکر ان کا آدمی بھیجا طرف اُن کے اور تیار کیں واسطے ان کے

مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ

مسندیں اور دیئے ہر ایک کو اُن میں سے چاقو اور کہا اُس نے نکل اے یوسف

عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ

اوپر ان کے پس جب دیکھا انہوں نے اس کو بڑا جانا اُس کو اور کاٹ ڈالے ہاتھ اپنے اور کہا

حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝

پاکی ہو واسطے اللہ کے نہیں یہ آدمی نہیں یہ مگر فرشتہ بزرگ ف۲

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ

کہا اس عورت نے پس یہی شخص ہے جو ملامت کرتی ہو تم مجھ کو بیچ اس کے اور البتہ تحقیق پھسلایا میں نے اس کو

عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَلَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ

جان اس کی سے پس تھام رکھا اُس نے اپنے تئیں اور البتہ اگر نہ کرے گا جو کہتی ہوں میں اس کو

لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ

البتہ قید کیا جاوے گا اور البتہ ہوگا ذلیلوں سے ف۳ کہا یوسف نے اے پروردگار میرے قید

ع ۳ ۹ ۱۳

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ یعنی غلام اس قابل کیا ہوگا ۱۲

ف۲ چھریاں دی تھیں میوہ کھانے کو ان کا حسن دیکھ کر بے حواس ہو گئیں چھری سے ہاتھ کٹ گئے ۱۲

ف۳ ان کے روبرو یہ بات کہی تا وہ بھی سمجھاویں اور حضرت یوسف ڈر کر قبول کریں ۱۲

وقف لازم

موضح القرآن

أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ ۖ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ

بہت محبوب ہے مجھ کو اس چیز سے کہ بلاتی ہیں مجھ کو طرف اس کی اور اگر نہ پھیرے گا مجھ سے مکر ان کا

أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُن مِّنَ الْجَاهِلِينَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ

جھک جاؤں گا طرف ان کے اور ہو جاؤں گا جاہلوں سے پس قبول کیا واسطے اس کے رب اس کے نے

فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ ثُمَّ

پس پھیر دیا اس سے مکر ان کا تحقیق وہی ہے سننے والا جاننے والا پھر

بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ۝

ظاہر ہوا ان کو پیچھے اس کے کہ دیکھا انہوں نے نشانیوں کو کہ البتہ قید کریں اس کو ایک مدت تک ف۱

ع ۴ ۱۴

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي

اور داخل ہوئے ساتھ اس کے قید میں دو جوان کہا ایک نے ان دونوں میں سے تحقیق میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں

أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي

نچوڑتا ہوں شراب اور کہا دوسرے نے تحقیق میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں کہ اٹھا رہا ہوں اوپر سر اپنے کے

منزل ۳

خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ

روٹیاں کہ کھاتے جاتے ہیں جانور اس میں سے خبر دے ہم کو ساتھ تعبیر اس کی کے تحقیق ہم دیکھتے ہیں تجھ کو

الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا

احسان کرنے والوں سے ف۲ کہا نہیں آوے گا تمہارے پاس کھانا کہ دیے جاؤ گے تم وہ مگر خبر دوں گا

نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي

میں تم کو ساتھ تاویل اس کی کے پہلے اس سے کہ آوے تمہارے پاس یہ اس چیز سے کہ سکھایا ہے مجھ کو

رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُم بِالْآخِرَةِ

رب میرے نے تحقیق میں چھوڑ دیا ہے دین اس قوم کا کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور وہ ساتھ آخرت کے

هُمْ كَافِرُونَ ۝ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ

وہی ہیں کافر ف۳ اور پیروی کی میں نے دین باپوں اپنے کے ابراہیم اور اسحق

وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ لَنَا أَن نُّشْرِكَ بِاللَّهِ مِن شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ

اور یعقوب کی نہیں روا واسطے ہمارے یہ کہ شریک لاویں ساتھ اللہ کے کوئی چیز یہ

ف۱ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اپنے مانگے سے قید پڑے لیکن اللہ تعالیٰ نے اتنا بھی قبول فرمایا کہ ان کا فریب دفع کیا اور قید ہونا انکا قسمت میں آدمی کو چاہئے کہ گھبرا کر اپنے حق میں نہ مانگے بری بھلائی مانگے کہ وہی ہوگا جو قسمت میں ہے ۱۲ ف۲ اگر یہ نشان سب دیکھ چکے کہ گناہ عورت کا ہے تو بھی ان کو قید کیا تا بدنامی خلق میں عورت سے اترے یا اس واسطے کہ اس کی نظر سے دور رہیں ۱۲ ف۳ جس نے شراب دیکھی وہ بادشاہ کا شراب ساز تھا لیکن خلاف عادت دیکھا کہ سر سے جانور نوچتے ہیں زہر کی تہمت میں دونوں قید تھے آخر ان پانی پر ثابت ہوئی ۱۲ منہ ر ف۲ اور حق تعالیٰ نے قید میں یہ حکمت بھی کی کہ ان کا دل کافروں کی محبت سے ٹوٹا دل پر اللہ کا علم روشن ہوا چاہا کہ اول ان کو دین کی بات سناویں پیچھے تعبیر خواب کہیں اس واسطے تسلی کر دی تا نہ گھبراویں کہ کھانا آنے کے وقت وہ بھی بتا دوں گا ۱۲ منہ ر

مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

فضل اللہ کے سے ہے اوپر ہمارے اور اوپر لوگوں کے اور لیکن اکثر لوگ

لَا يَشْكُرُونَ ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ

نہیں شکر کرتے ف اے دو یارو قید خانہ کے کیا خاوند متفرق

خَيْرٌ أَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِهٖٓ

بہتر ہیں یا اللہ اکیلا غالب بہتر ہے نہیں عبادت کرتے تم سوائے اس کے

إِلَّآ أَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوهَآ أَنْتُمْ وَآبَآؤُكُمْ مَّآ أَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا

مگر ناموں کو کہ نام دھر لیا ہے ان کو تم نے اور باپوں تمہارے نے نہیں اتاری اللہ نے بیچ اس کے

مِنْ سُلْطٰنٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّآ إِيَّاهُ

کوئی دلیل نہیں حکم مگر واسطے اللہ کے حکم کیا ہے یہ کہ نہ عبادت کرو تم مگر اسی کو

ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

یہی ہے دین سیدھا اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّآ أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهٗ خَمْرًا وَأَمَّا

اے دو یارو قید خانہ کے ایک تم میں پس پلاوے گا خاوند اپنے کو شراب اور جو ہر

الْآخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّأْسِهٖ قُضِيَ الْأَمْرُ

دوسرا پس سولی دیا جاوے گا پس کھاویں گے جانور سر اس کے سے مقرر کیا گیا وہ کام

الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ۝ وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهٗ نَاجٍ

جو بیچ اس کے سوال کرتے تھے اور کہا واسطے اس شخص کے گمان کیا کہ وہ نجات پاوے

مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ فَأَنْسٰهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ

ان میں سے یاد کیجیو مجھ کو نزدیک خاوند اپنے کے پاس پس بھلا دیا اس کو شیطان نے یاد کرنا خاوند اپنے کا

فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّيٓ

پس رہا بیچ قید خانہ کے کتنے برس ف۳ اور کہا بادشاہ نے تحقیق میں

أَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ

دیکھتا ہوں سات بیل موٹے کھا جاتے ہیں ان کو سات دبلے اور سات

منزل ۳

ع ۵
۱۵

موضح القرآن

یعنی ہمارا اس پر ہے کہ رہنما سب خلق کے حق میں فضل ہے کہ ہم سے راہ سکھیں ١٢ ف۲ فرمایا کہ ایک مار(؟) اچھا اس کو نہ کہا کہ تو ہے حلق ... فرمایا کہ اس کو اٹکل کر ... معلوم ہوا کہ تعبیر خواب یقین نہیں اٹکل ہے مگر پیغمبر جو اٹکل کرے سو ٹھیک ہے ف۳ حضرت یوسف نے اس بات کی سعی کی کہ میرا ذکر کریو بادشاہ پاس وہ بھول گیا تا پیغمبر کا دل اس بات پر نہ ٹھہرے آخر کئی برس رہے قید میں اکثر لوگ کہتے ہیں سات برس رہے ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

سُنۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ؕ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ

بالیں سبز اور سات سوکھی اے سردارو جواب دو مجھ کو

فِیْ رُءْيَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ۝ قَالُوْۤا اَضْغَاثُ

بیچ خواب میرے کے اگر ہو تم واسطے خواب کے تعبیر کرتے کہا انہوں نے یہ تو ہیں پریشان

اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ۝ وَ

خواب اور نہیں ہم ساتھ تعبیر خوابوں پریشان کے جاننے والے اور

قَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ

کہا اس شخص نے کہ نجات پائی تھی ان دونوں میں سے اور یاد کیا بعد مدت کے میں خبر دوں گا تم کو

بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ۝ یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا

ساتھ تعبیر اس کی کے پس بھیجو مجھ کو اے یوسف اے بڑے سچے جواب دے ہم کو بیچ

فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ

بیچ سات بیلوں موٹوں کے کھاتے ہیں ان کو سات دبلے اور سات

سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ

بالیں سبز اور اور سات خشک تو کہ پھر جاؤں میں طرف لوگوں کے

لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ

تو کہ وہ جانیں ف۱ کہا کہ کھیتی کرو تم سات برس محنت سے

فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا

پس جو کچھ کاٹو تم پس چھوڑ دو اس کو بیچ بالوں اس کی کے مگر تھوڑا اس میں سے

تَاْكُلُوْنَ ۝ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ

جو کھاؤ تم پھر آویں گے پیچھے اس کے سات برس سخت

یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝

کھا جاویں گے جو کچھ پہلے رکھا تم نے واسطے ان کے مگر تھوڑا سا جو کچھ بچا رکھو تم

ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِیْهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَ

پھر آوے گا پیچھے اس کے برس کہ بیچ اس کے مینہ برسائے جاویں گے لوگ اور

من فہم القرآن
ف۱ یعنی تیری قدر
معلوم ہو ۱۲ منہ
رحمہ اللہ تعالیٰ

منزل ۳

فِيهِ يَعْصِرُونَ ○ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ فَلَمَّا جَاءَهُ

بیچ اس کے نچوڑیں گے ف۱ اور کہا بادشاہ نے کہ لے آؤ میرے پاس اس کو پس جب آیا اس کے پاس

الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ

ایلچی کہا پھر جا طرف خاوند اپنے کی پس پوچھ اس کیا حال ہے ان عورتوں کا

اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ○

جنہوں نے کاٹے تھے ہاتھ اپنے ف۲ تحقیق پروردگار میرا مکر ان کے کو جانتا ہے ف۳

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ

کہا بادشاہ نے کیا حال تھا تمہارا جس وقت بہلایا تھا تم نے یوسف کو جان اس کی سے

قُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ قَالَتِ امْرَأَتُ

کہا انہوں نے پاکی ہے واسطے اللہ کے نہیں جانی ہم نے اوپر اس کے کچھ برائی کہا عورت

الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ

عزیز کی نے اب کھل گیا حق میں نے بہلایا تھا اس کو جان اس کی سے

وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ○ ذَٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ

اور تحقیق وہ البتہ سچوں سے ہے ف۴ کہا یوسف نے یہ اس واسطے کہ معلوم کرے عزیز کہ میں نے چوری نہیں کی اس کی

بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ○

غائبانہ اور یہ جانے کہ تحقیق اللہ نہیں مطلب کو پہنچاتا فریب خیانت کرنے والوں کا

وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ

اور نہیں پاک کرتا میں جان اپنی کو تحقیق جی البتہ حکم کرنے والا ہے ساتھ برائی کے

إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ وَقَالَ الْمَلِكُ

مگر جو رحم کرے رب میرا تحقیق رب میرا بخشنے والا مہربان ہے اور کہا بادشاہ نے

ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ

ف لے آؤ میرے پاس اس کو چھانٹ لوں میں اس کو واسطے جان اپنی کے پس جب باتیں کیں ساتھ اس کے کہا تحقیق تو

الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ○ قَالَ اجْعَلْنِي عَلَىٰ خَزَائِنِ

آج نزدیک ہمارے مرتبے والا امانت والا ہے ف۲ کہا کہ مقرر کر میرے تئیں اوپر خزانوں

ع ۷ / ۱۶ — منزل ۳

بادشاہ نے جو دیکھا ... ف۵ اسکے عزیز کا علاقہ موقوف کیا اپنی صحبت میں رکھا

موضح القرآن

ف۱ رس نچوڑنا واسطے شراب سازی کے فرمایا اور سات برس کا ذخیرہ بالیں میں رکھوایا تا زمین میں گل نہ جاوے سات برس قحط ہوگا جب تک پورا پڑے

ف۲ بادشاہ یہ تعبیر سن کر مشتاق ملاقات ہوا حضرت یوسف نے ایک بات توقف کیا تاکہ براءت اپنی معلوم ہووے ازحد فتح الرحمن

ف۳ وہی قصہ یاد دلایا کہ وہ عورتیں شاہد ہیں بادشاہ پوچھے تو قصہ کھولیں کو تفسیر کبیر کی ہے ۱۲

ف۴ حضرت یوسف نے سب کا فریب فرمایا اس واسطے کہ ایک کا فریب تھا اور سب اس کی مددگار تھیں اور فریب کی نام نشان دیا حق پر دلیل کو اور بادشاہ نے پوچھا تہمت میں ... تھا اس واسطے کہ وہ جانیں

الْاَرْضِ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ○ وَکَذٰلِکَ مَکَّنَّا لِیُوْسُفَ

زمین کے تحقیق میں نگہبانی کرنے والا خوب جاننے والا ہوں ف اور اسی طرح جگہ دی ہم نے یوسف کو

فِی الْاَرْضِ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا

بیچ زمین کے کہ جگہ پکڑتا تھا اس میں جہاں چاہتا تھا پہنچا دیتے ہیں ہم رحمت اپنی

مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ○ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ

جس کو چاہیں اور نہیں ضائع کرتے ہم ثواب نیکی کرنے والوں کا اور البتہ ثواب آخرت کا

خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ ○ وَجَآءَ اِخْوَةُ

بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے اور تھے پرہیزگاری کرتے ف اور آئے بھائی

یُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَیْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْکِرُوْنَ ○

یوسف کے پس داخل ہوئے اوپر اس کے پس پہچانا ان کو اور وہ واسطے اس کے ناشناس تھے ف

وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِیْ بِاَخٍ لَّکُمْ مِّنْ اَبِیْکُمْ

اور جب تیار کیا واسطے ان کے سامان ان کا کہا لے آؤ میرے پاس بھائی اپنا جو باپ تمہارے سے ہے

اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیْ اُوْفِی الْکَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ○

کیا نہیں دیکھتے تم کہ میں پورا دیتا ہوں پیمانہ اور میں بہتر مہمانی کرنے والا ہوں ف

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا کَیْلَ لَکُمْ عِنْدِیْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ○

پس اگر نہ لاؤ گے تم اس کو میرے پاس پس نہیں پیمانہ واسطے تمہارے نزدیک میرے اور نہ پاس آئیو میرے

قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ○ وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ

کہا انہوں نے شتاب پھسلاویں گے ہم اس کو باپ اس کے کو اور ہم البتہ کرنے والے ہیں اور کہا واسطے جوانوں اپنے کے

اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ یَعْرِفُوْنَهَا اِذَا

رکھ دو پونجی ان کی بیچ شلیتوں ان کے کے شاید کہ وہ پہچانیں اس کو جب

انْقَلَبُوْا اِلٰی اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ○ فَلَمَّا رَجَعُوْا

پھر جاویں طرف لوگوں اپنے کے شاید کہ وہ پھر آویں ف پس جب پھر آئے

اِلٰی اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْکَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَا

طرف باپ اپنے کے کہا انہوں نے اے باپ ہمارے منع کیا گیا ہم سے پیمانہ پس بھیج ساتھ ہمارے

موضح القرآن ف انہاں نے
آپ یہ خدمت طلب کی تا اہل
حقیقت دنیا سے دور رہیں
اور خواب کی تعبیر اور کسی
سے نہ بن آئی ۱۲ منہ ف یہ جواب
ہوا ان کے سوال کا کہ اولاد
ابراہیم اس طرح شام سے آئی
مصر میں اور بیان ہو گیا کہ
بھائیوں نے حضرت یوسف ع
کو گھر سے دور پھینکا تا ذلیل
ہو اللہ نے زیادہ عزت دی
اور ملک پر اختیار دیا دنیا
ہی ہوا ہمارے حضرت کو ۱۲
ف جب حضرت یوسف
مصر پر مختار ہوئے خواب
کے موافق سات برس خوب
آبادی کی اور ملک کا اناج
بھر رکھا پھر سات برس قحط
میں ایک بھاؤ سیانہ باندھ کر
بلوایا اپنے ملک والوں کو اور
پردیسیوں کو مگر ہر دیسی کو ایک
اونٹ سے زیادہ نہ دیتے
اس میں خلق بچی قحط سے اور
خزانہ بادشاہ کا بھر گیا ہر طرف
خبر تھی کہ مصر میں اناج سستا ہے
ان کے بھائی آئے خرید کو ۱۲
ف سب سے چھوٹا بھائی حضرت
یوسف کا سگا بھائی تھا اس کو
بلوایا ف جو قیمت لائے تھے
وہ چھپا کر اناج کے بقچوں میں ڈال دی احسان کر کے ۱۲ منہ ح

أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝ قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ

بھائی ہمارے کو پیمانہ کر لاویں ہم اور تحقیق ہم واسطے اس کے البتہ نگہبان ہیں کہا کہ نہیں امانتدار جانتا میں تم کو اوپر اس کے

إِلَّا كَمَا أَمِنتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِن قَبْلُ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا

مگر جیسا امانتدار جانا تھا تم کو اوپر بھائی اس کے کے پہلے اس سے پس اللہ بہتر ہے حفاظت کرنے والا

وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا

اور وہ بہت رحم کرنے والا ہے سب رحم کرنے والوں سے اور جب کھولا انہوں نے اسباب اپنا پائی

بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي هَٰذِهِ

پونجی اپنی پھیری گئی ہے طرف ان کے کہا انہوں نے اے باپ ہمارے کیا چاہیں ہم یہ ہے

بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا

پونجی ہماری پھیری گئی طرف ہمارے اور اناج لاویں گے ہم واسطے لوگوں اپنے کے اور نگاہ رکھیں گے بھائی اپنے کی

وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ۝ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ

اور زیادہ لاویں گے ہم پیمانہ ایک اونٹ کا یہ پیمانہ ہے آسان کہا کہ ہرگز نہ بھیجوں گا اس کو

مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا مِّنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا

ساتھ تمہارے یہاں تک کہ دو تم مجھ کو قول اللہ کا البتہ لے آؤ گے تم اس کو میرے پاس مگر

أَن يُحَاطَ بِكُمْ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ

یہ کہ گھیرے جاؤ تم سب پس جب دیا انہوں نے اس کو عہد اپنا کہا اللہ اوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں

وَكِيلٌ ۝ وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِن بَابٍ وَاحِدٍ

کارساز ہے ف۱ اور کہا اے بیٹو میرے مت داخل ہو جیو دروازے ایک سے

وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللَّهِ

اور داخل ہو جیو دروازوں متفرق سے اور نہیں کفایت کرتا میں تم کو خدا کی طرف سے

مِن شَيْءٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

کچھ نہیں حکم مگر واسطے اللہ کے اوپر اسی کے توکل کیا میں نے اور اوپر اسی کے توکل کریں

الْمُتَوَكِّلُونَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم

توکل کرنے والے ف۲ اور جب داخل ہوئے جیسے حکم کیا تھا ان کو باپ ان کے نے

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ ظاہر کا اسباب بھی بخیتہ کر لیا اور پھر وہ بھروسا اللہ پر رکھا یہی حکم ہے ہر کسی کو ۱۲

ف۲ یہ ٹوک کا بچاؤ بتاتا ہے پھر بھروسا اللہ پر کیا ٹوک لگنی غلط نہیں اور اس کا بچاؤ کرنا روا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

مَا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي
نہ تھا کہ کفایت کرے اُن کو خدا سے کچھ مگر ایک حاجت تھا بیچ

نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ
جی یعقوب کے کہ کر ڈالا اُس کو اور تحقیق وہ البتہ صاحب علم تھا واسطے اُس چیز کے کہ سکھایا ہم نے اُس کو و لیکن

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ
اکثر لوگ نہیں جانتے ف۲ اور جب داخل ہوئے اوپر یوسف کے

آوَىٰ إِلَيْهِ أَخَاهُ ۖ قَالَ إِنِّي أَنَا أَخُوكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا
جگہ دی طرف اپنے بھائی اپنے کو کہا تحقیق میں ہی ہوں بھائی تیرا پس مت غمگین ہو ساتھ اُس چیز کے کہ تھے

يَعْمَلُونَ ۝ فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ
کرتے ف۳ پس جب تیار کر دیا واسطے اُن کے سامان اُن کا رکھ دیا ایک پیالہ کہ جس سے پانی پیتے

فِي رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ
بیچ شلیتے بھائی اپنے کے پھر پکارا ایک پکارنے والے نے اے قافلے والو تحقیق تم

لَسَارِقُونَ ۝ قَالُوا وَأَقْبَلُوا عَلَيْهِم مَّاذَا تَفْقِدُونَ ۝
البتہ چور ہو کہا انہوں نے اور منہ پھیر کر سامنے ہوئے اُن کے کیا چیز کھوئی گئی تمہاری

قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ
کہا انہوں نے کھویا گیا ہے پیالہ بادشاہ کا اور واسطے اُس شخص کے کہ لے آوے اُس کو بوجھ ہے ایک شتر کا

وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا
اور میں ساتھ اُس کے ضامن ہوں ف۴ کہا انہوں نے قسم ہے خدا کی البتہ تحقیق جانتے ہو تم نہیں آئے ہم

لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ ۝ قَالُوا فَمَا
تو کہ فساد کریں بیچ زمین کے اور نہیں ہم چور کہا انہوں نے پس کیا ہے

جَزَاؤُهُ إِن كُنتُمْ كَاذِبِينَ ۝ قَالُوا جَزَاؤُهُ مَن وُجِدَ
سزا اُس کی اگر ہو تم جھوٹے کہا انہوں نے سزا اُس کی یہ ہے جس شخص کے پایا جاوے

فِي رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝
بیچ شلیتے اُس کے کے پس وہی ہے بدلہ اُس کا اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ہم ظالموں کو ف۵

ع ۱۱ / ۲

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس طرح کہا تھا داخل ہوئے نظر تو ٹل گئی لیکن تقدیر اور طرف سے آئی تقدیر دفع نہیں ہوتی حضرت کو علم ہے ان کو تقدیر کا یقین اور اسباب کا بچاؤ دونوں ہو سکتے ہیں اور اسے علم ہے

ف۲ ایک ایک حجرہ میں دو دو ٹھہرے اس بھائی کو حضرت یوسف نے اپنے سے ملا لیا اور رونے کو حسد لگا اس سفر میں اُس کو سب بات کہہ دی اور بیٹھے دیتے اب

ف۳ حضرت یوسف نے تسلی کر دی

ف۴ صاع وہ پیالہ تھا بادشاہ کے بیٹھے کا اس کی پاس رہا ہوا یا اناج ماپنے کا اور کہ دے سے اس میں پانی دیتے حضرت یوسف نے اُن کو چور رکھوایا

ف۵ جھوٹھ نہیں حضرت یوسف کو باپ کی چوری سے بیچ ڈالا عرف حضرت یعقوب کے دین میں تھا کہ چور غلام ہو رہے ایک برس تک ۱۲ منہ

فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ

پس شروع کیا ساتھ تھیلیوں ان کے کے پہلے تھیلے بھائی اپنے کے پھر نکال لیا اس کو

وِّعَآءِ اَخِيْهِ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ

تھیلے بھائی اپنے کے سے اسی طرح مکر کیا ہم نے واسطے یوسف کے نہیں تھا کہ لے سکے

اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ

بھائی اپنے کو بیچ دین بادشاہ کے مگر یہ کہ چاہے اللہ بلند کرتے ہیں درجوں میں

مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۝ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ

جس کو چاہیں اور اوپر ہر جاننے والے کے جاننے والا ہے ف۱ کہا انہوں نے اگر چرا وے یہ

فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ

پس تحقیق چرایا تھا ایک بھائی اس کے نے پہلے اس سے پس چھپایا اس کو یوسف نے بیچ

نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا وَاللّٰهُ

جی اپنے کے اور نہ ظاہر کیا اس کو واسطے ان کے کہا تم بدتر ہو جگہ میں اور اللہ

اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا

بہتر جانتا ہے جو کچھ بیان کرتے ہو تم ف۲ کہا انہوں نے اے سردار تحقیق واسطے اس کے باپ ہے بوڑھا

كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

بزرگ پس لے ایک کو ہم میں سے جگہ اس کی تحقیق ہم دیکھتے ہیں تجھ کو احسان کرنے والوں سے ف۳

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا

کہا پناہ ہے اللہ کی کہ لیویں ہم سوائے اس شخص کے کہ پائی ہی ہم نے چیز اپنی

عِنْدَهٗٓ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝ فَلَمَّا اسْتَيْــَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا

نزدیک اس کے تحقیق ہم تب البتہ ظالم ہوں پس جب ناامید ہوئے اس سے اکیلے بیٹھے مصلحت کرتے

نَجِيًّا ۭ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ

ہوئے کہا بڑے ان کے نے کیا نہیں جانتے تم یہ کہ باپ تمہارے نے تحقیق لیا تھا

عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ

اوپر تمہارے عہد خدا کا اور پہلے اس سے کیا تقصیر کی تھی تم نے بیچ

منزل ۳ — ع ۹

موضح القرآن

ف۱ یعنی بھائیوں کی زبان سے آپ ہی نکلا کہ چور کو غلام کر رکھیں پکڑے گئے نہیں تو اس بادشاہ کا حکم نہ تھا ۱۲ رحمہ اللہ

ف۲ یعنی تم بدتر ہو چوری کی کہ بھائی کو باپ سے چرا کر بیچ ڈالا اور یہ جو بھی چوری کا طعنہ دیا وہ قصہ یہ کہ حضرت یوسف کو ان کی پھوپھی پالتی تھی جب باپ نے لینا چاہا اس نے ایک پٹکا ان کی کمر سے باندھ دیا پھر اس کو ڈھونڈنے لگی لوگوں میں چرچا ہوا آخر ان کی کمر سے نکلا پھر ایک برس تک انہی پاس رہے ۱۲

ف۳ یعنی یہ بیٹا بڑے باپ کا ہے اس کے بدلے پکڑ لے پھرتا ہے ۱۲ منہ

يُوسُفَ ۖ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ يَأْذَنَ لِي أَبِي

یوسف کے پس ہرگز نہ ٹلوں گا میں اس زمین سے یہاں تک کہ پروانگی دے مجھ کو باپ میرا

أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ۝ ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ

یا حکم کرے اللہ واسطے میرے اور وہ بہتر حکم کرنے والا ہے ف۱ پھر جاؤ طرف باپ اپنے کے

فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا

پس کہو اے باپ ہمارے تحقیق بیٹے تیرے نے چوری کی ہے اور نہ شاہدی دی تھی ہم نے مگر جو کچھ کہ ہم جانتے تھے

وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ ۝ وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَ

اور نہ تھے ہم واسطے غیب کے نگہبان ف۲ اور پوچھ لو اس بستی سے کہ تھے ہم بیچ اس کے اور

الْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ

اس قافلے سے کہ آئے ہم بیچ اس کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں کہا بلکہ بنالی ہے

لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَنِي

واسطے تمہارے جی تمہارے نے ایک بات پس صبر بہتر ہے شتاب ہے کہ اللہ لے آوے میرے پاس ان

بِهِمْ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ وَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ

سب کو اکٹھا تحقیق وہی ہے جاننے والا حکمت والا ف۳ اور منہ پھیرا ان سے

وَقَالَ يَا أَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ

اور کہا اے افسوس اوپر یوسف کے اور سفید ہو گئیں آنکھیں اس کی یعنی یعقوب کی

الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ

غم سے پس وہ غم سے بھرا ہوا تھا ف۴ کہا انہوں نے قسم ہے اللہ کی کہ ہمیشہ رہے گا تو یاد کرتا یوسف کو

حَتَّىٰ تَكُونَ حَرَضًا أَوْ تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ ۝ قَالَ

یہاں تک کہ ہو جاوے تو مضمحل یا ہو جاوے تو ہلاک ہو جانے والوں سے ف۵ کہا

إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ

سوائے اس کے نہیں کہ شکایت کرتا ہوں میں بیقراری اپنی کی اور غم اپنے کی طرف اللہ کے اور جانتا ہوں میں اللہ کی طرف سے

يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَيْأَسُوا

اے بیٹو میرے جاؤ پس خبر لو یوسف سے اور بھائی اس کے سے اور مت ناامید ہو

منزل ۳

موضح القرآن ف۱ یعنی اور بھائیوں کو رخصت کیا بڑا بھائی رہ گیا اس توقع پر کہ شاید مہربان ہو کر یہ خلاص کردیں ۱۲ منہ ف۲ یعنی ہم کو قول دیا تھا اپنی واسطے پر اور چوری کی خبر نہ تھی یا ہم جو کو دیکھا تھا یا جیسے اس کے موافق معلوم دیتا تھا کہ بھائی نے چوری کی ۱۲ ف۳ پہلی بار کے بیٹے اعتباری سے اب بھی حضرت نے سب بیٹوں کا اعتبار نہ لیا سچ ہی کا کلام جھوٹ ہیں بیٹوں کی بنائی بات تھی حضرت یوسف ہی بیٹے تھے ۱۲ ف۴ یعنی غم کی بات منہ سے نہ نکالتا تھا اندر اندر گھٹ کے جیتا تھا اگلا اس سے دیکھا کس کا کام سوائے صبر کے ۱۲ ف۵ اس بیٹے سے جاتے سے پھر یوسف کا غم تازہ ہوا ۱۲ ف۶ یعنی تم کیا مجھ کو صبر سکھاتے ہو میں بے صبر وہ ہوں جو خلق کے آگے شکایت کرے خالق کی میں تو اسی سے کہتا ہوں جس نے درد دیا اور یہ بھی جانتا ہوں کہ مجھ پر آزمائش ہے دیکھوں کس حد کو پہنچ کر بس ہو ۱۲ منہ رح

مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يَايْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ

رحمت اللہ کی سے تحقیق نہیں ناامید ہوتے رحمت خدا کی سے مگر قوم

الْكٰفِرُوْنَ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ

کافروں کی پس جب داخل ہوئے اوپر اُس کے کہا انہوں نے اے عزیز

مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ

لگی ہم کو اور اہل ہمارے کو سختی اور لائے ہیں ہم پونجی حقیر یعنی تھوڑی پس پورا دے

لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ

ہم کو میان اور خیرات کر اوپر ہمارے تحقیق اللہ ثواب دیتا ہے صدقہ دینے والوں کو ف۱

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ

کہا کیا جانتے ہو تم کہ کیا کیا تھا تم نے ساتھ یوسف کے اور بھائی اس کے کے جب تم تھے

جٰهِلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ قَالَ اَنَا

جاہل کہا انہوں نے کیا تحقیق تو ہی ہے یوسف کہا کہ میں ہوں

يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا اِنَّهٗ مَنْ

یوسف اور یہ ہے بھائی میرا تحقیق احسان کیا اللہ نے اوپر ہمارے تحقیق جو کوئی

يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

پرہیزگاری کرے اور صبر کرے پس تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب احسان کرنے والوں کا ف۲

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ ۝

کہا انہوں نے قسم ہے خدا کی البتہ تحقیق پسند کیا تجھ کو اللہ نے اوپر ہمارے اور تحقیق تھے ہم خطاوار ف۳

قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ

کہا کہ نہیں سرزنش اوپر تمہارے آج کے دن بخشے گا اللہ واسطے تمہارے اور وہ بہتر رحم کرنے والا

الرّٰحِمِيْنَ ۝ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ

سب رحم کرنے والوں کا لے جاؤ کرتا میرا یہ پس ڈالو اوس کو اوپر منہ

اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَلَمَّا

باپ میرے کے آوے گا بینا ہو کر اور لے آؤ میرے پاس اہل اپنے کو سب کو ف۴ اور جب

منزل ۳ ع

موضح القرآن

ف۱ قحط میں سب اسباب گھر کا بک گیا اب کے بار روپی اور روپیہ اور ایسی چیزیں لائے تھے اناج خریدنے کو یہ حال سن کر حضرت یوسف کو رحم آیا اپنے تئیں ظاہر کیا اور سارے گھر کو بلوایا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ف۲ جس پر تکلیف پڑی اور شرع سے باہر نہ ہوا اور درد مگر اور نہیں تو آخر لے زیادہ عطا ملے ۱۲

ف۳ یعنی تیرا خواب سچ تھا اور ہمارا حسد غلط ۱۲

ف۴ ہر مرض کی اللہ کے یہاں دوا ہے آنکھیں گئی تھیں ایک شخص کے فراق میں اسی کے بدن کی چیز ملنے سے کھلی ہوئیں یہ کرامات تھی حضرت یوسف کی ۱۲ رحمہ اللہ تعالے

فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ

جدا ہوا قافلہ کہا باپ ان کے نے تحقیق میں پاتا ہوں بو یوسف کی

لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ

اگر نہ بہکا ہوا کہو مجھ کو کہنے لگے قسم ہے اللہ کی تحقیق تو البتہ بیچ وہم اپنے

الْقَدِيْمِ ○ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ

قدیم کے ہے پس جب آیا خوشخبری لانے والا ڈال دیا اس کرتے کو اوپر منہ اس کے پس ہو گیا

بَصِيْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا

بینا کہا کیا نہ کہا تھا میں نے واسطے تمہارے تحقیق میں جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو کچھ تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ○ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا

جانتے ف۱ کہا انہوں نے اے باپ ہمارے بخشش مانگ واسطے ہمارے گناہوں ہمارے کی تحقیق ہم تھے

خٰطِئِيْنَ ○ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ اِنَّهٗ هُوَ

خطا کرنے والے کہا البتہ بخشش مانگوں گا میں واسطے تمہارے رب اپنے سے تحقیق وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى

بخشنے والا مہربان ہے پس جب داخل ہوئے اوپر یوسف کے جگہ دی

اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ○

طرف اپنے ماں باپ اپنے کو اور کہا کہ داخل ہو مصر میں اگر چاہا ہے خدا نے امن سے ف۲

وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ

اور چڑھایا ماں باپ اپنے کو اوپر تخت کے اور گر پڑے واسطے اس کے یعنی یوسف کے سجدہ کرتے ہوئے اور کہا اے باپ

هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا

یہ ہے تعبیر خواب میرے کی پہلے کی تحقیق کر دیا اس کو پروردگار میرے نے سچ

وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ

اور تحقیق احسان کیا ساتھ میرے جس وقت نکالا مجھ کو قید خانے سے اور لے آیا تم کو

مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

جنگل سے پیچھے اس کے کہ جھگڑا ڈال دیا تھا شیطان نے درمیان میرے اور درمیان

الربع

منزل ۳

موضح القرآن
ف۱ حضرت یوسف
کا ناوہ سواری اور
تھا سمجھا اسے غلام
کیا ہاتھ میں سے آکر
اونہ منہ پر ڈال دیا او
پھر یہی دعا کی اسی وقت
آنکھیں کھل گئیں ۱۲
شاہ عبد القادر رحمۃ اللہ تعالیٰ
ف۲ یعنی باہر شہر سے
استقبال کو نکلے
وہاں یہ کہا ۱۲
منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

إِخْوَتِيٓ ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَآءُ ۚ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ ۝

بھائیوں میرے کے تحقیق پروردگار میرا لطف کرنے والا ہے جس چیز کو چاہے تحقیق وہی جاننے والا حکمت والا ہے ف۱

رَبِّ قَدْ ءَاتَيْتَنِى مِنَ ٱلْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِى مِن تَأْوِيلِ

اے پروردگار میرے تحقیق دی تو نے مجھ کو کچھ بادشاہی اور سکھائی تو نے مجھ کو تعبیر باتوں

ٱلْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ أَنتَ وَلِىِّۦ فِى

یعنی خوابوں کی اے پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے تو ہی ہے دوست میرا بیچ

ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِى مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِى بِٱلصَّٰلِحِينَ ۝

دنیا کے اور آخرت کے قبض کر مجھ کو مطیع اپنا اور ملا دے مجھ کو ساتھ صالحوں کے ف۲

ذَٰلِكَ مِنْ أَنۢبَآءِ ٱلْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۖ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ

یہ ہے خبروں غیب کی سے کہ وحی کرتے ہیں ہم طرف تیرے اور نہیں تھا تو نزدیک ان کے

إِذْ أَجْمَعُوٓا۟ أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ۝ وَمَآ أَكْثَرُ ٱلنَّاسِ

جس وقت کہ مقرر کیا انہوں نے کام اپنا اور وہ مکر کرتے تھے ف۳ اور نہیں بہت لوگ

وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ

اور اگرچہ حرص کرے تو ایمان لانے والے اور نہیں مانگتا تو ان سے اوپر اس کے کچھ بدلا

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَٰلَمِينَ ۝ وَكَأَيِّن مِّنْ ءَايَةٍ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ

نہیں یہ مگر نصیحت واسطے سارے جہان کے اور کتنی نشانیاں ہیں بیچ آسمانوں کے

وَٱلْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ۝ وَمَا

اور زمین کے کہ گزرتے ہیں اوپر ان کے اور وہ ان سے منہ پھیرنے والے ہیں اور نہیں

يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِٱللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ ۝ أَفَأَمِنُوٓا۟

ایمان لاتے اکثر ان کے ساتھ اللہ کے مگر اور وہ شریک لانے والے ہیں ف۴ کیا پس نڈر ہوئے

أَن تَأْتِيَهُمْ غَٰشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ ٱللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ ٱلسَّاعَةُ

اس بات سے کہ آئے ان کے پاس ڈھانکنے والا عذاب خدا کی سے یا آوے ان کے پاس قیامت

بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ قُلْ هَٰذِهِۦ سَبِيلِىٓ أَدْعُوٓا۟

ناگہاں اور وہ نہ جانتے ہوں کہہ کہ یہ ہے راہ میری پکارتا ہوں میں

منزل ٣

ع ١١ / ٥

موضح القرآن ف۱ جو اٹھ کے آسمان بھیجے سو ذکر کئے اور جو تکلیف تھی دخل شیطان سے اس کو منہ پر نہ لائے بجلی شادیاں لگے زمانے میں سجدہ کرنا تعظیم تھی جیسی کی فرشتوں نے حضرت آدم کو کیا تھا اس وقت اللہ نے وہ رواج موقوف کیا وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ الآیۃ اس وقت پہلے رواج پر چلنا ویسا ہے کہ کوئی بہن سے نکاح کرلے کہ حضرت آدم کے وقت ہوا ہو ۱۲ ف۲ علم کامل پایا دولت کامل پائی اب شوق ہوا اپنے باپ دادا کے مراتب کا حضرت یعقوب کی زندگی تک رہے دنیا کے کام میں پیچھے اپنے اختیار سے چھوڑ دیا ۱۲ ف۳ یعنی یہ مذکور تورات میں اور پہلی کتابوں میں بھی نہیں ۱۲ ف۴ یعنی منہ سے سب کہتے ہیں کہ خالق اللہ ہے سب کا وہی ہے پھر اوروں کو پکڑتے ہیں ۱۲ منہ

وقف النبی علیہ السلام

إِلَى اللَّهِ عَلَىٰ بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي وَسُبْحَانَ اللَّهِ

طرف اللہ کے اوپر بینائی کے ہیں اور جس نے متابعت کی میری اور پاکی بیان کرتا ہوں واسطے اللہ

وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ

اور نہیں میں شریک لانے والوں سے اور نہیں بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے

إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِم مِّنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ ۗ أَفَلَمْ يَسِيرُوا

مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف اُن کے رہنے والے بستیوں کے سے کیا پس نہیں سیر کی

فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ

بیچ زمین کے پس دیکھتے کیوں کر ہوا آخر کار اُن لوگوں کا کہ

مِن قَبْلِهِمْ ۗ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ اتَّقَوْا ۗ أَفَلَا

پہلے اُن سے تھے اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے واسطے اُن لوگوں کے کہ ڈرتے ہیں کیا پس نہیں

تَعْقِلُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ

سمجھتے تم یہاں تک کہ جب نا امید ہوئے پیغمبر اور گمان کیا انہوں نے یہ کہ

قَدْ كُذِبُوا جَاءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَن نَّشَاءُ ۖ وَلَا يُرَدُّ

تحقیق جھوٹ بولا گیا اُن کے پاس مدد ہماری پس نجات دیا گیا جو شخص کہ چاہتے تھے ہم اور نہیں پھرا

بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ۝ لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ

عذاب ہمارا قوم گنہگار سے البتہ تحقیق ہے بیچ قصے اُن کے کے

عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن

نصیحت واسطے صاحبوں عقل کے نہیں ہے بات کہ باندھ لے جاوے ولیکن

تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ

سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے اور تفصیل ہر چیز کی

وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

اور ہدایت اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں

سورۃ الرعد مکیۃ	بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝	وهي ثلث واربعون آية وست ركوعات

سورہ رعد مکے میں نازل ہوئی اور اس کی ... شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے تینتالیس آیتیں اور چھ رکوع ہیں

منزل ۳

ع ۱۲

موضح القرآن ف

یعنی وعدہ عذاب کو دیر لگی یہاں تک کہ پیغمبر ناامید لگے ہونے کہ شاید ہماری جیتے جی نہ آوے اور ان کو لگے خیال کرنے کہ شاید وعدہ خلاف تھا آنے خیال سے آدمی کافر نہیں ہوتا اگر جانتا ہو کہ یہ خیال بد ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

الٓمّٓرٰ تلك ايٰت الكتٰب والذي انزل اليك من

یہ ہیں آیتیں کتاب کی اور وہ چیز کہ اتاری گئی ہے طرف تیرے

ربك الحق ولٰكن اكثر الناس لا يؤمنون ۝ الله

رب تیرے سے سچ ہے ولیکن اکثر لوگ نہیں ایمان لاتے اللہ

الذي رفع السمٰوٰت بغير عمد ترونها ثم استوٰى

وہ ذات جس نے بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے دیکھتے ہو تم اس کو پھر قرار پکڑا

على العرش وسخر الشمس والقمر كل يجري

اوپر عرش کے اور مسخر کیا سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے

لاجل مسمى يدبر الامر يفصل الايٰت لعلكم

واسطے وعدہ مقرر کے تدبیر کرتا ہے کام کی تفصیل سے بیان کرتا ہے نشانیاں تاکہ تم

بلقاء ربكم توقنون ۝ وهو الذي مد الارض

ساتھ ملاقات رب اپنے کے یقین کرو ف اور وہی ہے جس نے کھینچا زمین کو

وجعل فيها رواسي وانهٰرا ومن كل الثمرٰت

اور کئے بیچ اس کے پہاڑ اور نہریں اور ہر میوے سے

جعل فيها زوجين اثنين يغشي اليل النهار ان

کئے بیچ اس کے جوڑے دو قسم کے ڈھانک دیتا ہے رات دن کو تحقیق

في ذٰلك لايٰت لقوم يتفكرون ۝ وفي الارض

بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۲ اور بیچ زمین کے

قطع متجٰورٰت وجنٰت من اعناب وزرع

قطعے ہیں نزدیک ایک دوسرے کے اور باغ ہیں انگوروں سے اور کھیتیاں ہیں اور

ونخيل صنوان وغير صنوان يسقٰى بماء واحد

کھجوریں ہیں ایک تھالے میں کی کئی اور بن ملی یعنی ایک تھالے میں اکیلی کھجور پلائی جاتی ہیں پانی ایک سے

ونفضل بعضها على بعض في الاكل ان في

اور بزرگی دیتے ہیں ہم بعض ان کے کو اوپر بعضوں کے بیچ میوے کے تحقیق بیچ

منزل ۳

موضح القرآن ف۱

چلتا ہے پھری مدت تک یعنی قیامت تک یا اپنے اپنے دور تک سورج ایک برس تک اور چاند ایک مہینے تک پھر وہا دور شروع کرے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ ہر میوے کے جوڑے یعنی ایک قسم کامل ایک قسم ناقص اور راستوں ایک اندھیرا ایک اُجالا رنگ رنگ چیز ساتی تمام ہے کہ اپنی خوشی سے بنایا اگر ہر جا صیب سے ہوتی تو ایک سی ہوتی ۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ

اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ سمجھتے ہیں اور اگر تعجب کرے تو پس عجب ہے

قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ اُولٰٓئِكَ

بات اُن کی کیا جب ہو جاویں گے ہم مٹی کیا مقرر ہونگے ہم البتہ بیچ پیدائش نئی کے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ

لوگ ہیں کہ کافر ہوئے ساتھ پروردگار اپنے کے اور یہ لوگ ہیں کہ طوق بیچ گردنوں اُن کی کے

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

اور یہ لوگ رہنے والے ہیں آگ کے وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں اور شتابی کرتے ہیں تجھ سے

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ

ساتھ برائی کے پہلے بھلائی کے اور تحقیق گزرے ہیں پہلے اُن سے

الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰي ظُلْمِهِمْ ۚ

عقوبتیں اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ صاحب بخشش کا ہے واسطے لوگوں کے اوپر ظلم اُن کے کے

وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ سخت عذاب کرنے والا ہے اور کہتے ہیں وہ لوگ

كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ

جو کافر ہوئے کیوں نہ اتاری گئی اوپر اس کے نشانی پروردگار اس کے سے سوائے اس کے نہیں کہ تو ڈرانے والا

وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا

اور واسطے ہر قوم کے ہدایت کرنے والا ہے اللہ جانتا ہے جو کچھ اٹھاتی ہے ہر عورت اور جو کچھ

تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ

کہ کم کرتے ہیں رحم اور جو کچھ کہ بڑھاتے ہیں اور ہر چیز نزدیک اس کے اندازے پر ہے

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَاۗءٌ مِّنْكُمْ

جاننے والا پوشیدہ کا اور ظاہر کا بڑا بلند برابر ہے تم میں سے

مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ

جو شخص کہ چھپاوے بات کو اور جو کوئی پکار کر کہے اس کو اور جو شخص کہ وہ چھپنے والا ہے

منزل ۳

ع ۱

موضح القرآن

برائی چاہتے ہیں آگے بھلائی سے یعنی ایمان نہیں قبول کرتے کہ سب خوبی پاویں انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں عذاب لے آ اور پہلے ہو چکی ہیں کہاوتیں یعنی عذاب ویسے جن کی کہاوتیں چلی ہیں ۱۲ منہ

بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ○ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

رات کو اور راہ چلنے والا ہے دن کو واسطے اُس کے چوکیدار ہیں ایک کے پیچھے ایک جانے والے

وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ

اور پیچھے اس کے سے محافظت کرتے ہیں اُس کو حکم خدا کے سے تحقیق اللہ نہیں بدلتا اُس کو جو ساتھ

مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ

ساتھ کسی قوم کے ہو یہاں تک کہ بدل ڈالیں وہ جو کچھ بیچ جی اُن کے ہے اور جس وقت ارادہ کرتا ہے خدا تعالیٰ کسی قوم

سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ○ هُوَ

برائی کا بس نہیں پھیرنا واسطے اُس کے اور نہیں ہے واسطے اُن کے سوائے اُس کے کوئی کارساز ف۲ وہی

الَّذِیْ یُرِیْکُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنْشِئُ السَّحَابَ

ہے جو دکھلاتا ہے تم کو بجلی ڈر سے اور طمع سے اور پیدا کرتا ہے بادل

الثِّقَالَ ○ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ

بھاری اور تسبیح کرتا ہے گرجنے والا ساتھ تعریف اُس کی کے اور فرشتے ڈر اُس کے سے

وَیُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَیُصِیْبُ بِهَا مَنْ یَّشَآءُ وَهُمْ

اور بھیجتا ہے گرنے والی بجلیاں پس پہنچاتا ہے اُس کو جس کو چاہے اور وہ

یُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ ○ لَهٗ دَعْوَةُ

جھگڑتے ہیں بیچ اللہ کے اور وہ سخت عذاب دینے والا ہے واسطے اُس کے ہے پکارنا

الْحَقِّ ؕ وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا یَسْتَجِیْبُوْنَ

سچا اور جن لوگوں کو پکارتے ہیں سوائے اس کے نہیں جواب دیتے

لَهُمْ بِشَیْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّیْهِ اِلَى الْمَآءِ لِیَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ

اُن کو کچھ کسی چیز کے مگر جیسے کھول دینے والا دونوں ہتھیلیاں اپنی کو طرف پانی کے تو کہ پہنچے منہ اُس کے کو اور نہیں وہ

بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ ○ وَلِلّٰهِ

پہنچنے والا اُس کو اور نہیں دعا کافروں کی مگر بیچ گمراہی کے ف۳ اور واسطے خدا کے

یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

سجدہ کرتا ہے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے خوشی سے اور ناخوشی سے

ع ۱۳ منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ یعنی جو چھپا کام رات کو چھپاوے یا دن کو ظاہر کرے اللہ تعالیٰ کے نزدیک برابر ہے ۱۲ ف۲ یعنی اللہ اپنی نگہبانی سے اور مہربانی سے محروم نہیں کرتا کسی قوم کو جو ہمیشہ اُس کی طرف سے رہی ہو جب تک وہ اپنی چال اللہ کے ساتھ نہ بدلیں ۱۲ ف۳ کافر جن کو پکارتے ہیں بعضے حیوان ہیں اور بعضے جن ہیں اور بعضی چیزیں ہیں کہ ان میں کچھ خواص ہیں لیکن اپنے خواص کی مالک نہیں پھر کیا حاصل ان کا پکارنا جیسے آگ یا پانی اور شاید ستارے بھی اسی قسم میں ہوں تو اس کی مثال بتائی ۱۲

وَظِلٰلُهُم بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۞ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

اور پرچھائیاں ان کی صبح کو اور شام کو ف کہہ کون ہے پروردگار آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ

اور زمین کا کہہ کہ اللہ کہہ کیا پس پکڑے ہیں تم نے سوائے اس کے کارساز

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

کہ نہیں اختیار میں رکھتے واسطے جانوں اپنی کے نفع اور نہ ضرر کہہ کہ کیا برابر ہوتا ہے

الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ

اندھا اور دیکھنے والا یا کیا برابر ہوتے ہیں اندھیرے اور اجالا

اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ

کیا مقرر کیا انہوں نے واسطے خدا کے شریک کہ پیدا کیا انہوں نے مانند پیدائش اس کی کی پس مل گئی پیدائش اوپر ان کے

قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۞ اَنْزَلَ

کہہ کہ اللہ ہی پیدا کرنے والا ہر چیز کا اور وہی ہے اکیلا غالب اتارا ہے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ

اس نے آسمان سے پانی پس بہے نالے ساتھ اندازے اپنے کے پس اٹھا لیا

السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ

رو نے جھاگ چڑھی ہوئی اور اس چیز سے کہ دھونکتے ہیں اوپر اس کے بیچ آگ کے

ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

واسطے چاہنے گہنے کے یا اسباب کے جھاگ ہے مانند اس کے اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ۥ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا

حق اور باطل کو پس جو کہ جھاگ ہے پس جاتا رہتا ہے ناکارہ اور جو کہ وہ چیز ہے

مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

کہ نفع دیتی ہے لوگوں کو پس رہتی ہے بیچ زمین کے اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

الْاَمْثَالَ ۞ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ

مثالیں ف واسطے ان لوگوں کے کہ قبول کیا انہوں نے پروردگار اپنے کو نیکی ہے اور جن لوگوں نے

السجدة

منزل ٣

وقف النبی علیہ السلام

موضح القرآن ف

جو اللہ پر یقین لایا خوشی سے سو یکسا ہو اس کے حکم پر اور جو یقین نہ لایا آخر اس پر بھی اسی کا حکم جاری ہے اور پرچھائیاں صبح اور شام زمین پر پسر جاتی ہیں یہی ہے اطاعت سجدہ ۱۲ ف یعنی آسمان سے حق اترتا ہے تو ہر ایک اپنی استعداد کے موافق فیض لیتا ہے پھر حق اور باطل ٹھہرتا ہے تو میل ابھر آتا ہے جیسے مینہ کا پانی زمین میں مل کر نالے بہاوے تانبے کو دھکا کر میل ابھرتا ہے آخر جھاگ کو بنیاد نہیں اور کام کی چیز کو بنیاد ہے یہ حق اور باطل ٹھہرنا دنیا کی لڑائی مراد ہے آخر حق غالب ہے یا ہر ایک کے دل میں حق اور باطل ٹھہرتا ہے آخر حق اس باطل کو مٹا کر صاف حق رہتا ہے ۱۲ منہ

لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ

نہ قبول کیا واسطے اُس کے اگر ہو واسطے اُن کے جو کچھ کہ بیچ زمین کے ہے سارا اور مانند اُس کے

مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوٓءُ الْحِسَابِ وَمَأْوٰىهُمْ

ساتھ اُس کے البتہ لادیویں بدلے ساتھ اُس کے یہ لوگ واسطے اُن کے ہے بُرا حساب اور جگہ رہنے اُن کی

جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ

دوزخ ہے اور بُرا ہے بچھونا کیا پس جو شخص کہ جانتا ہے یہ کہ جو کچھ اُتارا گیا ہے طرف تیری

مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمٰى إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبَابِ

پروردگار تیرے سے سچ ہے مانند اُس کی ہے کہ وہ اندھا ہے سوائے اس کے نہیں کہ نصیحت پکڑتے ہیں صاحب عقل کے

الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝

وہ لوگ کہ پورا کرتے ہیں عہد اللہ کے کو اور نہیں توڑتے عہد کو

وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ

اور وہ لوگ کہ ملاتے ہیں اُس چیز کو کہ حکم کیا ہے اللہ نے ساتھ اُس کے یہ کہ ملائی جاوے اور ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوٓءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا

پروردگار اپنے سے اور ڈرتے ہیں برائی حساب کی سے اور وہ لوگ کہ صبر کرتے ہیں

ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

واسطے چاہنے رضامندی رب اپنے کے اور قایم رکھتے ہیں نماز کو اور خرچ کرتے ہیں اس چیز سے کہ دی ہم نے

سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولٰٓئِكَ

پوشیدہ اور ظاہر اور دفع کرتے ہیں ساتھ نیکی کے برائی کو یہ لوگ

لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ

واسطے انہیں کے ہے پچھاڑی گھر کی بہشتیں ہیں رہنے کی کہ داخل ہوں گے اس میں وہ اور جو کوئی

صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

کہ لائق ہیں باپوں اُن کے سے اور بیبیوں اُن کی سے اور اولاد اُن کی سے اور فرشتے

يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ

داخل ہوں گے اوپر اُن کے ہر دروازے سے سلامتی ہے اوپر تمہارے

ع ۱۱ / ۸ النصف

منزل ۳

بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَالَّذِينَ يَنقُضُونَ

بسبب اس کے کہ صبر کیا تم نے پس اچھی ہے پچھاڑی گھر کی اور جو لوگ کہ توڑتے ہیں

عَهْدَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ

عہد خدا کا پیچھے مضبوطی اس کی کے اور کاٹتے ہیں اس چیز کو کہ حکم کیا اللہ نے

بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ۙ أُولَٰئِكَ

بیچ اس کے یہ کہ ملائی جاوے اور فساد کرتے ہیں بیچ زمین کے یہ لوگ

لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ۝ اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

واسطے ان کے ہے لعنت اور واسطے ان کے ہے برائی گھر کی اللہ کشادہ کرتا ہے رزق کو

لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ وَفَرِحُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا

واسطے جس کے چاہے اور تنگ کرتا ہے اور خوش ہوئے ساتھ زندگانی دنیا کے اور نہیں ہے

الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ

زندگانی دنیا کی بیچ آخرت کے مگر اسباب تھوڑا اور کہتے ہیں وہ لوگ

كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ

کہ کافر ہوئے کیوں نہ اتاری گئی اوپر اس کے نشانی رب اس کے سے کہہ تحقیق اللہ

يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ۝ الَّذِينَ

گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے طرف اپنے اس شخص کو کہ رجوع کرتا ہے جو لوگ

آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ

کہ ایمان لائے اور آرام پکڑتے ہیں دل ان کے ساتھ یاد اللہ کے خبردار ہو ساتھ یاد اللہ کے

تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

آرام پکڑتے ہیں دل جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ۝ كَذَٰلِكَ أَرْسَلْنَاكَ فِي

خوشحالی ہے واسطے ان کے اور اچھی ہے جگہ پھر جانے کی اسی طرح بھیجا ہم نے تجھ کو بیچ

أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهَا أُمَمٌ لِّتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِي

امت کے کہ تحقیق گزر گئی ہیں پہلے اس سے بہت امتیں کہ پڑھے تو اوپر ان کے وہ چیز کہ

منزل ۳

موضح القرآن ف

یعنی حق تعالیٰ کو ضرور نہیں کہ سب کو راہ دیں لاوے نشانیاں جیسی جس طرح چاہیں بلکہ یہی منظور ہے کہ کوئی بہکے اور کوئی راہ پاوے سو جس کے دل میں رجوع آئی نشان ہر کہ اس کو سوجھانا چاہئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمٰنِ قُلْ هُوَ

وحی کی ہم نے طرف تیرے اور وہ کفر کرتے ہیں ساتھ رحمن کے کہہ وہی ہے

رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ ۝

پروردگار میرا نہیں کوئی معبود مگر وہ اوپر اسی کے توکل کیا میں نے اور طرف اسی کے ہے توبہ کرنا میرا

وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ

اور اگر کوئی قرآن ہوتا کہ چلائے جاتے ساتھ اس کے پہاڑ یا کاٹی جاتی ساتھ اس کے

الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ بَلْ لِلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا أَفَلَمْ

زمین یا بلائے جاتے ساتھ اس کے مردے تو بھی نہ ایمان لاتے بلکہ واسطے خدا کے ہے کام سارا کیا پس نہیں

يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا أَنْ لَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ

جانکر ناامید ہوئے وہ لوگ کہ ایمان لائے ہیں یہ کہ اگر چاہتا اللہ البتہ ہدایت کرتا لوگوں کو

جَمِيعًا وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُمْ بِمَا صَنَعُوا

سب کو اور ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ جو کافر ہوئے ہیں پہنچتی جاوے گی ان کو بسبب اس کے جو کرتے تھے

قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِنْ دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ وَعْدُ

مصیبت یا اترے گی نزدیک گھر ان کے سے یہاں تک کہ آوے وعدہ

اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ

اللہ کا تحقیق اللہ نہیں خلاف کرتا وعدہ ف٢ اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا گیا

بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ

ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے پس ڈھیل دی میں نے واسطے ان کے جو کافر ہوئے تھے پھر

أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ

پکڑ لیا میں نے ان کو پس کیوں کر تھا عذاب میرا کیا پس جو شخص کہ وہ کھڑا ہے

عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ قُلْ

اوپر ہر جان کے یعنی خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کماتی ہے ف٣ اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے شریک کہہ

سَمُّوهُمْ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ أَمْ بِظَاهِرٍ

نام رکھو ان کے کیا خبر کرتے ہو تم اس کو ساتھ اس چیز کے کہ نہیں جانتا بیچ زمین کے یا ساتھ ظاہری کے

منزل ٣

ع ٤ / ١٠

موضح القرآن

ف١ یعنی گناہوں سے چھوڑ کر وہ منکر ہوتے ہیں رحمن سے مگر یہ کہ لوگ اللہ تعالیٰ کا نام رحمن نہ بولتے تھے جب قرآن میں یہ نام سنا کہنے لگے تو نے اپنا ایک معبود ٹھہرا رکھا فرمایا کہ کہہ وہی میرا ایک ہے جس نام سے پکارو ف٢ مسلمان چاہتے تھے کہ ایک نشانی بڑی آوے تو کافر مسلمان ہو جاویں فرمایا کہ اگر کسی قرآن سے یہ کام ہوتے ہوتے تو اس سے پہلے ہوتے لیکن اختیار اللہ کا ہے اور خاطر جمع رکھی چاہئے کہ اللہ نے یوں نہیں چاہا اگر وہ چاہتا تو حکم کافی تھا لیکن کافر مسلمان یوں ہو گئے کہ ان پر آفت پڑتی ہے کی ان پر پڑنے پاس ہے یعنی جب تک سارا عرب ایمان میں آوے بس وہ آفت بھی جاوے

مسلمانوں کے ہاتھ سے ١٢ ف٣ یعنی وہ ان کو چھوڑے گا بن سزا دئے ١٢ منہ رحمہ

مِّنَ الْقَوْلِ ۗ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا

بات سے بلکہ زینت دیا گیا ہے واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے مکر انکا اور بند کئے گئے

عَنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ

راہ سے اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں ہے واسطے اس کے کوئی راہ دکھلانے والا

لَّهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ

واسطے ان کے عذاب ہے بیچ زندگانی دنیا کے اور البتہ عذاب آخرت کا

أَشَقُّ ۖ وَمَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ ۝ مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي

بہت شاق ہے اور نہیں واسطے ان کے اللہ سے کوئی بچانے والا صفت اس بہشت کی کہ

وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ أُكُلُهَا دَائِمٌ

وعدہ کئے گئے ہیں پرہیزگار چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں میوہ اس کا ہمیشہ ہے

وَظِلُّهَا ۚ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوا ۖ وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ

اور سایہ اس کا بھی یہ ہے آخرت ان لوگوں کا کہ پرہیزگار ہیں اور آخر کار کافروں کا

النَّارُ ۝ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ

آگ ہے اور جو لوگ کہ دی ہم نے ان کو کتاب خوش ہوتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری

إِلَيْكَ ۖ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَن يُنكِرُ بَعْضَهُ ۚ قُلْ إِنَّمَا

طرف تیرے اور بعضے جماعتوں سے وہ شخص ہے کہ انکار کرتا ہے بعضے اس کے کو کہہ سوا اس کے نہیں

أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا أُشْرِكَ بِهِ ۚ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ

حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ عبادت کروں اللہ کو اور نہ شریک لاؤں ساتھ اس کے طرف اسی کی پکارتا ہوں میں طرف اسی کی ہے

مَآبِ ۝ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ

پھر جانا میرا اور اسی طرح اتارا ہے ہم نے اس قرآن کو حکم عربی اور اگر پیروی کرے گا تو

أَهْوَاءَهُم بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ

خواہشوں ان کی کی پیچھے اس چیز کے کہ آئی تیرے پاس علم سے نہیں واسطے تیرے اللہ سے

مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ

کوئی دوست اور نہ بچانے والا اور البتہ تحقیق بھیجے ہم نے پیغمبر پہلے تجھ سے

منزل ۳

ع ۵ ۱۱

وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ

اور دیں ہم نے واسطے اُن کے بیبیاں اور اولاد اور نہ تھا واسطے کسی پیغمبر کے یہ کہ

يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُو

لے آوے کوئی نشانی مگر ساتھ حکم اللہ کے واسطے ہر ایک وعدہ کے ایک لکھت ہے مٹاتا ہے

اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ۝ وَإِنْ مَا نُرِيَنَّكَ

اللہ جو چاہتا ہے اور ثابت کرتا ہے اور نزدیک اس کے ہے اصل کتاب ف۱ اور اگر دکھلادیں ہم تجھ کو

بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ

بعضے وہ چیز جو وعدہ دیتے ہیں ہم اُن کو یا قبض کرلیں ہم تجھ کو پس سوا اس کے نہیں کہ اوپر تیرے پیغام پہنچانا ہے

وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا

اور اوپر ہمارے ہے حساب لینا کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ ہم چلے آتے ہیں زمین کو گھٹاتے ہوئے

مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ وَاللَّهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ

کناروں اُس کے سے اور اللہ حکم کرتا ہے نہیں پھیرنے والا واسطے حکم اُس کے کے اور وہ

سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ

جلدی لینے والا حساب کا اور تحقیق مکر کیا اُن لوگوں نے جو پہلے اُن سے تھے پس واسطے اللہ کے ہے

الْمَكْرُ جَمِيعًا ۖ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۗ وَسَيَعْلَمُ

مکر تمام جانتا ہے جو کماتا ہے ہر جی اور شتاب جان لیویں گے

الْكُفَّارُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا

کفار واسطے کس کے ہے پچھاڑی گھر کی اور کہتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہوئے

لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ

نہیں تو بھیجا ہوا کہہ کفایت ہے اللہ گواہی دینے والا درمیان میرے اور درمیان تمہارے

وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ ۝

اور وہ شخص کہ پاس اُس کے ہے علم کتاب کا ف۳

سورة ابراهيم مكية ۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۔ اثنتان وخمسون آية وسبع ركوعات

سورہ ابراہیم کہ مکہ میں نازل ہوئی اور شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے اس میں باون آیتیں سات رکوع ہیں

منزل ۳

ع ۶ / ۱۲

موضح القرآن ف۱ دنیا میں ہر چیز اسباب سے ہے بعضے اسباب ظاہر ہیں بعضے چھپے ہیں اسباب کی تاثیر کا ایک اندازہ ہے جب اللہ چاہے اس کی تاثیر اندازہ سے کم زیادہ کردے جب چاہے ویسی ہی لکھے آدمی کبھی تنکے سے مرتا ہے اور کبھی گولی سے بچتا ہے اور ایک اندازہ ہر چیز کا اللہ کے علم میں ہے وہ ہرگز نہیں بدلتا اندازے کو تقدیر کہتے ہیں وہ تقدیریں ہیں ایک بدلتی ہے اور ایک نہیں بدلتی جو تقدیر بدلتی ہے اس کو معلق کہتے ہیں اور جو نہیں بدلتی اس کو مبرم کہتے ہیں ۱۲ ف۲ ہم چلے آتے ہیں زمین پر گھٹاتے یعنی اسلام پھیلتا جاتا ہے عرب کے ملک میں اور کفر گھٹتا ہے ف۳ اللہ گواہ ہے یعنی کہ سچ کو سچا کرے گا اور جھوٹ کو جھوٹا اور گواہ ہیں اہل کتاب جاننے والے کہ آگے بھی اسی طرح اترتی ہے کتاب ۱۲ منہ رح

الٓرٰ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

یہ کتاب ہے اتارا ہم نے اس کو طرف تیرے کہ نکالے تو لوگوں کو اندھیروں سے

اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ

طرف اجالے کے ساتھ حکم پروردگار ان کے کے طرف راہ عزت والے تعریف کیے گئے کی

اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَوَيْلٌ

اللہ کے جو کہ واسطے اس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے اور وائے ہے

لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۝ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ

واسطے کافروں کے عذاب سخت سے وہ جو دوست رکھتے ہیں

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

زندگانی دنیا کو اوپر آخرت کے اور بند کرتے ہیں راہ

اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝ وَمَآ

خدا کی سے اور چاہتے ہیں واسطے اس کے کجی یہ لوگ بیچ گمراہی دور کے ہیں اور نہیں

اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ

بھیجا ہم نے کوئی پیغمبر مگر ساتھ زبان قوم اس کی کے تو کہ بیان کرے واسطے ان کے

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ

پس گمراہ کرتا ہے اللہ جس کو چاہے اور راہ دکھاتا ہے جس کو چاہے اور وہ ہے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ

غالب حکمت والا ف۱ اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے موسیٰ کو ساتھ نشانیوں اپنی کے یہ کہ

اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڏ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ

نکال قوم اپنی کو اندھیروں سے طرف اجالے کے اور نصیحت دے ان کو ساتھ دنوں یعنی

اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ وَاِذْ قَالَ

خدا کے سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنے والے کے اور جب کہا

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ

موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت نجات دی تم کو

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ کافر کہتے تھے کہ اور بولی میں قرآن آتا تو ہم یقین کرتے یہ تو اس شخص کی ہے شاید آپ کہہ لاتا ہو اس کا یہ جواب ہوا ۱۲

ف۲ یاد دلا ان کو دن اللہ کے یعنی اللہ کے ساتھ جو ہر قوم پہ گذرے ہوا منہ ۱۲

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ

لوگوں فرعون کے سے پہنچاتے تھے تم کو برا عذاب اور ذبح کرتے تھے

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ

بیٹوں تمہارے کو اور زندہ رکھتے تھے بیٹیوں تمہاری کو اور بیچ اس کے آزمایش تھی

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ

پروردگار تمہارے کی طرف سے بڑی اور جب پکارا پروردگار تمہارے نے اگر شکر کرو گے تم

لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝

البتہ زیادہ دوں گا میں تم کو اور اگر کفر کرو گے تم تحقیق عذاب میرا البتہ سخت ہے

وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ

اور کہا موسیٰ نے اگر کفر کرو تم اور جو کوئی بیچ زمین کے ہیں سب

فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

پس تحقیق اللہ البتہ بے پرواہ ہے تعریف کیا گیا کیا نہیں آئی تم کو خبر ان لوگوں کی کہ

مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ

پہلے تم سے تھے قوم نوح کی اور عاد کی اور ثمود کی اور ان لوگوں کی کہ

بَعْدِهِمْ ڛ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

پیچھے ان کے تھے نہیں جانتا ان کو مگر اللہ آئے ان کے پاس پیغمبر ان کے ساتھ دلیلوں ظاہر کے

فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ

پس پھیر لے گئے ہاتھ اپنے بیچ مونہوں اپنے کے اور کہا انہوں نے تحقیق کفر کیا ہم نے ساتھ اس چیز کے

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ

کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھ اس کے اور تحقیق ہم البتہ بیچ شک کے ہیں اس چیز سے کہ پکارتے ہو تم ہم کو طرف اس کے

مُرِيْبٍ ۝ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ

قلق ڈالنے والے کے کہا پیغمبروں انکے نے کیا بیچ اللہ کے شک ہے بنانے والا آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ ۭ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اور زمین کا پکارتا ہے تم کو تو کہ بخشے واسطے تمہارے گناہ تمہارے سے

ع ١٤

منزل ٣
معہ عشا المتقدمین

النصف

وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ قَالُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ

اور ڈھیل دیوے تم کو ایک وقت مقرر تک کہا انہوں نے نہیں تم مگر آدمی ہو

مِّثْلُنَا تُرِيدُونَ أَن تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ

مانند ہمارے ارادہ کرتے ہو تم یہ کہ بند کرو ہم کو اس چیز سے کہ تھے عبادت کرتے

آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ

باپ ہمارے پس آؤ ہمارے پاس دلیل ظاہر کہا واسطے ان کے پیغمبروں ان کے نے

إِن نَّحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ عَلَىٰ مَن

نہیں ہم مگر آدمی مانند تمہارے ولیکن اللہ احسان کرتا ہے اوپر جس کے

يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَمَا كَانَ لَنَا أَن نَّأْتِيَكُم بِسُلْطَانٍ

چاہے بندوں اپنے سے اور نہیں ہے واسطے ہمارے یہ کہ لے آویں تمہارے پاس کوئی دلیل

إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝

مگر ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر اللہ کے پس چاہئے کہ توکل کریں ایمان والے ف۱

وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ

اور کیا ہے واسطے ہمارے یہ کہ نہ توکل کریں اوپر اللہ کے اور تحقیق دکھلائیں اس نے ہم کو راہیں ہماری

وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اور البتہ صبر کریں گے ہم اوپر اس کے کہ ایذا دیتے ہو تم ہم کو اور اوپر اللہ کے پس چاہئے کہ توکل کریں

الْمُتَوَكِّلُونَ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُم

توکل کرنے والے اور کہا ان لوگوں نے جو کافر ہوئے تھے واسطے پیغمبروں اپنے کے البتہ نکال دیں گے ہم

مِّنْ أَرْضِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۖ فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ

زمین اپنی سے یا البتہ پھر آؤ گے تم بیچ دین ہمارے کے پس وحی بھیجی طرف ان کے رب ان کے نے

لَنُهْلِكَنَّ الظَّالِمِينَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِن بَعْدِهِمْ ۚ

البتہ ہلاک کریں گے ہم ظالموں کو اور البتہ بسادیں گے ہم تم کو زمین میں پیچھے ان کے

ذَٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ ۝ وَاسْتَفْتَحُوا

یہ واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے کھڑے ہونے سے روبرو میرے کے اور ڈرتا ہے ڈرانے میرے سے اور فتح مانگی انہوں نے

النصف

منزل ۳

ع ۱۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی سند دیکھے سے ایمان نہیں لاتا اللہ کے دیئے سے آتا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

موضح القرآن ف۱ یعنی اسی طرح قرآن سے جاہلوں کو عالم کرے گا اگر دل سے سنیں ۱۲ ف۲ یعنی انگور کی بیلیں چڑھانے کو ۱۲ ف۳ تین چیزیں بنائے ہیں بیچ میں سے نکلنے کے جانور کے پیٹ میں سے دودھ اور لہو کے انگور کھجور سے روزی پاک اور مکھی کے پیٹ سے شہد یعنی اسی طرح قرآن سے جاہلوں کو عالم نکلیں گے حضرت کے وقت بھی ہم امت کی ولادت کا ل ہوئی ف۴ یعنی اس امت میں کامل پیدا ہوں پھر ناقص ہونے لگیں ۱۲

الرِّزْقِ فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا بِرَادِّي رِزْقِهِمْ عَلَىٰ

رزق کے پس نہیں وہ لوگ کہ بزرگی دیے گئے ہیں پھیر دینے والے رزق اپنے اوپر

مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاءٌ أَفَبِنِعْمَةِ اللَّهِ

اُس کے جو مالک ہیں ہاتھ اُنکے واسطے ان کے پس وہ بیچ اُسکے برابر ہوں کیا پس ساتھ نعمت اللہ کے

يَجْحَدُونَ ۝ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا

انکار کرتے ہیں ف۱ اور اللہ نے پیدا کیں واسطے تمہارے جنس تمہاری سے جوروئیں

وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً وَرَزَقَكُمْ

اور پیدا کئے واسطے تمہارے بیبیوں تمہاری سے بیٹے اور پوتے اور رزق دیا تم کو

مِنَ الطَّيِّبَاتِ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللَّهِ

پاکیزہ چیزوں سے کیا پس ساتھ باطل کے ایمان لاتے ہیں اور ساتھ نعمت اللہ کے

هُمْ يَكْفُرُونَ ۝ وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَمْلِكُ

وہ کفر کرتے ہیں ف۲ اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہیں اختیار رکھتے

لَهُمْ رِزْقًا مِنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ شَيْئًا وَلَا يَسْتَطِيعُونَ

واسطے ان کے رزق کا آسمانوں سے اور زمین سے کچھ اور نہیں طاقت رکھتے ف۳

فَلَا تَضْرِبُوا لِلَّهِ الْأَمْثَالَ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ

پس مت بیان کرو واسطے اللہ کے مثالیں تحقیق اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ف۴

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا عَبْدًا مَمْلُوكًا لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ

بیان کی اللہ نے مثال کی طرح ایک غلام ٹہرا ہوا ہے بس میں نہیں قدرت پاتا اوپر کسی چیز کے

وَمَنْ رَزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَ

اور جس شخص کو کہ روزی دی ہم نے اُس کو اپنی طرف سے رزق اچھا پس وہ خرچ کرتا ہے اس میں سے چھپے اور

جَهْرًا هَلْ يَسْتَوُونَ الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

ظاہر کیا برابر ہوتے ہیں سب تعریف واسطے اللہ کے ہے بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے ف۵

وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ

اور بیان کی اللہ نے مثال دو مردوں کی ایک ان دونوں کا گونگا ہے نہیں قدرت رکھتا اوپر

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ رسول نے فرمایا کہ جب کسی کا غلام کھانا پکا لاوے گرمی اور دھواں آپ اٹھاوے اور یہ تحفہ مال اُس کو پہنچاوے تو لازم ہے کہ اُس کو ساتھ بٹھا کر کھلاوے نہ ہو تو ایک دو نوالے ہاتھ میں رکھ دے ۱۲

ف۲ یعنی بتوں کا احسان مانتے ہیں کہ بیماری چنگا کیا یا بیٹا دیا یا روزی دی اور یہ جھوٹ وہ جوڑتے ہیں دیا ہے اللہ اُس کا شکر گزار نہیں ۱۲

ف۳ یعنی نہ آسمان سے مینہ برسا دیں نہ زمین سے اناج لگا دیں

ف۴ مشرک کہتے ہیں کہ مالک اللہ ہے لیکن اُس کی سرکار میں بڑے ہیں اس واسطے ان کو پوجتے ہیں سو یہ غلط مثال ہے اللہ ہر چیز آگاہ ہے کسی پر سودے نہیں کر رکھا اور اگر صحیح مثال چاہو تو آگے دو مثالیں فرمائیں ۱۲

ف۵ یعنی اللہ مالک ہر چیز کا جس کو جو چاہے سو دے اور بت مالک نہیں کسی چیز کا بلکہ آپ پرایا مال ہیں ۱۲ منہ رح

شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ أَيْنَمَا يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ

کسی چیز کا اور وہ بوجھ ہے اوپر مالک اپنے کے جدھر بھیجے اس کو نہیں لاتا بھلائی

هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَن يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ

کیا برابر ہوتا ہے وہ اور جو شخص کہ حکم کرتا ہے ساتھ انصاف کے اور وہ اوپر راہ

مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَلِلَّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا أَمْرُ

سیدھی کے ہے ف۱ اور واسطے اللہ کے ہے علم غیب آسمانوں کا اور زمین کا اور نہیں حال

السَّاعَةِ إِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ

قیامت کا مگر مانند جھپکنے پلک کے وہ زیادہ نزدیک ہے تحقیق اللہ اوپر ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَاللَّهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا

چیز کے قادر ہے اور اللہ نے نکالا تم کو پیٹوں ماؤں تمہاری کے سے نہیں

تَعْلَمُونَ شَيْئًا وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ

جانتے تھے تم کچھ اور کیا واسطے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ

تو کہ تم شکر کرو کیا نہیں دیکھا انہوں نے طرف پرند جانوروں کے کہ مسخر کئے گئے

السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ

آسمان کے نہیں تھام رکھتا ان کو مگر اللہ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے لوگوں

يُؤْمِنُونَ ۝ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّن بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ

کہ ایمان لاتے ہیں ف۲ اور اللہ نے کیا واسطے تمہارے گھروں تمہارے سے ایک جگہ رہنے کی اور کیا

لَكُم مِّن جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ

واسطے تمہارے چمڑے جانوروں کے سے گھر کہ ہلکا جانتے ہو تم اس کو دن سفر اپنے کے

وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا

اور دن مقام اپنے کے اور بالوں بھیڑوں کے سے اور بالوں اونٹوں کے سے اور بالوں بکریوں کے

أَثَاثًا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ۝ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا خَلَقَ

اسباب اور فائدہ ہے ایک وقت تک ف۳ اور اللہ نے کیا واسطے تمہارے اس چیز سے کہ پیدا کیا ہے

موضح القرآن

ف۱ یعنی خدا کے دو بندے ایک بت بکما نہ بول سکے نہ چل سکے جیسے گونگا غلام دوسرا رسول جو اللہ کی راہ بتاوے اور بزرگوں کو اور آپ بندگی پر قائم ہے اس کے تابع ہونا بہتر ہے اس کے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی ایمان لائیے بغیر آنکھ سے دیکھے تلاش کی فکر سے سو فرمایا کہ ماں کے پیٹ سے کوئی کچھ نہیں لایا سب کمانے سے آنکھ کان دل اللہ ہی دیتا ہے اور اڑتے جانور ادھر میں کس کے بھروسے رہتے تھے ہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۳ اون بھیڑ کی پشم اور بکریاں اونٹ کی پشم ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۱۰

ل ۳ منزل

ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

سائے اور کئے واسطے تمہارے پہاڑوں سے سائے اور کئے واسطے تمہارے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ كَذٰلِكَ

کرتے کہ بچاتے ہیں تم کو گرمی سے اور بچاتے ہیں تم کو لڑائی تمہاری سے اسی طرح

يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا

پورا کرتا ہے نعمت اپنی کو اوپر تمہارے تو کہ تم مطیع ہو ف۱ پس اگر پھر جاویں

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ

پس سوائے اس کے نہیں کہ اوپر تیرے پہنچا دینا ظاہر ہے پہچانتے ہیں نعمت اللہ کی

ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ

پھر انکار کرتے ہیں اس کا اور اکثر ان کے کافر ہیں اور جس دن کھڑا کریں گے ہم

مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

امت سے گواہ پھر نہ اذن دیا جاوے گا واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ○ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ

اور نہ وہ عذر قبول کئے جاویں گے ف۲ اور جب دیکھیں گے وہ لوگ کہ ظالم ہیں عذاب کو

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ○ وَاِذَا رَاَ

پس نہ ہلکا کیا جاوے گا ان سے اور نہ ڈھیل دیئے جاویں گے اور جب دیکھیں گے

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

وہ لوگ جو شریک لاتے ہیں شریکوں اپنوں کو کہیں گے اے پروردگار ہمارے یہ ہیں

شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ فَاَلْقَوْا

شریک ہمارے وہ جو تھے ہم پکارتے سوائے تیرے پس ڈالیں گے

اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ

طرف ان کے بات تحقیق تم البتہ جھوٹے ہو ف۳ اور ڈالیں گے طرف اللہ کے

يَوْمَئِذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ الَّذِيْنَ

اس دن صلح اور کھوئی جاوے گی ان سے وہ چیز کہ تھے باندھ لیتے وہ لوگ

ع ۱۱ / ۱۷

ل ۳ منزل

الثلثة

موضح القرآن

ف۱ جن کرتوں میں گرمی کا بچاؤ وہی سردی کا بھی بچاؤ ہے ان کے ملک میں گرمی بہت ہے اسی کا ذکر فرمایا اور لڑائی کا بچاؤ زرہ میں ہے ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ حکم نہ ملے گا بولنے کا ۱۲ منہ رحمہ

ف۳ جو لوگ پوجتے ہیں بزرگوں اپنوں کو وہ بزرگ بے گناہ ہیں۔ ایک شیطان بنا ہے نام رکھ کر انکو پجواتا ہے اسی لیے انکو کہیں گے کہ تم جھوٹے ہو ۱۲

كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ

کہ کافر ہوئے اور بند کیا انہوں نے راہ خدا کی سے زیادہ دینگے ہم ان کو عذاب اوپر

الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ۝ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي

عذاب کے بسبب اس کے کہ تھے فساد کرتے اور جس دن کھڑے کریں گے ہم بیچ

كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ أَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا

ہر امت کے گواہ اوپر ان کے جانوں ان کی سے اور لاویں گے ہم تجھ کو گواہ

عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اوپر ان لوگوں کے اور اتاری ہم نے اوپر تیرے کتاب بیان کرنے والی ہر چیز کی

وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِينَ ۝ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ

اور ہدایت اور رحمت اور خوشخبری واسطے مسلمانوں کے تحقیق اللہ حکم کرتا ہے

بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ

ساتھ عدل کے اور احسان کے اور دینے قرابت والوں کے اور منع کرتا ہے

الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝

بے حیائی سے اور نامعقول سے اور سرکشی سے نصیحت کرتا ہے تم کو تو کہ تم نصیحت پکڑو

وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللّٰهِ إِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ

اور پورا کرو عہد اللہ کا جب عہد باندھو تم اور مت توڑو قسموں کو

بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ

پیچھے مضبوطی ان کی کے اور تحقیق کیا ہے تم نے اللہ کو اوپر اپنے ضامن تحقیق

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ

اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم اور مت ہو مانند اس عورت کے کہ توڑا اس نے

غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ

کاتا اپنا کو پیچھے قوت کے ریزہ ریزہ پکڑتے ہو قسموں اپنی کو

دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبٰى مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا

دخل دینے والی درمیان اپنے اس واسطے کہ ہووے کوئی امت بڑھی ہوئی دوسری جماعت سے سوائے اس نہیں

ع ١٢

منزل ٣

يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ

کہ آزمایش کرتا ہے تم کو اللہ ساتھ اس کے اور البتہ بیان کرے گا واسطے تمہارے دن قیامت کے جو کچھ تھے تم

فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۞ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

بیچ اس کے اختلاف کرتے ف۱ اور اگر چاہتا اللہ البتہ کرتا تم کو امت ایک

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَلَتُسْـَٔلُنَّ

و لیکن گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور البتہ پوچھے جاؤ گے تم

عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ

اس چیز سے کہ تھے تم کرتے ف۲ اور مت پکڑو قسموں اپنی کو دخل دینے والیں

بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ

درمیان اپنے پس ڈگ جاوے گا قدم پیچھے ثابت ہونے اس کے کے اور چکھو گے تم برائی

بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۞

بہ سبب اس کے کہ بند کیا تم نے راہ اللہ کی سے اور ہو گا واسطے تمہارے عذاب بڑا ف۳

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۚ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ

اور مت مول لو بدلے عہد اللہ کے مول تھوڑا سا تحقیق وہ چیز کہ نزدیک اللہ کے وہ

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۞ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۴ جو کچھ نزدیک تمہارے ہے تمام ہو جاتا ہے اور جو کچھ

عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ

نزدیک اللہ کے ہے باقی رہنے والا اور البتہ جزا دینگے ہم ان لوگوں کو کہ صبر کرتے ہیں ثواب ان کا

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ

ساتھ بہتر اس چیز کے کہ تھے کرتے جو کوئی کرے کام اچھا

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ

مرد سے ہو یا عورتوں سے اور وہ ہو ایمان والا پس البتہ زندہ کرینگے ہم اس کو زندگی پاکیزہ

وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ فَاِذَا

اور البتہ بدلا دینگے ہم ان کو ثواب ان کا ساتھ بہتر اس چیز کے کہ تھے عمل کرتے پس جب

موضح القرآن ف۱ اچھی بندگی قیامت کو جلا دینگے یا دنیا میں ظہر کی محبت میں یا ولذت میں آکر منہ پر دل کوئی قول دے کر دغا کرتا ہے اسی واسطے کہ زبردست کو گرادے اور کمزور کو چڑھاوے یہ اللہ نے آزمانے کو رکھا ہے کسی کے بدلے سے بدلا نہیں جاتا اور آگے اقبال کی وہی لاوے تو آوے اور یہ تو کا خیال ہی آتا ہے جب ادبار آنے والا ہوتا ہے دوسرا اگر پایا نہ گیا ف۲ وہ آپ گنتا ہے اپنے بنے کام کو خراب کرنا جیسے ایک عورت دیوانی تھی مالدار سارے دن سوت کتواتی تھی کہ چرخا اور منڈی دونگی اور بانکو جب سارا شروع ہوتا سوت کتر کر بوٹی بوٹی سب بانٹتی ۱۲ ف۳ اس سے معلوم ہوا کہ کافر کی بھی بد قولی سے نہ مارے کفر کی باتوں سے قتل نہیں اور اپنے اوپر وبال آتا ہے ۱۲ منہ ف۴ یعنی مسلمانوں کے بنام نہ کرو کہ یقین لانے والے شک میں پڑیں اور تم پر یہ گناہ چڑھے ۱۲ ف۵ پہلے مذکور تھا آپس کے قول توڑنے کا اب ہے اللہ سے قول توڑنے کا یعنی مال کی طمع سے حکم شرع کے خلاف نہ کرو وہ مال وبال لاوے گا جو موافق شرع ہاتھ لگے وہی بہتر ہے تمہارے حق میں ۱۲ منہ رح

قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝

پڑھے تو قرآن پس پناہ مانگ ساتھ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ

تحقیق شیطان نہیں واسطے اس کے غلبہ اوپر ان لوگوں کے کہ ایمان لائے اور پروردگار اپنے کے وہ

يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ

توکل کرتے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ غلبہ اس کا اوپر ان لوگوں کے ہے کہ دوستی کرتے ہیں اس کی اور وہ لوگ

هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۝ وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ

کہ وہ ساتھ اس کے شریک کرتے ہیں ف اور جب بدل ڈالتے ہیں ہم ایک آیت کو جگہ ایک آیت کے اور اللہ

اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا

خوب جانتا ہے اس چیز کو کہ اتارتا ہے کہتے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ تو باندھ لینے والا ہے بلکہ اکثر ان کے نہیں

يَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ

جانتے ف کہہ کہ اتارا ہے اس کو جان پاک نے پروردگار تیرے کی طرف سے ساتھ حق کے

لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

تو کہ ثابت رکھے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور ہدایت اور خوشخبری واسطے مسلمانوں کے ف

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ

اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم یہ کہ وہ کہتے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ سکھاتا ہے اس کو آدمی زبان اس شخص کی

يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ۝

کہ کج راہی کرتے ہیں طرف اس کے عجمی ہے اور یہ زبان عربی ہے ظاہر ف

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ

تحقیق جو لوگ نہیں ایمان لاتے ساتھ نشانیوں اللہ کے نہ ہدایت کرے گا ان کو اللہ اور واسطے ان کے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

عذاب ہے درد دینے والا ف سوائے اس کے نہیں کہ باندھ لیتے ہیں جھوٹ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ

ساتھ نشانیوں اللہ کے اور یہ لوگ وہی ہیں جھوٹے جو کوئی کفر کرے ساتھ اللہ کے

۱۳ ع ۱۹

ل ۳ منزل

موضح القرآن ف
دنیا میں کسی کی کوئی
شیطان یعنی جن سامنے
لگے تو اس آگے رجوع
ہو یہ وہ او سیدھا
ہو بلکہ اللہ کی پناہ میں
دوڑے اسی کا کلام ہے
اور اس کے نام میں ۱۲ ف۲
اس کلام میں اللہ تعالیٰ
نے اکثر نسخ فرمایا ہے
کافر شبہ کرتے اس کا جواب
سمجھا دیا یعنی ہر وقت
بعد آتی اس وقت کے
حکم بھیجے تو یقین والوں کا
دل قوی ہو کہ ہمارا
رب ہر حال سے
خبردار ہے ۱۲ ف۳
یعنی ہر حال میں اس کے
موافق راہ سمجھائے
اور سب کام میں
خوشخبری پہنچا دے ۱۲ ف۴
ایک شخص کا غلام رومی
نصرانی کہیں تجارت کرتا حضرت
کے پاس آ بیٹھتا صحبت
سے اللہ کا کلام اور
پیغمبروں کا احوال سنتے
کو کافر کہتے وہ سکھاتا ہے
ہے ۱۲ ف۵ یعنی جتنا
سمجھاتا ہے وہ نہیں سمجھتے
بے یقینی کی محرومی ہے ۱۲

مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ

پیچھے ایمان اپنے کے مگر جو شخص کہ زبردستی کیا گیا اور دل اس کا آرام میں ہے ساتھ ایمان کے

وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ

ولیکن جو شخص کہ کھل گیا ساتھ کفر کے سینہ اس کا پس اوپر ان کے غصہ

مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا

اللہ کا اور واسطے ان کے ہے عذاب بڑا ف۱ یہ اس واسطے ہے کہ انہوں نے دوست رکھا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

زندگانی دنیا کو اوپر آخرت کے اور تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم

الْكٰفِرِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

کافروں کو ف۲ یہ لوگ وہ ہیں کہ مہر رکھی اللہ نے اوپر دلوں ان کے کے

وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ

اور کانوں ان کے کے اور آنکھوں ان کے کے اور یہ لوگ وہی ہیں بے خبر نہیں شک

اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

یہ کہ وہ بیچ آخرت کے وہی ہیں ٹوٹا پانے والے پھر تحقیق پروردگار تیرا

لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ

واسطے ان لوگوں کے کہ وطن چھوڑ جاتے ہیں پیچھے اس کے کہ ایذا دیے گئے پھر جہاد کیا انہوں نے اور

صَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَوْمَ

صبر کیا تحقیق پروردگار تیرا پیچھے اس کے البتہ بخشنے والا مہربان ہے ف۳ اس دن

تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ

کہ آوے گا ہر جی جھگڑتا ہوا جان اپنی کی طرف سے اور پورا دیا جاوے گا ہر جی کو

مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً

جو کچھ کہ کیا ہے اور وہ نہ ظلم کئے جاویں گے ف۴ اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی کی کہ

كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ

تھی امن والی چین والی آتا تھا اس کو رزق اس کا بافراغت ہر

موضح القرآن ف۱ پہلے مذکور ہوچکا کافروں کے شبہے اب فرمایا کہ جو کوئی شبہے سن کر ایمان سے پھر جاوے تو اس کا یہ حال ہے مگر ظالم زبردستی سے اگر منہ سے کفر کا لفظ کہلوا دے اور دل میں ایمان برقرار ہے تو اس کو گناہ نہیں لیکن اگر نہ قبول کرے اور لفظ بھی منہ سے نہ کہے تو شاید بہتر ہے ۱۲ منہ ف۲ اور جو کوئی ایمان سے پھر گیا ہے تو دنیا کی غرض کو جانی ڈر سے یا برادری کی خاطر سے یا زر کے لالچ سے جس نے دنیا عزیز رکھی اس کو آخرت کہاں

ل ۳ منزل

اگر جان کے ڈر سے لفظ کہے تو چاہیے جب ڈر کا وقت جا چکے پھر توبہ استغفار کر کر ثابت ہو جاوے ۱۲ ف۳ مکے میں بعضے لوگ کافروں کے ظلم سے بچل گئے تھے یا زبانی لفظ کہہ گیا تھا اس پیچھے جب اتنے کام کئے ایمان کے وہ تقصیر بخشی گئی ایک بزرگ تھے عمار ان کے باپ یاسر اور ماں سمیہ ظلم اٹھاتے مر گئے یہ لفظ کفر نہ کہا بیٹے نے خوف جان سے لفظ کہہ دیا پھر روتے ہوئے حضرت کے پاس آئے تب یہ آیتیں اتریں ۱۲ منہ مختصر

ع ۱۴ / ۲۰

ف۴ یعنی کسی طرف کوئی نہ بولے گا اس دن ظلم نہ چل سکے گا ۱۲ منہ مختصر

مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ

جگہ سے پس کفر کیا ساتھ نعمتوں اللہ کے پس چکھایا اس کو اللہ نے پہناوا بھوک کا

وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ○ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ

اور ڈر کا بسبب اس کے کہ تھے کرتے ف۱ اور البتہ تحقیق آیا تھا ان کے پاس ایک پیغمبر

مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

ان میں سے پس جھٹلایا اس کو پس پکڑا ان کو عذاب نے اور وہ ظالم تھے

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

پس کھاؤ اس چیز سے کہ روزی دی تم کو اللہ نے حلال پاکیزہ اور شکر کرو نعمت اللہ کی کا

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ

اگر ہو تم اسی کو عبادت کرتے ف۲ سوا اس کے نہیں کہ حرام کیا اوپر تمہارے مردار

وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ

اور لہو اور گوشت سور کا اور وہ چیز کہ آواز بلند کی جاوے بیچ اس کے واسطے غیر خدا کے ساتھ اس کے پس جو لاچار ہو سبب بھوک

غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَلَا تَقُوْلُوْا

کے نہ کہ حد سے نکل جانے والا اور نہ اور سے چھین لینے والا پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور مت کہو

لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ

واسطے اس چیز کے کہ بیان کرتی ہیں زبانیں تمہاری جھوٹ کو یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے

لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

تو کہ باندھ لو اوپر اللہ کے جھوٹ تحقیق جو لوگ کہ باندھ لیتے ہیں اوپر

اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ○ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

اللہ کے جھوٹ نہیں فلاح پانے کے فائدہ ہے تھوڑا سا اور واسطے ان کے عذاب

اَلِيْمٌ ○ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ

درد دینے والا اور اوپر ان لوگوں کے کہ یہودی ہوئے حرام کی ہم نے وہ چیز کہ بیان کی ہم نے اوپر تیرے

مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○

پہلے اس سے اور نہ ظلم کیا ہم نے ان کو ولیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے ف۳

موضح القرآن ف۱

[illegible]

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُوا السُّوٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوا مِنۢ

پھر تحقیق پروردگار تیرا واسطے ان لوگوں کے کہ کرتے ہیں برائی ساتھ نادانی کے پھر توبہ کرتے ہیں

بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوٓا إِنَّ رَبَّكَ مِنۢ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ

پیچھے اس کے اور نیکی کرتے ہیں تحقیق پروردگار تیرا پیچھے اس کے البتہ بخشنے والا

رَّحِيمٌ ۝ إِنَّ إِبْرَٰهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلَّهِ حَنِيفًا وَ

مہربان ہے ف۱ تحقیق ابراہیم تھا پیشوا فرمانبردار واسطے اللہ کے پھر آنے والا سیدھی اور

لَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبَىٰهُ

نہ تھا شریک لانے والوں سے ف۲ شکر کرنے والا واسطے نعمتوں اس کی کے برگزیدہ کیا اس کو

وَهَدَىٰهُ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَءَاتَيْنَٰهُ فِي الدُّنْيَا

اور راہ دکھائی اس کو طرف راہ سیدھی کے اور دی ہم نے اس کو بیچ دنیا کے

حَسَنَةً ۖ وَإِنَّهُۥ فِي الْءَاخِرَةِ لَمِنَ الصَّٰلِحِينَ ۝ ثُمَّ

نیکی وہ تحقیق وہ بیچ آخرت کے البتہ صالحوں سے ہے ف۳ پھر

أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَٰهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ

وحی بھیجی ہم نے طرف تیرے کہ پیروی کر دین ابراہیم حنیف کی اور نہیں تھا وہ

مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ

شریک لانے والوں سے ف۴ سوائے اس کے نہیں کہ مقرر کی گئی تھی تعظیم ہفتے کی اوپر ان لوگوں کے

اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُوا

کہ اختلاف کرتے تھے بیچ اس کے اور تحقیق رب تیرا البتہ حکم کرے گا درمیان ان کے دن قیامت کے بیچ اس چیز کہ تھے

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ

بیچ اس کے اختلاف کرتے ف۵ بلا طرف راہ پروردگار اپنے کے ساتھ حکمت کے

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ۖ وَجَٰدِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ

اور نصیحت نیک کے اور جھگڑا کر ان سے ساتھ اس چیز کے کہ وہ بہت بہتر ہے تحقیق

رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِۦ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ

رب تیرا وہی بہت جاننے والا ہے ساتھ اس شخص کے کہ گمراہ ہو گیا راہ اس کی سے اور وہ خوب جانتا ہے

۱۵ ع ۹ ۲۱

منزل ۳

موضح القرآن

ف۱ یعنی حلال حرام میں جھوٹ بنایا تھا جب مسلمان ہوئے تو بخشے گئے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی حلال اور حرام میں، اور دین کی باتوں میں اصل ملت ابراہیم ہے اور عرب کے لوگ کہتے ہیں آپ کو حنیف اور شرک کرتے ہیں اس کی راہ پر لیں ۱۲

ف۳ دنیا کی خوبی آسودگی اور قبولیت سارے جہان میں ۱۲

ف۴ یعنی درمیان میں یہود و نصاریٰ کو ہوئی ان کے حال کے اور حکم بھی ہوئے آخر پیغمبر پھر اسی ملت پر آئے ۱۲ منہ رح

ف۵ یعنی اصل ملت ابراہیم میں ہفتے کا کچھ حکم نہ تھا اس امت پر بھی نہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ

راہ پانے والوں کو ف۱ اور اگر بدلا لو تم پس بدلا لو برابر اس چیز کے کہ ایذا دیئے گئے ہو تم

بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاصْبِرْ وَ

ساتھ اس کے اور البتہ اگر صبر کرو تم البتہ وہ بہتر ہے واسطے صبر کرنے والوں کے ف۲ اور صبر کر اور

مَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ

نہیں صبر تیرا مگر ساتھ اللہ کے اور مت غم کھا اوپر ان کے اور مت ہو بیچ تنگی کے

مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ

اس سے کہ مکر کرتے ہیں تحقیق اللہ ساتھ ان لوگوں کے ہے کہ پرہیزگاری کرتے ہیں

الَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

ساتھ ان کے کہ وہ احسان کرنے والے ہیں

ع ۱۶ / ۲۲

سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | اٰیَاتُهَا ۱۱۱ رُکُوْعَاتُهَا ۱۲

سورہ بنی اسرائیل کی مکہ میں اتری شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ایک سو گیارہ آیتیں بارہ رکوع ہیں

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

پاکی ہے اس ذات کو کہ لے گیا بندے اپنے کو رات کو مسجد

الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ

حرام سے طرف مسجد اقصیٰ کے وہ جو برکت دی ہم نے گرد اس کے تو کہ دکھاویں ہم اس کو

مِنْ اٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝ وَاٰتَيْنَا مُوْسَى

نشانیوں اپنی سے تحقیق وہ ہی ہے سننے والا دیکھنے والا ف۳ اور دی ہم نے موسیٰ کو

الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا

کتاب اور کیا ہم نے اس کو ہدایت واسطے بنی اسرائیل کے یہ کہ نہ پکڑو تم

مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ

سوائے میرے کارساز اے اولاد ان لوگوں کی کہ چڑھا لئے ہم نے ساتھ نوح کے تحقیق وہ

كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ فِي

تھا بندہ شکر کرنے والا اور حکم کیا ہم نے طرف بنی اسرائیل کے بیچ

موضح القرآن

ف۱ الزام دے جس طرح بہتر ہو یعنی فضیحت نہ کرے ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ پہلے جو فرمایا کہ سمجھاؤ بھلی طرح اس میں رخصت دی کہ بدی کے بدل بدی بھی بری نہیں پھر صبر بہتر ہے ۱۲ منہ رحمہ

ف۳ حق تعالیٰ اپنے رسول کو معراج کی رات لے گیا مکے سے بیت المقدس براق پر اور آگے لے گیا ساتوں آسمان پر یہاں اتنا ذکر ہے باقی سورہ نجم میں ۱۲ منہ رحمہ

منزل ۴

الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا
کتاب کے البتہ فساد کرو گے تم بیچ زمین کے دو بار اور البتہ بلندی پکڑو گے تم

كَبِيرًا ۝ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا
بلندی بڑی پس جب آیا وعدہ پہلا ان دونوں میں کا بھیجے ہم نے اوپر تمہارے بندے واسطے ہمارے

أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا
لڑائی والے سخت پس پیٹھ گئے بیچ گھروں کے اور تھا وعدہ

مَّفْعُولًا ۝ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنٰكُم
پورا کیا گیا پھر پھیر دیا ہم نے واسطے تمہارے غلبہ اوپر ان کے اور مدد دی ہم نے تم کو

بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَجَعَلْنٰكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ۝ إِنْ أَحْسَنتُمْ
ساتھ مالوں کے اور بیٹوں کے اور کیا ہم نے تم کو زیادہ لشکر میں اگر بھلائی کرو گے تم

أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ
بھلائی کرو گے واسطے جانوں اپنی کو اور اگر برائی کرو گے پس واسطے اسی کے ہے پس جب آیا وعدہ

الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ
دوسرا (بھیجے اور بندے) تو کہ برا کریں منہ تمہارے کو اور تو کہ پیٹھ جاویں مسجد میں جیسا کہ پیٹھ گئے اس میں

أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا ۝ عَسٰى رَبُّكُمْ أَن
پہلی بار اور تو کہ ویران کریں جس پر غالب ہوویں ویران کرنا شتاب ہے رب تمہارا یہ کہ

يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ عُدتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِينَ
رحم کرے تم کو اور اگر پھر آؤ گے پھر آویں گے ہم اور کیا ہم نے دوزخ کو واسطے کافروں کے

حَصِيرًا ۝ إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ
قید خانہ تحقیق یہ قرآن راہ دکھاتا ہے طرف اس راہ کے کہ وہ بہت سیدھی ہے

وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ
اور بشارت دیتا ہے مسلمانوں کو وہ جو عمل کرتے ہیں اچھے یہ کہ واسطے ان کے ہے

أَجْرًا كَبِيرًا ۝ وَأَنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ
ثواب بڑا اور یہ کہ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے

منزل ۴

موضح القرآن ف ل س ر
جالوت بادشاہ عمالقہ مسلط کر دیا تھا بعد حضرت موسیٰ کے تورات میں کہہ دیا تھا کہ دو بار بنی اسرائیل شرارت کریں گے اس کی جزا میں دشمن ان کے ملک پر غالب ہوں گے اسی طرح ہوا ایک بار جالوت غالب ہوا پھر حق تعالیٰ نے اس کو حضرت داؤد کے ہاتھ سے ہلاک کیا پیچھے بنی اسرائیل کو دولت زیادہ دی حضرت سلیمان کی سلطنت میں دوسری بار فارس کے لوگوں میں بخت نصر غالب ہوا تب سے ان کی سلطنت نے قوت نہ پکڑی اب فرمایا کہ اللہ مہربانی پر آیا ہے مگر اس نبی کے تابع ہو تو وہی سلطنت اور غلبہ دے اور اگر پھر وہی شرارت کرو گے تو ہم وہی کریں گے یعنی مسلمانوں کو ان پر غالب کیا اور آخرت میں دوزخ طیار ہے منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ○ وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ

تیار کیا ہے ہم نے واسطے ان کے عذاب درد دینے والا ○ اور دعا مانگتا ہے آدمی ساتھ برائی کے مانند دعا مانگنے اس کی کے

بِالْخَيْرِ ۚ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُولًا ○ وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

ساتھ بھلائی کے اور ہے آدمی جلدی کار ف۱ اور کیا ہم نے رات کو اور دن کو

آيَتَيْنِ ۖ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ وَجَعَلْنَا آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً

دو نشانیاں پس مٹا ڈالی ہم نے نشانی رات کی اور کی ہم نے نشانی دن کی دکھلانے والی

لِتَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ

تو کہ چاہو تم فضل پروردگار اپنے کے سے اور تو کہ جانو تم گنتی برسوں کی اور حساب

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا ○ وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ

اور ہر چیز کو مفصل بیان کیا ہم نے اس کو مفصل بیان کرنا ف۲ اور ہر آدمی کو لگا دیا ہے ہم نے اس کو عملنامہ اس کا

فِي عُنُقِهِ ۖ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنْشُورًا ○

بیچ گردن اس کی کے اور نکالیں گے ہم واسطے اس کے دن قیامت کے ایک کتاب کہ دیکھے گا اس کو کھلی ہوئی ف۳

اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا ○

پڑھ کتاب اپنی کفایت ہے جان تیری آج اوپر تیرے حساب لینے والی

مَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا

جس نے راہ پائی پس سوائے اس کے نہیں کہ راہ پاتا ہے واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی گمراہ ہوا پس سوائے اس کے نہیں

يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۗ وَمَا كُنَّا

گمراہ ہوتا ہے اوپر اپنے اور نہیں اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور نہیں ہم

مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ○ وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ

عذاب کرنے والے یہاں تک کہ بھیجیں ہم پیغمبر ف۴ اور جب ارادہ کرتے ہیں ہم یہ کہ

نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا

ہلاک کریں کسی بستی کو حکم کرتے ہیں ہم دولتمندوں اس کے کو پس نافرمانی کرتے ہیں بیچ اس کے پس ثابت ہوتی

الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا ○ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ

بات عذاب کی پس ہلاک کرتے ہیں ہم اس کو ہلاک کرنا ○ اور بہت ہلاک کئے ہیں ہم نے قرنوں سے

ع ۱

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی گھبراتا ہے کبھی دعا شتاب کیسی قبول نہیں ہوتی اور اس کی دعا بعضی اس کے حق میں بری ہے اگر قبول ہو تو انسان خراب ہو سو ہر طرح اللہ بہتر جانتا ہے اسی کی رضا پر شاکر رہے ۱۲

ف۲ یعنی گھبرانے سے فائدہ نہیں ہر چیز کا وقت اور اندازہ مقرر ہے جیسے رات اور دن کسی کے گھٹانے سے اور دعا سے رات کم نہیں ہو جاتی اپنے وقت پر آپ ہی صبح ہوتی ہے اور دن تو نے اس کی قدرت کے کہیں ۱۲ منہ

ف۳ یعنی بری قسمت کے ساتھ لگے ہیں کہ چھوڑا نہیں سکتے وہی نظر آویں گے قیامت میں ۱۲

ف۴ یعنی بے عقل وقت لائق تک نہ سمجھے حق ناحق تب تک سو سمجھا نہیں پکڑتا رسول سمجھاوے یعنی واسطے ۱۲ منہ

مِنۢ بَعْدِ نُوحٍ ۗ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهٖ خَبِيرًۢا

پیچھے نوح کے اور کفایت ہے پروردگار تیرا ساتھ گناہوں بندوں اپنے کے خبردار

بَصِيرًا ○ مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيهَا مَا

دیکھنے والا جو کوئی ارادہ کرتا ہے دنیا کا شتاب دیتے ہیں ہم اس کو بیچ اس کے جو

نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُومًا

چاہتے ہیں ہم واسطے جس کے چاہیں پھر کرتے ہیں ہم واسطے اس کے دوزخ داخل ہوگا اس میں برے حال سے

مَّدْحُورًا ○ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَ

راندہ ہوا اور جو کوئی ارادہ کرتا ہے آخرت کا اور سعی کرتا ہے واسطے اس کے جیسی اس کی چاہیے اور

هُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُورًا ○ كُلًّا

وہ ایمان والا ہے پس یہ لوگ ہیں سعی ان کی قدردانی کی گئی ہے ہر ایک کو

نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۚ وَمَا كَانَ

مدد دیتے ہیں ہم ان کو اور ان کو بخشش پروردگار تیرے کی سے اور نہیں

عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ○ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ

بخشش پروردگار تیرے کی بند کی گئی دیکھ کیونکر بزرگی دی ہم نے بعض ان کے کو

عَلٰى بَعْضٍ ۚ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيلًا ○

اوپر بعض کے اور البتہ آخرت بڑی ہے درجوں میں اور بڑی ہے بزرگی دینے میں

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُومًا مَّخْذُولًا ○

مت مقرر کر ساتھ اللہ کے معبود اور پس بیٹھ رہے گا تو مذمت کیا گیا ہلاک میں سونپا ہوا

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ

اور حکم کیا پروردگار تیرے نے یہ کہ مت عبادت کرو مگر اسی کو یعنی اللہ کو اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ

اگر پہنچے نزدیک تیرے بڑھاپے کو ایک ان دونوں میں سے یا دونوں پس مت کہو

لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا ○ وَاخْفِضْ

ان کو اف اور مت ڈانٹ ان کو اور کہہ واسطے دونوں کے بات تعظیم کی اور بچھا

منزل ۴

رکوع ۲

جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا

واسطے اُن دونوں کے بازو ذلت کا مہربانی سے اور کہہ اے پروردگار میرے رحم کر اُن دونوں پر

كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا ۝ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ إِنْ

جیسا کہ پالا انہوں نے مجھ کو چھوٹا رب تمہارا خوب جانتا ہے اس چیز کو کہ بیچ جیوں تمہارے کے ہے اگر

تَكُونُوا صٰلِحِينَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّابِينَ غَفُورًا ۝ وَاٰتِ

ہو گے صالح پس تحقیق وہ ہے واسطے رجوع کرنے والوں کی طرف اپنے بخشنے والا ف اور دے

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَلَا تُبَذِّرْ

قرابت والے کو حق اس کا اور مسکین کو اور مسافر کو اور مت بیجا خرچ کر

تَبْذِيرًا ۝ إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيٰطِينِ وَكَانَ

بیجا خرچ کرنا ف۲ تحقیق بیجا خرچ کرنے والے ہیں گے بھائی شیطانوں کے اور ہے

الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهِ كَفُورًا ۝ وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ

شیطان واسطے پروردگار اپنے کے کفر کرنے والا ف۳ اور اگر منہ پھیرے تو ان سے واسطے چاہنے

رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُورًا ۝

رحمت پروردگار اپنے کے کہ امید رکھتا ہے تو اس کی پس کہہ واسطے ان کے بات آسانی کی ف۴

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ

اور مت کر ہاتھ اپنے کو بندھا ہوا طرف گردن اپنی کے اور مت کھول دے اس کو نہایت

الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَّحْسُورًا ۝ إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

کھول دینا پس بیٹھ رہے گا تو ملامت کیا ہوا پچھتاتا ف۵ تحقیق پروردگار تیرا کھولتا ہے رزق کو

لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ۝

واسطے جس کے چاہے اور بند کر لیتا ہے تحقیق وہ ہے ساتھ بندوں اپنوں کے خبردار دیکھنے والا ف

وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ۖ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ

اور مت مار ڈالو اولاد اپنی کو ڈر افلاس کے سے ہم رزق دیتے ہیں ان کو

وَإِيَّاكُمْ ۚ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوا

اور تم کو تحقیق مار ڈالنا ان کا ہے خطا بڑی ف اور مت نزدیک جاؤ

موضح القرآن ف۱ یعنی بڑھاپے میں آوے کہ بوڑھا ماں باپ بھی بیٹا سا ہے نیا یعنی مخلص ہو تو فرمایا جس کی نیت نیکی پر ہے اگر خطا کرے اور پھر رجوع لاوے تو اللہ بخشنے والا ہے ۱۲

ف۲ یعنی بے جگہ خرچ اگر خواہ گر

ف۳ یعنی مال بڑی نعمت ہے اللہ کی جس سے خاطر جمع ہو عبادت میں اور رہے بڑے صبر بہشت میں اس کو بیجا اڑانا ناشکری ہے ۱۲

ف۴ یعنی جو کوئی ہمیشہ سخاوت کرتا ہو اور ایک وقت اس پاس نہیں تو اللہ کے یہاں امید ہے اس کو ہم جانا خوش نہیں آتا اس محتاج کی قسمت اللہ بھیجوں کو بھیج رہتا ہے سو اس واسطے اگر ایک وقت تو نہ دے تو پیچھے جواب کہہ کر اگلی حسب خیر ابن یا دیں نہ ہوں ۱۲

ف۵ یعنی سب الزام کر تنا کیوں دیا کہ آپ محتاج ہو بیٹا

ف۶ یعنی محتاج کو دیکھ کر بیتاب نہ ہو جا اس کی حاجت پہنچانی اللہ کے ذمہ ہے لیکن یہ بیک پیغمبر کو فرمائی ہیں جو بیچ تھی تھے جس کے جی سے مال نہ نکل سکے اس کو تقید ہے دینے کا حکیم بھی گرمی والے کو سرد دوا دیتا ہے اور سردی والے کو گرم ۱۲

ف یعنی کافر بیٹیاں مار ڈالتے تھے گمان کا خرچ کہاں سے لاویں گے ۱۲

منزل ۴ ب ع ۸ ۴

الزِّنٰىٓ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوا

زنا کے تحقیق وہ ہے بے حیائی اور بری ہے راہ ف اور مت مار ڈالو

النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا

اُس جان کو جو حرام کیا ہے اللہ نے یعنی مسلمان کو مگر ساتھ حق کے اور جو کوئی مارا جاوے مظلوم

فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّى الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ

پس تحقیق کیا ہے ہم نے واسطے والی اُس کے غلبہ پس چاہیے کہ نہ زیادتی کرے بیچ قتل کے تحقیق وہ ہے

كَانَ مَنْصُوْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ

یعنی وارث مقتول کا مدد دیا گیا ف اور مت پاس جاؤ مال یتیم کے مگر اس نیت سے کہ وہ بہت

اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ

بھلی ہے یہاں تک کہ پہنچے جوانی اپنی کو اور پورا کرو عہد کو تحقیق عہد ہے

كَانَ مَسْـُٔوْلًا ۝ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ

سوال کیا گیا ف اور پورا کرو میان کو جب میان کرو اور تولو ساتھ ترازو

الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ وَلَا تَقْفُ مَا

سیدھی کے یہ بہتر ہے اور اچھا ہے بازگشت میں ف اور مت پیچھے چل اس چیز کے

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ

کہ نہیں تجھ کو ساتھ اُس کے علم تحقیق کان اور آنکھ اور دل ہر ایک

اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۝ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ

ان میں کا تھا سوال کیا گیا ف اور مت چل بیچ زمین کے

مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ

اکڑتا ہوا تحقیق تو ہرگز نہ پھاڑ سکے گا زمین کو اور ہرگز نہ پہنچے گا پہاڑوں کو

طُوْلًا ۝ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ۝

لمبا ہو کر سب یہ باتیں بیچ ان کی بری ہے نزدیک پروردگار تیرے کے ناپسند ف

ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ

یہ اس چیز سے ہے کہ وحی کی ہے طرف تیری رب تیرے نے حکمت سے اور مت مقرر کر ساتھ

ل ۴ منزل

موضح القرآن ف یعنی آنکھ یہ راہ نکلے تو ایک دوسرے کی عورت پر نظر کرے کوئی، وہ اس کی عورت پر کرے ۱۲ منہ ف یعنی ہر کسی کو لازم ہے کہ خون کا بدلا دلانے میں مدد دے نہ اُلٹا قاتل کی حمایت کرے اور وارث کو بھی چاہیے ایک کے بدلے دو نہ مارے یا قاتل کے سوا اُس کے بیٹے بھائی کو نہ مارے ف ملک میں جو جو تولو ستھرا ہو تو اس میں ان کو اگر سنوارو تو مضائقہ نہیں وہاں کی پوچھ ہو یعنی کسی سے دل میں صحیح کیا بدی کری ہر ایک وہاں حاضر ہوتا ہو ۱۲ ف سیدھی ترازو سے یعنی جھوک نہ مارو اور اچھا انجام یعنی دغا بازی اول چلتی ہے پھر لوگ خبردار ہو کر اس سے معاملت نہیں کرتے وہ جو پورا حق دینے والا ہے سب کو خوش لگتا ہے آخر اس کی تجارت خوب چلتی ہے ۱۲ ف یعنی جو بات تحقیق معلوم نہ ہو اس کو دعویٰ کر کر نہ کہیے کہ یہ منع ہے اور ایسی ہی گواہی دینی ۱۲ ف یعنی جن باتوں کو منع کیا وہ رب کی بیزاری ہے وہ جن کو حکم کیا ان کا نہ کرنا بیزاری ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِیْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝ اَفَاَصْفٰىكُمْ

اللہ کے معبود پس ڈالا جاوے تو بیچ دوزخ کے ملامت کیا ہوا راندہ ہوا کیا پسند کیا ہے تم کو

رَبُّكُمْ بِالْبَنِیْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ

پروردگار تمہارے نے ساتھ بیٹوں کے اور پکڑیں آپ فرشتوں میں سے بیٹیاں تحقیق تم

لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِیْمًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

البتہ کہتے ہو بات بڑی اور البتہ تحقیق طرح طرح سے بیان کیا ہم نے بیچ اس قرآن کے

لِیَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا یَزِیْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ

تو کہ نصیحت پکڑیں اور نہیں زیادہ کرتا اُن کو مگر نفرت کہہ اگر ہوتے ساتھ اُس کے

اٰلِهَةٌ كَمَا یَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا ۝

بہت معبود جیسا کہ کہتے ہیں یہ کافر اُس وقت البتہ ڈھونڈتے طرف صاحب عرش کے راہ ف

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِیْرًا ۝ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

پاک ہے وہ اور بلند تر اُس چیز سے کہ کہتے ہیں بلندی بڑی تسبیح کرتے ہیں واسطے اُس کے آسمان

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ

سات اور زمین اور جو کوئی بیچ اُن کے ہیں اور نہیں کوئی چیز مگر تسبیح کرتی ہے

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا

ساتھ تعریف اُس کی کے ولیکن نہیں سمجھتے تم تسبیح اُن کی تحقیق وہ ہے تحمل والا

غَفُوْرًا ۝ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَبَیْنَ

بخشنے والا ف۲ اور جس وقت پڑھتا ہے تو قرآن کو کر دیتے ہیں ہم درمیان تیرے اور درمیان

الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝ وَّجَعَلْنَا

اُن لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے پردہ چھپا ہوا ف۳ اور کر دیتے ہیں ہم

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ

اوپر دلوں اُن کے پردے ایسا نہ ہو کہ سمجھیں اُس کو اور بیچ کانوں اُن کے کے بوجھ ہے

وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ


اور جس وقت کہ یاد کرتا ہے تو پروردگار اپنے کو بیچ قرآن کے اکیلا پھر جاتے ہیں اوپر پیٹھوں اپنی کے

ربع

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی پایا حکم رہنا کیوں قبول کرتے تحت کے مالک کی بات ڈالتے ہوئے ف۲ یعنی ایسی بڑی باتوں پر تم کو شتاب نہیں پکڑتا اور ڈھیل دیتا ہے ف۳ یعنی اس قرآن میں ایسی تاثیر ہے کہ کافروں پر اثر نہیں کرتا یہی واسطہ کہ اوٹ میں رہتا ہے آفتاب ہے جلتا ہوا روشن ہے اور جس کی آنکھ بیٹھے اُس کے سامنے میں کہیں نہیں دو منہ



وْرًا ○ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ

بھاگتے ہوئے ○ ہم خوب جانتے ہیں جس نیت کو سنتے ہیں ساتھ اس کے جس وقت کہ کان رکھتے ہیں

اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰۤى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ

طرف تیرے اور جس وقت کہ وہ مشورت کرتے ہیں جس وقت کہتے ہیں ظالم نہیں پیروی کرتے تم

اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ○ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ

مگر مرد جادو کیے گئے کی ○ دیکھ کیوں کر بیان کی ہیں واسطے تیرے مثالیں

فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ○ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا

پس گمراہ ہوئے پس نہیں پا سکتے راہ ○ اور کہتے ہیں آیا جب ہو جاویں گے ہم

عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ○ قُلْ

ہڈیاں اور کھلے ہوئے کیا ہم پھر اٹھائے جاویں گے پیدائش نئی میں ○ کہہ

كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ○ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ

ہو جاؤ تم پتھر یا لوہا ○ یا اور پیدائش اس قسم سے کہ بڑی لگے بیچ سینوں تمہارے کے

فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ

پس البتہ کہیں گے کون پھیر لاوے گا ہم کو ○ کہہ وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو پہلی

مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى

بار ○ پس جھکا دیں گے طرف تیرے سر اپنے کو اور کہیں گے کب ہوگا

هُوَ ۭ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ○ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ

یہ ○ کہہ شاید ہے کہ ہو وہ نزدیک ○ جس دن بلاوے گا تم کو

فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ○

پس جواب دو گے ساتھ تعریف اس کی اور جانو گے نہیں رہے تھے تم مگر تھوڑا ○

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

اور کہہ واسطے بندوں میرے کے کہیں وہ بات کہ وہ بہت اچھی ہے تحقیق شیطان

يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا

وسوسہ ڈالتا ہے درمیان ان کے تحقیق شیطان ہے واسطے آدمی کے دشمن ظاہر ○

الربع

منزل ۴

ع ۵

موضح القرآن

ف۱ یعنی اب شتابی کرتے ہو تب جانو گے کہ دنیا میں کچھ دیر نہ ٹھہرے تھے گویا کہ سب ان ہزاروں برس کے سامنے کیا معلوم ہوں گے ۱۲ ف۲ یعنی تکرار میں سخت بات نہ کہیں کہ شیطان لڑائی ڈالتا ہے جب لڑائی پڑے تو اگلا سمجھتا ہو تو بھی نہ سمجھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ ۖ إِن يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِن يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ وَمَا

رب تمہارا خوب جانتا ہے تم کو اگر چاہے رحم کرے تم کو یا اگر چاہے عذاب کرے تم کو اور نہیں

أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ۝ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِمَن فِي السَّمَاوَاتِ

بھیجا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے داروغہ ف۱ اور پروردگار تیرا خوب جانتا ہے ان لوگوں کو جو بیچ آسمانوں کے

وَالْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيِّينَ عَلَىٰ بَعْضٍ ۖ وَآتَيْنَا

اور زمین کے ہیں اور البتہ تحقیق بزرگی دی ہم نے بعضے نبیوں کو اوپر بعض کے اور دی ہم نے

دَاوُودَ زَبُورًا ۝ قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُم مِّن دُونِهِ فَلَا

داؤد کو زبور ف۲ کہہ بلاؤ ان لوگوں کو کہ دعوے کرتے ہو تم سوائے اس کے پس نہیں

يَمْلِكُونَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنكُمْ وَلَا تَحْوِيلًا ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

اختیار رکھتے کھولنا برائی کا تم سے اور نہ بدل ڈالنا ف۳ یہ لوگ جن کو

يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ

پکارتے ہیں ڈھونڈتے ہیں طرف پروردگار اپنے کے وسیلہ کو تا کون ان میں سے بہت نزدیک ہے

وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ

اور امید رکھتے ہیں رحمت اس کی کی اور ڈرتے ہیں عذاب اس کے سے تحقیق عذاب پروردگار تیرے کا ہے

مَحْذُورًا ۝ وَإِن مِّن قَرْيَةٍ إِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوهَا قَبْلَ

خوف کیا گیا ف۴ اور نہیں کوئی بستی مگر ہم ہلاک کرنے والے ہیں اس کو پہلے

يَوْمِ الْقِيَامَةِ أَوْ مُعَذِّبُوهَا عَذَابًا شَدِيدًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ

دن قیامت کے اور عذاب کرنے والے ہیں ہم اس کو عذاب سخت ہے یہ

فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا ۝ وَمَا مَنَعَنَا أَن نُّرْسِلَ بِالْآيَاتِ

بیچ کتاب کے لکھا ہوا ف۵ اور نہ منع کیا ہم کو اس بات سے کہ بھیجیں ہم نشانیاں

إِلَّا أَن كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً

مگر یہ کہ جھٹلایا تھا ساتھ اس کے پہلوں نے اور دی ہم نے ثمود کو اونٹنی دکھانے کو

فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ۝ وَإِذْ قُلْنَا

پس ظلم کیا انہوں نے اس پر اور نہیں بھیجتے ہیں نشانیوں کو مگر واسطے ڈرانے کے ف۶ اور جس وقت کہا ہم نے

موضح القرآن ف۱ یعنی جو حق والا ہے سمجھتا ہے کر دیکھ صحیح حق کو نہیں مانتا سو فرمایا کہ تم پر ان کا ذمہ نہیں اللہ بہتر جانے جس کو چاہے راہ سجھاوے ف۲ یعنی بعضے نبی تھے کہ جن کو ملے تیرا حوصلہ ان سے زیادہ رکھا ہے اور داؤد کا ذکر کیا کہ دونوں بات رکھتے تھے جہاد بھی اور سرود بھی سمجھانے کو وہی دونوں باتیں یہاں بھی ہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے ف۳ یعنی تم سے کسی اور پر ڈالیں ۱۲ منہ رح ف۴ یعنی جن کو کافر پوجتے ہیں وہ آپ ہی اللہ کی جناب میں وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ جو بندہ بہت نزدیک ہو اسی کا وسیلہ پکڑیں اور وسیلہ سب کا پیغمبر ہیں آخرت میں انہیں کی شفاعت ہوگی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے ف۵ یعنی تقدیر میں لکھ چکے ہر شہر کے لوگ ایک کو بزرگ ٹھہرا کر پوجتے ہیں کہ ہم اس کی رعیت ہیں اور اس کی پناہ میں ہیں سو وقت آئے پر کوئی نہیں پناہ دے سکتا

منزل ۴

ف۶ یعنی ہدایت موقوف نہیں نشانی پر ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

لَكَ إِنَّ رَبَّكَ أَحَاطَ بِالنَّاسِ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيٓ
اور تجھ سے کہا ہم نے تحقیق رب تیرے نے گھیر لیا ہے لوگوں کو اور نہیں کیا ہم نے وہ نمود یعنی خواب

أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ
جو دکھائی تجھ کو مگر آزمائش واسطے لوگوں کے اور اسی طرح اس درخت کو لعنت کیا گیا ہے بیچ قرآن کے

وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا ○ وَإِذْ قُلْنَا
اور ڈراتے ہیں ہم ان کو پس نہیں زیادہ کرتا ان کو مگر سرکشی بڑی ف۱ اور جس وقت کہا ہم نے

لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ قَالَ
واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا انہوں نے مگر ابلیس نے کہا

ءَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا ○ قَالَ أَرَأَيْتَكَ هَٰذَا الَّذِي
کیا سجدہ کروں میں واسطے اس شخص کے کہ پیدا کیا ہے تو نے مٹی سے ف۲ کہا کیا دیکھا تو نے اس شخص کو

كَرَّمْتَ عَلَيَّ لَئِنْ أَخَّرْتَنِ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَأَحْتَنِكَنَّ
کہ بڑائی دی اوپر میرے اگر ڈھیل دے گا تو مجھ کو دن قیامت تک البتہ ہلاک کروں گا میں

ذُرِّيَّتَهُ إِلَّا قَلِيلًا ○ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ
اولاد اس کی کو مگر تھوڑے ف۳ کہا جا پس جو کوئی پیروی کرے گا تیری ان میں سے

فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاؤُكُمْ جَزَاءً مَّوْفُورًا ○ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ
پس تحقیق دوزخ ہے جزا تمہاری جزا پوری اور بہکا جس کو

اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ
بہکا سکے ان میں سے ساتھ آواز اپنی کے اور کھینچ لا ان پر ساتھ سواروں اپنوں کو

وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ
اور پیادوں اپنوں کو اور شریک ہو ان کا بیچ مالوں ان کے اور اولاد ان کی کے اور وعدہ دے ان کو

وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ○ إِنَّ عِبَادِي
اور نہیں وعدہ دیتا ان کو شیطان مگر فریب کا ف۴ تحقیق بندے میرے

لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ○ رَبُّكُمُ
نہیں واسطے تیرے اوپر ان کے غلبہ اور کفایت ہے پروردگار تیرا کارساز رب تمہارا

ع ۶ — منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی جب کہہ دیا کہ گھیر لیئے ہیں لوگ تیرے تو سب مسلمان ہو جاوینگے تو نشانی کیوں مانگی اور وہ دکھایا معراج میں کہ لوگ جانچے گئے سچوں نے مانا اور کچوں نے جھوٹ جانا اور درخت پھٹکارا یعنی درخت زقوم قرآن میں فرمایا کہ دوزخ والے کھاوینگے ایمان والے یقین لائے اور منکروں نے ٹھٹھا کیا کہ آگ میں سبز درخت کیونکر ہو گا یہ بھی جانچنا تھا ۱۲ منہ رحمۃ

ف۲ یعنی اللہ کے حکم میں شبہے نکالنے جو کافروں کی چال ہے وہی چال ابلیس کی ہے

ف۳ یعنی اپنا مسخر کر یوں جیسے گھوڑے کو لگام دیا ۱۲ منہ رحمۃ

ف۴ مال میں ساجھا کہ بتوں کی نیاز دینے مال میں فرض سمجھتے ہیں اور اولاد میں یہ کہ ایک کو بتاتے ہیں فلانے کا بخشا اور فلانے کا بخشا ۱۲

الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

وہ ہی جو چلاتا ہے واسطے تمہارے کشتیاں بیچ دریا کے تو کہ چاہو فضل اس کے سے

اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ

تحقیق وہ ہے ساتھ تمہارے مہربان ف۱ اور جب پہنچتی ہے تم کو سختی بیچ دریا کے کھوئے جاتے ہیں

مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ

جن کو پکارتے ہو مگر وہ ہی پس جب نجات دیتا ہے تم کو طرف جنگل کے منہ پھیر لیتے ہو

وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ۝ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ

اور ہے آدمی ناشکرگزار کیا پس نڈر ہو تم اس سے کہ دھنسا دیوے تم کو

جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ

طرف جنگل کے یا بھیج دیوے اوپر تمہارے مینہ پتھروں کا پھر نہ پاؤ تم واسطے اپنے

وَكِيْلًا ۝ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ

کوئی کارساز یا نڈر ہو تم اس سے کہ لے جاوے تم کو بیچ اس کے اور بار پس بھیجے

عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

اوپر تمہارے کشتی توڑنے والی باؤ سے پس ڈبا دیوے تم کو بسبب اس کے کہ کفر کیا تم نے پھر نہ پاؤ تم

لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۝ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ

واسطے اپنے اوپر ہمارے بدلے اس کے پیچھا کرنے والا اور البتہ تحقیق عزت دی ہم نے بنی آدم کو اور چڑھایا ہم نے ان کو

فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي

بیچ جنگل کے اور دریا کے اور رزق دیا ہم نے ان کو پاکیزہ سے اور بزرگی دی ہم نے ان کو اوپر

كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۝ يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ

بہتوں کے ان لوگوں سے کہ پیدا کئے ہیں ہم نے بزرگی دینا ف۲ جس دن بلاویں گے ہم سب لوگوں کو

بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ يَقْرَءُوْنَ


ساتھ پیشوا ان کے کے پس جو کوئی دیا گیا اعمالنامہ اپنا بیچ داہنے ہاتھ اپنے کے پس وہ لوگ پڑھیں گے

كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ

اعمالنامہ اپنا اور نہ ظلم کئے جاویں گے تاگے برابر ف۳ اور جو کوئی ہے بیچ اس دنیا کے

منزل ۴ ع ۷

موضح القرآن ف۱
اس کا فضل یعنی روزی
اور یہی تو قرآن میں اکثر
فضل فرمایا ہے فضل کے
معنی زیادتی سو اللہ
کی بندگی ہووے آخرت
کے واسطے ملتی ہے
بڑھتی میں کشتی چلانا
یعنی دریا میں اپنا زور
نہیں چلتا ہے یا جیتو
مگر باؤ سو اسی کے اختیار
میں ہے ۱۲ منہ رحمہ
ف۲ جانوروں کو
سواری نہیں زمین
پر نہ دریا پر آدمی کو
دی ہے اور ستھری
روزی یہ کہ میوہ کا
کا چھلکا دور کرنا اور
اناج کی بھوسی اور
پیسا اور پکا کر کھانا
اسی کو سکھایا ہے ۱۲ منہ
ف۳ اس دن عمل کا
کاغذ اڑ کر نیکوں
کے ہاتھ میں آوے گا
داہنے ہاتھ اور
بدوں کو بائیں سے
اور پیچھے سے ہر نشانی
دیکھ کر نیک خوشی سے
پڑھنے لگیں گے ۱۲ منہ رحمہ



اعمیٰ فهو فی الآخرة اعمیٰ واضل سبیلا ○ وان

اندھا ہے سو وہ بیچ آخرت کے اندھا ہے اور بہت بھولا ہوا ہے راہ ف۱ اور تحقیق

کادوا لیفتنونک عن الذی اوحینا الیک لتفتری

نزدیک تھے کہ البتہ بہکا دیں تجھ کو اس چیز سے کہ وحی کی ہم نے طرف تیرے تو کہ باندھ لیوے تو

علینا غیره واذا لاتخذوک خلیلا ○ ولولا ان

اوپر ہمارے سوا اس کے اور اس وقت البتہ پکڑتے تجھ کو دوست ف۲ اور اگر نہ

ثبتنک لقد کدت ترکن الیهم شیئا قلیلا ○ ق

ثابت رکھتے ہم تجھ کو البتہ تحقیق نزدیک تھا تو کہ جھک جاوے طرف ان کے کچھ تھوڑا

اذا لاذقنک ضعف الحیوة وضعف الممات ثم

اس وقت البتہ چکھاتے ہم تجھ کو دوگنا عذاب زندگانی دنیا کا اور دوگنا عذاب آخرت کا پھر

لا تجد لک علینا نصیرا ○ وان کادوا لیستفزونک

نہ پاتا تو واسطے اپنے اوپر ہمارے مدد دینے والا اور تحقیق نزدیک تھے کہ بچلا دیں تجھ کو

من الارض لیخرجوک منها واذا لا یلبثون خلفک

اس زمین سے تو کہ نکال دیں تجھ کو اس میں سے اور اس وقت نہ رہیں گے پیچھے تیرے

الا قلیلا ○ سنة من قد ارسلنا قبلک من رسلنا

مگر تھوڑا عادت ان شخصوں کی کہ تحقیق بھیجا ہم نے ان کو پہلے تجھ سے پیغمبروں اپنے سے

ولا تجد لسنتنا تحویلا ○ اقم الصلوة لدلوک

اور نہ پاوے گا تو واسطے عادت ہماری کے تغیر قائم کر تو نماز کو وقت ڈھلنے

الشمس الی غسق الیل وقرآن الفجر ان قرآن الفجر

سورج کے رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھنا فجر کو تحقیق قرآن پڑھنا فجر کا

کان مشهودا ○ ومن الیل فتهجد به نافلة لک

ہے حاضر کیا گیا اور کچھ تھوڑی سی رات کو پس نماز تہجد کر ساتھ قرآن کے بڑھتی ہو واسطے تیرے

عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا ○ وقل رب

شتاب ہو یہ کہ بھیجے تجھ کو پروردگار تیرا مقام محمود میں ف۳ اور کہہ اے رب میرے

منزل ۴

ع ۸

موضح القرآن ف۱

اور جماعت کثیر ہے پچھلوں میں سے   اور صاحب بائیں طرف کے   کیا ہیں صاحب

الشِّمَالِ ۝ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ۝ وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُومٍ ۝ لَا بَارِدٍ

بائیں طرف کے   بیچ باؤ گرم کے اور پانی گرم کے   اور سائے دھوئیں کے   کہ نہیں ٹھنڈا

وَلَا كَرِيمٍ ۝ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُتْرَفِينَ ۝ وَكَانُوا

اور نہ عزت والا   تحقیق وہ تھے   پہلے اس سے نعمت میں پلے ہوئے   اور تھے

يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ۝ وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا

اصرار کرتے   اوپر   گناہ قسم بڑی کے   اور تھے کہتے   کیا جب مر جاویں گے ہم

منزل ۷   ع ۱

موضح القرآن

ف۱ یعنی حوریں گرد بیچ صدف چھپے موتی کی مانند ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی آپس میں کچھ شور نہیں بچتا ۱۲ منہ رح

ف۳ داہنا اور بایاں یہ کہ کاغذ اعمال کا جس کے داہنے میں آیا وہ بہشتی اور بائیں میں آیا وہ دوزخی ۱۲ منہ رحمہ

وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ○ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ

اور ہو جائیں ہم مٹی اور ہڈیاں کیا ہم پھر اٹھائے جاویں گے یا باپ ہمارے پہلے

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ○ لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَاتِ

کہہ تحقیق پہلے اور پچھلے البتہ اکٹھے کیے جاویں گے طرف وقت

يَوْمٍ مَعْلُومٍ ○ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ○

ایک دن معلوم کے پھر تحقیق تم اے گمراہو جھٹلانے والو

لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِنْ زَقُّومٍ ○ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ○

البتہ کھانے والے ہو درخت سینڈھ کے سے پس بھرنے والے ہو اس سے پیٹوں کو

فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ○ فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ ○

پھر پینے والے ہو اوپر اسکے گرم پانی سے پھر پینے والے ہو پینا تشنگی والے اونٹوں کا یعنی

هَٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ ○ نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ ○

یہ ہے مہمانی ان کی دن جزا کے ہم نے پیدا کیا ہے تم کو پس کیوں نہیں مانتے تم سچ اتنا

أَفَرَأَيْتُمْ مَا تُمْنُونَ ○ أَأَنْتُمْ تَخْلُقُونَهُ أَمْ نَحْنُ

کیا پس دیکھا تم نے جو منی ڈالتے ہو تم کیا تم پیدا کرتے ہو اس کو یا ہم

الْخَالِقُونَ ○ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

پیدا کرنے والے ہیں ہم نے ہی مقدر کی ہے درمیان تمہارے موت اور نہیں ہم

بِمَسْبُوقِينَ ○ عَلَىٰ أَنْ نُبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ

عاجز اس بات سے کہ بدل دیویں تم کو مانند تمہارے اور پیدا کریں تم کو

فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ○ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ

بیچ اس جہان کے کہ نہیں جانتے تم ف۲ اور البتہ تحقیق جان لی تھی تم نے پیدائش پہلی

فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ○ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَحْرُثُونَ ○ أَأَنْتُمْ

پس کیوں نہیں نصیحت پکڑتے کیا پس دیکھا تم نے جو بوتے ہو کیا تم

تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ ○ لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ

کھیتی کرتے ہو اسکو یا ہم کھیتی کرتے ہیں اگر چاہیں ہم البتہ کر دیں اسکو

منزل ۷

موضح القرآن

ف۱ یعنی دوسرا بنانا ہو منہ رحہ

ف۲ یعنی تم کو اور جہاں میں لیجاویں مانند تمہاری جگہ یہاں اور خلقت بساویں ۱۲ منہ رحہ

حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ○ إِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ○ بَلْ نَحْنُ

ریزہ ریزہ پس ہو جاؤ تم باتیں بناتے تحقیق ہم تاوان دیے گئے بلکہ ہم

مَحْرُوْمُوْنَ ○ أَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ○ ءَأَنْتُمْ

محروم ہو گئے والے کیا پس دیکھا تم نے پانی کو جو پیتے ہو کیا تم نے

أَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ○ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ

اتارا ہے اسکو بادل سے یا ہم اتارنے والے ہیں اگر چاہیں ہم کر دیں اسکو

أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ○ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ○

کڑوا پس کیوں نہیں شکر کرتے تم کیا پس دیکھا تم نے آگ کو جو روشن کرتے ہو تم

ءَأَنْتُمْ أَنْشَأْتُمْ شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ○ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا

کیا تم نے پیدا کیا ہے درخت اس کا یا ہم پیدا کرنے والے ہیں ف۲ ہم نے کیا ہے اسکو

تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ○ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ○

نصیحت اور فائدہ واسطے مسافروں کے ف۳ پس پاکی بیان کر ساتھ نام پروردگار اپنے کے

فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ○ وَإِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ○

پس قسم کرتا ہوں ساتھ گرنے تاروں کے ف۴ اور تحقیق یہ قسم ہے اگر جانو تم بڑی

إِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ○ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ○ لَّا يَمَسُّهٗٓ إِلَّا

تحقیق یہ پڑھنے کی چیز ہے باکرامت بیچ کتاب پوشیدہ کے نہیں ہاتھ لگاتے اسکو مگر

الْمُطَهَّرُوْنَ ○ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ أَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

پاک لوگ ف۵ اتاری ہوئی ہے پروردگار عالموں کی طرف سے کیا پس ساتھ اس بات کے

أَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ○ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ○

تم سستی کرتے ہو اور کرتے ہو تم حصہ اپنا یہ کہ تم جھٹلاتے ہو

فَلَوْلَآ إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ○ وَأَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ○

پس کیوں نہیں کہ جس وقت پہنچے جان حلق کو اور تم اس وقت دیکھتے ہو

وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ○ فَلَوْلَآ

اور ہم بہت نزدیک ہیں طرف اسکے تم سے اور لیکن نہیں دیکھتے ہو تم پس کیوں نہیں

موضح القرآن

ف۱ یعنی تم کہو کہ ہم نے تاوان اٹھایا بلکہ ہم محروم ہیں ۱۲ منہ رحمہ


ف۲ کئی درخت ہیں سبز جن کو رگڑنے سے آگ نکلتی ہے آگے سورہ یٰس میں اسکا بیان ہو چکا ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۳ یاد دے کہ اس آگ سے دوزخ کی آگ یاد آوے اور جنگل والوں کی آگ سے بہت کام ہیں جاڑے میں اور کام سبھی کا چلتا ہے اس سے ۱۲ منہ رحمہ

ف۴ ایک معنی یہ ہیں کہ آیتیں اترنے کی پیغمبر کے دل میں ۱۲ منہ

ف۵ یعنی فرشتے اس کتاب کو ہاتھ لگاتے ہیں وہ

اس کتاب میں قرآن لکھا ہوا ہے فرشتوں کے ہاتھ میں یا لوح محفوظ میں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے



فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ۝ تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝
اگر ہو تم غیر مقہور پھیر لاتے اسکو اگر ہو تم سچے

فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ ۵ وَ
پس جو اگر ہووے مقربوں سے پس راحت ہے اور رزق ہے اور

جَنَّتُ نَعِيمٍ ۝ وَأَمَّا إِن كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ۝ فَسَلَامٌ
بہشت ہے نعمت اسکی اور اگر جو ہے داہنی طرف والوں سے پس سلامتی ہے

لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ۝ وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ
تجھ کو داہنی طرف والوں سے ف۱ اور اگر ہے جھٹلانے والوں

الضَّالِّينَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ ۝ وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ۝
گمراہوں سے پس مہمانی ہے گرم پانی کی اور داخل کرنا ہے دوزخ کا

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ۝
تحقیق یہ وہ ہے البتہ حق الیقین پس پاکی بیان کر ساتھ نام پروردگار اپنے بڑے کے

سورة الحديد مدنية | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | تسع وعشرون آية وأربع ركوعات
یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے | اور اسکی انتیس آیتیں ہیں

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝
پاکی بیان کرو واسطے اللہ کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور زمین کے وہ غالب ہے حکمت والا

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ
واسطے اسکے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ اوپر ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۖ
چیز کے قادر ہے وہ ہے سب سے پہلے اور سب سے پیچھے اور سب سے ظاہر اور سب سے چھپا ہوا

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ هُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ
اور وہ سب کچھ جانتا ہے وہ ہی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور

الْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ
زمین کو بیچ چھ دن کے پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے جانتا ہے

ع ۳ منزل ۷

موضح القرآن
ف۱ یعنی خاطر جمع رکھ ان کی طرف سے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ
جو کچھ کہ داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ نکلتا ہے اس سے اور جو کچھ اترتا ہے آسمان سے

وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ
اور جو کچھ کہ چڑھتا ہے اس میں اور وہ ساتھ تمہارے ہے جہاں ہو تم اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم

بَصِيرٌ ۝ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ
دیکھنے والا ہے واسطے اسی کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں

الْأُمُورُ ۝ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ
سب کام داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے دن کو بیچ رات کے

وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ
اور وہ جانتا ہے سینے والی بات کو ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے

وَأَنْفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِينَ فِيهِ فَالَّذِينَ آمَنُوا
اور خرچ کرو اس چیز سے کہ کیا ہے تم کو جانشین پہلوں کا بیچ اس کے پس جو لوگ کہ ایمان لائے

مِنْكُمْ وَأَنْفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ
تم میں سے اور خرچ کیا واسطے ان کے ہے ثواب بڑا اور کیا ہے واسطے تمہارے کہ نہ ایمان لاؤ

بِاللَّهِ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ
ساتھ اللہ کے اور رسول کے پکارتا ہے تم کو کہ ایمان لاؤ ساتھ پروردگار اپنے کے اور تحقیق

مِيثَاقَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ
قول تمہارا اگر ہو تم ایمان والے ف۱ وہ ہے جو اتارتا ہے

عَلَىٰ عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى
اوپر بندے اپنے کے نشانیاں ظاہر تو کہ نکالے تم کو اندھیروں سے طرف

النُّورِ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ وَمَا لَكُمْ أَلَّا
روشنی کے اور تحقیق اللہ ساتھ تمہارے البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے اور کیا ہو واسطے تمہارے

تُنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَ
خرچ کرو بیچ راہ خدا کے اور واسطے اللہ کے ہے میراث آسمانوں کی اور

موضح القرآن
ف۱ اقرار اللہ کے پکا ہو دنیا میں کرنے سے پہلے اور اس کا اثر رکھ دیا ہے دل میں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع منزل ۷

الارض لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح و

زمین کی نہیں برابر تم میں سے وہ شخص کہ جس نے خرچ کیا پہلے فتح کے سے اور

قاتل اولئک اعظم درجة من الذین انفقوا من

لڑائی کی تھی یہ لوگ بڑے ہیں درجوں میں اُن لوگوں سے کہ خرچ کیا انھوں نے

بعد وقاتلوا وکلا وعد الله الحسنی والله بما تعملون

پیچھے اس سے اور لڑائی کی اور ہر ایک کو وعدہ دیا اللہ نے اچھا اور اللہ ساتھ اسکے کہ کرتے ہو تم

خبیر ۝ من ذا الذی یقرض الله قرضا حسنا فیضعفه

خبردار ہے ف۱ کون شخص ہے جو قرض دیوے اللہ کو قرض اچھا پس دُگنا کرے اسکو

ع ۱۷ ۱

له وله اجر کریم ۝ یوم تری المؤمنین والمؤمنت

واسطے اُسکے اور واسطے اُسکے ثواب باکرامت ف۲ اس دن کہ دیکھے گا تو ایمان والوں اور ایمان والیوں کو

یسعی نورهم بین ایدیهم وبایمانهم بشرىكم اليوم

دوڑتا ہوگا نور اُن کا آگے اُن کے اور داہنی طرف اُن کے خوش خبری تم کو آج

منزل ۷

جنت تجری من تحتها الانهر خلدین فیها ذلک

بہشت ہیں چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے یہی ہے

هو الفوز العظیم ۝ یوم یقول المنفقون والمنفقت

وہ مراد پانا بڑا ف۳ اسدن کہ کہیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں

للذین امنوا انظرونا نقتبس من نورکم قیل ارجعوا

واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں انتظار کرو ہمارا ہم بھی روشنی لیں نور تمہارے سے کہا جاویگا

وراءکم فالتمسوا نورا فضرب بینهم بسور له باب

پیچھے اپنے پس ڈھونڈ لاؤ نور پس ماری جاویگی درمیان انکے دیوار کہ واسطے اسکے

باطنه فیه الرحمة وظاهره من قبله العذاب ۝

اندر کی طرف اسکے جو ہے بیچ اسکے رحمت ہے اور باہر کی طرف جو ہے اسکی طرف سے ہے عذاب ف۴

ینادونهم الم نکن معکم قالوا بلی ولکنکم فتنتم

پکاریں گے ان کو کیا نہ تھے ہم ساتھ تمہارے کہیں گے ہاں تھے تم ولیکن فتنے میں ڈالا تم نے

موضح القرآن

ف۱ قرض کے معنی یہ کہ اسوقت خرچ کرو جہاد میں پھر تم بھی ویسے ہی برتو گے اور یہی معنی دونے کے۔ مالک میں اور غلام میں بیاج نہیں جو دیا سو اُسکا اور جو نہ دیا سو اسکا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ جب پل صراط پر چلیں گے سخت اندھیرا ہوگا۔ اپنے ایمان کی روشنی ساتھ ہوگی آگے اور داہنے کو نیک عمل داہنی طرف جمع ہوتے ہیں ۱۲ منہ

ف۳ پل صراط پر کافر نہ چلیں گے وہ پہلے ہی دوزخ میں پڑینگے مگر جو امت ہو کسی نبی کی سچی یا کچی جب اندھیرا گھیر لیگا ایمان والوں کے ساتھ روشنی ہوگی منافق انکی روشنی میں چلنے لگے وہ شتاب نکل گئے یہ پیچھے رہے پکارتے کہ ہم کو بھی روشنی دو کسی نے کہا پیچھے سے روشنی لاؤ وہ پیچھے ہٹے ان کے بیچ دیوار کھڑی ہوگئی یعنی روشنی دنیا میں کمائی جاتی ہے وہ جگہ پیچھے چھوڑ آئے ۱۲ منہ

أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ

جانیں اپنی کو اور منتظر تھے تم یعنی واسطے برائی کے ہماری اور شک میں تھے تم اور فریب دیا تم کو

أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ

حکم خدا کا اور فریب دیا تم کو ساتھ اللہ کے فریب دینے والے نے پس آج نہ لیا جاوے گا تم سے

فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ

بدلہ اور نہ ان لوگوں سے کہ کافر ہوئے جگہ رہنے تمہارے کی آگ ہے وہ ہے رفیق

وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ

اور بری ہے جگہ پھر جانے کی کیا نہیں نزدیک آیا واسطے کہ ایمان لائے ہیں یہ کہ عاجزی کریں

قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا

دل ان کے وقت یاد خدا کے اور جو کچھ اتارا گیا ہے حق سے اور نہ ہوویں

كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ

مانند ان لوگوں کے کہ دیئے گئے تھے کتاب پہلے اس سے پس دراز ہوئی اوپر انکے مدت

فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ۝ اعْلَمُوا أَنَّ

پس سخت ہوگئے دل ان کے اور بہت ان میں سے فاسق ہیں ف۱ جانو بیشک

اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ

اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو پیچھے موت اسکی کے تحقیق بیان کیں ہم نے واسطے تمہارے

تَعْقِلُونَ ۝ إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا

عقل پکڑو ف۲ تحقیق خیرات دینے والے اور خیرات دینے والیاں اور وہ جو قرض

اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ۝ وَ

اللہ کو قرض اچھا دوچند کیا جاوے گا واسطے انکے اور واسطے انکے ہے ثواب باکرامت اور

الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ

جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسولوں اسکے کے یہ لوگ ہیں سچے

وَالشُّهَدَاءُ عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ

اور شہید نزدیک پروردگار اپنے کے واسطے ان کے ہے ثواب انکا اور نور انکا اور جو لوگ

منزل ۷

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایمان وہی ہو کہ دل نرم ہو پیغمبروں کی صحبت میں پیچھے تھے مدت کے بعد سخت ہوگئے اور اب یہ صفت مسلمانوں کو چاہیے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی عرب کے لوگ جاہل تھے جیسے مردہ زمین اب انکو جلایا ان میں سب کمال پیدا کر دیے ۱۲ منہ

والذین کفروا وکذبوا بایتنا اولئک اصحب الجحیم ۞ اعلموا

جو کافر ہوئے اور جھٹلائیں نشانیاں ہماری کو یہ لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے جانو

انما الحیوۃ الدنیا لعب ولهو وزینة وتفاخر بینکم

یہ کہ زندگانی دنیا کی کھیل ہے اور دل بہلانا اور بناؤ کرنا ہے اور بڑائی کرنی ہے آپس میں

وتکاثر فی الاموال والاولاد کمثل غیث اعجب

اور بہتایت کرنی ہے بیچ مالوں کے اور اولاد کے مانند مینہ کے کہ خوش لگتا ہے

الکفار نباته ثم یهیج فتره مصفرا ثم یکون حطاما

کسانوں کو اگنا اسکا پھر زور سے اٹھتی ہے پس دیکھتا ہے تو اسکو زرد ہوئی پھر ہو جاتی ہے روندا

وفی الاخرة عذاب شدید ومغفرة من الله و

اور بیچ آخرت کے عذاب ہے سخت اور بخشش ہے اللہ کی طرف سے اور

رضوان وما الحیوۃ الدنیا الا متاع الغرور ۞ سابقوا

رضامندی اور نہیں زندگانی دنیا کی مگر فائدہ فریب کا ف جلد چلو

الی مغفرة من ربکم وجنة عرضها کعرض السماء

طرف بخشش پروردگار اپنے کے اور بہشت کے کہ چوڑاؤ اسکا مانند چوڑاؤ آسمان کے

والارض اعدت للذین امنوا بالله ورسله ذلک

اور زمین کے تیار کی گئی واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسولوں اسکے

فضل الله یؤتیه من یشاء والله ذو الفضل العظیم ۞

فضل اللہ کا دیتا ہے اسکو جس کو چاہے اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے

ما اصاب من مصیبة فی الارض ولا فی انفسکم

نہیں پہنچتی کوئی مصیبت بیچ زمین کے اور نہ بیچ جانوں تمہاری کے

الا فی کتب من قبل ان نبراها ان ذلک علی الله

مگر بیچ کتاب کے لکھی پہلے اس سے کہ پیدا کریں ہم اسکو تحقیق یہ اوپر اللہ کے

یسیر ۞ لکیلا تاسوا علی ما فاتکم ولا تفرحوا بما اتکم

آسان ہے تو کہ نہ غم کھاؤ تم اوپر اس چیز کے کہ جاتی رہی تم سے اور نہ خوش ہو ساتھ

ع ۲ ۱۸

منزل ۷

موضح القرآن

ف آدمی کو اول عمر تماشا کھیل چاہیے پھر تماشا پھر بناؤ درست کرنا پھر ساکھ کرنی اور نام حاصل کرنا اور مرنا قریب آوے تب فکر مال اور اولاد کی پیچھے میرا گھربار آسودہ رہے یہ سب فانی چیز ہے آگے کام آئیگا کچھ اور یہ پچھلا کام نہ آوے گا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ۝ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَ

اور اللہ نہیں دوست رکھتا ہر ایک تکبر کرنے والے فخر کرنے والے کو وہ جو بخل کرتے ہیں اور

يَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۗ وَمَنْ يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ

حکم کرتے ہیں لوگوں کو ساتھ بخل کے اور جو کوئی پھر جاوے پس تحقیق اللہ وہ ہے

الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ۝ لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَأَنْزَلْنَا

بے پرواہ تعریف کیا گیا البتہ تحقیق بھیجا ہم نے پیغمبروں اپنوں کو ساتھ دلیلوں ظاہر کے اور

مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَ

ساتھ اُس کے کتاب اور ترازو عدل یعنی قواعد عدل تو کہ قائم رکھیں لوگ عدل کو اور

أَنْزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

اتارا ہم نے لوہا بیچ اس کے لڑائی سخت ہے اور فائدہ ہے واسطے لوگوں کے

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَنْصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ

اور تو کہ ظاہر کرے اللہ اس شخص کو کہ مدد دیتا ہے اور رسول اس کے کو بن دیکھے تحقیق اللہ زور آور

عَزِيزٌ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرٰهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي

غالب ہے اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے نوح کو اور ابراہیم کو اور کی ہم نے بیچ

ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ

اولاد اُن دونوں کے پیغمبری اور کتاب پس بعض اُن میں سے راہ پانیوالے ہیں اور بہت

فٰسِقُونَ ۝ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰى آثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا

فاسق ہیں پھر پیچھے لائے ہم اوپر قدموں اُن کے پیغمبر اپنے اور پیچھے لائے ہم

بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنٰهُ الْإِنْجِيلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِي

عیسے بیٹے مریم کے کو اور دی ہم نے اُس کو انجیل اور کی ہم نے بیچ

قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً ۚ وَرَهْبَانِيَّةً

دلوں اُن لوگوں کے کہ پیروی کرتے تھے اسکی شفقت اور مہربانی اور انہوں نے گوشہ گیری

ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ

اپنی طرف سے نکالی تھی نہیں لکھا تھا ہم نے اسکو اوپر انکے مگر واسطے ڈھونڈنے رضامندی

موضح القرآن

ف کتاب اور ترازو شاید اسکے ترازو کو کہا تولنے کو۔ یہ اسباب ہے انصاف کا۔ یا شریعت کو فرمایا جس سے جھوٹا سچا کھل جاوے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَآتَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا مِنْهُمْ

پس رعایت کی اس کی حق نگاہ رکھنے اسکے کا پس دیا ہم نے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ان میں سے

أَجْرَهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

ثواب ان کا اور بہت اُن میں سے فاسق ہیں ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ

ڈرو اللہ سے اور ایمان لاؤ ساتھ رسول اسکے کے دیوے گا تم کو دو حصے ثواب کے رحمت اپنی

وَيَجْعَل لَّكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ

اور کریگا واسطے تمہارے نور کہ چلو ساتھ اسکے اور بخشیگا واسطے تمہارے اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيمٌ ۝ لِّئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ

مہربان ہے ف۲ تو کہ جانیں اہل کتاب یہ کہ نہیں قدرت رکھتے اوپر

شَيْءٍ مِّن فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ

کسی چیز کے فضل خدا کے سے اور تحقیق فضل بیچ ہاتھ خدا کے ہے دیتا ہے اسکو

مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝

جس کو چاہے اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے

سُورَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ　بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ　اثْنَتَانِ وَعِشْرُونَ آيَةً وَثَلَاثُ رُكُوعَاتٍ

یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی　شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے　اور اسکی بائیس آیتیں ہیں

قَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي

تحقیق سنی اللہ نے بات اس عورت کی جو جھگڑتی تھی تجھ سے بیچ خاوند اپنے کے اور شکایت کرتی تھی

إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ۝

طرف اللہ کے اور اللہ سنتا تھا جواب سوال تمہارا تحقیق اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے

الَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِنكُم مِّن نِّسَائِهِم مَّا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ ۖ

جو لوگ کہ اظہار کرتے ہیں تم میں سے بیبیوں اپنی سے نہیں ہو جاتیں مائیں اُن کی

إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلَّا اللَّائِي وَلَدْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ

نہیں مائیں اُن کی مگر جنہوں نے جنا ہے اُن کو اور تحقیق وہ البتہ کہتے ہیں

ف۱ یہ فقیری اور تارک دنیا بننا نصاریٰ نے نیا نکالی جنگل میں تکیہ بنا کر بیٹھتے نہ جورو رکھتے نہ بیٹا کماتے نہ جوڑتے محض عبادت میں رہتے خلق سے نہ ملتے اللہ نے بندوں پر یہ حکم نہیں رکھا مگر جب اپنے اوپر نام رکھا ترک دنیا کا پھر اس پردے میں دنیا چاہنا بڑا وبال ہے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اس رسول کے تابع رہو کہ یہ نعمتیں پاؤ اوروں سے دونا ثواب ہر عمل کا اور روشنی ملے پھرو یعنی تمہارا وجود نورانی ہو جاوے ۱۲

ف۳ یعنی اہل کتاب پیغمبروں کا احوال سنکر سمجھتے کہ ہم ان سے دور پڑے ہم کو وہ درجے ملنے محال ہیں سو یہ رسول اللہ نے کھڑا کیا اسکی صحبت میں ملتا ہو آگے سے دونا کمال اور اللہ کا فضل بند نہیں ہو گیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۴ اسلام سے پہلے مرد اگر عورت کو کہتا کہ تو میری ماں ہے تو ساری عمر کو الحسیر حرام گنتے۔ حضرت کے وقت میں ایک مسلمان کہہ بیٹھا اپنی عورت کو پھر دونوں پچھتائے۔ عورت آئی حضرت کے پاس حضرت نے فرمایا اب کیونکر تم مل سکتے ہو۔ وہ شکوہ کرنے لگی کہ گھر ویران ہوتا ہے اولاد (باقی برصفحہ ۷۲۱)

مُنكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُورًا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ ۝

نامعقول بات اور جھوٹ اور تحقیق اللہ البتہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے

وَالَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِن نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا

اور جو لوگ کہ ظہار کرتے ہیں بیبیوں اپنی سے پھر پھر جاتے ہیں طرف اس چیز کے کہ کہا

فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا ۚ ذَٰلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ ۚ

پس آزاد کرنا ہے ایک گردن کا پہلے اس سے کہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگاویں یہ نصیحت جاتے ہو

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ

اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے پس جو کوئی نہ پاوے پس روزے ہیں دو مہینے کا

مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا ۖ فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ

پے در پے پہلے اس سے کہ ہاتھ لگادیں پس جو کوئی نہ سکے پس کھانا کھلانا ہے

سِتِّينَ مِسْكِينًا ۚ ذَٰلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ وَتِلْكَ

ساٹھ فقیروں کو یہ اس واسطے ہے کہ ایمان لاؤ تم ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور

حُدُودُ اللَّهِ ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ

حدیں اللہ کی اور واسطے کافروں کے ہے عذاب درد دینے والا تحقیق جو لوگ کہ

يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

خلاف کرتے ہیں اللہ کا اور رسول اس کے ہلاک کیے گئے جیسے ہلاک کیے گئے تھے وہ لوگ جو

وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۚ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝

اور تحقیق اتاریں ہم نے نشانیاں ظاہر اور واسطے کافروں کے عذاب ہے رسوا کرنے والا

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۚ أَحْصَاهُ اللَّهُ

جس دن کہ اکٹھا کرے گا اللہ سب کو پس خبر دیگا ان کو ساتھ اس چیز کے کہ کیا تھا گن رکھا تھا اس کو

وَنَسُوهُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ

اور بھول گئے تھے وہ اس کو اور اللہ اوپر ہر چیز کے شاہد ہے کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ

اللہ جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے نہیں ہوتی مصلحت

موضح القرآن

(بقیہ صفحہ ۷۲۰) پریشان ہوتی ہوئی اسمیں یہ حکم اترا فرمایا کہ جس نے جنا نہیں وہ ماں کیونکر ہو مگر اپنی گستاخی کا بدلہ کفارہ دے تو اس عورت پاس جاوے نہیں تو نہ جاوے پر عورت اسی کے پاس رہی۔ اس کام کو کہنے کو ظہار کہتے ہیں ۱۲

صفحہ ہذا

ف۱ پھر وہی کام جسکو کہا ہے یعنی یہ لفظ کہا ہے صحبت کرنے کو تا چاہیں صحبت کرنے کو تو پہلے بردہ آزاد کرلیں ۱۲ منہ رح

ف۲ بردے کا مقدور ہو تو روزہ نہیں روزہ ہو سکے تو کھانا نہیں آخر کو کھانا ہے اگر پکا کر کھلاوے تو ساٹھ روٹی دو وقت کھلاوے پیٹ بھر کر اور اناج دے تو ہر ایک کو دو سیر گیہوں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۱

ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ

تین شخص کی گروہ جو تہا اُن کا ہے اور نہ پانچ کی گروہ چھٹا اُن کا ہے اور نہ

اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا

کم اس سے اور نہ زیادہ مگر وہ ساتھ اُن کے ہے جہاں کہیں ہوں

ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

پھر خبر دے گا اُن کو جو کچھ کہ کرتے ہیں دن قیامت کے تحقیق اللہ ساتھ ہر چیز کے

عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ

جاننے والا ہے کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کے کہ منع کیے گئے ہیں مصلحت کرنے سے پھر

لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ

وہ چیز کہ منع کیے گئے ہیں اور مصلحت کرتے ہیں ساتھ گناہ کے اور تعدی کے اور نافرمانی

الرَّسُوْلِ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ

پیغمبر کے اور جس وقت آتے ہیں تیرے پاس دعا دیتے ہیں تجھ کو ساتھ اس چیز کے کہ نہیں دعا دی

وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ

اور کہتے ہیں بیچ دلوں اپنے کے کیوں نہیں عذاب کرتا ہم کو اللہ سبب اس چیز کے کہ کہتے

حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا

کفایت ہے اُنکو دوزخ داخل ہونگے اُسمیں پس بُری ہے جگہ پھر جانے کی اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَ

لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ مصلحت کرو تم پس مت مصلحت کرو ساتھ گناہ اور

الْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَ

تعدی کے اور نافرمانی رسول کے اور مصلحت کرو ساتھ نیک کاری اور

التَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ اِنَّمَا

پرہیزگاری کے اور ڈرو اللہ سے وہ جو طرف اُس کے اکٹھے کیے جاؤ گے سوائے اس کے

النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ

مصلحت کرنا شیطان سے ہے تو کہ غمگین کرے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور نہیں

ع ١ منزل ٧

موضح القرآن

ف حضرت کی مجلس میں بیٹھکر کان میں باتیں کرتے مجلس کے لوگوں پر ٹھٹھے کرتے اور عیب پکڑتے اور حضرت کی بات سنکر کہتے یہ مشکل کام ہمسے کب ہوسکے گا پہلے سورۂ نساء میں اسکا منع آچکا تھا پھر وہی کرتے تھے اور دعا یہ کر یہود آتے تو السلام علیکم کے بدلے السام علیک کہتے یہ بد دعا ہے کہ تجھ پر پڑے مرگ. پھر آپس میں کہتے کہ اگر یہ رسول ہے تو اس کہنے سے ہم پر عذاب کیوں نہیں آتے اور کوئی منافق بھی کہتا ہوگا ١٢ منہ

ف سورۂ نساء میں کانا پھوسی کا ذکر تھا کہ کان میں کونسی بات کرنی چاہیے ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

ضرر کرنے والا اُن کو کچھ مگر ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر اللہ کے پس چاہیئے کہ توکل کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا

ایمان والے ف ۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ کہا جاوے واسطے تمہارے کشادگی

فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا

بیچ مجلسوں کے پس کشادہ کر دو کشادہ کرے گا اللہ واسطے تمہارے اور جس وقت کہا جاوے اٹھ

فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا

پس اٹھ کھڑے ہو بلند کرے گا اللہ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے تم میں سے اور ان لوگوں کو کہ دیے گئے

الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

علم درجے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف ۲ اے لوگو جو

اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ

ایمان لائے جس وقت کہ مصلحت کرنے کو آؤ تم پیغمبر سے پس کرلو آگے مصلحت کرنے سے

صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ

کچھ خیرات یہ بہتر ہے واسطے تمہارے اور بہت پاکیزہ ہے پس اگر نہ پاؤ تم پس تحقیق

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ

اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف ۳ کیا ڈر گئے تم کہ آگے بھیجو تم

يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ

پہلے مصلحت کرنے سے خیرات پس جس وقت نہ کیا تم نے اور پھر آیا اللہ

عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

اوپر تمہارے پس قائم کرو نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور فرماں برداری کرو اللہ کی

وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

اور رسول اس کے کی اور اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ف ۴ کیا نہ دیکھا تو نے طرف

تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ

وہ دوستی کرتے ہیں اس قوم سے کہ غصہ ہوا اللہ اوپر اُن کے نہیں ہیں وہ تم میں سے اور نہ اُن میں سے

موضح القرآن

ف ۱ مجلس میں دو شخص کان میں بات کریں تو دیکھنے والے کو غم ہو کہ مجھ سے کیا حرکت ہوئی جو یہ چھپ کر کہتے ہیں ۱۲ منہ

ف ۲ یہ آداب ہیں مجلس کے کوئی آوے اور جگہ نہ پاوے تو چاہیئے سب تھوڑا تھوڑا ہلیں تا مکان حلقے کا کشادہ ہو جاوے یا اٹھ کر پرے تلقہ کر لیں اتنی حرکت کرنے میں غرور نہ کریں جیسے نیک ہمنشیں اللہ مہربان اور بدخو سے اللہ بیزار ۱۲ منہ رح

ف ۳ منافق بے فائدہ باتیں حضرت سے کان میں کرتے کہ لوگوں پر اپنی بڑائی جتاویں حضرت خلق کے سبب سے منع نہ کرتے جب یہ حکم اترا منافقوں نے مارے بخل کے وہ عادت چھوڑی پیچھے یہ حکم موقوف ہوا ۱۲ منہ

ف ۴ یعنی وہ حکم بھی ہرگز موقوف نہیں انہیں پر لگے رہو معلوم ہوتا ہے کسی نے یہ حکم نہیں پا کر موقوف ہو ۱۲ منہ رح

وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ

اور قسم کھا جاتے ہیں اوپر جھوٹ کے اور وہ جانتے ہیں تیار کیا ہے اللہ نے

لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا اِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

واسطے ان کے عذاب سخت تحقیق وہ برا ہے جو کچھ کہ ہیں کرتے

اِتَّخَذُوا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ

پکڑا ہے انہوں نے قسموں اپنی کو ڈھال پس بند کرتے ہیں راہ خدا کی سے پس واسطے ان کے

عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَا اَوْلَادُهُمْ

عذاب ہے رسوا کرنے والا ہرگز نہ کفایت کریگا ان سے مال ان کا اور نہ اولاد ان کی

مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝

عذاب اللہ کے سے کچھ یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَ

جس دن اٹھاویگا ان کو اللہ سب کو پس قسمیں کھاویں گے واسطے اسکے جیسے قسمیں کھاتے ہیں

يَحْسَبُونَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُونَ ۝

گمان کرتے ہیں یہ کہ وہ اوپر کسی چیز کے ہیں خبردار ہو تحقیق وہی ہیں جھوٹے

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

غالب آیا اوپر ان کے شیطان پس بھلا دی انکو یاد خدا کی یہ لوگ

حِزْبُ الشَّيْطٰنِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُونَ ۝

گروہ شیطان کے ہیں خبردار ہو تحقیق گروہ شیطان کے ہیں وہی ہیں زیان پانیوالے

اِنَّ الَّذِينَ يُحَآدُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗٓ اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّينَ ۝

تحقیق جو لوگ کہ مقابلہ کرتے ہیں اللہ کا اور رسول اسکے کا یہ لوگ ہیں بہت ذلیل ہونیوالوں کے

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝

لکھ رکھا ہے اللہ نے البتہ غالب آونگا میں اور پیغمبر میرے تحقیق اللہ قوی ہے عزت والا

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّونَ

نہ پاوے گا تو کسی قوم کو کہ ایمان لاتے ہوں ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے دوستی کریں

منزل ٧

موضح القرآن
ف۱ اللہ غصے ہوا
کافروں پر خصوصاً
یہود پر اور ان کے
رفیق منافق ہوا
سنہ رحمہ اللہ تعالیٰ

مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ

اس شخص سے کہ مقابلہ کرتا ہے اللہ کا اور رسول سے اُس کا اگرچہ ہوں باپ اُنکے یا بیٹے اُن کے

اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِىْ قُلُوْبِهِمُ

یا بھائی اُن کے یا کنبہ اُن کا یہ لوگ ہیں لکھ دیا ہے اللہ نے بیچ دلوں اُن کے

الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ

ایمان اور قوت دی ہے اُنکو ساتھ روح کے اپنی طرف سے اور داخل کریگا اُنکو بہشتوں میں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ

نیچے اُنکے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اُن کے راضی ہوا اللہ اُن لوگوں سے اور

رَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اور راضی ہوئے وہ اُن سے یہ لوگ ہیں گروہ اللہ کے خبردار ہو تحقیق گروہ اللہ کے وہی ہیں فلاح

سورة الحشر مدنية وهي اربع وعشرون آية وثلث ركوعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے | اور اسکی چوبیس آیتیں ہیں

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

پاکی بیان کرتا ہے واسطے اللہ کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور وہی غالب حکمت والا

هُوَ الَّذِىْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ

وہی ہے جس نے نکال دیا اُن لوگوں کو کہ کافر ہوئے ہیں اہل کتاب میں سے گھروں

دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

اُن کے سے اول بار اکٹھے کرنے میں نہ گمان کرتے تھے تم یہ کہ نکل جاوینگے اور گمان کرتے تھے وہ

مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ

کہ بچالیویں گے اُن کو قلعے اُن کے عذاب خدا سے پس آیا اُن پر عذاب خدا کا اس جگہ سے کہ

لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِىْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ

نہ جانا تھا اُنہوں نے اور ڈالدیا بیچ دلوں اُنکے کے رعب خراب کرتے ہیں

بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِى الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِى

گھر اپنے ساتھ ہاتھوں اپنے کے اور ہاتھوں مسلمانوں کے پس عبرت پکڑو اے

موضح القرآن

ف۱ یعنی جو دوستی نہیں رکھتے اللہ کے مخالف سے اگرچہ باپ بیٹا ہو وہی سچے ایمان والے ہیں ان کو درجے ہیں ۱۲ منہ

ف۲ مدینے کے چار پانچ کوس پر ایک قوم یہود کی گڑھی تھی بنی نضیر اُن کا نام۔ اول حضرت سے صلح رکھتے تھے پھر مکے کے کافروں سے پیغام کرنے لگے اور حضرت وہاں بیٹھے تھے اوپر سے ... منزا چکی ڈالدی اگر لگتی تو آدمی مر جاتا۔ اللہ نے سجھا دیا حضرت نے مسلمان جمع کیا ارادہ یہ کہ اُن سے لڑیے۔ جب اُنکی زیادہ دیر ہوئی وہ ڈر گئے التجا کی حضرت نے ان کی جان بخشی اور جو مال اُٹھا سکے اور گھر اور باغ اور کھیت قبضے میں آئے حق تعالیٰ نے وہ زمین غنیمت کی طرح نہ تقسیم کروائی حضرت کے اختیار پر رکھی حضرت نے مہاجرین کو جن کا خرچ انصار کے ذمے تھا اکثر تقسیم کی مہاجر اور انصار دونوں کو فائدہ ہوا اور اپنے گھر کا خرچ اور وارد کا خرچ اسی پر مقرر رکھا وہی فے کر ہے اس سورۃ میں ۱۲ منہ

ع ۳ / ۹ / ۳ — منزل ۷

الْأَبْصَارِ ○ وَلَوْلَا أَنْ كَتَبَ اللَّهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَهُمْ

آنکھوں والو ف ۱ اور اگر نہ ہوتا یہ کہ لکھ رکھا تھا اللہ نے اوپر ان کے جلا وطن کرنا البتہ

فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ○ ذَٰلِكَ

بیچ دنیا کے اور واسطے انکے ہے بیچ آخرت کے عذاب آگ کا ف ۲ یہ

بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَمَنْ يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ

بسبب اسکے ہے کہ انہوں نے مخالفت کی خدا کی اور رسول اسکے کی اور جو کوئی مخالفت کرے اللہ کی

شَدِيدُ الْعِقَابِ ○ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا

سخت عذاب کرنے والا ہے جو کچھ کہ کاٹا تم نے کوئی تند درخت کا یا چھوڑ دیا ہے تم نے اسکو

قَائِمَةً عَلَىٰ أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ ○

کھڑا اوپر جڑوں اسکی کے پس ساتھ حکم اللہ کے اور تو کہ رسوا ہوں فاسق ف ۳

وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ

اور جو کچھ کہ پھیلایا اوپر رسول اپنے کے انمیں سے پس نہیں دوڑایا تم نے اوپر اسکے

مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَىٰ

گھوڑے اور نہ اونٹ ولیکن اللہ مسلط کرتا ہے رسولوں اپنے کو اوپر

مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ مَا أَفَاءَ اللَّهُ

جسکے چاہتا ہے اور اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف ۴ جو کچھ پھیر لایا اللہ

عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي

اوپر رسول اپنے کے ان بستیوں والوں سے پس واسطے خدا کے اور واسطے رسول کے

الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا

قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے اور مسافروں کے تو کہ نہ

يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ

ہووے ہاتھوں ہاتھ لینا درمیان دولتمندوں کے تم میں سے اور جو کچھ کہ دے تم کو رسول

فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ

پس لے لو اسکو اور جو کچھ منع کرے تم کو پس باز رہو اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ

موضح القرآن

ف ۱ اپنے گھر اجاڑنے لگے کڑی تختہ کواڑ لگے اکھاڑنے لیجانے کو اور مسلمانوں نے بھی مدد کی اللہ پہنچا جہاں سے خیال نہ تھا یعنی دل کے اندر سے رعب ڈال دیا ۱۲ منہ رح

ف ۲ جب یہ قوم شام کے ملک سے بھاگی تھی نصاریٰ کے غلبے میں تو اسکے بڑوں نے کہا تھا کہ تم کو یہاں سے ویران ہوکر پھر جانا ہوگا شام میں اسوقت اُجڑ کر خیبر میں رہے منزل پھر وہاں سے اُجڑ کر شام کو گئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف ۳ جب وہ قلعے میں بند ہوئے حضرت نے حکم کیا کہ انکے باغ کاٹو اور کھیت اجاڑو تا اسکے درد سے باہر نکلکر لڑیں پھر کاٹنے لگے وہ لگے طعن کرنے کہ ہم کو تو کافر کہتے ہو آپ ہی مارتے ہو کیا درخت بھی کافر ہے جو کاٹتے ہو بعضے مسلمانوں کو شبہ آنے لگا یہ آیت اتری ۱۲ منہ رح

ف ۴ یہی فرق رکھا غنیمت میں اور فئے میں۔ جو مال لڑائی سے ہاتھ لگا وہ غنیمت ہیں پانچواں حصہ اللہ کی نیاز اور چار حصے لشکر کو بانٹیے اور جو بغیر جنگ کے ہاتھ لگا وہ سارا خزانے میں مسلمانوں کے رہے جو کام ضروری ہو اس میں خرچ ہو ۱۲ منہ رح

شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا
سخت عذاب کرنے والا ہے ف۱ یہ مال واسطے فقیروں وطن چھوڑنے والوں کے ہے جو نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ
گھروں اپنے سے اور مالوں اپنے سے چاہتے ہیں فضل خدا کے سے

وَرِضْوَانًا وَيَنْصُرُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ
اور رضامندی اور مدد دیتے ہیں خدا کو اور رسول اسکے کو یہ لوگ وہی ہیں

الصَّادِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ
سچے اور واسطے اُن لوگوں کے کہ جگہ پکڑ رہی ہو گھر ہجرت کے میں یعنی مدینے میں اور

قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي
پہلے سے دوست رکھتے ہیں اُن کو جو وطن چھوڑتے ہیں طرف اُن کے اور نہیں پاتے بیچ

صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ
دلوں اپنے کے خلش اُس چیز سے کہ دیئے جاویں مہاجرین اور اختیار کرتے ہیں اوپر جانوں اپنی کے

وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ
اور اگرچہ ہو اُن کو تنگی اور جو کوئی بچایا جاوے بخیلی جان اپنی کی سے

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَالَّذِينَ جَاءُوا مِنْ بَعْدِهِمْ
پس یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانیوالے ف۲ اور واسطے ان لوگوں کے کہ آئے پیچھے انکے

يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا
کہتے ہیں اے پروردگار ہمارے بخش ہمکو اور بھائیوں ہمارے کو وہ جو آگے گئے ہم سے

بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا
ایمان اور مت کر بیچ دلوں کے برائی واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے اے رب ہمارے

إِنَّكَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ
تحقیق تو ہی ہے شفقت کرنیوالا مہربان ف۳ کیا۔ دیکھا تو نے طرف اُن لوگوں کے کہ منافق ہوئے کہتے ہیں

لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ
واسطے بھائیوں اپنے کے وہ جو کافر ہیں اہل کتاب سے البتہ اگر نکالے جاؤ گے تم

موضح القرآن

ف۱ یعنی فے پر قبضہ رسول کا اور رسول کے سروار کا سرکار پر خرچ پڑتے ہیں اللہ سب ہی کا مالک ہے گھر کعبے کا خرچ اور مسجدوں کا بھی اسی میں آگیا اور ناتے والے حضرت کے نہ بروا انکے ناتے والے اور پیچھے بھی وہی لوگ اُن پر جا پہنچے خرچ کرنا دولت ہو اگر سرکار دے تو لے منع نہیں ۱۲ منہ

ف۲ پہلی آیت مہاجرین منہا مراد ہیں اور اس آیت سے انصار جو اس گھر میں رہتے ہیں پہلے سے الربع یعنی مدینے میں اور مہاجرین کی خدمت کرتے ہیں اپنی حاجت بند رکھکر اور انکو دے کر حسد نہیں کرتے بلکہ خوش ہوتے ہیں اپنی جانوں سے اگرچہ ہو انکو بھوک یعنی ع الربع صدقہ کرتے ہیں اپنی جانوں کو اگرچہ ہو انکو احتیاج منہ

ف۳ یہ آیت سب مسلمانوں کو ہے جو اگلوں کا حق مانیں اور انکے پیچھے چلیں اور اُن سے بیر نہ رکھیں ۱۲ منہ

لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا وَإِنْ قُوتِلْتُمْ

البتہ نکلیں گے ہم ساتھ تمہارے اور نہ کہا مانیں گے تمہارے مقدمہ میں کسی کا کبھی اور اگر لڑائی

لَنَنْصُرَنَّكُمْ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝ لَئِنْ

البتہ مدد دینگے ہم تم کو اور اللہ گواہی دیتا ہے یہ کہ وہ البتہ جھوٹے ہیں ف۱ اگر

أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ

نکالے گئے وہ نہ نکلیں گے یہ ساتھ ان کے اور اگر لڑائی کیے گئے نہ مدد دینگے ان کو

وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ۝

اور اگر مدد دیں ان کو البتہ پھیر لیں گے پیٹھ پھر نہیں مدد دیے جاویں گے

لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ مِنَ اللَّهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ

البتہ تم زیادہ تر ہو ڈر میں بیچ سینوں انکے کے اللہ سے یہ بسبب اسکے ہے کہ وہ

قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ۝ لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى

ایک قوم ہیں کہ نہیں سمجھتے نہیں لڑیں گے تم سے اکٹھے ہو کر مگر بیچ بستیوں

مُحَصَّنَةٍ أَوْ مِنْ وَرَاءِ جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ

قلعہ والیوں کے یا پیچھے دیواروں کے سے لڑائی ان کی درمیان اپنے سخت ہے

تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ

گمان کرتا ہے تو ان کو اکٹھے اور دل ان کے متفرق ہیں یہ بسبب اسکے کہ وہ ایک قوم ہیں

لَا يَعْقِلُونَ ۝ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا

کہ نہیں جانتے مانند ان لوگوں کے کہ پہلے ان سے تھے نزدیک چکھا انہوں نے

وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ

وبال کام اپنے کا اور واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا ف۲ مانند مثال شیطان کے ہے

إِذْ قَالَ لِلْإِنْسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِنْكَ

جس وقت کہ کہا اس نے آدمی کو کہ کفر کر پس جب کفر کیا کہا تحقیق میں بیزار ہوں تجھ سے

إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ۝ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا

میں ڈرتا ہوں اللہ پروردگار عالموں کے سے ف۳ پس ہوا آخر ان دونوں کا

منزل ۷

موضح القرآن

ف۱ یہ منافق اہل کافروں کو چھپے چھپے پیغام دیتے تھے آخر وہ نکالے گئے ان سے کچھ نہ ہوا ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ یعنی نزدیک ہے کہ مکے والے بدر کے دن سزا پا چکے ہیں وہی وبال ان کا بھی ہوگا ۱۲ منہ رحمہ

ف۳ شیطان آخرت میں یہ کہیگا اور بدر کے دن بھی ایک کافر کی صورت میں لوگوں کو لڑواتا جب فرشتے نظر آئے تو بھاگا سورۂ انفال میں ذکر ہو چکا یہ کہاوت ہے منافقوں کی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ علیہ

أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ○

یہ کہ وہ دونوں بیچ آگ کے ہیں ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے اور یہ ہے بدلہ ظالموں کا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

اے لوگو جو ایمان لائے ڈرو اللہ سے اور چاہیے کہ دیکھے ہر جی جو کچھ کہ آگے

لِغَدٍ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ○ وَلَا تَكُونُوا

واسطے کل آنیوالی کے اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ خبردار ہے ساتھ اسچیز کے کہ کرتے ہو اور مت ہو

كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ

مانند اُن لوگوں کے کہ بھول گئے خدا کو پس بھلا دی خدا نے مصلحت جانوں اُنکی یہ لوگ وہی ہیں

الْفَاسِقُونَ ○ لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ

فاسق ف۱ نہیں برابر رہنے والے آگ اور رہنے والے بہشت کے

أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ ○ لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ

رہنے والے بہشت کے وہی ہیں مراد پانے والے اگر اتارتے ہم اس قرآن کو

عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ

اوپر پہاڑ کے البتہ دیکھتا تو اُسکو دب جانیوالا پھٹ جانیوالا ڈر خدا کے سے

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ○

اور یہ مثالیں بیان کرتے ہیں ہم واسطے لوگوں کے تو کہ وہ فکر کریں ف۲

هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۖ هُوَ

وہی ہے اللہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ جاننے والا پوشیدہ کا اور ظاہر کا وہی ہے

الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ○ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ

بخشش کرنے والا مہربان وہی ہے اللہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ بادشاہ ہے

الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ

بہت پاک سلامت سب عیب سے امن دینے والا نگہبان غالب زبردست

الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ

تکبر والا پاکی ہے اللہ کو اُس چیز سے جو شریک لاتے ہیں وہی اللہ پیدا کرنیوالا

ع منزل ۷

موضح القرآن

ف۱ اُن کے جی بھلا دیے اپنے جی کے بچاؤ کی فکر نہ کی ۱۲ منہ

ف۲ یعنی کافر کے بڑے سخت ہیں کہ یہ کلام سن کر ایمان نہیں لاتے اگر پہاڑ سمجھے تو وہ بھی دب جائے ۱۲ منہ

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي

درست کرنیوالا صورت کھینچنے والا واسطے اُسی کے ہیں نام اچھے پاکی بیان کرتے ہیں واسطے

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○

آسمانوں کے اور زمین کے اور وہ ہے غالب حکمت والا

ثلث عشرة اية فيها ركوعان	بسم الله الرحمن الرحيم ○	سورة الممتحنة مكية وهي
اور اسکی تیرہ آیتیں ہیں	شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو دشمن میرے کو اور دشمن اپنے کو دوست کر

تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءَكُم مِّنَ الْحَقِّ

پیغام بھیجتے ہو تم طرف اُنکے ساتھ محبت کے اور تحقیق وہ کافر ہوئے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ آئی ہے

يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ ۙ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ

نکال دیتے ہیں رسول کو اور تم کو کہ ایمان لائے تم اللہ پروردگار اپنے کے اگر ہو تم

خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي ۚ تُسِرُّونَ

نکلے واسطے جہاد کے بیچ راہ میری کے اور واسطے رضامندی میری کے کیا چھپا سکتے ہو

إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ ۚ وَمَن

طرف اُن کے ساتھ دوستی کے اور میں خوب جانتا ہوں اس چیز کو کہ چھپاتے ہو تم اور جو ظاہر کرتے

يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ○ إِن يَثْقَفُوكُمْ

کرے تم میں سے یہ کام پس گمراہ ہوا راہ سیدھی سے اگر پاویں وہ تم کو

يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُم

ہو دیں گے واسطے تمہارے دشمن اور کھولیں گے طرف تمہاری ہاتھ اپنے اور زبانیں اپنی

بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ○ لَن تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ

ساتھ برائی کے اور دوست رکھتے ہیں کاشکے کافر ہو جاؤ تم ہرگز نہ فائدہ دینگے تم کو ناتے

وَلَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ

اور نہ اولاد تمہاری دن قیامت کے جدائی ڈالے گا درمیان تمہارے اور اللہ

ع ۳ — منزل ۷ — ع ۶

موضح القرآن

ف۱ حضرت کو مکے والوں سے صلح ہوئی تھی فتحنا میں ذکر ہو چکا دو برس رہی پھر کافروں کی طرف سے ٹوٹی تب حضرت نے فوج جمع کر کے ارادہ کیا مکے کا اور خبر بند کی کہ کافر بے خبر نہ لڑ سکیں کہ حرم میں لڑنا ضرور ہو تب مسلمان تھے حاطب مکے والوں کو خط لکھ بھیجا حضرت کو وحی سے معلوم ہوا اسکو راہ سے پکڑ منگایا حاطب نے عذر میں کہا کہ میرے اہل و عیال ہیں مکے میں ان کافروں سے سلوک رکھتا ہوں تا عیال کی خبر لیتے رہیں یہ خطا بڑی ہوئی لیکن حاطب بہشتی ہیں بدر کے لوگوں میں ا سیر یہ سورۃ آخر ی ۱۲ منہ رح

بما تعملون بصير ۝ قد كانت لكم اسوة حسنة في

ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو دیکھنے والا ہے تحقیق ہے واسطے تمہارے پیروی نیک بیچ

ابرهيم والذين معه اذ قالوا لقومهم انا برءؤا منكم

ابراہیم اور ان لوگوں کے کہ ساتھ اس کے تھے جس وقت کہا انہوں نے واسطے قوم اپنی کے

ومما تعبدون من دون الله كفرنا بكم وبدا بيننا

اور اس چیز سے کہ عبادت کرتے ہو تم سوائے خدا کے کافر ہوئے ہم ساتھ تمہارے اور ظاہر ہوئی

وبينكم العداوة والبغضاء ابدا حتى تؤمنوا بالله

اور درمیان تمہارے عداوت اور بغض ہمیشہ کو یہاں تک کہ ایمان لاؤ تم ساتھ اللہ

وحده الا قول ابرهيم لابيه لاستغفرن لك وما

اکیلے کے مگر کہنا ابراہیم کا واسطے باپ اپنے کے البتہ بخشش مانگوں گا میں واسطے تیرے

املك لك من الله من شيء ربنا عليك توكلنا واليك

اختیار رکھتا میں واسطے تیرے اللہ سے کچھ اے رب ہمارے اوپر تیرے توکل کیا ہم نے اور طرف

منزل ٧

انبنا واليك المصير ۝ ربنا لا تجعلنا فتنة للذين

رجوع کی ہم نے اور طرف تیرے ہی پھر جانا اے رب ہمارے مت کر ہم کو فتنہ واسطے ان لوگوں کے

كفروا واغفر لنا ربنا انك انت العزيز الحكيم ۝ لقد

کافر ہوئے اور بخش ہم کو اے رب ہمارے تحقیق تو ہے غالب حکمت والا البتہ تحقیق

كان لكم فيهم اسوة حسنة لمن كان يرجوا الله واليوم

ہے واسطے تمہارے بیچ ان کے پیروی نیک واسطے اس شخص کے کہ ہے امید رکھتا خدا کی اور

الاخر ومن يتول فان الله هو الغني الحميد ۝ عسى

پچھلے کی اور جو کوئی پھر جاوے پس تحقیق اللہ وہی ہے بے پروا تعریف کیا گیا شتاب ہے

ع ٧

الله ان يجعل بينكم وبين الذين عاديتم منهم مودة

اللہ یہ کہ کر دیوے درمیان تمہارے اور درمیان ان لوگوں کے کہ عداوت رکھتے ہو تم ان سے

والله قدير والله غفور رحيم ۝ لا ينهاكم الله عن الذين

اور اللہ قادر ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے نہیں منع کرتا تم کو اللہ ان لوگوں سے

موضح القرآن

ف یعنی ابراہیم نے ہجرت کی پھر اپنی قوم کی طرف منہ نہ کیا تم بھی وہی کرو۔ اکیلے ابراہیم نے دعا چاہی تھی باپ کے واسطے جب تک معلوم نہ تھا تم کو معلوم ہو چکا تم کافر کی بخشش نہ مانگو نہ جانچ ہم پر کافروں کو یعنی ہم کو کافروں کے واسطے محل آزمائش نہ کر

ف۲ یعنی ان کو مسلمان کر دے پھر تمہاری دوستی بکار ہے ایسا ہی ہوا اس سفر میں مکے کے لوگ سارے مسلمان ہوئے ۱۲ منہ

لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِّن دِيَارِكُمْ أَن

کہ نہیں لڑتے تم سے بیچ دین کے اور نہیں نکال دیا تم کو گھروں تمہارے سے یہ کہ

تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ○

احسان کرو تم ان سے اور انصاف کرو طرف انکے تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے انصاف کرنیوالوں کو

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم

سوائے اسکے نہیں کہ منع کرتا ہے تم کو اللہ ان لوگوں سے کہ لڑے تم سے بیچ دین کے اور نکال دیا تم کو

مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَن

گھروں تمہارے سے اور مددگاری کی اوپر نکال دینے تمہارے کے یہ کہ دوستی کرو تم ان سے

يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

اور جو دوستی کرے ان سے پس یہ لوگ وہی ہیں ظالم ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ ۖ اللَّهُ أَعْلَمُ

جس وقت آویں تمہارے پاس مسلمان بیبیاں ہجرت کر کر پس آزمایش کرو انکی اللہ خوب جانتا ہے

بِإِيمَانِهِنَّ ۖ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ

ایمان انکے کو پس اگر جانو تم انکو ایمان والیاں پس مت پھیرو ان کو

إِلَى الْكُفَّارِ ۖ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ وَآتُوهُم

طرف کفار کے نہیں وہ عورتیں حلال واسطے ان کافروں کے اور نہ وہ کافر حلال ہیں واسطے

مَّا أَنفَقُوا ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ

پس پاؤں کاٹے اسکے پس ہلاکی ڈالی اوپر اُن کے رب اُنکے نے بسبب گناہ اُنکے کے پس برابر

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

اور نہیں ڈرتا پچھاڑی اُن کی سے

سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اِحْدٰى وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً
یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی	شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	اور اسکی اکیس آیتیں ہیں

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

قسم ہے رات کی جب ڈھانک لے اور دن کی جب روشن ہو اور اسکی جس نے پیدا کیا مرد کو

وَالْاُنْثٰى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى

اور عورت کو تحقیق سعی تمہاری البتہ مختلف ہے پس ایہر جس نے دیا

وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝

اور پرہیزگاری کی اور سچ مانا بات اچھی کو پس البتہ آسان کرینگے اسکو واسطے گذران آسانی کے

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝

اور لیکن جس نے بخیلی کی اور بے پرواہی کی اور جھٹلایا بات اچھی کو

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝

پس البتہ آسان کرینگے ہم اسکو واسطے سختی کے اور نہ کفایت کریگا اُس سے مال اسکا جب گر پڑیگا نیچے

منزل ۷

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَىٰ ○ وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ○

تحقیق ہمارے ذمہ ہے راہ دکھانا اُن کا اور تحقیق واسطے ہمارے ہے آخرت اور دنیا

فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ ○ لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ○

پس ڈرایا میں نے تم کو آگ سے کہ شعلہ مارتی ہے نہ داخل ہوگا اُس میں مگر بڑا بدبخت

الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ○ وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ○ الَّذِي

جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا اور البتہ ایک طرف کیا جائیگا اُس سے بڑا پرہیزگار وہ جو

يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ○ وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ

دیتا ہے مال اپنا پاک ہوتا اور نہیں واسطے کسی کے نزدیک اُسکے نعمت سے کہ

تُجْزَىٰ ○ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ○ وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ○

بدلہ دیا جاتا ہے مگر واسطے چاہنے رضا مندی پروردگار اپنے بلند کے اور البتہ شتاب راضی ہوگا

اٰیَاتُہَا ۱۱ سُوْرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ ۹۳	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○	اِحْدٰی عَشْرَۃَ اٰیَۃً
یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی اور	شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	اُس کی گیارہ آیتیں ہیں

وَالضُّحَىٰ ○ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَىٰ ○ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَىٰ ○

قسم ہے دن چڑھے کی اور رات کی جب اندھیرے نہیں چھوڑ دیا تجھکو رب تیرے نے اور نہ ناخوش رکھا

وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَىٰ ○ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ

اور البتہ پچھلی حالت بہتر ہے واسطے تیرے پہلی حالت سے اور البتہ شتاب دیگا تجھکو

رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ○ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ ○ وَوَجَدَكَ

پروردگار تیرا پس راضی ہوگا کیا نہیں پایا تجھکو یتیم پس جگہ دی ف۲ اور پایا تجھکو

ضَالًّا فَهَدَىٰ ○ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ ○ فَأَمَّا الْيَتِيمَ

راہ بھولا پس راہ دکھائی ف۳ اور پایا تجھکو فقیر پس غنی کیا ف۴ پس جو یتیم ہو

فَلَا تَقْهَرْ ○ وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ○ وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ○

پس مت قہر کر اور جو مانگنے والا ہو پس مت ڈانٹ اور جو نعمت پروردگار تیرے کی ہے پس

اٰیَاتُہَا ۸ سُوْرَۃُ الْاِنْشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ ۹۴	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○	وَھِیَ ثَمَانُ اٰیَاتٍ
یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی	شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	اور اس کی آٹھ آیتیں ہیں

موضح القرآن

ف۱ حضرت کو کئی دن وحی نہیں آئی دل تنگ سا تھا تہجد کو نہ اُٹھے کافروں نے کہا اسکو چھوڑ دیا اُس کے رب نے پھر یہ سورۃ نازل ہوئی پہلے قسم فرمائی دن کے روشن کی اور رات اندھیری کی یعنی ظاہر میں بھی اللہ کی دو قدرتیں ہیں باطن میں بھی اللہ کی دو قدرتیں ہیں باطن میں بھی کبھی چاندنا ہے کبھی اندھیرا دونوں مقدر کے ہیں اللہ سے ہمیشہ دور کبھی نہیں بندہ ہوا ۱۲ منہ

ع ۱ ۱۷

ف۲ حضرت کا والد مر گیا پیٹ ماں میں چھوڑ کر دادا نے پالا وہ بھی مر گیا آٹھ برس کا چھوڑ کر پھر چچا نے پالا جبتک جوان ہوئے ۱۲ منہ

ف۳ جب حضرت جوان ہوئے قوم کی رسم اور راہ سے بیزار تھے اور اپنے پاس کوئی رسم و راہ نہ تھی اللہ نے دین حق کیا ۱۲ منہ رحم

ع ۱ ۱۸

ف۴ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اپنی قوم میں اشراف تھیں اور مالدار اُن سے نکاح ہوا سب مال اپنا لا کر حضرت نے حاضر کیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ ○

کیا نہ کھولدیا ہم نے واسطے تیرے سینہ تیرا ف۱ اور اتار رکھا ہم نے تجھ سے بوجھ تیرا

الَّذِي أَنقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ فَإِنَّ

جس نے توڑی تھی پیٹھ تیری ف۲ اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے ذکر تیرا ف۳ پس تحقیق

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ فَإِذَا فَرَغْتَ

ساتھ سختی کے آسانی ہے تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہو پس جب فارغ ہو تو

فَانصَبْ ○ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَب ○

پس محنت کر بیچ عبادت کے اور طرف رب اپنے کے ف۴ رغبت کر

سُورَةُ التِّينِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | وَهِيَ ثَمَانُ آيَاتٍ

یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے | اور اسکی آٹھ آیتیں ہیں

وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ ○ وَطُورِ سِينِينَ ○ وَهَٰذَا الْبَلَدِ

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینین کی اور اس شہر

الْأَمِينِ ○ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ○

امن والے کی ف۵ البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے آدمی کو بیچ اچھی ترکیب کے

ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ ○ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

پھر پھیر دیا ہم نے اسکو نیچے نیچوں کے ف۶ سب مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ○ فَمَا يُكَذِّبُكَ

اچھے پس واسطے ثواب ہے نہ کاٹا گیا پس کیا چیز جھٹلاتی ہے تجھ کو

بَعْدُ بِالدِّينِ ○ أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ ○

پیچھے اس کے بیچ جزا کے کیا نہیں ہے اللہ خوب حکم کرنے والا سب حکم کرنے والوں سے

سُورَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | وَهِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ آيَةً

یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے | اور اسکی انیس آیتیں ہیں

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ○ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ

پڑھ ساتھ نام پروردگار اپنے کے جس نے پیدا کیا پیدا کیا آدمی کو

موضح القرآن

ف۱ یعنی حوصلہ کشادہ دیا اتنا بڑا کام اٹھانے کو اور ظاہر میں بھی فرشتوں نے حضرت کا سینہ چاک کیا دل میں سے سیاہی نکال کر دھو ڈالی ۱۲ منہ

ف۲ وحی کا اترنا اول سخت مشکل تھا پھر آسان ہو گیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۳ یعنی پیغمبروں میں اور فرشتوں میں تیرا نام بلند ہے ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی خلق کے سمجھانے سے فراغت پاوے تو خلوت کی عبادت میں لگ ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۵ یہ شہر فرمایا مکے کو اور انجیر اور زیتون کو وہ باغ ہیں وہ پہاڑ پر بیت المقدس کے آس پاس وہ مکان برکت کا ہے اور طور سینین جہاں حضرت موسیٰ سے کلام ہوا یہ مکان فرمائے بہت برکت کے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۶ یعنی اسکو لائق کیا فرشتوں کے مقام کا پھر جب منکر ہوا تو جانوروں سے بدتر ہے ۱۲ منہ رح

عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝

جمے ہوئے لہو سے پڑھ اور پروردگار تیرا بہت کرم کرنیوالا ہی جس نے سکھایا ساتھ قلم کے

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝

سکھایا آدمی کو جو کچھ نہیں جانتا تھا ف۱ ہرگز نہیوں تحقیق آدمی البتہ سرکشی کرتا ہی

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝ اَرَءَيْتَ

اس سے کہ دیکھتا ہے اپنے تئیں غنی ہوا تحقیق ہے طرف پروردگار تیرے کے ہی پھرجانا کیا دیکھا تو نے

الَّذِيْ يَنْهٰى ۝ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

اس شخص کو کہ منع کرتا ہی بندے کو جب نماز پڑھتا ہی ف۲ کیا دیکھا تو نے اگر ہو وہ شخص

عَلَى الْهُدٰٓى ۝ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ

اوپر ہدایت کے یا حکم کرے ساتھ پرہیزگاری کے کیا دیکھا تو نے یہ کہ جھٹلایا

وَتَوَلّٰى ۝ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

اور منہ پھیرا ف۳ کیا نہ جانا اس سے یہ کہ اللہ دیکھتا ہے ہرگز نہیوں اگر نہ باز رہے گا

لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝

البتہ گھسیٹیں گے ہم اسکو ساتھ بالوں پیشانی کے وہ پیشانی کہ جھوٹی ہے خطاکار

فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۝ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝ كَلَّا

پس چاہیے کہ بلاوے مجلس اپنی کو شتاب ہم بلاویں گے فرشتوں کو ہرگز نہیوں

لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝

مت کہا مان اسکا اور سجدہ کر اور نزدیک ہو ف۴

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝	وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ
یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی	شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	اور اسکی پانچ آیتیں ہیں

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ

تحقیق نازل کیا ہم نے قرآن کو بیچ رات قدر کے اور کیا جانے تو کیا ہے رات

الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ

قدر کی رات قدر کی بہتر ہے ہزار مہینے سے اترتے ہیں

منزل ۷

ع ۱۹ / ۲۱ السجدۃ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

موضح القرآن

ف۱ اول جبرئیل وحی لائے تو یہی پانچ آیتیں حضرت نے کبھی لکھا پڑھا نہ تھا فرمایا کہ قلم سے بھی علم وہی بتا ہے یوں بھی ہی دے گا ۱۲ منہ

ف۲ یہ ابوجہل کافر تھا کہ حضرت کو نماز پڑھتے دیکھتا تو چڑھ آتا ہوا منہ

ف۳ یعنی نیک راہ پر ہوتا بھلے کام سکھاتا تو کیا اچھا آدمی ہوتا اب جو منہ موڑا ہمارا کیا بگاڑا ۱۲

ف۴ ایکبار ابوجہل حضرت کو نماز میں دیکھکر چلا کہ بے ادبی کرے وہاں نہ پہنچا تھا کہ جھجکا لگا پروں کا ڈر کر الٹے پاؤں پھرا پھر کبھی یہ خیال نہ کیا معلوم ہوا کہ سجدے میں بندہ اللہ سے نزدیک ہوتا ہی ۱۲ منہ رحمہ

الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝

فرشتے اور ارواح پاک بیچ اسکے ساتھ حکم پروردگار اپنے کے واسطے ہر کام کے

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

سلامتی ہے وہ یہاں تک کہ طلوع ہو فجر

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | وَهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے | اور اسکی آٹھ آیتیں ہیں

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

نہ تھے وہ لوگ کہ کافر ہوئے اہل کتاب سے اور مشرک

مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ

باز رہنے والے یہانتک کہ آوے انکے پاس دلیل روشن وہ پیغمبر خدا کی طرف سے کہ

يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَمَا تَفَرَّقَ

پڑھتا ہو صحیفے پاکیزہ بیچ اسکے ہیں کتابیں ثابت رکھنے والی دین کو اور

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝

وہ لوگ کہ دیئے گئے تھے کتاب مگر پیچھے اسکے کہ آئی انکے پاس دلیل واضح

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ

اور نہیں حکم کیے گئے مگر یہ کہ عبادت کریں اللہ کو خالص کرکر واسطے اسکے دین کو

حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ

بطور ابراہیم حنیف کے اور قائم رکھیں نماز کو اور دیں زکوٰۃ کو اور یہ ہے

دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

دین قائم رہنے والوں کا تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اہل کتاب سے

وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ اُولٰٓئِكَ هُمْ

اور مشرک ہیں بیچ آگ دوزخ کے ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے یہ لوگ وہ ہیں

شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ

بدتر خلق کے تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے یہ لوگ

موضح القرآن

ف۱ شاید اول اسی شب میں شروع ہوا قرآن اترنا پھر ہمیشہ اس میں یہ تین صفتیں اللہ نے کہیں اس رات میں جو نیکی کرے گویا ہزار مہینے کی اور کام دنیا کے جو مقدر ہیں اس میں نیچے اترتے ہیں اور اللہ کی طرف سے چین اور دل جمعی اترتی رہتی ہے ساری رات عبادت خلق سے ہوتی ہے وہ شب قرآن سے معلوم ہوا کہ رمضان میں ہے حدیث سے معلوم ہوا کہ رمضان کے آخر دہے میں طاق راتوں میں اکیسویں سے ستائیسویں تک العلم عند اللہ ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ع ۱ ۲۲ منزل ۷

ف۲ حضرت سے پہلے سب دین والے بگڑ گئے تھے ہر ایک اپنی غلطی پر مغرور اب چاہیئے کہ کسی حکیم یا ولی کے یا بادشاہ عادل کے سمجھائے راہ پر آویں سو ممکن نہ تھا جبتک ایسا رسول نہ آوے عظیم القدر ساتھ کتاب اللہ کے اور مدد قوی کے کہ کئی برس میں ملک ایمان سے بھر گئے ۱۲

ف۳ ہر سورت ایک کتاب ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ

وہ ہیں بہتر خلق کے ۔ بدلہ ان کا نزدیک پروردگار انکے کے بہشتیں ہیں ہمیشہ

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ

چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے ہمیشہ راضی ہوا

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝

اللہ ان سے اور راضی ہوئے وہ اس سے یہ واسطے اسکے ہے کہ ڈرتا ہے پروردگار اپنے سے

سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | وَهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے | اور اسکی آٹھ آیتیں ہیں

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ

جس وقت ہلائی جاوے زمین بھونچال اپنے سے اور نکال ڈالے گی زمین

اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ

بوجھ اپنے ف۱ اور کہیگا آدمی کیا ہوا اسکو اسدن کہے گی زمین

اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ

باتیں اپنی بسبب اسکے کہ پروردگار تیرے نے حکم بھیجا اسکو ف۲ اسدن پھر آویں گے

النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ

لوگ متفرق تو کہ دکھلائے جاویں عمل انکے پس جو کوئی کرے گا

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

برابر بھنگے کے بھلائی دیکھیگا اسکو اور جو کوئی کریگا برابر بھنگے کے برائی دیکھیگا اسکو

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | وَهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے | اور اسکی گیارہ آیتیں ہیں

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ

قسم ہے گھوڑے دوڑانیوالوں کی ہانپ کر پھر آگ نکالنے والوں کی پتھر جھاڑ کر پس غارت ڈالنے والوں کی

صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝

صبح کے وقت پس اٹھاتے ہیں ساتھ اسکے غبار کو پس پیٹھ جاتے ہیں اسوقت جماعت میں ف۳

موضح القرآن
ف۱ قیامت سے پہلے زمین میں سے نکل پڑیگا جو مال سونا روپا اسکے اندر دبا ہو تب لینے والے نہ رہیں گے تو ۱۲ منہ
ف۲ یعنی بندوں کے گناہ بتاویگی حساب کے وقت ۱۲ منہ
ف۳ یہ جہاد والے سواروں کی قسم ہے اس سے بڑا کون عمل کہ اللہ کے کام پر اپنی جان دینے کو حاضر ہو ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ع ۸/۲۳ — ك منزل ۷ — ع ۹/۲۴

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ۝ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ۝

تحقیق آدمی واسطے رب اپنے کے البتہ ناشکرا ہے اور تحقیق وہ اوپر اس بات کے البتہ شاہد ہے

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝ أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ

اور تحقیق وہ واسطے محبت مال کے البتہ سخت ہے کیا پس نہیں جانتا جب اٹھایا جاوے گا

مَا فِي الْقُبُورِ ۝ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ۝ إِنَّ رَبَّهُم

جو کچھ بیچ قبروں کے ہے اور حاصل کیا جاویگا جو کچھ بیچ سینوں کے ہے تحقیق پروردگار انکا

بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ ۝

ساتھ اُن کے اس دن البتہ خبردار ہے

ع ۱۱ / ۲۵

سورۃ القارعۃ مکیۃ | وھی احدی عشرۃ آیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

الْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝

شور کرنے والی کیا ہے شور کرنے والی اور کس چیز نے معلوم کروایا تجھکو کیا ہے کھڑکھڑانے والی

منزل ۷

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ۝ وَتَكُونُ

جس دن ہو جاوینگے آدمی مانند ٹڈیوں پراگندہ کے اور ہو جاوینگے

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنفُوشِ ۝ فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ ۝

پہاڑ مانند پشم دھنی ہوئی کے پس لیکن جو کوئی کہ بھاری ہوئی تول اسکی

فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ۝

پس وہ بیچ زندگانی خوش کے ہے اور لیکن جو کوئی کہ ہلکی ہوئی تول اسکی

فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝

پس ماں اسکی ہاویہ ہے اور کیا جانے تو کیا ہے وہ ہاویہ آگ ہے جلتی ہوئی

ع ۱۱ / ۲۶


سورۃ التکاثر مکیۃ | وھی ثمان آیات

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوْفَ

غافل کیا تم کو چاہنے بہتایت کے نے یہاں تک کہ ملو تم قبروں سے نہ نہ یوں البتہ



تَعْلَمُونَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ

جانوگے تم پھر ہرگز نہیں شتاب جانوگے تم ہرگز نہیں کاش کے جانو تم

عِلْمَ الْيَقِينِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ

جاننا یقین کا البتہ دیکھوگے تم دوزخ کو پھر البتہ دیکھوگے تم اسکو دیکھنا

الْيَقِينِ ۝ ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ ۝

یقین کا پھر البتہ پوچھے جاوگے تم اس دن نعمتوں سے

سورة العصر مكية | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | وهي ثلاث آيات

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

وَالْعَصْرِ ۝ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا

قسم ہے عصر کی تحقیق آدمی البتہ بیچ زیان کے ہے مگر جو لوگ کہ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

اور کام کیے اچھے اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں ساتھ حق کے اور نصیحت کرتے ہیں ساتھ

سورة الهمزة مكية | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | وهي تسع آيات

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ ۝

خرابی ہے واسطے ہر عیب کرنیوالے غیبت کرنیوالے کے جس نے اکٹھا کیا مال اور گن کیا اسکو

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ۝ كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝

جانتا ہے کہ مال اسکا ہمیشہ رکھیگا اسکو ہرگز نہیں البتہ ڈالا جاویگا بیچ حطمہ کے

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ ۝ الَّتِي تَطَّلِعُ

اور کیا جانے تو کیا ہے حطمہ آگ ہے اللہ کی سلگائی ہوئی جو چڑھ آتی ہے

عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۝ إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝

اوپر دلوں کے تحقیق وہ اوپر انکے بند کی ہوئی بیچ ستونوں لمبے ہوئے کے

سورة الفيل مكية وهي خمس آيات

سورۃ فیل مکہ میں نازل ہوئی اور اسکی پانچ آیتیں ہیں

ع ۸ / ۲۷

ع ۱ منزل

ع ۵ / ۲۹

موضح القرآن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ
کیا نہ دیکھا تو نے کیونکر کیا پروردگار تیرے نے ساتھ ہاتھیوں والوں کے کیا نہ کر دیا مکر ان کا

فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ
بیچ گمراہی کے اور بھیجے اوپر ان کے پرندجانور جماعت جماعت پھینکتے تھے

بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝
پتھر کنکر سے پس کر دیا ان کو مانند بھس کھائے ہوئے کے ف

سورۃ القریش مکیۃ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وھی اربع ایات
شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝
واسطے الفت دلانے قریش کے واسطے الفت دلانے انکے کے بیچ سفر جاڑے کے اور گرمی کے

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ
پس چاہیے کہ عبادت کریں پروردگار اس گھر کے کو جس نے کھلایا ان کو بھوک

مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝
سے اور امن دیا ان کو ڈر سے ف۲

سورۃ الماعون مکیۃ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وھی سبع ایات
شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ
کیا دیکھا تو نے اس شخص کو کہ جھٹلاتا ہے دن جزا کے کو پس یہ وہ شخص ہے جو دھکے دیتا ہے

الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ
یتیم کو اور نہیں رغبت دلاتا اوپر کھانا دینے فقیر کے پس وائے ہے

لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝
واسطے ان نمازیوں کے وہ جو نماز اپنی سے بے خبر ہیں ف۳

موضح القرآن

ف۱ یمن کے ملک پر حبشی غالب ہوا ایک مدت دیکھا کہ سارے عرب حج کرتے ہیں کعبہ کا چاہا کہ سب ہمارے پاس جمع ہوا کریں کعبے کی نقل ایک کعبہ بنایا دنیا کا تکلف یہاں سے زیادہ کوئی نہ آیا زیارت کو جھنجلا کر فوج چڑھائی کعبے شریف پر اور ساتھ کتنے ہاتھی لائے ڈھانے کو بیچ میں کئی قوم عرب کی مزاحم ہوئیں سب کو مارا جب حرم کی حد میں پہنچے آسمان سے جانور آئے اسبز چڑیا برابر تین تین کنکر لیکر دو پنجوں میں ایک منہ میں لاکھوں جانور لگے مارنے کنکر چلتے جیسے گولی بندوق کی اگر اونٹ کی پیٹھ میں لگا پیٹ سے نکلا آدمی تو کیا چیز ہے ساری فوج میں ایک نہ بچا اسی سال آخر میں حضرت پیدا ہوئے ۱۲ منہ ف۲ حضرت سے بارہویں پشت میں ایک شخص تھا نضر بن کنانہ اسکی اولاد قریش ہیں سب جمع تھے مکہ میں عرب جو حج کو آتے انکو دیکھتے کعبے کے خادم جب قریش جاتے باہر گھر تو عزت کرتے اور سلوک کرتے وہی انکی معاش تھی جاڑے میں یمن کی طرف گرمی میں شام کو اور آپس میں بیرے لڑتے قریش پر حرم کے ادب سے چور دھاڑی کوئی نہ آتا

الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ۝ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ۝
وہ جو دکھلاتے ہیں لوگوں کو اور منع کرتے ہیں برتنے کی چیز کو

سورۃ الکوثر مکیۃ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وھی ثلث آیات
شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
تحقیق دی ہم نے تجھکو کوثر ف پس نماز پڑھ واسطے پروردگار اپنے کے اور قربانی کر

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝
دشمن تیرا وہ ہے بے نسل ف

سورۃ الکافرون مکیۃ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وھی ست آیات
شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ۝ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ وَلَا
کہہ اے کافرو نہیں عبادت کرتا میں اس چیز کو کہ عبادت کرتے ہو تم اور

أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ ۝
تم عبادت کرنیوالے اس چیز کی کہ عبادت کرتا ہوں میں اور نہیں میں عبادت کرنیوالا اس چیز کو کہ عبادت کرتے

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ۝
اور نہیں تم عبادت کرنیوالے اس چیز کو کہ عبادت کرتا ہوں میں واسطے تمہارے دین تمہارا اور واسطے میرے دین میرا

سورۃ النصر مدنیۃ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وھی ثلث آیات
شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ
جب آوے مدد خدا کی اور فتح ہو مکہ اور دیکھے لوگوں کو داخل ہوتے بیچ

فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
دین اللہ کے فوج فوج پس پاکی بیان کر ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے

وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝
اور بخشش مانگ اس سے تحقیق وہ ہے پھر آنیوالا ف

موضح القرآن
ف کوثر نام ہے ایک نہر کا بہشت میں اس کا پانی دودھ سے سفید اور شہد سے میٹھا جو کوئی ایک بار پیے ساری عمر پیاس نہ لگے اس کا پانی ایک حوض میں پڑتا ہے محشر میں دو پرنالے گرتے ہیں ایک سونے کا ایک روپے کا حوض چورس دو دو مہینے کی راہ چار طرف اسکے ایک فرش ہے تختوں سے سونے اور روپے کے اور کنارے پر نگینے ہیں ایک ایک موتی کے اندر سے خالی حوض میں آبخورے تیرتے ہیں سونے روپے کے جتنے آسمان کے تارے حضرت اور ان کے یار کھڑے ہیں امت پہنچتی جاتی ہے جو وہاں جا پہنچا اس کا پانی پیا پھر ساری مدت محشر کی پیاس نہ لگے اور اپنے گروہ میں جا ملا جو پہنچا اسی قوم سے ہے ۱۲ منہ ف قربانی حضرت پر ضرور تھی امت میں مالدار پر ہے مفلس کو ضرور نہیں ۱۲ ف کافر کہتے ایک شخص کا بیٹا نہیں نسل کا نام ہے
پیچھے کون نام لیگا سو اس کا نام روشن ہے قیامت تک اس کا ذکر کوئی نہیں جانتا ۱۲ ف یعنی تم نے ضد باندھی ہے اب سمجھانا کیا فائدہ جب تک اللہ فیصلہ کرے ۱۲ منہ ف یعنی قرآن میں ہر جا وعدہ ہے فیصلے کا اور کافر شتابی کرتے تھے حضرت کی آخر عمر میں مکہ فتح ہو چکا
[illegible] امت کے گناہ بخشوانا ... شفاعت ... سورت ... حضرت

سورۃ اللھب مکیۃ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وھی خمس آیات

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

تَبَّتْ يَدَآ أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ ۝ مَآ أَغْنَىٰ عَنْهُ مَالُهُ

ہلاک ہوجیو ہاتھ ابی لہب کے اور ہلاک ہو وہ نہ کفایت کیا اس کو مال اس کے نے

وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلَىٰ نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَامْرَأَتُهُ

اور جو کچھ کمایا شتاب داخل ہوگا آگ شعلے والی میں اور جورو اسکی

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِّن مَّسَدٍ ۝

اٹھانیوالی لکڑیوں کی بیچ گردن اسکی کے رسی پوست کھجور کے سے ف۱

سورۃ الاخلاص بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ مکیۃ وھی اربع آیات

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۝ اللَّهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ

کہدے محمد وہ اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج ہے ف۲ نہیں جنا اس نے

وَلَمْ يُولَدْ ۝ وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۝

اور نہ جنا گیا اور نہیں واسطے اسکے برابری کرنوالا کوئی ف۳

سورۃ الفلق مدنیۃ وھی خمس آیات

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار صبح کے برائی اس چیز کی سے کہ پیدا کیا ہے

وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ

اور برائی اندھیرا کرنے والے کی سے جب چھپ جاوے اور برائی پھونکنے والیوں کی سے

فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

بیچ گرہوں کے ف۴ اور برائی حسد کرنیوالے کی سے جب حسد کرے ف۵

موضح القرآن

ف ابولہب حضرت کا چچا تھا کفر کے مارے حضرت کی ضد میں پڑا ایک بار حضرت نے جمع کیا سب قریش کو پکار کر اس نے پتھر پھینکا کہ دیوانہ سب لوگوں کو ناحق پکارتا ہے اور اسکی عورت سخت دشمنی کرتی خست کے مارے ایندھن جنگل میں سے آپ لاتی اور کانٹے حضرت کی راہ میں آپ ڈالتی کہ آتے جاتے انکو چبھیں ۱۲ منہ


ف۲ یعنی کھاتا پیتا نہیں

ف۳ یعنی اس کی قسم کا کوئی نہیں کہ جورو رکھے یا بیٹا ۱۲ منہ

ف۳ یعنی رات کا اندھیرا یا چاند کا گہن اور اس میں آگئیں سب تاریکیاں ظاہر و باطن کی اور تنگدستی اور پریشانی اور گمراہی ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی جادوگر ۱۲ منہ

ف۵ اسوقت اس کی ٹوک لگ جاتی ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالی



سُورَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ آيَاتٍ

یہ سورت مدینہ میں نازل ہوئی اور اسکی چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ

کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں کے بادشاہ

النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ

لوگوں کے معبود لوگوں کے برائی

الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ

وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانیوالے کی سے ف وہ جو

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝

وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینے لوگوں کے

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

جنوں میں سے اور آدمیوں میں سے ث

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

موضح القرآن

ف شیطان گناہ پر
سنگا دے اور آپ
نظر نہ آوے ۱۲ منہ

حق تعالیٰ نے منزل
ث حدیث میں فرمایا
اُن سورتوں کے برابر
کوئی دعا نہیں پناہ کیواسطے
۱۲ منہ ۔ حکتبہ محمد فاضل
کاتب حسن کھوڑ۔
خانکے ۔ ضلع گوجرانوالہ

ع ۲ ۲۵



دعاء ماثورہ بعد ختم قرآن کریم

یہ دعا ختم قرآن کریم کے بعد پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ

یا اللہ قبر میں میری گھبراہٹ کو انس سے بدل دے یا اللہ مجھ پر لطف

بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا

قرآن عظیم رحمت کر اور اس قرآن کریم کو میرے امام

وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ

اور نور اور ہدایت اور رحمت بنا یا اللہ قرآن سے مجھ کو جو میں

مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ

بھول گیا ہوں وہ مجھے یاد دلا دے اور جو میں نہیں جانتا اس کا مجھے علم دے اور

وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ

رات اور دن کی گھڑیوں میں اس کی تلاوت مجھے نصیب کر

وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اے دونوں جہان کے پالنے والے اس قرآن مجید کو میرے لیے دلیل بنا

فی سنة ۱۳۵۴ الہجری النبوی ﷺ

یہ قرآن حکیم ۱۳۵۴ھ میں شائع ہوا

رموز اوقاف

قرآن شریف کی عبارت گفتگو کے طریقہ پر واقع ہوئی ہے گفتگو میں کم وبیش رکنا بھی پڑتا ہے اسکے لئے جو علامات وضع کی گئی ہیں ان کو رموز اوقاف کہتے ہیں۔ ہر رمز کی کیفیت درج ذیل ہے۔

○ گول نشان سے یہ مراد ہے کہ بات پوری ہو گئی۔ یہاں ٹھیرنا چاہیئے۔

ۤ○ اختلاف ہے بعض کہتے ہیں ٹھہرنا چاہیئے اور بعض ٹھیرنیکو منع کرتے ہیں ٹھیرو یا نہ ٹھیرو مطلب میں فرق نہ ہوگا جہاں دو باتوں کو ملا کر ایک بات بنائی گئی ہے وہاں بھی یہ علامت ہے لا کے معنی "نہیں" کے ہیں۔

م لفظ لازم کا مخفف ہے۔ یہاں ٹھیرنا ضرور چاہیئے۔ نہ ٹھیرنے سے مطلب میں فرق پڑنے کا اندیشہ ہے۔

ط لفظ مطلق کا مخفف ہے اور مطلب یہ ہو کہ بات تو پوری ہو گئی مگر سلسلہ کلام ختم نہیں ہوا۔

ج لفظ جائز کا مخفف ہے۔ ٹھہرنا بہتر ہے اور نہ ٹھیرنا جائز ہے۔

ز تجاوز سے لیا ہے۔ مراد گزر جانا ہے۔ رکنا نہیں چاہیئے۔

ص علامت وقف مرخص کی ہے یعنی ملا کر پڑھنا چاہیئے لیکن اگر تھک کر ٹھیر جائے تو مضائقہ نہیں اول کو زیادہ ترجیح ہے۔

صلے الوصل اولی کا مخفف ہے ملا کر پڑھنا چاہیئے۔

ق قیل علیہ الوقف کا مخفف ہے یعنی قول مرجوح یہ بھی ہے کہ ٹھیر جاے پر یہاں ٹھیرنا نہ چاہیئے۔

صل علامت قد یوصل کی ہے یعنی پڑھنے والا کبھی یہاں ٹھیرتا بھی ہے اور کبھی نہیں بھی ٹھیرتا۔ یہاں ترک وصل بہتر ہے

قف صیغہ امر ہے لیکن اگر نہ ٹھیرے تو مطلب نہیں بگڑتا۔

کۓ علامت کذٰلک کی ہے یعنی جو رمز پہلے ہے وہی یہاں بھی سمجھو۔

س لفظ سکتہ کا مخفف ہے یعنی تھوڑا ٹھیر جائے سانس نہ توڑے

وقفہ علامت سکتہ طویل کی ہے یعنی جتنی دیر میں سانس لیتے ہیں اس سے کم ٹھیرے۔

لا یہاں ٹھیرنا جائز نہیں۔

∴ اس کو اور جہاں یہ نشان ہے اسکو یعنی دونوں کو ملا کر پڑھو اور جہاں یہ نشان ہوگا اس کے قریب یا کچھ فاصلہ پر اسی طرح کا دوسرا نشان بھی ضرور ہوگا اور حاشیہ پر مع ہوگا

مع معانقہ کا مخفف ہے یعنی یہ دونوں باتیں لازم ملزوم ہیں ملا کر پڑھنا چاہیئے جہاں حاشیہ پر مع ہوگا وہیں متن میں یہ نشان ضرور ہوگا

ع رکوع کا مخفف ہے اور مراد اس سے مقدار رکعت نماز ہے ع کے اوپر کے ہندسہ سے شروع سورہ سے وہاں تک کے رکوع کی تعداد معلوم ہوتی ہے ع کے بیچ کے ہندسہ سے اس رکوع کی آیات کی تعداد معلوم ہوتی ہے اور ع کے نیچے کے ہندسہ سے شروع پارے سے لیکر وہاں تک کے رکوع کی تعداد کا پتہ لگتا ہے۔

ارشاداتِ رسولِ مقبولؐ

ارادہ تو یہ تھا کہ اس حمائل کے آخر میں جس قدر سراپا نور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر سوانح حیات لکھوں لیکن خیال کیا کہ اس سے کم و بیش میرے بہن بھائی واقف ہیں۔ زمانہ کے حالات پیش نظر رکھ کر خدا کے فضل و کرم سے اخلاق و آداب کے متعلق مستند اور معتبر احادیث فراہم کیں جن پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرۃ درست کرنے کی ہر ایک کو ضرورت ہے۔ یہی وہ امور ہیں جو انسان کو زندگی میں اتفاقی یا لازمی طور پر پیش آتے ہیں۔ اور آج کل ذمہ داریوں کا احساس بہت کم ہو گیا ہے۔ ضروری ہے کہ آپ بغور مطالعہ فرما کر اپنے معاملات اور اخلاق کی درستی کریں۔ میری دعا ہے کہ آپ کو مندرجہ ذیل احادیث پر پابندی کی اللہ تعالیٰ توفیق بخشے۔ آمین۔

۱ جو خانہ کعبہ کا حج کرے اور میری قبر کی زیارت نہ کرے وہ مجھ پر ظلم کرتا ہے۔

۲ جو شخص اپنے دین کی خاطر مارا جاوے وہ شہید ہے اور جو اپنی جان یا اپنے مال اپنے اہل کی حفاظت کے لئے مارا جاوے وہ بھی شہید ہے۔

۳ توبہ کرنے والوں اور صفائی رکھنے والوں کو اللہ دوست رکھتا ہے۔

۴ تم آسانیاں بڑھانے کے لئے دنیا میں بھیجے گئے ہو۔ دشواریاں بڑھانے کے لئے نہیں۔

۵ خدا کو وہ اعمال بہت پسند ہیں جن پر مداومت کیجائے۔ اگرچہ مقدار کے لحاظ سے تھوڑے ہی کیوں نہ ہوں

۶ سفید لباس پہنا کرو کیونکہ وہ اپنے اصلی رنگ پر رہنے کے لحاظ سے نہایت پاکیزہ ہے اور اپنے مردوں کو سفید ہی کفن دو۔

۷ جو شخص دنیا میں فخر و تکبر کا لباس پہنتا ہے قیامت کے روز خدا اُسے ذلت کا لباس پہنائیگا۔

۸ جس کو اس حالت میں موت آئے کہ وہ اسلام کے زندہ کرنے کے لئے علم طلب کر رہا ہو تو اس کے اور انبیا کے درمیان صرف ایک درجے کا فرق ہوگا۔

۹ مسلمان کو بُرا کہنا فسق اور اسے قتل کر ڈالنا کفر ہے۔

۱۰ جس میں امانت نہیں اس کا ایمان نہیں اور جس میں ایفائے عہد کی صفت نہیں اس کا کچھ دین نہیں

۱۱ بدترین امرار وہ ہیں جو اپنی رعیت پر ظلم کرتے ہیں اور رحم و مہربانی سے پیش نہیں آتے۔

۱۲ تمہاری اولاد تمہاری پاک اور حلال کمائی ہے۔ تم اپنی اولاد کی کمائی میں سے بے دغدغہ کھاؤ۔

۱۳ خدا کی رضامندی والد کی رضامندی میں ہے اور خدا کی ناخوشی والد کی ناخوشی میں ہے۔
۱۴ ماں کی خدمت کرو کیونکہ جنت اس کے قدموں کے نیچے ہے۔
۱۵ والدین کے لئے دعائے رحمت اور استغفار کرو اور ان کے بعد ان کے عہد و پیمان کو جاری کرو اور صرف ان کی رضامندی اور خوشی کے لئے صلہ رحمی کرو۔ اور ان کے ملنے والوں کی تعظیم و توقیر کرو۔
۱۶ آدمی کا اپنی اولاد کو ادب دینا ایک صاع (ڈھائی سیر ڈھائی چھٹانک) غلہ خیرات کرنے سے بہتر ہے۔
۱۷ جو شخص کسی پر مہربانی نہیں کرتا اس پر خدا بھی مہربانی نہیں کرتا۔
۱۸ خدا اور مخلوق کے حق میں وہی بہتر ہے جو اپنے اہل کے حق میں بہتر ثابت ہو۔
۱۹ بلحاظ ایمان سب ایمان داروں میں کامل تر ایمان دار وہ شخص ہے جو خلق میں بہت اچھا اور اپنے اہل و عیال کے ساتھ بہت نرم ہو۔
۲۰ جو شخص اس بات کو دوست رکھتا ہے کہ خدا اس کی روزی میں توسیع اور عمر میں برکت دے تو اسے چاہئے کہ اپنے قرابتیوں کے ساتھ سلوک کرتا رہے۔
۲۱ جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہ کرے وہ میرے طریقہ پر نہیں ہے۔
۲۲ بڑے بھائیوں کا حق چھوٹے بھائیوں پر ویسا ہی ہے جیسا باپ کا اولاد پر۔
۲۳ جو شخص لوگوں پر مہربانی نہیں کرتا خدا اس پر مہربانی نہیں کرتا۔
۲۴ مہربانی کرنیوالوں پر خدائے رحمٰن مہربانی کیا کرتا ہے تو تم زمین والوں پر مہربانی کرو۔ تاکہ آسمان والا تم پر مہربانی کرے۔
۲۵ جو شخص خود تو سیر ہو کر کھائے۔ اور پڑوسی بھوکا رہے وہ کامل مومن نہیں ہے۔
۲۶ خدا کے نزدیک بہترین دوست وہ ہے جو اپنے دوستوں کے حق میں بہتر ثابت ہو۔
۲۷ خدا کے نزدیک بہترین ہمسایہ وہ ہے جو اپنے ہمسایہ کے حق میں بہتر ثابت ہو
۲۸ جب تم شوربا پکاؤ تو اس میں پانی بڑھا دو اور اپنے پڑوسی کی خبر لو۔
۲۹ جو شخص خدا اور روز جزا پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کہ بھلائی کی بات منہ سے نکالے ورنہ خاموشی اختیار کرے۔
۳۰ مہمان کو میزبان کے پاس اتنا ٹھیرنا جائز نہیں کہ وہ تنگ ہو جائے اور مشقت میں پڑ جائے۔

۳۱ مہمان پر لطف و احسان اور تکلف کرنے کا زمانہ صرف ایک دن رات ہے۔ اور معمولی مہمانی کا تین دن رات ہے اور اس کے بعد جو مہمان کے ساتھ کیا جائے وہ صدقہ ہے۔

۳۲ صبر سب عطیوں اور بخششوں سے بہتر اور افضل ہے۔

۳۳ مانگنے والوں کو خالی ہاتھ نہ پھیرو گو ایک سوختہ کھجور ہی کیوں نہ ہو۔

۳۴ تم سب کے سب اپنی اپنی رعیت کے نگہبان ہو اور تم سب ہی سے تو اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہوتا ہے۔

۳۵ سب سے بڑھکر نیکی آدمی کا اپنے باپ کے دوستوں کے ساتھ احسان کرنا ہے۔ باپ کے کہیں چلے جانے یا مرجانے کے بعد۔

۳۶ جاہلیت کے عہد و پیمان کو پورا کرو کیونکہ اسلام وفائے عہد کو اور مضبوط کرنے کا حکم دیتا ہے اور اسلام میں کوئی نیا عہد و پیمان پیدا نہ کرو۔

۳۷ ایسا شخص پورا اور خالص منافق ہے جو جب بولے جھوٹ بولے۔ وعدہ کرے تو خلاف کرے عہد کرے تو توڑ ڈالے۔ لڑائی جھگڑا ہو تو فحش بکنے لگے۔

۳۸ سب لوگوں میں بہتر اور اچھا وہ ہے جو ادائے قرض میں اچھا ہو۔

۳۹ قرض کی تلافی اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ قرضہ ادا کردیا جائے۔ اور قرض دینے والے کا احسان مانا جائے۔

۴۰ مالدار کا ادائے قرض سے پہلو تہی کرنا اس کی آبرو ریزی اور سزا دہی کو حلال کرنا ہے۔

۴۱ قسم سے مال تجارت کی نکاسی تو ہوتی ہے مگر برکت سلب ہو جاتی ہے۔

۴۲ تاجروں کا قیامت کے دن فاجروں کے ساتھ حشر ہوگا۔ مگر جو حرام سے بچا اور جھوٹی قسم نہ کھائی۔ اور قیمت کہنے میں سچ بولا۔ وہ ان سے مستثنٰی ہے۔

۴۳ جو شخص غلہ خریدے تو جبتک اسپر قبضہ نہ ہولے بیچے نہیں۔

۴۴ جو شخص دھوکا دے وہ میرے طریقہ پر نہیں ہے

۴۵ جو چیز تیرے پاس ہے ہی نہیں تو اس کی بیع کس طرح کر سکتا ہے۔

۴۶ خدا نے جب کسی چیز کا کھانا ایک قوم پر حرام ٹھیرایا تو اس کی قیمت بھی ان پر حرام کردی۔

۴۷ جو شخص گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکے رکھتا ہے وہ خدائے برحق سے دور ہو جاتا ہے۔

۴۸ بہترین گواہ وہ شخص ہے جو گواہی کی بابت دریافت کئے جانے سے پہلے اپنی گواہی ادا کردے۔

۴۹ دھوکا دینے والا اور بخل کرنیوالا اور دیکر احسان جتانے والا جنت میں داخل نہو گا۔
۵۰ جب فاسق کی تعریف کیجاتی ہے تو خدا کا غضب بھڑک اٹھتا ہے۔ اور عرش کانپنے لگتا ہے۔
۵۱ مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کے حوالے کردو۔
۵۲ خبردار ظلم نہ کرو اور کسی شخص کا مال اس کی خوشی اور رضامندی کے بغیر حلال نہیں۔
۵۳ اپنے مُردوں کی خوبیاں اور بھلائیاں بیان کیا کرو۔ اور ان کی برائیوں سے زبان بند رکھو۔
۵۴ مخلوق کی خیرخواہی اور خلوص کا نام دین ہے۔
۵۵ بدگمانی سے بچو۔ یہ سب سے بڑا جھوٹ ہے۔
۵۶ نیک خو اور خوش خلق صائم الدہر اور قائم اللیل کا درجہ پاتا ہے۔
۵۷ جب کوئی تمہیں دعا دے تو تم بھی اسے دعا دو اس سے بہتر یا ویسی ہی
۵۸ خشک لکڑی میں آگ اتنی جلدی نہیں لگتی جتنی غیبت حسنات کو جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔
۵۹ جس کے شر کے خوف سے اس کی تعظیم کیجائے وہ آدمی بُرا ہے
۶۰ جو چیز اولاد کے لئے بازار سے لاؤ پہلے لڑکی کو دو۔
۶۱ آپس میں تحفے بھیجا کرو۔ تحفہ دل کی کدورت کو دور کر دیتا ہے۔
۶۲ عادل حاکم کی تعظیم کرنا خدا کی تعظیم میں داخل ہے۔
۶۳ حلال چیزوں میں خدا کے نزدیک طلاق سے زیادہ کوئی بُری چیز نہیں۔
۶۴ بُرے ہمنشین سے تنہائی بہتر ہے۔
۶۵ کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان کے شر سے مسلمان محفوظ رہیں۔
۶۶ مرد مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں کاٹا جاتا۔
۶۷ اجازت کے بغیر اپنے بھائی کے خط کو مت دیکھو۔
۶۸ مظلوم کی دعا سے ڈرو کیونکہ اسکے اور خدا کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔
۶۹ اللہ کی پناہ مانگو ایسے دل سے جس میں عاجزی نہ ہو۔ ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسے علم سے جس سے نفع نہ ہو۔
۷۰ سب سے اچھا وہ شخص ہے جس کی عمر لمبی اور اعمال نیک ہوں اور سب سے برا وہ ہے جس کی عمر لمبی اور اعمال نیک نہوں۔
۷۱ جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ ہر سنی ہوئی بات نقل کر دیجائے۔

۷۲ ظالم کی تعریف خدا کا غضب نازل کرتی ہے۔
۷۳ کاموں میں آہستگی اختیار کرنا خدا کی طرف سے ہے اور جلدی شیطان کی طرف سے۔
۷۴ نیک چلنی اور آہستگی اور ہر چیز میں میانہ روی نبوت کے چوبیس حصوں میں کا ایک حصہ ہے۔
۷۵ پہلوان وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے۔ اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے
۷۶ غصہ ایمان کو اسی طرح خراب کر دیتا ہے جس طرح ایلوا شہد کو خراب کر دیتا ہے۔
۷۷ پورا اور کامل بردبار وہ ہے جس نے اپنے کاموں میں خود لغزشیں کھائی ہوں اور کامل دانشمند وہ ہے جسے پورا تجربہ حاصل ہوا ہو۔
۷۸ جو شخص نرمی سے محروم کیا گیا وہ ہر نیکی سے محروم کیا گیا۔
۷۹ جو شخص قوم کی بیجا حمایت کی طرف بلائے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ اور جو شخص قوم کی بیجا حمایت کیلئے لڑے وہ ہم میں سے نہیں۔ اور جو حالت تعصب میں مر جائے وہ ہم میں سے نہیں۔
۸۰ آدمی کی اپنی قوم کی ناحق بات پر مدد کرنا عصبیت ہے۔
۸۱ اکڑ کر چلنے والا بہشت میں داخل نہیں ہوگا۔
۸۲ کسی مسلمان کی ناحق آبرو ریزی میں زبان درازی کرنا سود کی سب قسموں سے بڑھکر سود ہے۔
۸۳ جس نے اپنے بھائی سے ایک سال ملاقات ترک رکھی گویا اس نے اسے قتل کر ڈالا
۸۴ سخن چیں جنت میں داخل نہ ہوگا۔
۸۵ جو شخص دنیا میں دو رُوئی کرتا رہا ہوگا قیامت کے روز اسکی آگ میں دو زبانیں ہوں گی۔
۸۶ حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔
۸۷ مسلمان کی سب سے اچھی صفت حیا ہے۔
۸۸ جو امانت دار نہیں اس کا کچھ ایمان نہیں اور جسے پاس عہد نہیں اس کا کچھ دین نہیں۔
۸۹ منافق کی تین نشانیاں ہیں۔ گو روزہ رکھتا نماز پڑھتا اور اپنے تئیں مسلمان سمجھتا ہو (۱) جب بات کہے جھوٹ بولے (۲) جب وعدہ کرے خلاف کرے (۳) جب اس کے پاس امانت رکھی جائے خیانت کرے۔
۹۰ جس نے تجھے امانت دی ہے اسے اسکی امانت ادا کر دے اور جس نے تیری خیانت کی ہے تو اسکی خیانت مکر
۹۱ اپنے بھائی سے جھگڑا مت کر اور نہ اس سے اس درجہ مذاق کر جس سے اسے تکلیف ہو اور نہ اس سے کوئی ایسا وعدہ کر جس کو پورا نہ کر سکے۔
۹۲ تکبر کہتے ہیں حق بات کے دفع کرنے اور باطل کرنے کو اور لوگوں کی تحقیر و اہانت کرنے کو۔

۹۳ وہ بندہ بہت ہی برا ہے جس نے لوگوں پر جبر اور ظلم کیا اور ظلم و فساد بھی حد سے گذر گیا۔ اور خدائے جبار کے بلند مرتبہ کو بھول گیا۔

۹۴ خدا تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔

۹۵ اپنے تئیں حسد سے دور رکھو کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ ایندھن کو

۹۶ بخیل خدا سے دور جنت سے دور لوگوں سے دور اور دوزخ سے قریب ہے۔ اور سخی جاہل خدا کو بہت پیارا ہے بخیل عابد سے۔

۹۷ جو خدا اور روز جزا پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیئے کہ ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چل رہا ہو

۹۸ جو اپنے لئے دوست رکھتا ہے وہی لوگوں کے لئے دوست رکھے پورا مسلمان ہوگا۔

۹۹ کوئی حاکم دو شخصوں کے درمیان اس حال میں فیصلہ نہ کرے کہ غصے میں ہو۔

۱۰۰ جب تم میں کا کوئی شخص خط لکھے تو اس پر مٹی چھڑک دے۔ کیونکہ یہ حاجت کے بر لانے میں بہت بڑا اثر رکھتا ہے۔

۱۰۱ قلم کی تعظیم کرو اور اسکی تعظیم یہ ہے کہ اپنے کان میں رکھ لیا کرو کیونکہ قلم عاقبت کو خوب یاد دلاتا ہے۔

۱۰۲ سب سے بہتر ادب کھانا کھلانا اور آشنا اور بیگانہ کو سلام علیک کرنا ہے۔

۱۰۳ خدا کی بارگاہ میں زیادہ قریب اور مخصوص وہ شخص ہے جو سلام علیک کرنے میں سبقت کرے۔

۱۰۴ راستہ کا ایک حق یہ بھی ہے کہ جو لوگ بھولے بھٹکے ہوں انہیں راستہ بتا دیا جائے۔

۱۰۵ خدا کے نزدیک تمام مقامات میں زیادہ پسندیدہ مقام مسجدیں ہیں اور مکروہ و ناپسندیدہ بازار ہیں۔

۱۰۶ ملکر کھانا کھایا کرو۔ الگ الگ نہ کھایا کرو۔ کیونکہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔

۱۰۷ برتنوں کو ڈھانک دیا کرو اور مشکوں کے دہانے باندھ دیا کرو۔ کیونکہ سال بھر میں ایک رات ایسی ہوتی ہے جس میں وبا اترتی ہے۔

۱۰۸ رات کو گھروں کے دروازے بند کر دیا کرو اور بند کرتے وقت خدا کا نام لے لیا کرو۔ کیونکہ شیطان اس دروازے کو نہیں کھول سکتا جس کے بند کرتے وقت نام خدا لے لیا جائے۔ اور پانی کے مٹکے اور ٹھلیاں ڈھانک دیا کرو۔ اور برتنوں کو اوندھا دیا کرو۔ اور مشکوں کے دہانے باندھ دیا کرو

۱۰۹ آدمی کا بہترین اسلام ان چیزوں کے چھوڑ دینے میں ہے جو اس کے کام کی نہیں ہیں۔

۱۱۰ جو شخص منہ پیٹے اور کپڑے پھاڑے اور جاہلیت جیسا نوحہ کرے وہ ہمارے طریقے پر نہیں ہے۔

۱۱۱ تم اپنے تئیں مالداروں کی ہم نشینی سے دور رکھو۔ اور کپڑے پر جب تک پیوند نہ لگے اسے پرانا

شمار نہ کرو۔

۱۱۲ مشرکوں کی مخالفت کرو یعنی واڑھیاں بڑھاؤ اور موچھیں کم کرو۔

۱۱۳ خدا نے مرض اور دوا دونوں کو بھیجا ہے تو تم بے دغدغہ دوا کرو۔ مگر حرام چیز کے ساتھ دوا نہ کرو۔

۱۱۴ خدا نے ان چیزوں میں تمہارے لئے شفا نہیں ٹھیرائی جو اس نے تم پر حرام کردی ہیں۔

۱۱۵ اپنی ران مت کھولو اور نہ کسی مردے اور زندے کی ران پر نظر کرو۔

۱۱۶ نظر شیطان کے تیروں میں سے زہر کا بجھا ہوا ایک تیر ہے

۱۱۷ جو شخص پس پردہ کھڑے ہو کر لوگوں کی باتیں سنتا ہے جنت میں داخل نہ ہوگا۔

۱۱۸ اس شرعی عقد کو جس کا نام نکاح ہے آشکارا کرو۔ اور اس کو مسجدوں میں کیا کرو اور دف بجایا کرو۔

۱۱۹ شطرنج سوائے خطاکار کے اور کوئی نہیں کھیلتا۔ شطرنج کا کھیل باطل ہے۔ اور اللہ باطل کو محبوب نہیں رکھتا۔

۱۲۰ ہر تصویر بنانے والا سخت گنہ گار ہے۔ اور نقش شجر و مکانات جائز ہے۔

۱۲۱ جب تم میں سے کوئی سو کر اٹھے تو ہاتھ برتن میں نہ ڈالے جبتک تین بار نہ دھولے اسلئے کہ سونے والا نہیں جانتا کہ سوتے میں اس کا ہاتھ کہاں کہاں پھرا۔

۱۲۲ سحری کھایا کرو اس لئے کہ سحری میں برکت ہے۔

۱۲۳ خیر و شر کی ترغیب دینے والیکو اتنا ہی ثواب و عذاب ملیگا جتنا کرنے والے کو۔

۱۲۴ جب تک ایمان نہ لاؤ گے جنت میں نہ جا سکو گے۔ اور جب تک آپس میں محبت نکرو گے مومن نہیں بن سکو گے۔ جو اپنے مسلمان بھائی کی حاجت میں کام آتا ہے۔ خدا اس کی ضرورت و حاجت میں کام آئے گا۔

۱۲۵ بہتر وہ ہے جو دیر میں ناراض ہو اور جلدی راضی ہو جائے اور بدتر وہ ہے جو جلد غصہ ہو اور دیر میں راضی ہو۔

۱۲۶ دنیا کی کوئی چیز تیرے پاس نہ ہو لیکن یہ چار چیزیں ہوں تو تجھے کوئی اندیشہ نہیں۔ راست گفتاری حفظ امانت، خوش خلقی اور غذائے حلال۔

۱۲۷ آدمی کے تین دوست ہیں۔ قبض روح تک کا ساتھی مال ہے۔ قبر تک کے ساتھی گھر والے اور قیامت تک کے ساتھی اعمال ہیں

۱۲۸ تمہارا ہمسایہ اگر تم سے مدد چاہے تو اس کی مدد کرو۔ قرض مانگے تو قرض دو۔ کام پڑے تو کام کردو

بیمار ہو تو عیادت کرو۔ مرجائے تو جنازہ کے ہمراہ جاؤ۔ اسے کسی قسم کی کامیابی ہو تو مبارکباد دو جو مصیبت پڑے تو دلدہی کرو۔ اس کی اجازت کے بغیر اپنی عمارت اونچی نہ کرو جس سے اس کی ہوا رکے جو شخص علم کی جستجو میں نکلا وہ واپسی تک اللہ کی راہ میں چلتا رہا۔

۱۲۹۔ جب دو آدمی ایک ہی وقت میں دعوت کریں تو جس کا دروازہ تم سے زیادہ قریب ہو اسکی دعوت قبول کرو۔ اور آگے پیچھے دعوت دیں تو پہل کرنے والے کی دعوت قبول کرو۔

۱۳۰۔ دعوت قبول نہ کرنے والا خدا ورسول کو ناراض کر دیتا ہے۔

التماس

مدت مدید کے بعد آج مجھے اس امر کی سعادت نصیب ہوئی ہے کہ میں خود اپنے ہاتھ کی حمائل شائع کروں۔ ہر چند کہ اس سے قبل میرے ہاتھ کی لکھی ہوئی حمائل شائع ہو چکی ہے لیکن میری دیرینہ آرزو کہ میں خود اس کی اشاعت کی ذمہ دار بنوں۔ خدا کے فضل و کرم سے صرف اب پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے اور میں اپنے آپ کو بہت خوش نصیب سمجھتی ہوں کہ خدا نے اپنے کلام کی طباعت کے سلسلہ میں مجھ سے یہ خدمت لی۔ ؎

منت منہ کہ خدمت سلطاں ہمی کنم　　منت شمار ازو کہ بہ خدمت گذاشتت

قرآن کریم کی اشاعت کی صرف ایک غرض ہوا کرتی ہے اور وہ یہ کہ مسلمان امر و نواہی سے واقف ہو جائیں۔ اور اپنی زندگیوں کو خدائی تعلیم کے مطابق ڈھال لیں۔ خدا کرے کہ اس حمائل شریف کی اشاعت سے یہ فرض بدرجہ اتم پورا ہو۔

اس حمائل میں جو ترجمہ دیا گیا ہے وہ حضرت مولٰنا شاہ عبدالقادر صاحبؒ کا ہے اسکے بارے میں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ وہ اپنی اولیت کے اعتبار سے دوسرے تراجم پر کس قدر فوقیت رکھتا ہے ممکن ہے کہ اس کی زبان آج کی زبان سے ذرا مختلف ہو لیکن کلام خدا کو جس طریقہ سے انہوں نے پیش کیا ہے وہ انہی کا حصہ ہے۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اس حمائل شریف کو پڑھتے وقت اپنی دعاؤں میں مجھے بھی یاد رکھیں

ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ
چھتہ لال میاں دہلی

اَلْفَقِیْرَۃُ الْفَانِیَۃ
فاطمۃ الکبریٰ (بنت منشی محمد الدین صاحب خوشنویس)